اردو ترجمہ

اَلْھُدٰی

وَ التَّبْصِرَۃُ لِمَنْ یَّرٰی

تصنیف

حضرت مرزا غلام احمد قادیانی

مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام

اَلْـهُــدٰی وَ التَّبْصِرَةُ لِمَنْ یَّرٰی اردو ترجمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ و نصلی علٰی رسولہ الکریم و علٰی عبدہ المسیح الموعود

پیش لفظ

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتاب ''الھدٰی و التبصرۃ لمن یرٰی'' کی تالیف کا باعث ''الشیخ محمد رشید رضا'' مدیر المنار ہوا۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے جب ''اعجاز المسیح'' تحریر فرمائی تو مصر کے بعض علماء اور مدیرانِ جرائد و مجلّات کو اس کے چند نسخے ارسال فرمائے۔ مناظر اور الھلال کے مدیران نے تو اس کی فصاحت و بلاغت کی بہت تعریف کی مگر الشیخ محمد رشید رضا نے تحقیق کے بغیر ہی لکھ دیا کہ ''کتاب سہو و خطا سے بھرپور ہے، اس کی سجع میں بناوٹ سے کام لیا گیا ہے اور لطیف کلام نہیں اور عرب کے محاورات کے خلاف ہے وغیرہ وغیرہ۔ مزید اس نے یہ لاف زنی کی ''اِن کثیرًا من اھل العلم یستطیعون ان یکتبوا خیرًا منہ فی سبعۃ ایامٍ'' (المنار جلد ۴ صفحہ ۶۶۴) یعنی بہت سے اہل علم اس سے بہتر سات دن میں لکھ سکتے ہیں۔ جب اس کا ریویو ہندوستان میں شائع ہوا تو اس نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے خلاف از سرِ نو مخالفت کا ایک طوفان برپا کر دیا۔ تب آپؑ نے احقاقِ حق اور ابطالِ باطل اور اتمامِ حجت کے لئے اللہ تعالیٰ سے رہنمائی چاہی تو آپ کے دل میں یہ ڈالا گیا کہ آپ اس مقصد کے لئے ایک کتاب تالیف فرمائیں اور پھر مدیر المنار اور ہر اس شخص سے جو ان شہروں سے مخالفت کے لئے اٹھے اس کی مثل طلب کریں۔ چنانچہ آپؑ نے اللہ تعالیٰ کے حضور نہایت تضرّع اور خشوع و خضوع سے دعا کی، یہاں تک کہ قبولیتِ دعا کے آثار ظاہر ہوئے چنانچہ آپ تحریر فرماتے ہیں۔

و وفقت لتأليف ذالك الكتاب. فسأُرسله اليه بعد الطبع و تكميل الابواب. فان اتٰى بالجواب الحسن و احسن الردّ عليه. فاحرق كتبى و اقبّل قدميه. واعلق بذيله. و اكيل الناس بكيله. وها انا اقسم بربّ البريّة. أُؤَكِّدُ العهد لهٰذه الاليّة. (الهدٰی . روحانی خزائن جلد۱۸ صفحہ۲۶۴)

اور مجھے اس کتاب کی تألیف کی توفیق بخشی گئی۔ سو مَیں بعد چھپ جانے اور اس کے بابوں کی تکمیل کے اس کی طرف بھیجوں گا۔ پھر اگر منار نے اس کا جواب خوب دیا اور عمدہ ردّ کیا تو مَیں اپنی کتابیں جلادوں گا اور اس کے پاؤں چُوم لوں گا اور اس کے دامن سے چمٹ جاؤں گا اور پھر لوگوں کو اس کے پیمانہ سے ناپوں گا۔ اور لو مَیں پروردگار جہاں کی قسم کھاتا ہوں اور اس قسم سے عہد کو پختہ کرتا ہوں۔

اس کتاب میں حضور نے یہ پیشگوئی بھی فرمائی۔

"اَم له فى البراعة يدّطُولٰى سيهزم فلا يُرٰى .نبأ من الله الذى يعلم السرّ و اخفٰى." (الهدٰی .روحانی خزائن جلد۱۸ صفحه ۲۵۴)

آیا فصاحت و بلاغت میں اسے بڑا کمال حاصل ہے؟ عنقریب وہ گریز کر جائے گا اور پھر نظر نہ آئے گا یہ پیشگوئی ہے خدا کی طرف سے جو نہاں در نہاں کو جاننے والا ہے۔

علامہ رشید رضا "الهدٰی" کی اشاعت کے بعد تیس سال تک زندہ رہا مگر اسے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتاب "الهدٰی و التبصرة لمن يرٰى" جیسی فصیح کتاب لکھنے کی توفیق نہ ملی۔ الهدٰی کی تالیف ربیع الاول ۱۳۲۰ھ میں مکمل ہوئی اور ۱۲ر جون ۱۹۰۲ء کو چھپ کر شائع ہوئی۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتاب "الهدٰی و التبصرة لمن يرٰى" کے پہلے ۶۷ صفحات کا ترجمہ خود سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اردو زبان میں کر کے ایڈیشن اوّل

میں ہی شامل اشاعت فرمایااوراس ترجمہ کے آخر پر آپ نے تحریر فرمایا''**ولا حاجة الی الترجمة و الترجمان فانهم یدعون علم اللسان**'' ۔یعنی اب اس سے آگے ترجمہ کی کوئی ضرورت نہیں اس لئے کہ وہ خود زبان دانی کے مدعی ہیں۔''

(**الهدیٰ و التبصرة لمن یریٰ**، روحانی خزائن جلد ۱۸ صفحہ ۳۱۳)

اس سے اگلے عنوان''**فی ذکر علماء هذا الزمان** '' سے آخر تک کا ترجمہ پہلے نہ تھا۔مکرم مولانا محمد سعید صاحب انصاری مربی سلسلہ مرحوم نے اس حصہ کا ترجمہ کیا تھا۔عربک بورڈ کے اجلاسات میں اس ترجمہ کی نظر ثانی ہوئی۔ممبران عربک بورڈ کے اسماء یہ ہیں۔

احباب کی خدمت میں **الهدیٰ** کا مکمل ترجمہ پیش ہے۔اللہ تعالیٰ اسے اہل علم طبقہ کے لئے رشد وہدایت کا ذریعہ بناوے۔ آمین

ٹائیٹل بار اول

الہدیٰ

والتبصرۃ لمن یریٰ

۱۲- جون سنہ ۱۹۰۲ء

ع

الثمن فی جلد	محصولڈاک	وی پی
۱۲ر	۱ر	۱ر

طبع فی دار الامان قادیان المطبع ضیاء الاسلام

باہتمام الحکیم فضل دین البھیرہ

تعداد اشاعت ۷۰۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للّٰه الذی أری أولیاء ه صراطا یضلّ فیه الغطاط. وجلّی لهم نهارا لا یُبصر فیه الوطواط. وأسلکهم مسالك لم یَرُضها مطایا الأبصار. وفجّر لهم ینابیع ما اهتدت إلیها طیور الأفکار. والصلٰوة والسلام علی خاتم الرسل الذی اقتضی ختم نبوّته. أن تُبعث مثل الأنبیاء من أمّته. وأن تُنوّر وتُثمر إلی انقطاع هذا العالم أشجاره. ولا تُعفّی آثاره. و لا تُغیّب تذکّاره. فلأجل ذالك جرت عادة اللّٰه أنه یُرسل عبادًا من الذین استطابهم لتجدید هذا الدین. ویعطیهم من عنده علم أسرار القرآن ویُبلّغهم إلی حق الیقین. لیُظهروا معارف الحق علی الخلق بسلطانها. وقوّتها ولمعانها. ویُبیّنوا حقیقتها وهویّتها. وسُبلها وآثار عرفانها.

ہر قسم کی حمد اُس خدا کے لئے ہے جس نے اپنے دوستوں کو وہ راہ بتائی کہ مُرغ سنگ خوار بھی اس میں بھٹک جاتا ہے اور اُن کے لئے ایسا دن چڑھایا کہ اس میں چمگادڑ کو کچھ نظر نہیں آتا۔ اور ایسی راہوں پر انہیں چلایا کہ آنکھوں کی اُونٹنیاں اُن میں کبھی چلی نہیں۔ اور ایسے چشمے ان کے لئے جاری کئے کہ فکروں کے پرندے ان کی طرف راہ نہیں پا سکے۔ اور صلوٰۃ اور سلام خاتم رسل پر جس کی نبوت کے ختم نے چاہا کہ آپ کی اُمت سے نبیوں کی مانند لوگ پیدا ہوں۔ اور آپ کے درخت زمانہ کے آخر تک پھلتے پھولتے رہیں اور نہ آپ کے نشان مٹائے جائیں۔ اور نہ آپ کی یاد دنیا سے بھول جائے۔ اسی لئے خدا کی عادت ہے کہ وہ ایسے بندوں کو بھیجا کرتا ہے جنہیں اس دین کی تجدید کے لئے پسند فرما لیتا ہے۔ اور انہیں اپنے حضور سے قرآن کے اسرار عطا کرتا اور حق الیقین تک پہنچاتا ہے۔ اس لئے کہ وہ لوگوں پر حق کے معارف کو پوری قوت اور غلبہ اور چمک کے رنگ میں ظاہر کریں۔ اور ان معارف کی حقیقت اور کیفیت اور راہوں اور ان کی شناخت کے نشانوں کو بیان کریں۔

﴿۲﴾

ويُخلّصوا الناس من البدعات والسّيّئات وطوفانها وطغيانها. وليُقيموا الشريعة ويفرشوا بساطها. ويبسطوا أنماطها. ويُزيلوا تفريطها وإفراطها. وإذا أراد اللّٰه لأهل الأرض أن يُصلح دينهم. ويُنير براهينهم. أو ينصرهم عند حلول الأهوال والمصائب والآفات. أقام بينهم أحدًا من هذه السّادات. ويُؤيّده بالحجج القاطعة والآيات. ويشرح صدور الأتقياء لقبوله ويجعل الرّجس على الذين لا يتّقون. ففريق من الناس يؤمنون به ويُصدّقون. وفريق آخر يكفرون به ويُكذّبون. ويقعدون بكل صراطٍ ويؤذون. ويمنعون كل من دخل عليه ولا يُخلّصون. فتهيج غيرة اللّٰه لإعدامهم. ليُنجي عبده من اجلِخمامهم. فما زال بالكافرين يُهلك هذا ويدفع ذاك حتى تصير الأرض

﴿۳﴾

اور لوگوں کو بدعتوں اور بدکرداریوں سے اور ان کے طوفان وطغیان سے چھڑائیں۔ اور شریعت کو قائم کریں اور اس کی بساط کو بچھائیں اور افراط و تفریط کو جو اس میں داخل کی گئی ہے دور کریں۔ اور جب خدا اہل زمین کے لئے چاہتا ہے کہ ان کے دین کو سنوارے اور ان کے برہانوں کو روشن کرے اور ہول اور مصیبت کے پیش آنے پر ان کو مدد دے۔ تب ان بزرگوں میں سے کسی کو ان میں کھڑا کر دیتا ہے اور نشانوں اور قاطع حجتوں سے اس کی تائید کرتا اور نیک بختوں کے سینوں کو اس کے قبول کرنے کے لئے کھول دیتا ہے اور تقویٰ اختیار نہ کرنے والوں پر پلیدی اور ناپاکی پھینکتا ہے۔ پھر یوں ہوتا ہے کہ کچھ لوگ تو اس پر ایمان لاتے اور تصدیق کرتے ہیں اور کچھ نہیں مانتے اور تکذیب کرتے ہیں۔ اور اس کی راہ میں روک بن جاتے اور دکھ دیتے ہیں اور کسی کو اس کے پاس آنے نہیں دیتے۔ آخر کار خدا کی غیرت ان کے نابود کرنے کے لئے جوش مارتی ہے اس لئے کہ اپنے بندہ کو ان کے حملہ سے چھڑائے۔ سو خدا کافروں کے پیچھے پڑا رہتا کسی کو ہلاک کرتا اور کسی کو دفع کرتا ہے یہاں تک کہ زمین ان سانپوں اور بچھوؤں سے خالی ہو جاتی

خالية من تلك الهوام. ويحصل الأمن للأبرار الكرام. وتحتفل الملّة من نخب الإسلام. كنجوم منيرةٍ مُشرقة في الظلام. وهذا من أكبر علامات الذين يأتون من حضرة العزة والجبروت. وينزلون إلى الناسوت ليجذبوا خلق الله إلى عالم الملكوت واللاهوت. وإنّ اللّٰه يجلو بهم الغياهب. ليبتلي الخبيثين والأطايب. ويُرِي الفائز والخائب. فتُسعد نفسٌ وأخرى تشقى. ويُحيٰى أخ وأخ آخر يُفنَى. ويُنصر المأمور في الأرض ويُمهل حتى يفل شبا العدا. ويزول الظلام وتطلع شمس الهدى. فالحاصل أن أولياء اللّٰه لا يُهلكون كالكاذبين. ولا يكون مآلهم كالمفترين. بل يُعصَمون ويُقبلون ويُنصرون ويُؤثرون على العالمين. ولا يُضاعون ولايُجاحون ويعيشون أمام أعين

ہے اور برگزیدوں کو امن مل جاتا اور ملت ایسے چیدہ لوگوں سے بھر جاتی ہے جو تاریکی میں چمکدار روشن ستارے ہوتے ہیں اور یہ بڑی بھاری علامت ہے ان لوگوں کی جو خدا کی طرف سے آتے اور اس جہان میں نازل ہوتے ہیں اس لئے کہ خلقت کو خدا کی طرف کھینچ لے جائیں۔ اور خدا ان کے ذریعہ سے تاریکیوں کو پاش پاش کرتا ہے اس لئے کہ ناپاک اور پاک کو آزمائے اور کامیاب اور نامراد کو ظاہر کردے۔ سو کوئی سعید بنتا اور کوئی شقی بنتا ہے۔ اور کسی کو زندگی بخشی جاتی اور کوئی فنا کر دیا جاتا ہے اور مامور کو نصرت اور مہلت دی جاتی ہے جب تک کہ وہ دشمنوں کی تلوار کی دھار کو کند کر دیتا اور اندھیرا اُٹھ جاتا اور ہدایت کا آفتاب چڑھ آتا ہے۔ غرض خدا کے دوست جھوٹوں کی مانند ہلاک نہیں کیے جاتے اور ان کا انجام مفتریوں کا سا انجام نہیں ہوتا۔ بلکہ انہیں بچایا جاتا اور قبول کیا جاتا اور نصرت دی جاتی اور کل جہان پر ایثار کیا جاتا ہے۔ وہ نہ تو ضائع کئے جاتے ہیں اور نہ ان کی بیخ کنی کی جاتی ہے بلکہ وہ اپنے پروردگار

﴿۴﴾

ربهم فائزين. وإنهم حجّة الله على الأرض ورحمة الحق لأهل الأرضين. وليست شقوة في الدنيا كإنكار المأمورين. ولا سعادة كقبول هؤلاء المقبولين. وإنهم مفتاح حصن الأمن والأمان وحرز الداخلين. فما بال الذى فقد هذا المفتاح وما دخل الحصن وقعد مع المخرجين. وإن أشقى الناس رجلان. ولا يبلغ شقاوتهما أحدٌ من الإنس والجان. رجلٌ كفر بخاتم الأنبياء. ورجل آخر ما آمن بخاتم الخلفاء. وأبى واستكبر وأساء الأدب عليه وترك طريق الحياء. وما تأدّب مع اللّٰه وأهله الموعود وبلّغ التوهين إلى الانتهاء. ولو لم يتولّد لكان خيرًا له من سوء العاقبة وسخط حضرة الكبرياء. ولسوف يذوق ذواق السب والشتم والازدراء. وإن الساعة

﴿۵﴾

کے سامنے بامراد زندگی بسر کرتے ہیں اور وہ زمین پر حجۃ اللہ اور اہلِ زمین کے حق میں خدا کی رحمت ہوتے ہیں۔ اور دنیا میں ماموروں کے انکار جیسی کوئی شقاوت نہیں اور ان مقبولوں کے مان لینے جیسی کوئی سعادت نہیں۔ اور وہ امن وامان کے قلعہ کی چابی اور داخل ہونے والوں کی پناہ ہیں۔تو پھر کیا حال ہوگا اُس کا جس نے اِس چابی کو کھو دیا اور قلعہ میں داخل نہ ہوا اور باہر نکالے ہوئے لوگوں کے ساتھ مل کر بیٹھ رہا۔ اور فی الحقیقت دو شخص بڑے ہی بدبخت ہیں اور انس وجن میں سے اُن سا کوئی بھی بد طالع نہیں۔ ایک وہ جس نے خاتم الانبیاء کو نہ مانا۔دوسرا وہ جو خاتم الخلفاء پر ایمان نہ لایا اور انکار کیا اور اکڑ بیٹھا اور اس کی بے ادبی کی اور حیا کی راہ کو چھوڑ دیا اور خدا اور اس کے موعود اہل کا ادب اور پاس نہ کیا اور توہین کو انتہا تک پہنچا دیا۔ اگر ایسا نالائق پیدا ہی نہ ہوتا تو اس کے حق میں انجام بد اور خدا کے ناراض کرنے سے بہتر تھا۔ وہ ان گالیوں اور تحقیر کا مزا چکھے گا۔اور وہ گھڑی ضرور آنے والی

آتية لا ريب فيها ثم الذين خُتمت على قلوبهم لا ينتهون. وإذا قيل لهم آمنوا وأصلحوا ولا تُفسدوا قالوا بل أنتم مفسدون. وحسبوا الغيّ رشدًا والفساد صلاحًا فهم لا يرجعون. فكيف إذا زهقت نفوسهم وأُظهِرَ ما كانوا يكتمون؟ وإذا قيل لهم أما جاء رأس المائة قالوا بلى فقل أفلا تتّقون؟ إن مثل المؤمنين والمكذّبين كمثل حيّ وميت هل يستويان مثلا؟ فبشرى للذين يُوفّقون. وقالوا لستَ مُرسلا بل كذّبوا بما لم يحيطوا بعلمه فسوف يعلمون. إن الذين صدقوا أولئك هم المنصورون. ولا يرهق وجوههم قتر ولا ذلّة ولا هم يُفزعون. إن الذين كفروا ما نفعهم خسوف ولا كسوف و لا آيات أخرى بل هم يستهزءون. يعرفون ثم يبخلون بما آتاهم اللّٰه من العلم وانكشف عليهم

ہے پر مُہر زدہ دل باز نہیں آتے۔ اور جب انہیں کہا جائے کہ ایمان لاؤ اور اصلاح کرو اور فساد نہ کرو تو کہتے ہیں کہ تم ہی مفسد ہو۔ اور گمراہی کو ہدایت اور فساد کو صلاح سمجھتے ہیں اس لئے رجوع نہیں کرتے۔ سو اس دن کیا حال ہوگا جب کہ ان کی جانیں نکلیں گی اور ان کی چھپائی ہوئی باتیں ظاہر کی جائیں گی۔ اور جب انہیں کہا جائے کہ کیا صدی کا سر نہیں آ گیا تو کہتے ہیں ہاں۔ تو تُو ان سے کہہ کیا تم ڈرتے نہیں۔ مومنوں اور مکذبوں کی مثال زندہ اور مُردہ کی مثال ہے کیا دونوں مثال میں برابر ہیں۔ سو خوشخبری ان کے لئے جنہیں توفیق دی جاتی ہے اور کہتے ہیں کہ تو مرسل نہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ یہ لوگ اس بات کی تکذیب کرتے ہیں جس کا ان کو علم نہیں سو ان کو پتہ لگ جائے گا۔ تصدیق کرنے والے ضرور منصور ہوں گے اور ذلت اور رسوائی کی گرد اُن کے چہروں پر نہ پڑے گی اور نہ انہیں کوئی گھبراہٹ ہوگی۔ افسوس کفر کرنے والوں کو نہ خسوف وکسوف نے فائدہ پہنچایا اور نہ دوسرے نشانوں نے بلکہ وہ ٹھٹھا ہی کرتے ہیں۔ پہچانتے ہیں پھر بھی خدا کے دیئے پر بخل کرتے ہیں۔ اور ہدایت ان پر واضح ہو گئی پھر بھی راہ نہیں

﴿۶﴾

الهدی ثم لا یهتدون. وجنّ علیهم لیلٌ من التعصّب فهم فیه یُمسون ویصبحون. یرون آیات اللّٰه بأعینهم ثم یُنکرون. وما کنتُ متفرّدًا فی هذا بل ما أتی الناس من رسول إلا کانوا به یستهزءون. وهلمّ جرّا إلی ما تشاهدون. وإنی رأیتُ دهرًا ظلم هؤلاء الأشرار فی هذه الدیار. وآنست غلوّهم فی الانکار والاحتقار. وجرّبتُ أن لهم قلوبا سیرتها اللّدّ والاحرنجام. وفطرةً شیمتها التکذیب والاتهام. فلما یئست منهم انصرف قلبی إلی بلادٍ أخری. لعلّی أری الأنصار أو أجد فیهم قلبًا أتقی. فذکرت علماء الشام. ومن بها من الکرام. وأردت أن أرسل إلیهم للاستشهاد. لیُجیبوا بالصدق والسداد. وینقلوا الحق من الوهاد إلی النجاد. فأُخبِرتُ أن

﴿٧﴾

پاتے۔اور تعصب کی رات ان پر پڑی ہوئی ہے اسی میں شام گزارتے ہیں اور اسی میں صبح۔ اپنی آنکھوں سے خدا کے نشانوں کو دیکھتے ہیں پھر انکار کرتے ہیں۔ ان معاملوں میں مَیں اکیلا نہیں بلکہ کوئی ایسا رسول نہیں آیا جس سے لوگوں نے ٹھٹھا نہ کیا ہو۔ یہاں تک کہ تم خود اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہو۔ اور میں مدتوں سے ان شریروں کا ظلم اِس ملک میں سہتا ہوں۔ اور ان کی زیادتی انکار اور تحقیر میں دیکھتا ہوں۔ اور میں تجربہ کر چکا ہوں کہ ان کے دلوں کی سیرت خصومت اور تکبر اور لڑائی ہے اور ان کی فطرتوں کی عادت تکذیب اور اتہام ہے۔ غرض جب مَیں ان سے ناامید ہوا تب میرا دل اور ملکوں کی طرف متوجہ ہوا کہ کہیں مددگار مجھے مل جائیں اور شاید کوئی تقویٰ شعار دل میرے ہاتھ آجائے۔ اتنے میں شام کے علماء اور بزرگ مجھے یاد آگئے اور ارادہ کیا کہ ان کی طرف گواہی لینے کے لئے خط بھیجوں اس لئے کہ وہ راستی اور سچائی سے جواب دیں اور حق کو پستی کے گڑھے سے نکال کر اوج پر پہنچا دیں۔ سو

المناظرات فيهم ممنوعة. والقوانين لمنعها موضوعة. فذهب وهلي بعد ذالك أن المراد يحصل من أرض مصر وأهلها المتفرّسين. والمخصبين بعهاد العلم والمثمرين. وزعمت أن فيهم قوما يُعدّون من المحققين. ومن الأدباء المفصحين. وخلتُ أنهم من المتدبّرين. وليسوا من المستعجلين والجائرين. فقادني هذا الظنّ إلى أن أرسل إلى مدير "المنار" ورفقته كتابي "الإعجاز". ليُقرّظوا ويكتبوا عليه ما لاق وجاز. وآثرتهم على علماء الحرمين والشام والروم. لعلّي أسرو بهم غواشي الأفكار والهموم. ولاُطفأ بهم ما بي من جمرة الأذى. وليُعينوني على البرّ والتقوى. ثم لما بلغ كتابي صاحب المنار. وبلغه معه بعض المكاتيب للاستفسار. ما اجتنٰى ثمرة من ثمار ذالك الكلام.

مجھے پتہ لگا کہ ان کو دینی مناظرات کی اجازت نہیں اور وہ ان مباحثات سے قانوناً روک دیئے گئے ہیں۔ پھر میرے دل میں آیا کہ مصر کے ملک سے اور اس کے دانشمند لوگوں سے جو علوم کی بارش سے سرسبز اور برخوردار ہو رہے ہیں وہ مراد ضرور پوری ہوگی اور مَیں سمجھا کہ ان میں محقّق اور اعلیٰ درجہ کے ادیب ہیں اور مَیں نے خیال کیا کہ وہ سوچنے والے ہیں اور شتاب کار اور بیدادگر نہیں ہیں۔ اس گمان کی بنا پر مَیں نے المنار کے ایڈیٹر اور اس کے ساتھیوں کو اپنی کتاب اعجاز المسیح بھیجی۔ اور غرض یہ تھی کہ اس پر مناسب اور حسب موقعہ تقریظ لکھیں۔ اور مَیں نے شام اور روم اور حرمین کے علماء کو چھوڑ کر انہیں چنا کہ شاید انہی کی وجہ سے میرے فکر اور غم دور ہو جائیں اور دکھ درد کی آگ انہی سے بجھ جائے اور یہی لوگ نیکی اور تقویٰ پر میرے مددگار ہو جائیں۔ پھر جب صاحب منار کو میری کتاب پہنچی اور اس کے ساتھ اسے کچھ خط استفسار کے لئے ملے اس نے اس کلام کے پھلوں سے ایک پھل بھی نہ لیا اور اس

﴿۸﴾

وما انتفع بمعرفةٍ من معارفه العظام. ومال إلى الكلْمِ والإيذاء بالأقلام. كما هو عادة الحاسدين والمستكبرين من الأنام. وطفق يؤذى ويُزرى غير وانٍ فى الازراء والالتطام. ولا لاوٍ إلى الكرم والإكرام. كما هو سيرة الكرام. وعَمَدَ إلى أن يُؤلمنى ويفضحنى فى أعين العوام كالأنعام. فسقط من المنار المنيع وألقى وجوده فى الآلام. ووطئنى كالحصَى. واستوقد نار الفتن وحضَى. وقال ما قال وما أمعن كأولى النهٰى. وأخلد إلى الأرض وما استشرف كأهل التقى. وخرّ بعد ما علا. وإن الخرور شىء عظيم. فما بال الذى من المنار هوٰى. واشترى الضلالة وما اهتدى. أم له فى البراعة يدٌ طُولٰى؟ سيُهزَم فلا يُرَى. نبأٌ من اللّٰه الذى يعلم السرّ وأخفى. إنه مع قوم يتّقونه

﴿۹﴾

کے عظیم الشان معارف میں سے کسی معرفت سے بھی نفع حاصل نہ کیا اور جیسے کہ اکڑباز حاسدوں کی عادت ہوا کرتی ہے قلم سے زخمی کرنے اور ایذا دینے کی طرف جھک پڑا اور تحقیر کرنے لگا اور ایذا دینے لگا اور اس تحقیر اور جوش دکھلانے میں ذرا بھی کوتاہی نہ کی اور جیسے کہ بزرگوں کی عادت ہے کرم واکرام کی طرف رخ نہ کیا اور قصد کیا کہ عوام کی نگاہ میں مجھے رنج پہنچائے اور بدنام کرے۔ پس وہ بلند منار سے گرا اور اپنے آپ کو دکھوں میں ڈالا۔ اور مجھے سنگریزوں کی طرح پاؤں کے نیچے روندا اور فتنوں کی آگ کو بجھ جانے کے بعد پھر بھڑکایا اور کہا جو کہا اور دانشمندوں کی طرح غور نہیں کی۔ اور زمین کی طرف جھک پڑا اور متقیوں کی طرح اوپر کو نہ چڑھا اور اونچا ہونے کے بعد گرا۔ اور گرنا تو خود بڑی خوفناک بات ہے۔ پھر اس شخص کا کیا حال جو منار سے گرا۔ اور گمراہی کو خریدا اور ہدایت نہ پائی۔ آیا فصاحت و بلاغت میں اسے بڑا کمال حاصل ہے؟ عنقریب وہ گریز کر جائے گا اور پھر نظر نہ آئے گا۔ یہ پیشگوئی ہے خدا کی طرف سے جو نہاں درنہاں کو جاننے والا ہے۔ وہ متقیوں اور

ویُحسنون الحسنٰی. ینصرهم فی مواطن فتکون کلمتهم هی العلیا. وإن الألسنة کلها للّٰه فیجعل حظّا منها لمن شاء وقضٰی. وإن عباده المنقطعین ینطقون بروحه ولا یُعطَی لغیرهم هذا الهُدی. وکل نور ینزل من السماء فما بیدکم أیها النّوکَی؟ أتغترّون بلسانکم وقد هبّت علیه صراصر عُظمٰی؟ والیوم لستم إلا کعجمیّ فلا تفخروا بما مضٰی. وبُدّلت ألسنکم کل التبدیل فأنی التناوش من مکان أقصٰی؟ أتنسون محاوراتکم أو تخدعون الحمقٰی؟ وإن رسول اللّٰه وسید الورٰی. ما سمّٰی أرضکم هذه ارض العرب فلا تفتروا علی اللّٰه ورسوله وقد خاب من افترٰی. فدعنی أیها الفخور من هذا و امض علی وجهك والسلام علی من اتّبع الهدی. وکنتُ رجوتُ أن أجد عندك نصرتی. فقمتَ

نیکوکاروں کا ساتھ دیتا ہے۔وہ میدانوں میں ان کی مدد کرتا ہے پھر ان ہی کی بات غالب رہتی ہے۔اور ساری بولیاں خدا کی ہیں جسے چاہتا ہے ان سے کافی حصہ عطا کرتا ہے اور اس کے منقطع بندے اس کی روح کی مدد سے بولتے ہیں اور یہ راہِ حق دوسروں کو نہیں دی جاتی۔ اور ہر ایک نور آسمان سے اترتا ہے پھر اے جاہلو تمہارے ہاتھ میں کیا ہے۔کیا تم اپنی بولی پر فریفتہ ہو حال آنکہ اُس پر تو بڑی بڑی آندھیاں چل چکی ہیں اور آج تم عجمیوں سے بڑھ کر نہیں۔سو گذشتہ پر فخر نہ کرو۔ اور تمہاری بولیاں تو بالکل بدل گئیں۔اب تم اتنی دور سے کہاں ایک چیز کو پکڑ سکتے ہو۔کیا تمہیں اپنی بول چال یاد نہیں یا احمقوں کو دھوکا دیتے ہو۔اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہارے ملک کو عرب میں شامل نہیں فرمایا۔ پھر خدا اور رسول پر افترا نہ کرو اور مفتری ہمیشہ نامراد رہتا ہے۔سوائے شیخی باز مجھے تجھ سے کیا کام چل اپنی راہ لے۔ مجھے تو تجھ سے نصرت کی امید تھی تو الٹا میرے ہی خوار کرنے کو اٹھ کھڑا ہوا۔ اور مجھے تیری طرف سے

﴿۱۰﴾

لتندّد بهواني وذلتي. وتوقعتُ أن يصلني منك تكبير التصديق والتقديس فأسمعتني أصوات النواقيس. وظننتُ أن أرضك للتحصّن أحسن المراكز. فجرّحتني كاللاكز و الواكز. وذكّرتني بالنوش وّالنهش و السبعية. نبذًا من أيام الخصائل الفرعونية. و لستُ في هذا القول كالمتندّم. فإن الفضل للمتقدّم. و كنتُ أتوقع أن يتسرّى بمؤاخاتك همّي. و يرفض بجندك كتيبة غمّي. فالأسف كل الأسف أن الفراسة أخطأت. والرويّة ما تحقّقت. و وجدتُ بالمعنى المنعكس ريّاك. فهذه نموذج بعض مزاياك. وعلمتُ به أن تلك الأرض ارض لا يُفارقها اللظى. وتفور منها إلى هذا الوقت نار الكبر والعُلَى. فعفى اللّٰه عن موسٰى. لم تركها وما عَفّى. فحاصل الكلام إنك زعمتَ أن كتابي مملوٌّ

﴿۱۱﴾

تکبیر تصدیق اور تقدیس سننے کی توقع تھی تو نے مجھے ناقوسوں کی آوازیں سنا دیں اور مَیں نے تیری زمین کو پناہ کے لئے بہت عمدہ جگہ سمجھا تھا مگر تو نے مجھے مشت زن یا لکد زن کی طرح زخمی کر دیا اور تو نے اس درندہ طبعی سے فرعونی خصلتوں کا زمانہ مجھے یاد دِلا دیا۔ اور میں اس بات میں پشیمان نہیں اس لئے کہ فضیلت پہل کرنے والے کو ہے۔ اور مجھے گمان تھا کہ تمہاری دوستی سے میرا غم دور ہو جائے گا اور تمہارے لشکر کی مدد سے میرے اندوہ وغم کا لشکر شکست کھا جائے گا مگر افسوس کہ فراست نے خطا کی اور دانش درست نہ اتری اور تمہارا سارا معاملہ بالکل الٹا نظر آیا۔ یہ تو آپ کی فضیلتوں کا تھوڑا سا نمونہ ہے۔ اس سے مجھے پتہ مل گیا کہ مصر کی سرزمین سے آتش اشتعال کبھی الگ نہیں ہوئی۔ اور اب تک اُس سے کبر اور تعلّی کی آگ جوش زن ہے۔ خدا موسیٰ پر رحم کرے کیوں اس نے اسے چھوڑ دیا اور اس کا نام و نشان نہ مٹا دیا۔ غرض تمہارا دعویٰ ہے کہ میری کتاب

من السهو والخطأ . وما أتيتَ بدليل من النحويين أو الأدباء . فأشكو إلى اللّٰه من جورك هذا والافتراء . فإنّك شمستَ لي من غير سبب ومن غير أسباب البغض والشحناء . أو جعلتَ معيار الصحّة لسانك الذى تكلّم به عشيرتك من البنات والنساء . وما تصفّحت كتابى وغلّطتَ مفرداته وتراكيبه. وخطّأت أفانينه وأساليبه. وأسخطت حسيبك وما خشيت تعذيبه. وكذّبتَ وأغلطت الناس. وخببتَ واتّبعت الخناس. وقلتَ كتاب مملوّ من الأغلاط المنكرة· وفى سجعه تكلّف وضعف وليس من الكلم المحبّرة . و المُلَح المبتكرة. و يوجد فيه ركاكة العُجمة. وحسبتُك حبيبا يُريحني كنسيم الصباح. فتراءيتَ كعدوّ شاكى السلاح.

سہو وخطا سے بھری ہوئی ہے اور نحویوں اور ادیبوں سے کوئی دلیل تم اس پر نہیں لائے۔ اب مَیں تمہارے جور اور افترا سے خدا کے پاس فریاد کرتا ہوں اس لئے کہ تم نے بے سبب اور بے کسی پہلے بغض و عداوت کی وجہ کے یہ ظلم زیادتی کی۔ کیا تم اپنی اس بولی کو صحت کا معیار ٹھہراتے ہو جس سے تم اپنی بیٹیوں اور جوروؤں سے کلام کرتے ہو اور تم نے میری کتاب کو اچھی طرح نہیں پڑھا اور نہ ہی اس کے مفردات اور ترکیبوں اور انداز کلام کو غلط ثابت کر کے دکھایا اور تم نے اپنے خدا کو ناراض کیا اور اس کی سزا سے نہیں ڈرے۔ اور جھوٹ بول کر لوگوں کو دھوکے میں ڈالا اور شیطان کے پیچھے دوڑ پڑے۔ اور کہہ دیا کہ اعجاز المسیح سخت غلطیوں سے بھری ہوئی ہے اور اس کے سجع میں بناوٹ ہے اور لطیف کلام نہیں ہے اور اس کا کلام عرب کے محاورہ کے خلاف ہے۔ آہ میں نے تو تجھے ایسا دوست سمجھا تھا جو مجھے نسیم سحر کی طرح راحت پہنچاتا مگر تو سلاح پوش دشمن نظر آیا۔ اور مجھے خیال تھا کہ تو کبوتر کی طرح پیاری مژدہ رسان آواز میں بولے گا مگر تو نے

﴿۱۲﴾

وخلتُ أنك تهدّر بصوت مبشر كالحمام. فأريتَ وجهك المنكر كالحمام. وأعجبني حِدّتك وشدّتك من غير التحقيق. فأخذني ما يأخذ الوحيد الحائر عند فقد الطريق. لكني أسررتُ الأمر وقلتُ في نفسي لعلّه تصحيف في التحرير. وما عمد إلى التوهين والتحقير. وكيف قصد شرّا لا يزول سواده بالمعاذير. وكيف يمكن الجهر بالسوء من مثل هذا الفاضل النحرير. ولما تحقق أنه منك تقلّدتُ أسلحتي للجهاد. وقلتُ مكانك يا ابن العناد. فدوني شرط الحداد وخرط القتاد. وعلمتُ أنك ما تكلّمتَ بهذه الكلمات إلا حسدًا من عند نفسك لا لإظهار الواقعات. فابتدرتُ قصدَك. لئلا يُصدّق الناسُ حسدَك. فإن علماء ديارنا هذه

﴿۱۳﴾

موت کا سا بھیانک چہرہ دکھایا۔ مجھے تمہاری اس بے تحقیق تیز زبانی پر تعجب آیا اس لئے میری وہ حالت ہوئی جو اکیلے سرگرداں مسافر کی رستہ بھول کر ہوا کرتی ہے۔ لیکن میں نے پھر بھی اس بات کو دل میں رکھا اور سمجھا کہ شاید تحریر میں کوئی تبدیلی واقع ہوگئی ہو اور توہین اور تحقیر کا کوئی ارادہ نہ ہو۔ اور اس شخص نے کیونکر ایسے شر کا قصد کیا جس کا سیاہ داغ کسی عذر و بہانہ سے مٹ نہیں سکتا اور کیونکر ممکن ہے کہ ایسا عالم لائق آدمی کھلی کھلی بری باتیں منہ سے نکالے اور جب خوب ثابت ہوا کہ یہ سب تمہاری کرتوت ہے تو میں نے بھی جنگ کے لئے ساز و سامان درست کرلیا اور کہا کہ اپنی جگہ پر کھڑا رہ اے سفلہ دشمن کہ میرے مقابل آنا تلواروں سے کٹ جانا اور کانٹوں میں پھنس جانا ہے اور مجھے معلوم ہوگیا کہ یہ باتیں تم نے حسد سے کی تھیں واقعات کے اظہار کے لئے نہیں کہیں اس لئے میں تمہاری طرف متوجہ ہوا کہ کہیں تمہاری ان شرارتوں سے لوگ دھوکا نہ کھا جائیں۔ اس لئے کہ ہمارے ملک کے علماء تو میری

يستقرون حيلة للإزراء. فيستفزّهم ويُجرء هم عليّ كلما قلتَ للازدراء. ولولا خوف فسادهم لسكتُّ. وما تفوّهتُ في هذا الأمر وما تجلّدتُ. ولكن الآن أخافُ على الناس. وأخشى وسوسة الخنّاس. وإن بعض الشهادات أبلغ في الضرب من المرهفات. فأخاف أن يتجدّد الاشتعال من كلمات المنار. و يسقط ميمه ويبقى على صورة النار. وكنا هزمنا العدا. وفرغنا من الوغى. ونابلنا فكان لنا العُلى. وبذل الجهد كل من رمَى. حتى نثلت الكنائن. وفاءت السكائن. وركدت الزعازع. وكف المتنازع. وجعل اللّٰه الهزيمة على كل من بارٰى. وأهلك من مارٰى. فالآن أُحيِيَ اللئامُ بعد الممات. وشد المنار عضدهم بالخزعبيلات. فأرى أنهم يتصلّفون ويستأنفون القتال. وّيبغون النضال.

﴿۱۴﴾

تحقیر کے لئے بہانہ ڈھونڈتے رہتے ہیں سو جو کچھ تو نے میری تحقیر میں کہا ہے اس سے ان کی جرأت اور بھی بڑھ جائے گی۔ اور اگر فساد کا خوف نہ ہوتا تو میں اس معاملہ میں بالکل خاموش رہتا۔ لیکن اب لوگوں کے بگڑ جانے اور شیطان کی وسوسہ اندازی کا ڈر ہے اور یہ پختہ بات ہے کہ بعض شہادتیں ضرب میں تلوار سے بھی زیادہ سخت ہوتی ہیں۔ اب مجھے خوف ہے کہ منار کی باتوں سے اشتعال بڑھ جائے اور اس کا میم گِر کر نری نَار کی شکل رہ جائے۔ اور ہم تو مدت سے دشمنوں کو بھگا کر لڑائی جھگڑے سے فارغ ہو بیٹھے تھے اور ہمیں ہر ایک جنگ میں غلبہ میسر آیا اور ہر ایک جنگ کرنے والا اپنی پوری طاقت ہمارے مقابلہ میں خرچ کر چکا تھا۔ یہاں تک نوبت پہنچ گئی تھی کہ ترکش خالی ہو گئے تھے اور بالکل آرام چین ہو گیا تھا۔ سب جھگڑے ٹھنڈے پڑ گئے اور جھگڑنے والے ہٹ ہٹا گئے تھے اور سب جھگڑنے والوں کو خدا نے بھگا دیا اور مار ڈالا تھا۔ اب وہ سفلے پھر موت کے بعد جلائے گئے اور منار نے اپنی نکمی باتوں سے انہیں دلیر اور پکا کر دیا۔ اب

﴿۱۵﴾

ویخدعون الجهّال. ورجعوا إلی شرّهم و زادوا ضدّا. بما جاء المنار شیئا إدًّا. وجاز عن القصد جدّا. فأکبر کلمه حزبٌ من العمین. وأین جهابذة الکلام کالسابقین. بل یتّبعون کل ما یسمعون من الحاسدین المفسدین. ولیس فیهم ذواق العبارات المهذّبة. ولا الأعناق للوصول إلی المراعی المستعذبة. لا یعلمون لطف الأساجیع المستملحة. ولا لطافة الکلم الموَشّحة. یقولون نحن العلماء. ولا یشعرون ما العلم وما الدهاء. وما کان لی حاجة إلی ذکر هذه القصّة. وإظهار هذه الغصّة. لما لم یکن مدیر المنار وحده بدعًا من المزدرین والمحقّرین. بل تعوّد العدا کلهم بالتوهین. لیصدّوا الناس عن سبیل المهتدین. ویُلحقوهم بالمعتدین. وتری

میں دیکھتا ہوں کہ وہ پھر لاف گزاف مارنے لگے اور لڑائی کو تازہ کرنا چاہتے ہیں اور اب لڑائی چاہتے اور جاہلوں کو دھوکا دینا چاہتے ہیں۔ پھر اپنے شر کی طرف لوٹ چلے ہیں اور منار کی اس ناپاک بات اور کجروی کی وجہ سے ضد میں بڑھ چلے ہیں۔ چنانچہ کچھ اندھوں کو منار کی باتیں بھلی لگی ہیں اور پہلوں کی طرح کلام کے پرکھنے والے اور جاننے والے کہاں بلکہ یہ لوگ تو جو کچھ حاسدوں مفسدوں سے سن پاتے ہیں اسی کے پیچھے ہوجاتے ہیں۔ان میں اعلیٰ درجہ عبارتوں کے سمجھنے کا ذوق کہاں۔ اور عمدہ اور سرسبز مرغزاروں تک ان کی رسائی کہاں۔ یہ لوگ نمکین سجعوں کا لطف اور آراستہ کلموں کی لطافت کو کیا جانیں۔ مُنہ سے کہتے ہیں کہ ہم علماء ہیں مگر علم اور زیرکی ان کے نزدیک نہیں آئی۔ اور اصل میں مجھے اس قصہ کے بیان کرنے اور اپنے رنج کے اظہار کی کوئی ضرورت نہ تھی اس لئے کہ منار کا ایڈیٹر ہی تو کوئی اکیلا نیا بدگو نہیں بلکہ تمام دشمن ایسی ہی توہین کے عادی ہورہے ہیں اور ان کی غرض یہ ہے کہ لوگوں کو ہدایت یافتوں کی راہ سے روک کر حد سے نکل جانے والوں میں شامل

﴿۱۶﴾

کثیرا منهم یوجدون فی هذه البلاد. وتعرفهم بقتر رهقت وجوههم من ثور مواد العناد. یذکروننی کمثل ما ذکر. ویزدروننی کمثل ما احتقر. فلا ألتفت إلیهم ولا إلی أقوالهم. وأعرض عنهم وأقول جهّال یصرخون بما ضُرِبَ علی قذالهم. و أی خیر یُرجَی منهم مع إصرارهم علی ضلالهم. ولکن رأیت أن صاحب المنار. عُظّم فی أعین هذه الأشرار. و أکبر شهادته بعض زاملة النار. وکانوا یذکرونها بالعشی و الأسحار. فبلغنی ما یتخافتون. وعثرتُ علی ما یُسرّون و یأتمرون. وأُخبرتُ أنهم یضحکون علیّ وفی کل یوم یزیدون. فلمّا رأیتُ أنهم اغترّوا بلامع القاع. ویرامع البقاع. و زادوا فی العناد والفساد. وخیف

کر دیں۔اس قسم کے بہت سے لوگ ان جھگڑوں[1] میں ہیں اور اُن کا نشان یہ ہے کہ دشمنی کے مادہ کے جوش سے اُن کے مُنہ سیاہ اور مسخ ہوئے ہوئے ہیں اس سے تم ان کو پہچان لو گے۔ وہ لوگ میری ایسی ہی تحقیر و تشنیع کرتے ہیں جیسی منار نے کی۔مگر مَیں ان کی باتوں کی ذرا بھی پروانہیں کرتا اور یہ کہتا ہوں کہ جاہل ہیں۔سر پر کاری ضرب لگی ہے چلائیں نہیں تو کیا کریں اور جب انہیں گمراہی پر اتنا اصرار ہے تو ان سے نیکی کی امید کیا کی جائے۔لیکن میں نے دیکھا کہ ان شریروں کی آنکھ میں منار کے ایڈیٹر کی بزرگی ہے۔اور بعض آگ کے لادو ٹٹوؤں نے تو اس کی شہادت کو بڑی وقعت دی ہے اور رات دن اسی کا ذکر کرتے ہیں۔سو مجھے بھی ان کی پوشیدہ باتیں پہنچ گئیں۔اور ان کی سازشوں اور مشورتوں کی اطلاع ملی۔اور معلوم ہوا کہ وہ مجھے ہنستے اور اس میں ہر روز ترقی کر رہے ہیں۔پس جب میں نے دیکھا کہ وہ جنگل کے سراب پر اور زمین کے سفید سنگریزوں پر دھوکا کھا گئے ہیں اور دشمنی اور بگاڑ میں بڑھ گئے ﴿۱۷﴾

[1] جھگڑوں سہو کاتب ہے۔درست ''شہروں'' ہے۔(ناشر)

أن يعم فتنهم هذه البلاد. ورأيت أنهم يرونني بشزر عينيهم. ويصفقون بيديهم. ويأخذونني كالتلعابة. ويُجعجعون بي للدعابة. ويجعلون كلام المنار كحيلة للتجهيل والتخطية والاحتقار. شمّرت تشمير من لا يألو جهادًا. ويضع فأسا في رأس من رمى الجندل عنادًا. و بالذى سبقت رحمته غضبه. وفَلّت رأفته عضبه. ما كنتُ أظن في صاحب المنار إلا ظنّ الخير. وكنتُ أخال أنه قال ما قال من مصلحة لا من إرادة الضير. ولكن ظهر عليّ بعد ذالك أنه ما كفّ اللسان كما هو من سير الكرام والطبائع السعيدة. بل أصرّ على الازدراء في الجريدة. فأكل الحاسدون حصيدة لسانه كالعصيدة. وتلقّفوا قوله وجدّدوا الخصومة بعد ما قطعوها كما هو من شيم

﴿۱۸﴾

ہیں اور ڈر پیدا ہوا کہ ان کا فتنہ ان شہروں میں پھیل جائے گا۔ اور میں نے دیکھا کہ وہ میری طرف حقارت کی آنکھ سے دیکھتے ہیں اور تالیاں بجاتے ہیں اور مجھے ایک کھلونا سمجھتے ہیں۔ اور ہنسی کھیل کے لئے مجھے محبوس کرتے ہیں اور منار کے کلام کو حیلہ بناتے ہیں میرے جاہل بنانے اور خطا کار ٹھہرانے اور حقیر جاننے میں تو پھر مَیں نے بھی ایک پورے مجاہد کی طرح کمر کس لی جو کلہاڑا مارتا ہے اُس شخص کے سر میں جو دشمنی سے اس پر پتھر پھینکے۔ قسم اُس کی جس کی رحمت اُس کے غضب پر بڑھ گئی ہے۔ اور جس کی مہربانی نے اُس کی تلوار کُند کر دی ہے۔ مجھے صاحب منار کی نسبت نیک گمان تھا۔ اور میرا خیال تھا کہ اس نے کسی مصلحت سے ایسا کہا نہ ضرر دینے کے ارادے سے۔ لیکن پیچھے پتا لگا کہ اس نے زبان کو نہیں روکا جیسے کہ بزرگوں کی عادت اور سعید طبیعتوں کا خاصہ ہوتا ہے بلکہ اس نے اپنے اخبار میں تحقیر پر اصرار کیا۔ پس حاسدوں نے اُس کے منہ کے اُگلے ہوئے زہر کو لذیذ کھانے کی طرح کھایا اور اُس کی بات کو قبول کیا اور ختم ہو جانے کے بعد نئے سرے جھگڑا شروع کر دیا جیسے کہ

القرائح البليدة . وحسبوا كلمه كالأسلحة الحديدة. وأشاعوها فى الأخبار والجوائب الهندية. وكتبوا كل ما يشق سماعها على الهمم البريئة المبرّءة. وآذوا قلبى كما هى عادة الرذل والسفهاء . وسيرة الأراذل من الأعداء . وكانوا يمشون مرحا بالخيلاء والامتطاء . كأنهم أُلبِسُوا من حلل الحبر والوشاء . أو فُتِحَت عليهم مدائن أو رُدّ أحياء هم الميّتون إلى الاحياء.وأَحُسَسُتُ أن فتنتهم هذه تضر العامة كالأغلوطات. ويُعدّون هذه الأقوال من الشهادات القاطعات. وكفى هذا القدّر لخدع بعض الجهلاء. وإغلاط بعض البله قليل الدهاء . فرأيتُ جوابه على نفسى حقًّا واجبًا لا يوضع وزره بدون القضاء . ودينا لازما لا يسقط حبة منه بغير الأداء . فإن دفع

کودن اجڈ طبیعتوں کی عادت ہوتی ہے۔اور انہوں نے منار کی باتوں کو تیز ہتھیار سمجھا اور ہندوستان کے اخباروں میں انہیں شائع کیا۔ اور ایسی باتیں لکھیں جن کا سننا پاک اور بَری ہمتوں کو سخت ناگوار ہوتا ہے اور میرے دل کو دُکھایا جیسے کہ عادت کمینوں اور نادانوں کی اور سیرت سفلہ دشمنوں کی ہوتی ہے۔ اور وہ بڑے گھمنڈ سے اترا کر اور اکڑ کر چلتے تھے گویا انہیں بڑے اعلیٰ درجہ کی خوبصورت پوشاکیں پہنائی گئی ہیں یا بڑے بڑے شہران کے قبضہ میں دیئے گئے ہیں یا ان کے مَرے ہوئے دوست پھر اپنے اپنے قبیلہ میں واپس کئے گئے ہیں اور میں نے محسوس کیا کہ ان کا یہ فتنہ عام لوگوں کو دھوکے میں ڈال کر سخت ضرر دے گا اور ان باتوں کو وہ بڑی پکی گواہی سمجھیں گے۔ اور بعض جاہلوں کے فریب دینے کو اور بعض کم عقل سادہ لوگوں کے دھوکا دینے کو بس ہے۔ پس میں نے اس کا جواب دینا اپنے اُوپر حق واجب سمجھا جس کا بوجھ ادا کئے بغیر اتر نہیں سکتا اور لازم قرض یقین کیا جس میں سے ایک حبہ بھی ادا کرنے کے سوا ذمہ

﴿۱۹﴾

أوهام العامة من واجبات الوقت وفرائض الإمامة. فقلّبتُ وجهي في السماء. وطلبتُ عون الله بالبكاء والدعاء. ليهديني إلٰى طريق إتمام الحجّة. وإحقاق الحق وإبطال الباطل وإيضاح المحجّة. فأُلقيَ في روعي أن أُؤلّف كتابا لهذا المراد. ثم أطلب مثله من هذا المدير ومن كل من نهض بالعناد من تلك البلاد. وكنتُ أقبل على الله كل الاقبال. وأسعى في ميادين التضرّع والابتهال. حتى بانت أمارة الاستجابة. و انجابت غشاوة الاستّرابة. ووُفّقتُ لتأليف ذالك الكتاب. فسأرسله إليه بعد الطبع و تكميل الأبواب. فإن أتٰى بالجواب الحسن وأحسن الردّ عليه. فأحرق كتبي وأقبّل قدميه. وأعلق بذيله. وأكيل الناس

﴿۲۰﴾

سے نہیں اتر سکتا۔ اس لئے کہ عام کے وہموں کو دور کرنا واجبات وقت اور امامت کے فرائض سے ہے۔ پھر میں آسمان کی طرف منہ کر کے دیکھنے لگا اور دعا اور زاری سے خدا سے مدد مانگنے لگا اس لئے کہ مجھے حجت کو پورا کرنے اور حق کو حق کر دکھانے اور باطل کو نابود کرنے اور رستہ کے واضح کرنے کی راہ بتائے۔ پس میرے دل میں ڈالا گیا کہ مَیں اس غرض کے لئے ایک کتاب بناؤں پھر اُس کی مثل مانگوں اِس ایڈیٹر سے اور ہر ایسے شخص سے جو اُن شہروں سے دشمنی کی غرض سے اٹھے۔ اور مَیں خدا کی طرف پورا پورا متوجہ تھا اور زاری اور فریاد کے میدانوں میں دوڑ رہا تھا۔ آخر کار قبول کے نشان ظاہر ہوئے اور شک شبہ کا پردہ پھٹ گیا اور مجھے اِس کتاب کی تالیف کی توفیق بخشی گئی۔ سو میں بعد چھپ جانے اور اس کے بابوں کی تکمیل کے اُس کی طرف بھیجوں گا۔ پھر اگر منار نے اس کا جواب خوب دیا اور عمدہ ردّ کیا تو مَیں اپنی کتابیں جلا دوں گا اور اس کے پاؤں چوم

بكيله. وها أنا أقسم بربّ البريّة. أؤكّد العهد لهذه الأليّة. و إن كَلْمَ الأحرار بكلام أشدّ جرحًا من جرح سهام. بل هو أشق عليهم من قتلهم بلهذم وحسام. وإن جراحات السنان لها التيام. ولا يلتام ما جرح كلامٌ. وأمّا ما ادّعى من المعارف والفصاحة. كما يُفهم من قوله بالبداهة. فهي مقالة هو قائلها ولا نقبله إلا بعد ثبوت النباهة. وما اتظنّى أن يكتب المنار من معارف كمعارف كتابي. ويُرى بَريقا كبريق ما في قرابي. ثم مع ذالك تُناجيني نفسي في بعض الأوقات. ان من الممكن أن يكون مدير المنار بريئا من هذه الإلزامات. ويمكن أنه ما عمد إلى الاحتقار والنطح كالعجماوات. بل أراد أن يعصم كلام اللّٰه من صغار

لوں گا اور اس کے دامن سے لٹک جاؤں گا اور پھر لوگوں کو اس کے پیمانہ سے ناپوں گا۔ اور لو میں پروردگار جہان کی قسم کھاتا ہوں اور اس قسم سے عہد کو پختہ کرتا ہوں۔ اور شریفوں کا زخمی کرنا کلام سے زخم میں سخت تر ہوتا ہے تیروں کے زخم سے۔ بلکہ نیزہ اور تلوار کے ساتھ قتل کرنے سے بڑھ کر ان پر گراں ہوتا ہے۔ اور یہ پختہ بات ہے کہ نیزوں کے زخم تو مل جاتے ہیں پر کلام کے زخم نہیں ملتے۔ لیکن جو اس نے معارف اور فصاحت کا دعویٰ کیا ہے جیسا کہ ظاہراً اس کے کلام سے سمجھا جاتا ہے۔ یہ اس کا نرا دعویٰ ہی دعویٰ ہے اور ہم اسے مان نہیں سکتے جب تک وہ اپنی بزرگی کا ثبوت نہ دے اور میرے تو خیال میں بھی نہیں آ سکتا کہ منار میری کتاب جیسے معارف لکھ سکے۔ اور میری تلوار جیسی چمک اور آب دکھا سکے۔ اور اس پر بھی میرے دل میں کبھی کبھی آتا ہے کہ ممکن ہے کہ منار کا ایڈیٹر ان الزاموں سے بری ہو اور ممکن ہے کہ اس نے حقارت کا اور چارپایوں کی طرح سینگ سے مارنے کا ارادہ نہ کیا ہو بلکہ یہ چاہا ہو کہ خدا کی کلام کو مشابہت اور مماثلت کی

﴿۲۱﴾

المضاهات☆. و إنما الأعمال بالنيّات. فإن كان هذا هو الحق فلا شكّ أنه ادّخر لنفسه بهذه المقالات. كثيرا من الدرجات. فإن حُبّ كلام اللّٰه يُدخل فى الجنّة. ويكون عاصما كالجُنّة. وأىّ ذنب على الذى سبّنى لحماية الفرقان. لا للاحتقار وكسر الشان. ونحا به منحٰى نُصرة الدين لا لظى التحقير والتوهين. وهل هو فى ذالك إلا بمنزلة حُماة الإسلام والدّاعين إلى عزّة كلام اللّٰه العلّام الذى هو ملك الكلام؟

ذلت سے بچائے اور اعمال موقوف ہیں نیتوں پر۔ پس اگر یہ سچ ہے تو بے شک اس نے ان باتوں سے اپنے لئے بہت سے درجے اکٹھے کر لئے اس لئے کہ کلام اللہ کی محبت جنت میں لے جاتی ہے اور ڈھال کی طرح بچانے والی ہوتی ہے۔ اور اس شخص کا گناہ ہی کیا جس نے مجھے گالی دی فرقان کی حمایت کے لئے نہ حقارت اور کسر شان کے ارادہ سے اور اس سے اس کا قصد دین کی نصرت ہو تحقیر اور توہین کا اشتعال نہ ہو۔ ایسا شخص تو اسلام کا حامی اور کلام اللہ کی عزت کی طرف جو سب کلاموں کا بادشاہ ہے بلانے والا ہے اور خدا ہر شخص کے باطن اور راز کو جانتا ہے اور جس کی جو

☆ الحاشية۔ واظن انه استشاط من منع الجهاد. ووضع الحرب والسيوف

ترجمہ۔ مجھے تو یقین ہے کہ وہ غضب میں آیا ہے جہاد کے روکنے اور تیز تلواروں اور لڑائی

الحداد. وان الوقت وقت اراء ة الأيات. لازمان سل المرهفات. ولاسيف الاسيف

کے دور کر دینے سے۔ اور اب نشانوں کے دکھانے کا وقت ہے، تلواروں کے کھینچنے کا وقت نہیں اور

الحجج والبينات. فلاشكّ ان الحرب لاعلاء الدين فى هٰذه الاوقات. من اشنع

حجتوں اور بیّن دلیلوں کی تلوار کے سوا کوئی تلوار نہیں۔ اس میں شک نہیں کہ ان دنوں میں دین کے لئے

الجهلات. ولا اكراه فى الدين كما لا يخفى على ذوى الحصات. منه.

لڑائی کرنا سخت نادانی ہے اور دین میں کوئی اکراہ نہیں جیسا کہ یہ بات دانشمندوں پر پوشیدہ نہیں۔ منه

والـلّٰـه يـعـلـم السـرّ ومـا أخفى. ولـكـل امـرءٍ مـا نوى. ولكنـى مُعتذر كمثل اعتذاره. فإن الفتن قـد انتشـرت مـن أقواله وأخباره فـوجـب أن اشـمـر عـن ذراعـى لثـأْره. ولـم يـكـن لـى بدّ من أن أفـضّ ختـم سـرّه. والـلّٰـه يـعلم حـقيـقة نيتـه وكيفية بريّته وبرّه. فـان كـان نـوى الـخيـر فيما قال فسيـعتذر ولا يبتغى النضال. وإن كـان قـصـد التوهين والاحتقـار فسيـقـضـى الـلّٰه بينى وبينه ومن ظـلم فقد بار. وإنى سأرسل كتابا إلـى مـديـر الـمنار ليُفكّر فيه حق الافـكـار. فـإمّا اكفهرار بعد وإمّا اعتـذار. وإنّـما هو لإظهار الحق مـعيار. فـإن تـنـصّـل الـمنار من هفوته. وتندّم على فوهته. فما لنا أن نـأخـذه عـلـى عثرتـه. وإن لم يتـوسـم قـرن نضالـه. ولـم يطلع عـلـى حللى وعلى أسماله. فعليه أن يـكـتـب كـتـابـا كـمـثـل كتابى

﴿۲۲﴾ نیت ہوگی وہی پھل اسے ملے گا۔لیکن میں بھی ویسا ہی عذر کرتا ہوں جیسا اس نے کیا اس لئے کہ اس کے اقوال اور اخبار سے فتنے پھیل گئے ہیں۔سو ضرور ہوا کہ عوض لینے کو آستینیں چڑھا لوں۔اور اب مجھے اس کے سوا چارہ نہیں کہ اس کے راز کی مُہر توڑ دوں اور خدا جانتا ہے اس کی نیت کی حقیقت کو اور اس کی نیکی اور بریت کی کیفیت کو۔ پس اگر اپنی باتوں میں اُس نے نیکی کی نیت کی ہوگی تو ضرور عذر خواہی کرے گا اور جنگ و مقابلہ نہ چاہے گا۔اور اگر توہین وتحقیر کا ارادہ کیا ہے تو خدا اس میں اور مجھ میں جلد فیصلہ کرے گا اور ظالم ہلاک ہوگا۔اور منار کے ایڈیٹر کو کتاب بھیجوں گا یا تو وہ پھر طیش اور اشتعال میں آیا یا عذر معذرت کر دی اور اظہارِ حق کے لئے وہ معیار ہوگی۔پس اگر منار اپنی بکواس سے باز آ گیا اور اپنی باتوں پر پشیمان ہوا تو ہمیں کیا ضرور ہے کہ اس کی لغزش پر گرفت کریں اور اگر اس نے اپنے مقابلہ کے ﴿۲۳﴾ حریف کو فراست سے نہ پہچانا اور میرے خوبصورت لباسوں پر اور اپنی پھٹی پرانی گدڑیوں پر آگاہ نہ ہوا تو اس پر فرض ہے

وعلى منواله. ليحكم الله بيننا بعد بثّ الأسرار. ونثّ الأخبار. وأرجو من الله أن يبعث بعض أولى الأبصار. وفضلاء الديار. ليفتحوا بالحق بيني وبين من يرقص على المنار. وليتدبّروا كلامي وكلامه بالغور التام. وليستشفوا جوهر الكلام. ويُميّزوا النور من الظلام. وأعترف أن بعض أهل الجرائد أُعْطوا نبذًا من الفصاحة. ورُزِقُوا طُرُزًا من الملاحة. ولكن لا لإعلاء كلمة الله بل للاستماحة. ليحرزوا العين ولو بالكذب والوقاحة. فلا ننكر حذقهم بزرقهم وتمحل رزقهم طورا بالاطراء. والأخرى بالازدراء. لينثالوا على أنفسهم الدراهم وليتخلصوا من اللأواء. فلا شك أن لسنهم من الولاية الشيطانية. لا من الكرامة الربّانية. ومن حِيَل الاقتناء ﴿۲۴﴾

کہ میرے طرز وطریق کی کتاب لکھے تو کہ خدا ہم میں خبروں اور رازوں کے ظاہر ہونے کے بعد فیصلہ کرے اور مجھے خدا سے امید ہے کہ وہ ایسے بینا اور فاضل شخص پیدا کردے گا جو میرے اور منار کے معاملہ میں سچا فیصلہ کریں گے اور میری اور اس کی کلام کو پورے غور سے سوچیں گے اور کلام کے موتیوں کو خوب پرکھیں گے اور اندھیرے اور روشنی میں فرق کریں گے اور میں مانتا ہوں کہ بعض اخبار نویسوں کو کسی قدر فصاحت اور ملاحت دی گئی ہے۔ مگر وہ خدا کی باتوں کے اونچا کرنے کے لئے نہیں بلکہ دنیا کا مال اور سود حاصل کرنے کے لئے خرچ ہوتی ہے اس لئے کہ جھوٹ اور بے حیائی سے روپیہ پیدا کریں۔ پس ہم اس سے انکار نہیں کرتے کہ وہ فریب میں بڑے دانشمند ہیں اور کبھی جھوٹی تعریفوں سے روزی کما کھاتے ہیں اور کبھی کسی کی ہجو اور ذم سے۔ اس لئے کہ اپنے لئے روپیہ جمع کرلیں اور مصیبتوں سے چھوٹ جائیں۔ سو اس میں شک نہیں کہ ان کی زبانیں شیطانی ولایت سے ہیں اور ربّانی کرامت سے نہیں اور مال اور روپیہ جمع کرنے کے حیلے

والاحتیاز لا من بدائع الإعجاز. وإن بلاغتی شیء یُجلّی به صدأ الأذهان. ویجلّی مطلع الحق بنور البرهان. وما أنطقُ إلا بإنطاق الرحمان. فکیف یقوم حذتی من قیّد لحظه بالدنیا و مال إلیها کل المیلان. ورضی بزینتها کالنسوان. أم یزعمون أنهم من أهل اللسان. سیهزمون ویولّون الدبر عن المیدان. ومثلهم کمثل ظالع یرید لیدرك شأو الضلیع فلا یمشی إلا قدمًا ویسقط علی الدسیع. أو کرجل راجل وحید یسری فی لیلةٍ شابت ذوائبها. وانتابت شوائبها. واشتدّ ظلامها. وکثر هوامها. وهو ینقل تائها من واد إلی واد. ولیس معه سراج ولا یسمع صوت هاد. وما رافقه من رفیق وما تزوّد من زاد. ولا یجد خفیرا. ولا یریٰ بشیرا. ولا مصباحا

بہانے ہیں عجیب اعجاز کی قسم سے نہیں۔ اور میری بلاغت وہ شے ہے کہ ذہنوں کے زنگ اس سے دور ہوتے ہیں اور حق کے مطلع کو نور برہان سے روشن کرتی ہے اور مَیں رحمان کے بلائے بولتا ہوں۔ پس کیونکر میرے مقابل کھڑا ہوسکتا ہے جس کی نگہ دنیا تک محدود ہے اور بالمقابل اس کی طرف جھک پڑا ہے اور عورتوں کی طرح اس کی زینت پر راضی ہوگیا ہے۔ کیا وہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ اہلِ زبان ہیں۔ عنقریب شکست کھائیں گے اور میدان سے دُم دبا کر بھاگیں گے۔ ان کی مثال اس لنگڑی اونٹنی کی سی ہے جو پورے مضبوط گھوڑے کی غایت کو پالینا چاہتی ہے سو ایک ہی قدم چل کر گردن کے بل گر پڑتی ہے یا اس تنہا پیادہ کی سی ہے جو چلتا ہے ایسی رات میں جس کے گیسو سفید ہو رہے ہیں اور اس کی آفتیں پے در پے آ رہی ہیں اور اس کا اندھیرا سخت ہو رہا ہے۔ اور اس کے کیڑے مکوڑے بہت ہو گئے ہیں۔ اور وہ ایک وادی سے دوسری میں مارا مارا پھرتا ہے اور نہ اس کے پاس چراغ ہے اور نہ کسی رہنما کی آواز سنتا ہے اور نہ اس کا ﴿۲۵﴾

منیرا. ورجل آخر أراد سفرًا بالخیل والرجالة. فتدثر فرسا کالغزالة. و خرج من البلدة إذا ذرّ قرن الغزالة مع رفقة کالهالة عاصمین من الضلالة. هل یستوی ذالك وهذا عند أولی النُهٰی. وإن فی ذالك لعبرة لمن یخشٰی. فالحق والحق أقول إن أهل اللّٰه یُرزقون من ربّ العباد. ویُهدَون إلی طریق السداد. ویُهیَّأُ لهم جمیع لوازم الرشاد. و یُعطی لهم کل قوّة وجبت للعتاد. وکفت للارتقاء علی المصاد. فما کان لأهل الدنیا أن یُسابقوهم ویأتوا بأکباد مثل تلك الأکباد. ولو استنّوا استنان الجیاد. وکیف وإن قلوبهم منتشرة کانتشار الجراد. وإن السنهم علی النجاد وأرواحهم فی الوهاد. یقولون إنّا

﴿۲۶﴾

کوئی ساتھی ہے اور نہ سفر خرچ ہی پاس ہے۔ اور نہ کوئی بدرقہ ملتا اور نہ کوئی مژدہ رسان نظر آتا ہے اور نہ روشن چراغ۔ اور ایک اور شخص ہے جس نے سفر کرنا چاہا ہے سواروں اور پیادوں کے ساتھ۔ پس وہ آہوش گھوڑے پر سوار ہوا اور آفتاب کے چڑھتے ہی شہر سے نکل کھڑا ہوا اپنے چند رفیقوں کے ساتھ جو ہالہ کی طرح تھے اور بھٹکنے سے بچانے والے تھے۔ کیا دانشمندوں کے نزدیک یہ دونوں شخص برابر ہیں۔ اس مثال میں ڈرنے والے کے لئے عبرت ہے۔ سو سچ یہی ہے اور مَیں سچ سچ کہتا ہوں کہ اللہ کے لوگوں کو بندوں کے پروردگار سے روزی ملتی ہے اور درستی کی راہ کی طرف انہیں چلایا جاتا ہے۔ اور کامیابی کے سارے لوازم ان کے لئے بہم پہنچائے جاتے ہیں اور انہیں ساز و سامان کے لئے جتنی قوت درکار ہوتی ہے اور صیدگاہ پر چڑھنے کے لئے کافی ہوتی ہے بخشی جاتی ہے۔ سو دنیا داروں کے برتے میں نہیں ہوتا کہ ان سے آگے نکل جائیں اور ان کا سادِل گردہ لائیں۔ خواہ گھوڑوں کی طرح دوڑیں۔ اور یہ ہو کیونکر سکتا ہے اس لئے کہ اہل دنیا کے دِل ٹڈیوں کی طرح پراگندہ ہوتے۔ ان کی زبانیں تو بیشک اونچی زمین پر ہوتی ہیں پر

نحن من العرب وغُذّينا من أمّهاتِنا درّ الأدب. وإنّا فی مُلْكِ النطق كاقيال. وأبناء أقوال. فقد استكبروا بنفوسهم الأبيّة. وألسنتهم العربيّة. وأوطنوا أنفسهم امنع جنابٍ. وزعموا أنهم يفلّون حدّ كل ناب. وما عرفوا من غباوة الجنان. أن أولياء الرحمان. يُعطَون ما لا يُعطَى لأهل اللسان. من المعارف وحسن البيان. ولا يُدرك براعتهم غيرهم مع جهدٍ مُعنتٍ وصرف الزمان. وأنّى لهم نصيب من هذا الشان. ولو أوتوا بلاغة سحبان. فإنهم ما صقلوا مرآة الإيمان. وما ذاقوا طعم العرفان. ثم جمعوا بين الحمق والحرمان. وما استطاعوا أن يرجعوا إلى الرحمٰن. بل صار شغل جرائدهم فی سُبُلهم كالصلات. فهم يُحافظون عليه كفريضة الصلاة. يشيعون

روحیں گڑھوں میں ۔ کہتے ہیں ہم عرب ہیں اور ہمیں ہماری ماؤں نے ادب کا دودھ پلایا ہے اور ہم گویائی کے ملک کے سردار ہیں اور پسران گفتار ہیں ۔ سو یہ لوگ سرکش نفسوں سے گردنیں اکڑا رہے ہیں ۔ اور اپنے تئیں بڑی مضبوط بارگاہ میں جگہ دیتے ہیں اور گمان کرتے ہیں کہ ہر ایک عظیم الشان آدمی کو ہرا سکتے ہیں اور نادانی کی وجہ سے نہیں سمجھ سکتے کہ خدا کے دوستوں کو وہ حسن بیان اور معارف دیئے جاتے ہیں جو اہلِ زبان کو نہیں ملتے ۔ اور دوسرے لوگ خواہ کتنی ہی زحمت اٹھائیں اور وقت خرچ کریں ان کے کمال کو پا نہیں سکتے اور سحبان کی بلاغت بھی انہیں مل جائے جب بھی انہیں اس شان سے کہاں حصہ مل سکتا ہے ۔ اس لئے کہ انہوں نے ایمان کے آئینہ کو تو کبھی جلا دی ہی نہیں ۔ اور عرفان کا مزا کبھی چکھا ہی نہیں ۔ پھر اس کے علاوہ حماقت اور محرومی دو باتیں ان کے حصے میں آئی ہیں اور وہ خدا کی طرف رجوع نہیں کر سکتے بلکہ اخبار نویسی کا شغل ان کی راہ میں بڑی بھاری چٹان بن گیا ہے ۔ سو وہ اس شغل میں فریضۂ نماز کی طرح لگے رہتے ہیں ۔ اور

﴿۲۷﴾

الجرائد لقبض الصِلات. واستنضاض الإحالات. إلا قليل من أهل التقات. وأكثرهم لا يطيرون إلا في الأهواء. وقُصّ جناحهم من الطيران إلى السماء يمشون في الظلام المسبل. وتراهم لدنياهم في التململ. وتصرخ أقلامهم للقَرى المعجّل. يطلبون لقوحًا غزيرة الدرّ. قليلة الضرّ. يستقرون الصيد إلى السواحل. والأحبولة على الكاهل. ويقترون كل شجراء ومرداء. ويجوبون لها البيداء والصحراء. وما ترٰى أحدًا منهم قرير العين. إلا بإحراز العين. وتمضى ليلتهم جمعاء في هذه الخيالات. والنهار أجمع في نحت العبارات. فما لهم وللروحانيّين والعباد الربّانيّين الذين يُعطَون عذوبة اللسان وطلاقة كالعين. ويُرزقون بصيرة القلب مع نور

﴿۲۸﴾

اخباروں کو انعامات اور صِلات کے حاصل کرنے اور روپیہ پیسہ کمانے کے لئے شائع کرتے ہیں۔ بجز قدرے قلیل متقیوں کے۔ اور اکثر تو نفسانی خواہشوں کی ہواؤں میں اڑتے ہیں اور آسمان کی طرف پرواز کرنے سے ان کے پر و بال کاٹے گئے ہیں۔ گھٹاٹوپ اندھیرے میں چلتے ہیں اور تم دیکھتے ہو کہ وہ دنیا کی خاطر بے چین رہتے ہیں اور ان کی قلمیں اسی فانی دنیا کی ضیافتوں کے لئے چیختی چلاتی ہیں۔ وہ ڈھونڈتے ہیں بہت دودھ دینے والی کم ضرر اونٹنی کو۔ ڈھونڈتے ہیں شکار کو ساحل پر اور جال اور رسیوں کو کاندھے پر۔ ہر بادرخت اور بے درخت جنگل میں خاک چھانتے پھرتے ہیں اور اس کی خاطر دشت و بیابان طے کرتے ہیں۔ تم ایک کو بھی ان سے نہ دیکھو گے خنک چشم سوا روپیہ پیسہ کے حاصل کرنے کے۔ اور ان کی ساری رات گزرتی ہے ان ہی خیالوں میں۔ اور دن سارا کٹتا ہے عبارتوں کی تراش خراش میں۔ سو انہیں روحانیوں اور ربّانی بندوں سے کیا نسبت۔ جنہیں دی جاتی ہے زبان کی شیرینی اور روانی چشمہ کی طرح اور انہیں دل کی بینائی اور نور دیدہ دونوں بخشی جاتی

العين ويقوزون☆ من ربّهم بالسهمين. ويرجعون بالغُنْمَين وإنّهم قوم نزلوا عن متن ركوبة الأهواء . وحلّوا فِناء الفَناء. جلّت نيتهم. و قلّت غفلتهم. لا يرون في سبيل اللّٰه أثرا إلا يقفونه. ولا جدرًا إلا يعلونه. ولا واديا إلا يجزعونه. ولا هاديا إلا يستطلعونه. عُشّاق الرحمان. وفي سبيله كالنشوان. من ذا الذي يقرع صَفاتهم. أو يُضاهي صِفاتهم. ومن جاء هم كَذبير. فقد لفح ولا كلفح هجير. إنّهم يسعون إلى الحضرة عند المشكلات. بدمع أحرّ من دمع المقلات. وإنّ مثلهم كمثل سرحة كثيفة الأغصان. وريقة الأفنان. مثمرة بثمار الجنان. و من أتاها تُساقط عليه رُطَبًا جنيًّا فطوبٰى للجَوعان. إنهم قوم زكّوا دثارهم وشعارهم. وخرجوا من

ہیں اور وہ پاتے ہیں اپنے رب سے دو حصے اور لوٹتے ہیں دوہری لوٹ لے کر۔ اور وہ وہ لوگ ہیں جو اُتر پڑے ہیں ہوائے نفس کی سواری کی پیٹھ پر سے اور اُترے ہیں فنا کے آنگن میں۔ ان کی نیتیں اور مقاصد بڑے ہیں اور غفلت ان میں نہیں۔ اللہ کی راہ میں کوئی ایسا نشان نہیں دیکھتے جس کی پیروی نہ کریں اور کوئی ایسی دیوار نہیں دیکھتے جس پر چڑھ نہ جائیں اور نہ کوئی ایسی وادی جسے طے نہ کریں اور نہ کوئی ایسا ہادی جس سے راہ کی خبر نہ پوچھ لیں۔ وہ رحمان کے عاشق اور اس کی راہ میں سرمست اور متوالے ہوتے ہیں۔ وہ ہے کون جو اُن کی توہین وتحقیر کرے یا اُن جیسی صفات پیدا کر دکھائے جو شخص ان کے مقابل مخالف بن کر آیا وہ روسیاہ ہوا۔ وہ لوگ مشکلات کے وقت خدا کی طرف دوڑتے ہیں ایسے آنسوؤں کے ساتھ جو گرم دیگچی سے بھی زیادہ گرم ہوتے ہیں۔ وہ اس درخت کی مانند ہوتے ہیں جس کی شاخیں گھنی ہوں اور اس کی ٹہنیوں پر خوب پتیاں ہوں اور بہشتی پھل اُسے لگے ہوں اور جو اس کے پاس آوے تر بتر میوے اُس پر گرائے سو بھوکے کو خوشخبری ہو۔ وہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے اندر باہر

﴿۲۹﴾

☆ ایڈیشن اول میں سہو کتابت ہے۔ درست یفوزون ہے۔ (ناشر)

أنفسهم. وزايلوا وجارهم. و رحموا من جار عليهم وَجارَهم. وأطفأوا نار النفس وكمّلوا أنوارهم. وأمّا نفوس أهل الدنيا فتشابه يومًا جوّه مزمهرّ. ودجنه مُكفهرّ. وتراهم عارى الجلدة من حُلل الاتّقاء. وبادى الجردة من غلبة الفحشاء. قد اعتمّوا بريطة الاستكبار. واستشفروا بفويطة الخيلاء والفجار. فكيف يؤيدون من رب العالمين. بل وراء هم ضفف وكرش يدعونهم إلى الشياطين. يبكون أنهم أهلكوا من الشظف وصفر الراحة. وحصّهم جنف وقشف فما بقى معهم ذرّة من الراحة. ثم يقولون نحن سُراة أندية الأدب. وحُماة لسن العرب. كلا بل ركدت ريحهم. وخَبَت مصابيحهم. وأجدبت بقعتهم. وتخلى بعد الإخلاء منتجعهم ونُجعتهم. ولن يُردّ إليهم جلالة

﴿۳۰﴾

دونوں کو پاک کیا ہوتا ہے اور اپنے نفس سے نکل چکے اور اپنے نشیمن کو چھوڑ چکے ہوتے ہیں۔ وہ اپنے بیدادگر اور ہمسائے سے پیار کرتے ہیں اور انہوں نے نفسوں کی آگ بجھادی ہوئی ہوتی اور اپنے نوروں کو کامل کیا ہوا ہوتا ہے۔ مگر دنیاداروں کے نفس اس دن کی مانند ہوتے ہیں جس کی فضا میں خطرناک سردی اور اس کے بادل سخت گھنے اور تاریک ہوں۔ یہ لوگ تقویٰ کے لباسوں سے برہنہ اور بدکاریوں کے غلبہ کے سبب سے محض ننگے ہوتے ہیں۔ انہوں نے گھمنڈ اور خودبینی کے کپڑے پہنے ہوتے ہیں۔ سو ایسے حال میں خدا کی طرف سے انہیں کیونکر تائید ملے۔ ان کے پیچھے ان کے بال بچے اور عیال پڑے رہتے ہیں جو انہیں شیطان کی طرف بلاتے ہیں۔ وہ روتے ہیں کہ فقر فاقہ اور افلاس سے ہلاک ہوگئے اور لاغری اور تنگ گذرانی نے انہیں ٹکڑے ٹکڑے کردیا اور ذرہ بھر بھی آرام اور چین انہیں نہیں۔ پھر بھی کہے جاتے ہیں کہ ہم ادب کی انجمنوں کے سردار اور زبان عرب کے حامی کار ہیں۔ جھوٹے ہیں بلکہ ان کی ہوا ٹھہر گئی ہوئی ہے اور ان کے چراغ گُل ہو چکے ہیں اور ان کی زمین خشک سالی کی ماری ہوئی ہے اور خیر و برکت ان سے بالکل جاتی رہی ہے۔ اُن

شأنهم حتى يردّوا أنفسهم إلى الحضرة. ولن يُغيّر ما بهم حتى يُغيّروا ما في الطويّة. ولو أن ما في الأرض أنصارا لهم ما كان لهم أن يُعجزوا المرسلين. ولو أتوا بالأوّلين والآخرين من دون المتّقين. ألا ينظرون إلى الذين خلوا من قبلهم هل هم غلبوا وأعجزوا رسل اللّٰه أو كانوا من المغلوبين. ألا إن الأقلام كلها للّٰه وهي معجزة من معجزات كتاب مبين. ثم يتلقّاها المقرّبون على قدر اتّباع خير المرسلين. فإن المعجزات تقتضي الكرامات ليبقى أثرها إلى يوم الدين. وإن الذين ورثوا نبيّهم يُعطَون من نِعَمه على الطريقة الظلّية. ولولا ذالك لبطلت فيوض النبوّة. فإنهم كأثر لعين انقضى. وكعكس لصورة في المرآة يُرَى. وإنهم اكتحلوا بمرود الفناء. وارتحلوا من فناء

کی خوشحالی اور بزرگی کبھی واپس نہ آئے گی جب تک خدا کی طرف رجوع نہیں لائیں گے اوران کا برا حال نہیں بدلے گا جب تک اپنی نیتوں کو پاک صاف نہیں کریں گے۔ اور اگر تمام روئے زمین کے باشندے اُن کے مددگار بن جائیں خدا کے مرسلوں پر کبھی غالب نہ آسکیں گے۔ خواہ متقیوں کے سوا اگلے پچھلے لوگوں کو بھی لیتے آئیں۔ وہ گذرے ہوئے لوگوں کے حال میں غور نہیں کرتے۔ کیا وہ خدا کے رسولوں پر غالب آ گئے تھے یا مغلوب ہوئے تھے۔ سنو ساری قلمیں خدا کے قبضے میں اور وہ کتاب مبین کے معجزات میں سے ایک معجزہ ہیں۔ پھر وہی قلمیں آنحضرت (ﷺ) کی پیروی کی قدر پر مقربوں کو عطا ہوتی ہیں اس لئے کہ معجزات چاہتے ہیں کرامات کو تو کہ اُن کا نشان قیامت تک باقی رہے اور اپنے نبی علیہ السلام کے وارثوں کو بطور ظلیت کے آپ کی نعمتیں مرحمت ہوتی ہیں۔ اور اگر یہ قاعدہ جاری نہ رہتا تو نبوت کے فیض بالکل باطل ہو جاتے۔ اس لئے کہ یہ وارث نقش ہوتے ہیں اُس اصل کے جو گزر چکی ہوتی ہے اور گویا عکس ہوتے ہیں ایک صورت کے جو شیشہ میں نظر آتا ہے۔ ان لوگوں نے فنا کی سلائیوں سے سرمہ آنکھ میں ڈالا ہوتا اور ریاکاری کے

﴿۳۱﴾

الـريـاء . فـمـا بـقـى شـيء من أنـفسهم وظهرت صـورة خـاتـم الأنبيـاء . فـكل ما ترون منهم من أفـعـال خارقة لـلـعادة. أو أقوال مشـابهة بـالـصحف الـمـطهّرة. فـليسـت هـى منهم بل من سيّدنا خيـر البـريّة. لـكـن فـى الحلل الـظلّية. وإن كـنتـم فى ريب من هـذا الشـان. لأولـيـاء الـرحمان. فـاقـرءوا آية " صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ " بـــالإمـعـــان. أتـعجبون ولا تشكرون . وترون صـوركـم فـى الـمـرايـا ثـم لا تُـفـكّـرون. ألا إن لـعنة اللّٰه على الـذيـن يـقـولـون إنّـا نـأتى بمثل الـقرآن. إنه معجزة لا يأتى بمثله أحـدٌ مـن الإنـس والجان. وإنـه جـمـع مـعـارف ومـحـاسـن لا يـجـمـعهـا عـلم الإنسان. بل إنه وحـىٌ ليس كمثله غيره وإن كان بـعـده وحيـا آخـر من الرحمان. فإن للّٰه تجلّيات فى إيحائه. وإنه

﴿۳۲﴾

آنگن سے کوچ کر چکے ہوتے ہیں۔اس طرح پران کا اپنا تو کچھ بھی رہا نہیں ہوتا اور خاتم الانبیاء کی صورت ہی نمودار ہو جاتی ہے۔سوان لوگوں سے جو کچھ خارق عادت افعال یا اقوال پاک نوشتوں سے مشابہ تم دیکھتے ہو وہ ان کی طرف سے نہیں بلکہ وہ حضرت سید المرسلین (ﷺ) کی طرف سے ہوتے ہیں۔ہاں وہ ظلیت کے لباسوں میں ہوتے ہیں۔اور تمہیں اولیاء الرحمان کی نسبت ایسی بزرگی اور شان میں شک ہے تو پڑھ لو آیت **صراط الذین انعمت علیهم** کو غور اور فکر سے۔کیا تم تعجب کرتے ہو اور شکر گزار نہیں ہوتے۔اور تم آئینوں میں اپنی صورتیں دیکھتے ہو پھر بھی نہیں سوچتے۔سنو خدا کی لعنت ان پر جو دعویٰ کریں کہ وہ قرآن کی مثل لا سکتے ہیں۔قرآن کریم معجزہ ہے جس کی مثل کوئی انس و جن نہیں لا سکتا اور اس میں وہ معارف اور خوبیاں جمع ہیں جنہیں انسانی علم جمع نہیں کر سکتا۔ بلکہ وہ ایسی وحی ہے کہ اس کی مثل اور کوئی وحی بھی نہیں اگر چہ رحمان کی طرف سے اس کے بعد اور کوئی وحی بھی ہو۔اس لئے کہ وحی رسانی میں خدا کی تجلیات ہیں اور یہ یقینی بات ہے کہ خدا تعالیٰ کی تجلی

ما تجلّی من قبل ولا یتجلّی من بعد کمثل تجلّیه لخاتم أنبیائه. ولیس شأن وحی الأولیآء کمثل شأن وحی الفرقان. وإن أُوحِی إلیهم کلمة کمثل کلمات القرآن. فإن دائرة معارف القرآن أکبر الدوائر. وإنها أحاطت العلوم کلها وجمعت فی نفسها أنواع السرائر. وبلغت دقائقها إلی المقام العمیق الغائر. وسبق الکل بیانا وبرهانا وزاد عرفانا. و إنه کلام اللّٰه المعجز ما قرع مثله آذانا. ولا یبلغه قول الجنّ و الإنس شأنا. فمثل القرآن وغیر القرآن کمثل رؤیا رآها ملك عادل رفیع الهمّة کامل الفهم والقیاس. ورأی هذه الرؤیابعینها رجل آخر قلیل الفهم قلیل الهمّة ومن عامّة الناس. فلا شكّ أن رؤیا الملك ورؤیاهذا الرجل وإن کانت واحدة غیر ممیّزة فی ظاهر الحالات. ولکن لیست بواحدة عند عارف تعبیر الرؤیا وذی الحصات.بل لرؤیا الملك

جیسی کہ خاتم الانبیاء پر ہوئی ایسی کسی پر نہ پہلے ہوئی اور نہ کبھی پیچھے ہوگی۔اور جو شان قرآن کی وحی کی ہے وہ اولیاء کی وحی کی شان نہیں۔اگر چہ قرآن کے کلمات کی مانند کوئی کلمہ انہیں وحی کیا جائے۔اس لئے کہ قرآن کے معارف کا دائرہ سب دائروں سے بڑا ہے۔اوراس میں سارے علوم اور ہرطرح کی عجیب اور پوشیدہ باتیں جمع ہیں اوراس کی دقیق باتیں بڑے اعلیٰ درجہ کے گہرے مقام تک پہنچی ہوئی ہیں۔اوروہ بیان اور برہان میں سب سے بڑھ کر اور اُس میں سب سے زیادہ عرفان ہے اور وہ خدا کا معجز کلام ہے جس کی مثل کانوں نے نہیں سنا اوراس کی شان کو جن وانس کا کلام نہیں پہنچ سکتا۔سو قرآن اور دوسرے کلام کی مثال اس رویا کی ہے جو دیکھی ایک بادشاہ عادل بلند ہمت اور پورے دانا نے۔ اور وہی رویا دیکھی ایک دوسرے عامی کم فہم پست ہمت نے۔سواس میں شک نہیں کہ بادشاہ کا خواب اوراس عامی کا گوظاہر میں ایک ہی ہیں۔لیکن دانشمند اورتعبیر جاننے والے کے نزدیک ایک نہیں۔ بلکہ عادل بادشاہ کی تعبیر بہت بلند اور عام اور نفع رسان اور سب

﴿۳۳﴾

﴿۳۴﴾

العادل تعبير أعلى و أرفع وأعمّ وأنفع. وهي للناس كلهم خير و مع ذالك أصح و ألمع. وأمّا رؤيا رجل هو من أدنى الناس. فلا يتخلّص في أكثر صورها من الالتباس، بل من الأدناس. ثم مع ذالك لا تجاوز أثرها من الأبناء والآباء.أو شرذمة من الأحبّاء. و إنّ ركُبَ هؤلاء الأغيار. ينيخون بأدنى الأرض مطايا التسيار. و ينتقلون من الأكوار إلى الأوكار. وأمّا خيل الفرقان فيجوبون كل دائرة العمران. وهو كتاب تجرّى تحته بحار العرفان. ولا يطير فوقه طير التبيان. و ما تكلّم أحد إلا ادّان من خزائنه. وأخرج من بعض دفائنه. وأرى كل متكلّم صفر اليدين. من غير التطوّق بهذا الدّيُن. و كل غريم يجدّ في التقاضي. ويلجّ في الاقتياد إلى القاضي. وأمّا القرآن فيتصدّق على أهل الاملاق. وينزع عن الارهاق. بل يُعطى

﴿۳۵﴾

لوگوں کے حق میں خیر و برکت اور بہت ہی درست اور صاف ہے۔مگر عامی کی رویا اکثر صورتوں میں آمیزش اور میل کچیل سے پاک نہیں ہوتی۔اس کے علاوہ اس کا اثر بیٹوں اور باپوں یا تھوڑے سے دوستوں سے آگے نہیں جاتا۔اور اگر اغیار سوار بھی ہوں تو بھی بہت ہی نزدیک جگہ میں ڈیرے ڈال دیتے ہیں اور پالانوں سے اتر کر آشیانوں میں گھس جاتے ہیں۔مگر قرآن کریم کے سواروں کا یہ حال ہے کہ وہ آبادی کے ہر دائرہ کو قطع کرتے ہیں۔قرآن کریم ایک کتاب ہے جس کے نیچے عرفان کے دریا بہتے ہیں۔اور کسی گویائی کا پرندہ اس سے فوق اُڑ نہیں سکتا۔اور ہر پونجی والا اسی کے خزانوں اور دفینوں سے کچھ لیتا ہے اور میرے نزدیک ہر متکلم اس قرضہ میں مبتلا ہونے کے بغیر محض تہی دست ہے۔اور قرضدار سے سخت تقاضا کیا جاتا اور سخت کوشش کی جاتی ہے کہ قاضی تک پہنچا کر اس سے روپیہ وصول کیا جائے۔مگر قرآن کریم تنگ دستوں کو صدقات دیتا اور ساری تنگیاں دور کرتا بلکہ اخلاص والوں کو سونے کی ڈلیاں

سبائك الخِلاص. لأهل الإخلاص. ولا يمنّ على الغرماء بالإنظار. بل يُرغّبهم في احتجان النضار. ولا يأخذ سارقا. إن كان فارقًا☆. وإنّا نحن تلاميذ الفرقان. وأُترِعُنَا من بحره بعد ما صرنا كالكيزان. فإن كان مدير المنار تزرّى عليّ لهذا الاعتذار. فندعو له لغيرتّه لـلّٰه الغيور الغفار. ولو قمتُ على مقامه. لقلتُ كمثل كلامه. ولعنة اللّٰه على من أنكر بإعجاز القرآن وجوهر حُسامه. و تفرّد دُرّة كلمه ونظامه. و واللّٰه إنّا نشرب من عينه. ونتزين بزينه. ولذالك يسعى على كلامنا نور وصفاء. وفي نطقنا يبهر لمعانٌ وضياء. و بركة و شفاء. وطلاوة وبهاء. وليس

دیتا ہے۔اور اپنے قرضداروں کو مہلت دینے کا احسان نہیں جتاتا بلکہ ان کو سونا اکٹھا کرنے کی ترغیب دیتا ہے اور کسی چور کو اگر وہ ڈرنے والا شخص ہی ہو نہیں پکڑتا۔ اور ہم تو اول کوزے بنے پھر قرآن کے دریا سے لبالب ہوئے۔سو اگر منار کا ایڈیٹر اس جہت سے مجھ سے بگڑا ہے تو میں اس کی غیرت کی وجہ سے اس کے لئے خدا سے دعا کرتا ہوں اور اگر مَیں اس کی جگہ ہوتا تو مَیں بھی وہی کہتا جو اس نے کہا۔میرے نزدیک خدا کی لعنت اس پر جو قرآن کے اعجاز کا انکار کرتا اور اپنے کلام اور نظام کو بجائے خود کوئی مستقل شے سمجھتا ہے۔اور خدا کی قسم ہم تو اسی چشمہ سے پیتے اور اسی کی زینت سے آراستہ ہوتے ہیں۔اسی سبب سے تو ہمارے کلام میں نور اور صفا ہوتی اور ہماری گویائی میں روشنی اور شفا اور تازگی اور خوبصورتی چمکتی ہے۔اور مجھ پر قرآن کے سوا اور کسی کا احسان

﴿۳۶﴾

☆ الحاشية: اعنى مَن اقتبس من القراٰن اٰيةً بصحة النيّة. خائفًا من الحضرة فلا اثم عليه عند عالم النيّات ذى الجود والمِنّةِ. منه

ترجمہ: یعنی جو شخص خدا سے ڈرتے ہوئے صحت نیت کے ساتھ قرآن سے کسی آیت کو بطور اقتباس استعمال کرے تو عالم النیّات اور صاحب جود وسخا کے نزدیک اس پر کوئی گناہ نہیں۔ منه

علیّ منّة أحدٍ من غیر الفرقان. وإنّه ربّانی بتربیة لایُضاهئُها الأبوان. وسقانی اللّٰه به مَعینًا. ووجدناه منیرًا ومُعینًا. فلا نعرف التهابا ولا حرورا. وشربنا من کأس کان مزاجها کافورا. وإن کلامی هذا لیس من قلمی السقیم بل کلم أفصحت من لدن حکیم علیم. بإفاضة النبی الرؤوف الرحیم. فلا تجعلوا رزقکم أن تکذّبوها بل فکّروا کالزکیّ الفهیم. أم ظننتم أن اللّٰه لا یعلم ما تعلمون أو لا یقدر علی ما تقدرون. کلا بل لا تعرفونه حق المعرفة وتستکبرون. واللّٰه یجعل لمن یشاء بسطة فی العلم أفلا تُفکّرون. وقد کنتم علی شفا حفرة فرحمکم اللّٰه أفلا تشکرون.

﴿۳۷﴾

نہیں اور اس نے میری ایسی پرورش کی ہے کہ ویسی ماں باپ بھی تو نہیں کرتے۔ اور خدا نے مجھے اُس سے خوشگوار پانی پلایا۔ اور ہم نے اُس کو روشن کرنے والا اور مددگار پایا۔ پانی پلا دیا ہے کہ اب مجھے کوئی سوزش اور گرمی محسوس نہیں ہوتی اور ہم نے کافوری پیالہ پیا ہے۔ اور یہ میرا کلام میری ناتوان بیمار قلم کی طرف سے نہیں بلکہ یہ تو حکیم علیم کی باتیں ہیں۔ نبی کریم کے افاضہ کے وسیلہ سے۔ سو تم تکذیب پر ہی کمر نہ باندھ لو بلکہ دانا اور زکی بن کر سوچو۔ کیا تمہیں گمان ہے کہ جو تم جانتے ہو وہ خدا نہیں جانتا۔ کیا وہ قادر نہیں اُن پر جن پر تم قادر ہو۔ ایسا نہیں بلکہ تم اُسے اچھی طرح نہیں پہچانتے اور تکبر کرتے ہو۔ اور خدا تعالیٰ جسے چاہے علم میں وسعت اور فراخی عطا فرمائے کیا تم سوچتے نہیں۔ اور تم سب گڑھے میں گرنے کے لئے طیار تھے۔ پس خدا نے تم پر رحم کیا کیا تم شکر نہیں کرتے۔

۞ ۞ ۞

مَا بال المسلمين وَمَا العلاج فی هٰذا الحِين.

ظهر الفساد فی المسلمين. وصارت ككبريت أحمر زُمر الصالحين. ما ترى فيهم أخلاق الإسلام. ولا مواساة الكرام. لا ينتهون من التخليط ولو بالخليط. ويُجرّعون الناس من الحميم. ولو كان أحد كالوليّ الحميم. ولا يُكافئون بالعشير. ولو كان أخ أو من العشير. لايصافون شفيقا ولا شقيقا. ويستقِلّون جزيل المؤاسين. ولا يُحسنون إلى المحسنين. ويُخَيّبون الناس من عوارف. ولو كانوا من معارف. ويبخلون بما عندهم مَرافقهم. ولو كان مُرافقهم. بل إذا أجلتَ فيهم بصرك. وكرّرتَ فی وجههم نظرك. وجدت أكثر طوائف هذه الملّة. قد لبسوا ثياب الفسق وترك الديانة والعفّة.

مسلمانوں کا کیا حال ہے اور اس وقت علاج کیا چاہیے۔

مسلمانوں میں بگاڑ پیدا ہو گیا ہے۔ اور نیک لوگ سرخ گندھک کی مانند ہو گئے ہیں۔ ان میں نہ تو اخلاق اسلام رہے ہیں اور نہ بزرگوں کی سی ہمدردی رہ گئی ہے۔ کسی سے برا آنے سے باز نہیں آتے خواہ کوئی پیارا یار کیوں نہ ہو۔ لوگوں کو کھولتا ہوا پانی پلاتے ہیں۔ خواہ کوئی خالص دوست ہی ہو۔ اور دسواں حصہ بھی بدلہ میں نہیں دیتے خواہ بھائی ہو یا باپ یا کوئی اور رشتہ دار ہو۔ اور کسی دوست اور حقیقی بھائی سے بھی سچی محبت نہیں کرتے اور ہمدردوں کی بڑی بھاری ہمدردی کو بھی حقیر سمجھتے ہیں اور محسنوں سے نیکی نہیں کرتے۔ اور لوگوں پر مہربانی نہیں کرتے خواہ کیسے ہی جان پہچان کے آدمی ہوں اور اپنے رفیقوں کو بھی اپنی چیزیں دینے سے بخل کرتے ہیں بلکہ اگر تم دوڑاؤ اپنی آنکھ کو ان میں اور بار بار ان کے منہ کو دیکھو تو تم اس قوم کی ہر جماعت کو پاؤ گے کہ فسق اور بد دیانتی اور بے حیائی کا لباس پہنا ہوا ہے۔ اور ہم اس جگہ تھوڑا سا حال اپنے

﴿۳۸﴾

. وإنّا نذكر ههنا نبذًا من حالات ملوك زماننا وغيرهم من أهل الأهواء . ثم نكتب بعده ما أراد اللّٰه لدفع تلك المفاسد وتدارك الإسلام والمسلمين من السماء.

فی حالات ملوك الإسلام فی هذه الأيام

اعلم رحمك اللّٰه أن أكثر طوائف الملوك وأُولى الأمر والإمرة. الذين يُعدّون من كبراء هذه الملّة. قد مالوا إلى زينة الدنيا بكل الميل والهمّة. و استأنسوا بأنواع النعم واللّهنية. وما بقى لهم شغل من غير الخمر والزمر والشهوات النفسانية. يبذلون خزائن لاستيفاء اللذّات الفانية. ويشربون الصهباء جهْرةً على شاطى الأنهار المصرّدة والمياه الجارية. والأشجار الباسقة. والأثمار اليانعة. والأزهار المنوّرة. جالسين على الأنماط

زمانہ کے بادشاہوں اور دوسرے لوگوں کا لکھتے ہیں جو ہوا پرست لوگ ہیں اور پھر ہم اُس علاج کو لکھیں گے جو خدا نے ان فسادوں کے دور کرنے کے لئے ارادہ کر رکھا ہے اور نیز اسلام اور مسلمانوں کے تدارک کے لئے جو مقدر کر رکھا ہے۔

(بادشاہوں کے حالات)

جان! خدا تیرے پر رحم کرے کہ اکثر بادشاہ اس زمانہ کے اور امراء اس زمانہ کے جو بزرگان دین اور حامیان شرع متین سمجھے جاتے ہیں وہ سب کے سب اپنی ساری ہمت کے ساتھ زینت دنیا کی طرف جھک گئے ہیں اور شراب اور باجے اور نفسانی خواہشوں کے سوا انہیں اور کوئی کام ہی نہیں۔ وہ فانی لذتوں کے حاصل کرنے کے لئے خزانے خرچ کر ڈالتے ہیں۔ اور وہ شرابیں پیتے ہیں نہروں کے کناروں اور بہتے پانیوں اور بلند درختوں اور پھل دار درختوں اور شگوفوں کے پاس اعلیٰ درجہ کے فرشوں پر بیٹھ کر اور کوئی خبر نہیں کہ رعیت

﴿۳۹﴾

المبسوطة. ولا يعلمون ما جرى على الرعيّة والملّة. ليس لهم معرفة بالقانون السياسي وتدبير مصالح الناس. وما أُعطِيَ لهم حظ من ضبط الأمور والعقل والقياس. والذين يُتَخَيّرون لتَأديبهم في عهد الصبا. فهم يُرغّبونهم في الخمر والزمر وعلى منادمةٍ على الرُبَى. سيّما في أوقات المطر وعند هزيز نسيم الصبا. كذالك يقربون حرمات اللّٰه ولا يجتنبون. ولا يُؤدّون فرائض الولاية ولا يتّقون. ولذالك يرون هزيمة على هزيمة. وتراهم كل يوم في تنزّل ومنقصة. فإنهم أسخطوا ربّ السماء. وفُوِّضَ إليهم خدمة فما أدّوها حق الأداء. أتزعمون أنهم خلفاء الإسلام؟ كلا. بل هم أخلدوا إلى الأرض وأنّى لهم حظّ من التقوى التّام. ولذالك ينهزمون من كل

اور ملت پر کیا بلائیں ٹوٹ رہی ہیں۔ انہیں امور سیاسی اور لوگوں کے مصالح کا کوئی علم نہیں اور ضبط امور اور عقل اور قیاس سے انہیں کچھ بھی حصہ نہیں ملا۔ اور جو لوگ بچپن میں ان کے اتالیق بنائے جاتے ہیں وہی انہیں شراب اور باجوں اور پہاڑوں پر مے نوشی کی محفل آرائی کی ترغیب دیتے ہیں خصوصاً بارش اور نسیم صبا کے چلنے کے وقت۔ اسی طرح حرمات اللہ کے نزدیک جاتے ہیں اور ان سے بچتے نہیں۔ اور حکومت کے فرائض کو ادا نہیں کرتے اور متقی نہیں بنتے۔ یہی وجہ ہے کہ شکست پر شکست دیکھتے ہیں۔ اور ہر روز تنزل اور کمی میں ہیں اس لئے کہ انہوں نے آسمان کے پروردگار کو ناراض کیا اور جو خدمت اُن کے سپرد ہوئی تھی اس کا کوئی حق ادا نہیں کیا۔ کیا تم دعویٰ کرتے ہو کہ وہ اسلام کے خلیفے ﴿۴۰﴾ ہیں۔ ایسا نہیں بلکہ وہ زمین کی طرف جھک گئے ہیں اور پورے تقویٰ سے انہیں کہاں حصہ ملا ہے۔ اس لئے ہر ایک سے

من نهض للمخالفة. ويولّون الدّبر مع كثرة الجند والدولة والشوكة. وما هذا إلا أثر السُخط الذى نزل عليهم من السماء. بما آثروا شهوات النفس على حضرة الكبرياء. وبما قدّموا على اللّٰه مصالح الدنيا الدنيّة. وكانوا عظيم النهمة فى لذّاتها وملاهيها الفانية. ومع ذالك كانوا أُسارى فى ذميمة النخوة والعجب والرياء. الكسالى فى الدين والفاتكين فى سبل الأهواء فكيف يُعطَى لسقط جُلّى ومكرمة؟ وكيف يوهب لفُضلةٍ فضيلة ومرتبة. فإنهم بسأوا بالشهوات. ونسوا رعاياهم ودينهم وما أدّوا حقّ التكفّل والمراعات. يحسبون بيت المال كطارف أو تالد ورثوه من الآباء. ولا يُنفقون الأموال على مصارفها كما هو شرط الاتّقاء. ويظنّون كأنهم لا يُسألون. وإلى

﴿۴۱﴾

جو ان کی مخالفت کے لئے اٹھ کھڑا ہو شکست کھاتے ہیں اور باوجود کثرت لشکروں اور دولت اور شوکت کے بھاگ نکلتے ہیں۔ اور یہ سب اثر ہے اس لعنت کا جو آسمان سے اُن پر برستی ہے اس لئے کہ انہوں نے نفس کی خواہشوں کو خدا پر مقدم کرلیا۔ اور ناچیز دنیا کی مصلحتوں کو اللہ پر اختیار کرلیا۔ اور دنیا کی فانی لہو ولعب اور لذتوں میں سخت حریص ہوگئے اور ساتھ اس کے خود بینی اور گھمنڈ اور خودنمائی کے ناپاک عیب میں اسیر ہیں۔ دین میں سُست اور ہار کھائے ہوئے اور گندی خواہشوں میں چست چالاک ہیں۔ سو ایک پست ہمت کو بزرگی کیونکر دی جائے اور ایک فُضلہ کو فضیلت اور مرتبہ کیونکر مرحمت ہو۔ اس لئے کہ انہوں نے خواہشوں سے اُنس پکڑ لیا اور اپنی رعیت اور دین کو فراموش کردیا۔ اور پوری خبرگیری نہیں کرتے۔ بیت المال کو باپ دادوں سے وراثت میں آیا ہوا مال سمجھتے ہیں۔ اور رعایا پر اُسے خرچ نہیں کرتے جیسے کہ پرہیزگاری کی شرط ہے۔ اور گمان کرتے ہیں کہ ان سے پُرسش نہ ہوگی

اللّٰه لا یرجعون. فیذهب وقت دولتهم کأضغاث الأحلام. والفیء المنتسخ من الظلام. ولو اطّلعتَ علی أفعالهم لاقشعرّت منك الجلدة. و استولت علیك الحیرة. ففکروا. أهؤلاء یشیّدون الدین ویقومون له کالناصرین؟ أهؤلاء یهدون الضالّین. ویعالجون العمین؟ کلابل لهم أغراض دون ذالك فهم یعملون بها مصبحین وممسین. ما لهم و لأحکام الشریعة. بل یریدون أن یخرجوا من ربقتها ویعیشوا بالحریّة. وأین لهم کالخلفاء الصادقین قوة العزیمة و کالأتقیاء الصالحین قلب متقلّب مع الحق والمعدلة؟ بل الیوم سُرُرُ الخلافة خالیة من هذه الصفات. وأُلقیَ علیها أجساد لا أرواح فیها بل هی أردء من الآموات. وإن وجودهم أعظم المصائب علی

اور خدا کی طرف لوٹنا نہیں ہوگا سو ان کی دولت کا وقت خواب پریشان کی طرح گزر جاتا ہے۔ یا اُس سایہ کی طرح جسے تاریکی دور کر دیتی ہے۔ اگر تم ان کے فعلوں پر اطلاع پاؤ تو تمہارے بدن پر رونگٹے کھڑے ہو جائیں اور حیرت تم پر غالب آ جائے۔ سو غور کرو کیا یہ لوگ دین کو پختہ کرتے اور اس کے مددگار ہیں۔ کیا یہ لوگ گمراہوں کو راہ بتاتے اور اندھوں کا علاج کرتے ہیں۔ نہیں نہیں بلکہ ان کے اغراض اور مقاصد اور ہی ہیں جنہیں صبح اور شام پورے کرتے ہیں۔ انہیں شریعت کے احکام سے نسبت ہی کیا بلکہ وہ تو چاہتے ہیں کہ اس کی قید سے نکل کر پوری بے قیدی سے زندگی بسر کریں۔ اور خلفائے صادقین کی سی قوت عزیمت ان میں کہاں اور صالح پرہیزگاروں کا سا دل کہاں جس کا شیوہ حق اور عدالت ہو۔ بلکہ آج خلافت کے تخت ان صفات سے خالی ہیں۔ اور ان پر جسم بلا روح بٹھائے گئے ہیں۔ بلکہ وہ مُردوں سے بھی زیادہ ردّی ہیں۔ اور ان کا وجود اسلام کے حق میں بہت بڑی مصیبت ہے اور دین کے لئے اُن کے دن سخت ہی منحوس دن ہیں۔ کھاتے

﴿۴۲﴾

الإسلام. وإن أيامهم للدين أنحس الأيام. يأكلون ويتمتّعون. ولا ينظرون إلى المفاسد ولا يحزنون. ولا يرون الملّة كيف ركدت ريحها. وخبت مصابيحها. وكُذّب رسولها وغُلّط صحيحها. بل تجد أكثرهم مُصرّين على المنهيات. المُجترئين على سَوْق الشهوات إلى سُوق المحرمات. المسارعين بنقل الخطوات إلى خطط الخطيات. المتمايلين على الغيد والأغاريد وأنواع الجهلات. المصبحين فى خُضُلّة من العيش والممسين فى أنواع اللذّات. فكيف يُؤَيّدون من الحضرة مع هذه الأعمال الشنيعة والمعصية. بل من أول أسباب غضب اللّٰه على المسلمين وجود هذه السلاطين الغافلين المترفين. الذين أخلدوا إلى الأرض كالخراطين. وما

پیتے ہیں اور خرابیوں کی طرف نہیں دیکھتے اور نہ کڑھتے ہیں اور دھیان نہیں کرتے کہ ملت کی ہوا ٹھہر گئی ہے۔ اور اس کے چراغ بجھ گئے ہیں اور اس کے رسول کی تکذیب ہو رہی ہے اور اس کے صحیح کو غلط کہا جا رہا ہے بلکہ ان میں سے بہتیرے خدا کی منع کی ہوئی چیزوں پر اڑ بیٹھے ہوئے ہیں۔ اور سخت دلیری سے خواہشوں کو محرمات کے بازاروں میں لے جاتے ہیں۔ حرام کاریوں کی جگہوں میں جلد دوڑ کر جاتے ہیں۔ خوبصورت عورتوں اور راگ رنگ اور ہر قسم کی جہالتوں پر جھکے ہوئے ہیں۔ صبح اور شام ان کی خوش زندگی ہر طرح کی لذات میں بسر ہوتی ہے۔ سو ایسے لوگوں کو خدا سے کیونکر مدد ملے جبکہ ان کے ایسے پُر معصیت اور بُرے اعمال ہوں۔ بلکہ ان عیش پسند غافل بادشاہوں کا وجود مسلمانوں پر خدا تعالیٰ کا بڑا بھاری غضب ہے۔ جو ناپاک کیڑوں کی طرح زمین سے لگ گئے ہیں اور خدا

بذلوا لعباد اللّٰه جهد المستطيع. وصاروا كظّالع وما عدوا كالطِرُفِ الضليع. ولأجل ذالك ما بقى معهم نصرة السماء. ولا رعبٌ فى عيون الكفرة كما هو من خواص الملوك الأتقياء. بل هم يفرّون من الكفرة. كالحُمُر من القسورة. وكفى لألف منهم اثنان فى موطن الملحمة. فما سبب هذا الجبن وهذا الادبار. إلا عيشة التنعّم والا تراف كالفجّار. وكيف يُعضّدون بالنصرة والإعانة. مع هذه الغواية والخيانة؟ فإن اللّٰه لايُبدّل سُنّته المستمرة. ومن سُنّته أنه يؤيّد الكفرة ولا يؤيّد الفجرة. ولذالك ترى ملوك النصارٰى يؤيّدون ويُنصَرون. ويأخذون ثغورهم ويتملّكون. ومن كل حدَبٍ ينسلون. وما نصرهم اللّٰه لرحمته عليهم بل نصرهم

﴿۴۳﴾

کے بندوں کے لئے پوری طاقت خرچ نہیں کرتے اور لنگڑے اونٹ کی طرح ہو گئے ہیں اور چُست چالاک گھوڑے کی طرح نہیں دوڑتے۔ اسی سبب سے آسمان کی نصرت ان کا ساتھ نہیں دیتی اور نہ ہی کافروں کی آنکھ میں ان کا ڈر خوف رہا ہے جیسے کہ پرہیزگار بادشاہوں کی خاصیت ہے بلکہ یہ کافروں سے یوں بھاگتے ہیں جیسے شیر سے گدھے۔ اور لڑائی کے میدان میں ان کے دو ہزار کے لئے دو کافر کافی ہیں۔ سو اس بزدلی اور ادبار کا سبب بجز بدکاروں کی طرح عیش وعشرت کی زندگی بسر کرنے کے اور کچھ نہیں۔ اور ایسی خیانت اور گمراہی کے ہوتے انہیں کیونکر خدا سے مدد ملے۔ اس لئے کہ خدا اپنی دائمی سنت کو تبدیل نہیں کرتا اور اس کی سنت ہے کہ کافر کو تو مدد دیتا ہے پر فاجر کو ہرگز نہیں دیتا۔ یہی وہ ہے کہ نصرانی بادشاہوں کو مدد مل رہی ہے اور وہ ان کی حدوں اور مملکتوں پر قابض ہو رہے ہیں اور ہر ایک ریاست کو دباتے چلے جاتے ہیں۔ خدا تعالیٰ نے ان لوگوں کو اس لئے نصرت نہیں دی کہ وہ ان پر رحیم ہے بلکہ اس لئے کہ اس کا غضب مسلمانوں پر بھڑکا ہوا ہے

لغضبه على المسلمين لو كانوا يعلمون. وكيف أُظْهِرَ عليهم أعداء هم إن كانوا يتّقون؟ بل لمّا تركوا الدعاء ۓ التعبّد. ما عبأ بهم ربهم فهم بما كسبوا يُعَذّبون. وإن شرّ الدواب قوم فسقوا بعد إيمانهم ويعملون السيئات ولا يخافون. فبما نكثوا عهد اللّٰه ونقضوا حدود الفرقان. طوّحت بهم طوائح الزمان. وخرج من أيديهم كثير من البلدان. وأتاهم غفلتهم عن حقوقهم وضُربت عليهم خيام أهل الصلبان. نكالا من اللّٰه وأخذًا من الديّان. إنّهم بارزوا اللّٰه بالمعصية. فولّوا الدبر من الكفرة. وما أخزاهم عداهم ولكن اللّٰه أخزاهم. فإنهم عصوا أمام أعين اللّٰه فأراهم ما أراهم. وتركهم في آفات وما نجّاهم. و وزراؤهم قوم مغشوشون يأكلون أموالهم ولا يخلصون. لا

﴿۴۴﴾

کاش مسلمان جانتے۔اور اگر یہ متقی ہوتے تو کیونکر ممکن تھا کہ ان کے دشمن ان پر غالب کئے جاتے۔ بلکہ جب انہوں نے دعا اور عبادت کو چھوڑ دیا تب خدا نے بھی ان کی کچھ پروانہ کی۔سو یہ اب اپنی کرتوتوں کے سبب سزا پا رہے ہیں اور یقیناً خدا کے نزدیک سب جانداروں سے بدتر وہ لوگ ہیں جو ایمان کے بعد فاسق ہو جائیں اور بدکاریاں کریں اور نہ ڈریں۔خدا کا عہد توڑنے اور قرآن کی حدود کی بے عزتی کرنے کے سبب سے خطرناک حادثے ان پر نازل ہو رہے ہیں۔اور بہت سے شہران کے ہاتھوں سے نکل گئے ہیں۔غفلت نے ان کو حقوق سے دور کر دیا ہے اور پرستاران صلیب کے خیمے ان کے ملکوں میں آ لگے ہیں۔یہ سب خدا تعالیٰ کی طرف سے سزا اور گرفت ہے۔از بسکہ انہوں نے بدکاریاں کر کے خدا کا مقابلہ کیا۔اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ کفار سے شکست کھا گئے۔دشمنوں نے انہیں رسوا نہیں کیا بلکہ خدا نے کیا۔اس لئے کہ خدا کی آنکھوں کے سامنے انہوں نے بے فرمانیاں کیں سو اس نے انہیں دکھایا جو دکھایا اور انہیں آفات میں چھوڑ دیا اور نہ بچایا اور ان کے وزیر بددیانت اور خائن ہیں۔انکا مال کھاتے ہیں

يمنعونهم من التعامى و التصابى. ويُغمضون لهم كالفطن المتغابى. وينضحون عنهم كالمداهن المُحابى. وإنهم قسمان. قسم كالعقارب وقسم كالنسوان. أو نقوّل بتبديل البيان. قسم كغُمر جاهل ما أعطى لهم حظ من العرفان. وقسم كذى غمر متجاهل لا يريدون إلا هلاك ملوكهم كالشيطان. يرون سلاطينهم يقربون حرمات اللّٰه ومناهى الشرع ثم يندّدون بأنه من المباحات وليس مما يخالف طريق الورع. ويُزيّنون فى أعينهم أمرا هو أقبح السيئات. ويريدون أن يجعلوهم كالعجماوات بل الجمادات. ولا يخرج من أفواههم قول يقرب الصدق والصواب. ولا يبغون فى أنفسهم إلا الهلاك والتباب. لا يذاكرون ملوكهم

اور مخلص نہیں اور انہیں اندھا بن جانے اور غلطی کی طرف میل کر جانے سے نہیں روکتے اور تغافل شعار زیرک کی طرح چشم پوشی کرتے ہیں۔ اور مداہنہ کرنے والے بچ بچ کر چلنے والے کی طرح ان کی حمایت اور دفاع کرتے ہیں۔ اور ان لوگوں کی دو قسمیں ہیں کچھ تو بچھوؤں کی مانند ہیں اور کچھ عورتوں کی مانند یا دوسرے لفظوں میں ہم یوں کہتے ہیں کہ ایک حصہ تو وہ نادان جاہل ہیں جنہیں عرفان سے کچھ بھی بہرہ نہیں ملا۔ اور ایک حصہ وہ ہیں جو جان بوجھ کر جاہل بنے ہوئے ہیں اور شیطان کی طرح اپنے بادشاہوں کی ہلاکت چاہتے ہیں۔ دیکھتے ہیں کہ ان کے بادشاہ خدا اور شرع کی حرام کردہ چیزوں کے نزدیک جاتے ہیں۔ پھر بھی کہتے ہیں کہ یہ مباح چیزیں ہیں اور پرہیزگاری کے طریق کے مخالف نہیں۔ اور بدکرداریوں کو ان کی آنکھوں میں سجاتے ہیں اور ان کو چارپائے یا پتھر بنانا چاہتے ہیں اور کوئی حق اور سچ بات ان کے منہ سے نہیں نکلتی۔ اور اپنے دلوں میں بجز ہلاکت اور تباہی کے اور کچھ نہیں

﴿۴۵﴾

بما هو خير لهم في هذه ويوم المكافات. بل يتركونهم كالسباع المفترسة والحيوات. ويسعون في كل وقت من الأوقات. أن ينبأ سمعهم عن أوامر الله وسنن خير الكائنات. ولا يُخوّفونهم من عواقب الغفلة. ولا يؤثّمونهم عند ارتكاب المعصيّة. فهل هم بهذه ﴿۴۶﴾ السيرة لهذه الملوك إلا كحُفرة للرجلين المتخاذلين؟ أو كوقود لنار أو كغشاوة على العينين. لا يُطفئون أُوارهم. بل يحمدون عثارهم. ولذالك صارت ملوكهم غرضًا لحصائد الألسنة. وسُمّوا قومًا كُسالى في الجرائد المغربية. بل أجمع أهل الرأى من النصارى نظرًا على هذه الحالات. على أن أيامهم ايّام معدودة وسيزول أمرهم وإمرتهم في أسرع الأوقات. وإذا هلك سلطان الروم مثلا

ڈھونڈتے۔ بادشاہوں سے ان باتوں کا تذکرہ نہیں کرتے جو اس دنیا میں اور آخرت میں ان کے کام آئیں بلکہ ان کو شکاری درندوں اور سانپوں کی طرح رہنے دیتے ہیں۔ اور ہر گھڑی اس کوشش میں رہتے ہیں کہ ان کے کان خدا کے امر اور رسول خدا کی سنت کے سننے سے دور رہیں۔ اور غفلت کے بدانجام سے انہیں نہیں ڈراتے۔ اور بدکاری کرتے وقت انہیں بدکار نہیں ٹھہراتے۔ سو ایسی خصلت اور چال چلن کے لوگ ان بادشاہوں کے حق میں ایسے ہیں جیسے گڑھا لڑکھڑانے والے پاؤں کے حق میں۔ یا جیسے ایندھن آگ کے لئے یا پردہ آنکھوں پر۔ ان کی پیاس کو نہیں بجھاتے۔ بلکہ ان کی لغزشوں کی تعریف کرتے ہیں۔ اسی وجہ سے ان کے بادشاہ لوگوں کی زبانوں کے نشانہ بنے ہوئے ہیں۔ اور یورپ کے اخبار انہیں سست اور نالائق لکھتے ہیں۔ بلکہ ان حالات کو دیکھ کر عیسائی اہل الرائے متفق ہوکر کہتے ہیں کہ ان کے دن اب تھوڑے رہ گئے ہیں اور بہت جلد ان کا تانا بانا ادھڑنے والا ہے۔ اور جب مثلاً سلطان روم ہلاک ہوگیا تو ان رائے زنوں

فلا سلطان بعده عند هؤلاء الذين رموا أحجار الآراء. والله يعلم ما كتمه وما يفعله رأيٌ في الأرض ورأيٌ في السماء . فمن ذا الذي يُنبّه هؤلاء. ومن يوقظ النائمين ويُخبرهم من هذا البلاء.ولا شك أن أكثر هذه الملوك أسرفوا على أنفسهم وجاوزوا الحدّ في التنعم واللُّهنيّة. وجعلوا نفوسهم رهينة الفسق والكسل و المعصية. لا يزالون يبغون غانية من النساء . ويستقرون حيلة لوصالها ولو بالفحشاء . ويبذلون بدرة لو نزل البدر من السماء . تفانت قواهم من الفسق والفجور. وذهبت نَضرتهم و نُضارهم في فكر النسوة والقصور. و ترٰی كثيرًا منهم خلت صرّتهم. و سرت مسرّتهم. وبُدّل بالخطر خطرتهم. وضاعت لامرأة إمرتهم. وظهر قتر الفقر بعد ما

کے نزدیک اس کے بعد کوئی اور سلطان نہیں ۔ اللہ تعالیٰ جانتا ہے اسے جو مخفی رکھا ہے اور جو کچھ کرتا ہے ۔ ایک رائے زمین میں ہے اور ایک رائے آسمان میں ۔ سو اب کون اُن کو جگائے اور کون سونے والوں کو بیدار کرے اور اس بلا کی خبر دے ۔ اس میں شک نہیں کہ اکثر بادشاہ سخت بے اعتدالی کرتے ہیں اور عیش وعشرت میں حد سے نکل گئے ہیں اور فسق اور کسل اور معصیت میں مبتلا ہیں ۔ خوبصورت عورتوں کی تلاش میں رہتے اور ان کے وصال کے حیلے سوچتے رہتے ہیں خواہ ناجائز حیلے کیوں نہ ہوں اور بدرہ خرچ کرتے ہیں اگر بدر آسمان سے اتر آوے ۔ بدکاری سے ان کی قوتیں فنا ہوگئیں ہیں اور حور وقصور کی فکر میں زور و زر سب جاتا رہا ہے ۔ بہتوں کی تھیلیاں خالی ہوگئیں اور خوشی جاتی رہی اور عزت تباہ ہوگئی اور عورت کے پیچھے امیری خاک میں مل گئی ۔ اور دولت اور ثروت کے بعد اب نان شبینہ کے محتاج ہوگئے

﴿۴۷﴾

أودع سر الغنى أسرّتهم. وحسر بصرهم من الحزن ودامت حسرتهم. ومع ذالك لا يتركون الشهوات. والشهوات تتركهم بالشيب والأمراض والآفات. ولا يتّقون شططا وغلوًّا في استيفاء الحظوظ كالفجرة. حتى ينجر الأمر إلى تلاشي الصحّة واختلال البنية. وتزهق أنفسهم وهم يتمنّون أن تعود أيام الصحّة والقوّة. كأنهم وقفوا أبدانهم وقواهم على البغايا وآثروا حبّهن على عصمة النفس والعرض والملّة. إن هٰؤلاء قوم صاروا للشيطان كفيء. وليسوا من الخير في شيء. ترى طبائعهم كأرض ذات كسور غير المسحاء. متلوّنة في الصباح والمساء. وترى قلوبهم مظلمة من الكبر والخيلاء. كأنّها هزيع من الليلة الليلاء. يفرحون بمرابط مملوة

﴿۴۸﴾

ہیں اور مارے غم کے آنکھیں خراب ہوگئی ہیں اور حسرت بڑھ گئی ہے۔ اس پر بھی وہ خود خواہشوں کو نہیں چھوڑتے ہاں خواہشیں انہیں بیماریوں اور آفتوں کے وقت چھوڑ جاتی ہیں۔ اور جب بدکاروں کی طرح حظِّ نفس کو پورا کرنے پر آتے ہیں تو کوئی حد بست رہنے نہیں دیتے۔ آخرکار بدن کی طاقتوں اور صحت کا نظام درہم برہم ہوجاتا ہے۔ اور یوں صحت و قوت کے دوبارہ ملنے کی آرزو میں جان نکل جاتی ہے۔ گویا ان لوگوں نے اپنے بدن اور قوت کو بدکار عورتوں پر وقف کر رکھا ہے اور ان کی محبت کو جان اور آبرو اور مال اور ملت کے بچاؤ پر مقدم کر لیا ہے۔ یہ لوگ شیطان کے ظل ہیں۔ اور ان کے وجود میں کوئی خیر نہیں۔ ان کی طبیعتوں کو تو دیکھتا ہے جیسی زمین نشیب فراز والی ناہموار صبح اور شام نئے نئے رنگ نکالتی ہیں اور گھمنڈ اور خود بینی سے ان کے دل سیاہ ہوگئے ہیں۔ گویا وہ سخت کالی رات کے ٹکڑے ہیں۔ انہیں اس امر کی خوشی ہے کہ ان کے اصطبل اعلیٰ

من طرف وبغال وبقر وجمال. أو نساء ذات بهاء وحسن وجمال. ولا يتعهّدون فرائضهم ولا يخافون يوم ارتحال. وساعة أخذٍ وسؤال. وينفدون يومهم فى الزينة والمشط والاكتحال. وما بقى فيهم سيرة من سير الرجال. وإذا رأيتهم بذأتهم وحسبتَهم نساء الأسواق. أو عبيدًا زُيّنوا للبيع بعد الاسترقاق. لا يُداومون على الصلاة. وصارت أهواء هم فى سبلهم كالصلات. وإن صلّوا فيُصلّون فى البيوت كالنساء. ولا يحضرون المساجد كالأتقياء. وكيف وإنهم لا يُفارقون كأس الصهباء. ولّا يتركون أدناس الندماء. ولا يطيقون أن يسمعوا من الوعظ كلمة. فيأخذهم عزة كبرٍ أو نخوة. ويتوغّرون غضبا وغيرة. ويكون أكرم الناس عندهم من زيّن لهم حالهم. وحمدهم

درجہ کے گھوڑوں اور خچروں اور گایوں اور اونٹوں سے بھرپور ہوں یا خوبصورت عورتیں ان کے پاس ہوں۔ اپنے فرائض کا کچھ بھی دھیان نہیں رکھتے اور کوچ کے دن کا اور بازپرس اور گرفت کی گھڑی کا کوئی ڈر نہیں۔ کنگھی پٹی اور سرمہ لگانے میں سارا دن خرچ کردیتے ہیں اور مردوں کی خُوبُو اُن میں رہی ہی نہیں۔ اگر تم انہیں دیکھو تو کراہت کرو اور بازاری عورتیں سمجھو یا وہ غلام جو غلام کرنے کے بعد فروخت کے لئے سجائے جاتے ہیں۔ نماز کی پابندی نہیں کرتے۔ اور خواہشیں ان کی راہ میں چٹان اور روک بن گئی ہیں۔ اور اگر نماز پڑھیں بھی تو عورتوں کی طرح گھر میں پڑھتے ہیں اور متقیوں کی طرح مسجدوں میں حاضر نہیں ہوتے۔ اور ہوں کیونکر جامِ مَے سے تو الگ نہیں ہوتے۔ اور ندیموں کی ناپاکیوں کو نہیں چھوڑتے۔ اور وعظ کی کوئی بات سن نہیں سکتے۔ جھٹ کبر اور نخوت کی عزت انہیں جوش دلاتی ہے اور غضب اور غیرت میں نیلے پیلے ہوجاتے ہیں۔ اور اُن کے نزدیک بڑا مکرم وہ ہوتا ہے جو ان کا حال انہیں خوبصورت کرکے دکھائے اور ان کی اور

﴿۴۹﴾

وأعمالهم. وكذالك فسدت أخلاقهم من مداومة المُدام. واستأصلتهم شجرة الكرم مع كونهم من أبناء الكرام. ما بقى همهم من غير أن يكون لهم قصر منيف. وغذاء لطيف. وشراب حرّيف. وما سُمع منهم تطريف. ولذالك لحقهم وبالٌ وخسران. وجُزّوا كما يُجَزّ ضان. وقُضّبوا كما تُقضّب اغصان. وأخِذُوا كما يوخذ دابّة. وقطعوا كما يقطع قضابة. وسقطوا من ذرَى دولة وإمارة. كما يسقط ثوب من كارة بغرارة. ولما رأى اللّٰه فسقهم وفجورهم. وظلمهم وزورهم. وبطرهم وكفورهم. سلّط عليهم قوما يتسوّرون جدرانهم وكلّ ما علا يتسلّقون. ومما ملكه آباءهم يتملّكون. ومن كل حدَبٍ ينسلون. وكان ذالك أمرًا مفعولا وأنتم تقرءونه فى

﴿۵۰﴾

ان کے اعمال کی تعریف کرے۔غرض اس طرح شراب خواری سے ان کے اخلاق بگڑ گئے ہیں اور انگور کے درخت نے ان کی بیخ کنی کردی ہے حالانکہ یہ لوگ بزرگوں کی اولاد تھے ان کی غرض و مقصد اب یہی رہ گیا ہے کہ بڑی بلند حویلیاں ہوں۔لطیف غذا ہو اور زبان کو مارے تیزی کے کاٹنے والی شراب ہو۔کبھی نہیں سنا گیا کہ انہوں نے دشمن پر چڑھائی کی ہو۔اسی وجہ سے ان پر وبال پڑا اور بھیڑ بکری کی طرح ان کی پشمیں کاٹی گئیں اور شاخوں کی طرح تراشے گئے اور چارپایوں کی طرح پکڑے گئے اور لکڑی کی طرح کاٹے گئے اور امارت اور دولت کی بلندی سے گر گئے جس طرح ناگہاں گٹھ سے کوئی کپڑا گر جاتا ہے۔اور جب خدا نے ان کا فسق و فجور اور ظلم اور جھوٹ اور اِترانا اور ناشکرگذاری دیکھی۔ان پر ایسے لوگوں کو مسلط کیا جو اُن کی دیواروں کو پھاندتے اور ہر بلند جگہ پر چڑھ جاتے ہیں اور ان کے باپ دادوں کی ملکیت پر قبضہ کرتے ہیں اور ہر ریاست کو دباتے چلے جاتے ہیں۔اور یہ سب کچھ ہونے والا تھا اور

القرآن ولكن لا تُفكّرون. وقفّى علـى آثارهم بقسوس فهم يُضلّون الناس ويخدعون. ويرغّبونهم فى دينهم الباطل بمال ونساء وبكل ما يُزيّنون. فيبيع السفهاء دين اللّٰه برغفان ونسوان وأمانى أخرى كما أنتم تنظرون. والاثم كله على الملوك بما لم يصلحوا أمر رعاياهم وما رأوا مفاسدهم بوبلة و كانوا لا يبالون. فقلبت أمور دنياهم بما قلبوا تقوى القلوب. و كانوا على المعاصى يجترءون. وإن اللّٰه لا يغيّر ما بقوم حتى يُغيِّروا ما بأنفسهم ولا هم يُرحمون. بل اللّٰه يلعن بيوتا يفسق الناس فيها وبلادا فيها يجترمون. وتنزل الملائكة على دار الفسق والظلم ويقولون ما عمّرك اللّٰه يا دار. وخرّبك يا جدار. وينزل أمرّ اللّٰه فيهلكون. ويحدث اللّٰه سببا

تم قرآن میں یہ باتیں پڑھتے ہو اور سوچتے نہیں۔ اور ان کے پیچھے پیچھے پادریوں کو بھیجا جو لوگوں کو دھوکے دیتے اور گمراہ کرتے اور اپنے جھوٹے دین کی ترغیب دیتے ہیں۔ مال اور عورتوں کا لالچ دے کر۔ سو نادان لوگ خدا کے دین کو روٹیوں اور عورتوں اور دوسری خواہشوں کے عوض بیچ ڈالتے ہیں اور یہ سارا گناہ بادشاہوں کی گردن پر ہے۔ جنہوں نے رعایا کے حال کی اصلاح نہ کی اور ان کی برائیوں کو گناہ اور برا نہ سمجھا اور کچھ بھی پرواہ نہ کی۔ سو جبکہ انہوں نے دِلوں کا تقویٰ بدل دیا خدا نے ان کے امور دنیا کو بدل دیا۔ اور اس لئے بھی کہ وہ گناہوں پر دلیر تھے۔ اور خدا تعالیٰ کسی قوم کی حالت کو نہیں بدلتا جب تک وہ اپنی اندرونی حالت کو آپ نہ بدل لیں اور نہ ہی ان پر رحم کیا جاتا ہے۔ بلکہ خدا اُن گھروں پر لعنت کرتا ہے اور ان شہروں پر جن میں لوگ بدکاری اور جرم کریں۔ اور بدکاری کے گھروں پر فرشتے اُتر کر کہتے ہیں اے گھر خدا تجھے ویران کرے اور اے دیوار خدا تجھے ڈھا دے۔ اور خدا کا امر اترتا ہے سو وہ ہلاک ہو جاتے ہیں اور خدا ان دیواروں اور شہروں

﴿۵۱﴾

لهدم تلك الحيطان وتخريب تلك البلدان. فيأتي قوم فيهدّونها من أساسها وكذالك يفعلون. فلا تسبّوا ملوك النصارى ولا تذكروا ما مسّكم من أيديهم ولا تلوموا إلا أنفسكم أيها المعتدون. أتسمعون ما أقول لكم؟ كلا. بل تعبسون وتشتمون. وانّى لكم آذان تسمع وقلوب تفهم وأين لكم الفراغ أن تنقلوا من الأكل إلى العقل. وإلى الديّان من الدنان. وأين فيكم فتيان يتذكّرون؟ أتسبّون أعداء كم وما نالكم إلا جزاء ما كنتم تكسبون. واعلموا أنكم إن كنتم صالحين لأصلح الملوك لكم. وكذالك جرت سُنّة الله لقوم يتّقون. وانتهوا من اطراء ملوك الاسلام واستغفروا لهم إن كنتم تنصحون. ولا تتقدّموا إليهم بموائد فيها سمٌّ فيأكلون

کی بربادی کے لئے سبب پیدا کرتا ہے۔سو ایک قوم آتی ہے اوران کو تباہ اور ویران کر دیتی ہے۔سو بادشاہان نصاریٰ کو مت کوسواور جو کچھ تمہیں ان کے ہاتھوں سے پہنچا ہے اسے مت یاد کرو اوبدکارو! خود اپنے آپ کو ملامت کرو۔کیا تم میری باتیں سنتے ہو۔نہیں نہیں تم تو منہ بناتے اور گالیاں دیتے ہو۔اور تمہیں سننے والے کان اور سمجھنے والے دل تو ملے ہی نہیں اور تمہیں اتنی فرصت ہی کہاں کہ کھانے پینے سے عقل کی طرف آؤاور خُم مَے سے الگ ہو کر خدا کی طرف دھیان کرواور تم میں سوچنے والے جوان ہی کہاں ہیں۔کیا تم دشمنوں کو کوستے ہو اور تمہیں جو کچھ پہنچا ہے اپنی بدکرداریوں کی وجہ سے پہنچا ہے۔سنو تم اگر نیکوکار ہوتے تو بادشاہ بھی تمہارے لئے صالح بنائے جاتے۔اس لئے کہ متقیوں کے لئے خدا تعالیٰ کی ایسی ہی سنت ہے۔اور مسلمان بادشاہوں کی مدح سرائی سے باز آؤاور اگر ان کے خیر خواہ ہو تو ان کے لئے استغفار پڑھواوران کے آگے ایسے کھانے نہ لے جاؤ جن میں زہر ہے جنہیں کھا کر وہ ہلاک ہو

ویموتون. وأنتم تعیشون معهم فی رخاء وتغترفون من فُضَالتهم فان مسّهم ضرٌّ فکیف تعصمون. وإنهم ملکوا رقابکم وأعراضکم وأموالکم فانصحوا للذین یملکون. وقد جعلهم اللّٰه لکم کمعدّات. وجعلکم لهم کآلاتٍ فتعاونوا علی البر والتقوی ان کنتم تخلصون. ونبّهوهم علی سیئاتهم واعثروهم علی هفواتهم إن کنتم لا تنافقون. واللّٰه إنهم قوم لا یؤدّون حقوق عباد أُمِّروا علیهم ولا یُحافظون الفرائض ولا یتعهّدون. وتعرفونه بوجه أکسف من بالهم وزیّ أوحش من حالهم کأنّ بواطنهم مسخت وکأنهم أُنشِئوا فی ما لا یعلمون. وتاللّٰه إنّا نری أن قلوبهم قاسیة بل أشد قسوة من أحجار الجبال. وإن طبائعهم متوقدة و لا کالنمور و أفاعی الدحال. وإنهم قوم لا

﴿۵۲﴾

جائیں۔تم ان کے وجود کے طفیل بڑے مزے میں گزران کرتے اوران کے بچے کھچے کھاتے ہو۔سواگر انہیں ضرر پہنچا تو تمہارا ٹھکانہ کہاں۔اوروہ تمہاری گردنوں اورعزتوں اور مالوں کے مالک ہیں سواپنے مالکوں کی سچی خیر خواہی کرو۔خدانے انہیں تمہارے حق میں سازوسامان اور تمہیں ان کے آلات بنایاہے۔سواگرمخلص ہوتو تقویٰ اورنیکی پرایک دوسرے کے مددگاربن جاؤ۔اورانہیں ان کی بدکرداریوں پرآگاہ کرواورلغویات پرانہیں اطلاع دو اگرتم منافق نہیں۔واللہ وہ اپنی رعیت کےحقوق ادانہیں کرتے۔اورفرائض کی پوری خبرگیری بجانہیں لاتے۔تم پہچان لوگے اس بات کواُن کا منہ دیکھ کرجواُن کے دل سے بھی زیادہ بھونڈااورلباس سے جوان کے حال سے زیادہ وحشت انگیزہے گویاان کے باطن مسخ ہوگئے ہیں اورگویاانہوں نے کسی اوپرے عالم میں پرورش پائی ہے۔قسم بخداان کے دل پہاڑوں کے پتھروں سے بھی زیادہ سخت ہیں۔اوران کی طبیعتیں سانپوں اور چیتوں سے بھی زیادہ افروختہ ہیں اوروہ کبھی خدا کے حضورگڑگڑاتے نہیں۔ان فعلوں اورعملوں

یتضرّعون. فثبت من هذه الأفعال والأعمال. أنهم أسخطوا ربهم واختاروا طرق الضلال. وأكلوا سمّا زعافا ثم أشركوا ﴿۵۳﴾ فيه رعاياهم فلهم سهمان من الوبال. يرِدُون جهنم ويوردون. وكل ما نزل على الإسلام فهو نزل من سوء أعمالهم وفساد الأفعال. فهل فيكم رجل يفهم نتائج هذه الخصال أيها المتكلّمون. فإنهم قوم ضيّعوا دينهم للأهواء والأعمال. وصاروا كأحول في جميع الأحوال. بل أراهم عميا لا يبصرون. ولا أقول لكم أن تخرجوا من ربقتهم وتقصدوا سبيل البغاوة والقتال. بل اطلبوا صلاحهم من اللّٰه ذى الجلال لعلهم ينتهون. ولا تتوقّعوا منهم أن يُصلحوا ما أفسدت أيدى الدجّال. أو يقيموا الملّة بعد تهافتها وبعد ما ظهر من

سے ثابت ہوگیا کہ انہوں نے خدا کو ناراض کر کے گمراہی کے طریق اختیار کئے ہیں اور خود قاتل زہر کھا کر رعیت کو بھی اس میں شامل کر لیا ہے سو ان کے لئے وبال سے دو حصے ہیں۔ وہ جہنم میں خود بھی پڑیں گے اور دوسروں کو اپنے ساتھ ڈالیں گے۔ اسلام پر جو کچھ نازل ہوا ان کی بدعملیوں سے ہوا۔ سو اے متکلمو! تم میں کوئی ایسا ہے جو انہیں ان عادات کے نتیجوں پر آگاہ کرے۔ اس لئے کہ ان لوگوں نے ناپاک خواہشوں کے پیچھے اپنا دین کھو دیا ہے اور تمام احوال میں احول بن گئے ہیں بلکہ میرے نزدیک تو وہ بالکل اندھے ہیں میں تمہیں یہ نہیں کہتا کہ تم ان کی اطاعت کو چھوڑ کر ان سے جنگ و جدال کرو۔ بلکہ خدا سے ان کی بہتری مانگو تو کہ وہ باز آجائیں۔ اور یہ تو ان سے امید نہ رکھو کہ وہ اصلاح کرسکیں گے ان باتوں کی جنہیں دجال کے ہاتھوں نے بگاڑ دیا ہے یا وہ اس قدر تباہی اور پریشانی کے

الاختلال. ولكل موطن رجال كما تعلمون. وهل يُرجى إحياء الناس من الميّت أو الهداية من الضال. أو المطر من الجهام أو الولوج في سم الخياط من الجمال. فكيف منهم تتوقعون. وتالله إنّا لا نتوقّع صلاحهم حتى يوقظهم الاحتضار. ولكن نُدِب إلينا الاذكار. وإنّا لا نحسبهم إلا كطير محلّق لا يُصاد. أو كعمر لا يُستعاد. أو كخفافيش خربت منها البلاد. أو كبلدة ما أصابها العهاد. أو كظل غير ظليل لا تأوى إليه العباد. أو كسم قُطّعت منه الأكباد. عظمت صدمة عثرتهم. وما أرى من يُقلهم من صرعتهم. تراءوا كحطب لا كأشجار ذات الثمار. والحطب لا يليق إلا للنار. فقدوا قوّة الفراسة. وأصول السياسة. وأرادوا أن يتعلّموا مكائد جيرانهم من النصارى. فما

بعد ملت کی حالت کو درست کر لیں گے۔اور تم جانتے ہو کہ ہر میدان کے لئے خاص خاص مرد ہوا کرتے ہیں اور کیا ممکن ہے کہ مُردہ دوسروں کو زندہ کر سکے یا گمراہ دوسروں کو ہدایت دے یا خشک بادل سے بارش اور اونٹ کا سوئی کے ناکے میں داخل ہونا ممکن ہے تو پھر ان سے کیا اُمید رکھ سکتے ہو۔ہمیں تو امید نہیں کہ وہ سنور جائیں جب تک انہیں موت ہی آکر بیدار نہ کرے۔ہاں وعظ و پند کرنے کا ہمیں حکم ہے اور ہم تو انہیں ان پرندوں کی طرح سمجھتے ہیں جو ہوا میں اڑتے اور پکڑے نہیں جاتے یا عمر کی طرح جو واپس نہیں آتی یا ان چمگادڑوں کی طرح جن سے شہر ویران ہو گئے یا اس شہر کی طرح جس پر مینہ نہ برسا ہو۔یا اس بے برکت سایہ کی طرح جس کے نیچے لوگ آرام نہیں پاتے یا اس زہر کی طرح جس سے جگر پارہ پارہ ہو جاتے ہیں۔ان کی ٹھوکر کا صدمہ بڑا بھاری ہے اور کوئی ایسا نظر نہیں آتا جو اِن گرتوں کو سنبھالے۔وہ خشک لکڑیاں ہیں پھلدار درخت نہیں۔اور ایندھن تو آگ کیلئے موزوں ہوتا ہے ان میں فراست کی قوت اور اصول مُلک داری کا علم نہیں۔انہوں نے چاہا کہ اپنے عیسائی پڑوسیوں کی مکاریوں کو سیکھیں لیکن

﴿۵۴﴾

بلغوهم فی دقائق الدساسة وحیل الحراسة. فمثلهم کمثل دِیلِثٍ أراد أن یُضاهی النسر فی الطیران. فزایل مرکزه وما بلغ مقام النسر فخر لاغبا فلقفه صقر فی المیدان. هذا مثل ملوك الإسلام بمقابلة أهل الصلّبان. ﴿۵۵﴾ أعرضوا عمّا عُلّموا من وصایا الاتّقاء. وما کُمّلوا فی المکائد کالأعداء. فبقوا لا من هؤلاء ولا من هؤلاء. وقد کتب اللّٰه لملوك دینه أن لا ینصرهم أبدًا إلا بعد تقواهم. وأراد للنصارٰی أن یجعلهم فائزین بمکرهم إذ أسخط المؤمنون مولاهم. ومن سوء القدر أنّا لا نری فی هذه الأیام ملوك الإسلام قائمین علی حدود اللّٰه العلّام. لا فی أنفسهم ولا فی الأحکام. بل ما بقی فیهم إلا نهمة عشرین لونا من القلایا. وسبعین حسناء من المحصنات أو البغایا. ولا

باریک فریبوں اور بچاؤ کی تدبیروں میں ان تک پہنچ نہ سکے۔ سو وہ اس مرغ کی مانند ہیں جس نے پرواز میں کرگس بننا چاہا۔ پس اپنی جگہ سے تو اکھڑ گیا اور کرگس کے مقام کو پہنچ نہ سکا آخر تھک کرگرا۔ پھر ایک چرغ نے میدان میں اسے آدبایا۔ یہ ہے مثال مسلمان بادشاہوں کی۔ عیسائیوں کے مقابل جو کچھ انہیں تقوی اللہ کے متعلق تعلیم ملی تھی اس سے تو منہ پھیر لیا۔ اور اپنے مخالفوں کی طرح وہ چالاکیاں اور داؤ بھی پورے نہ سیکھے اور مسلمان بادشاہوں کی نسبت خدا تعالیٰ وعدہ کر چکا ہے کہ جب تک متقی نہ بنیں گے ان کی کبھی مدد نہ کرے گا اور اس نے ایسا ہی چاہا ہے کہ نصاریٰ کو ان کے مکر میں کامیاب کردے جبکہ مومنوں نے اسے ناراض کیا ہے اور بدبختی سے ہم اس وقت مسلمان بادشاہوں کو خدا کی حدود پر قائم نہیں دیکھتے بلکہ عیش وعشرت کی حرص کے سوا ان کے پیش نظر اور کچھ بھی نہیں۔ اور رعایا کے معاملات و مقدمات کے فیصلہ کی طرف کوئی توجہ نہیں۔ کیا تم ان کے تخت کو

یعلمون ما فصل القضایا. أتحسبون سریرهم حمی الأمن؟ وما بقی هو إلا کالدمن. أتظنون أنهم یحفظون ثغور الإسلام من الکفرة؟ کلا بل هم یدعونهم بأیدی الغفلة. لیتملّکوا ما بقی من أطلال الملّة. أتزعمون أنهم کهف الإسلام. یا سبحان اللّٰه ما أکبر هذا الغلط. إنّما هم یجیحون ببدعاتهم دین خیر الأنام. وّلکم أن تُحسنوا الظن فیهم وتنزّهوهم عن السیئات. ولکن بأی العلامات؟ أ تخالون أنهم یحفظون حرم اللّٰه و حرم رسوله کالخدّام؟ کلا. بل الحرم یحفظهم لادّعاء الإسلام وادّعاء محبة خیر الأنام. وقد حقّت العقوبة لو لم یتوبوا إلی اللّٰه المقتدر العلام. فمن فیکم یُذکّرهم بأیّام اللّٰه ویُخوّفهم من سوء الأیام؟ ألا ترون أن الإسلام قد تکسّر من دهر هاضٍ. وجور

امن کی محفوظ جگہ خیال کرتے ہو۔ حالانکہ وہ تو ایک ناپاک اور بیسود جگہ ہے۔ کیا تم خیال کرتے ہو کہ وہ اسلام کی حدوں کو کفار سے بچا سکیں گے۔ نہیں نہیں بلکہ وہ تو خود انہیں غفلت کے ہاتھوں سے بلاتے ہیں کہ ملت کے رہے سہے آثار پر بھی قابض ہو جائیں۔ کیا تم گمان کرتے ہو کہ وہ اسلام کی پناہ ہیں۔ سبحان اللہ بڑی بھاری غلطی ہے بلکہ وہ تو بدعتوں سے دین خیر الانام کی بیخ کنی کرتے ہیں۔ تمہارا اختیار ہے کہ تم ان کی نسبت نیک گمان کرو اور بدکرداریوں سے اُن کی بریت ثابت کرو۔ لیکن کن علامتوں سے تم ایسا دعویٰ کرو گے۔ کیا تمہارا خیال ہے کہ وہ حرمین شریفین کے خادم اور محافظ ہیں۔ ایسا نہیں بلکہ حرم انہیں بچا رہا ہے اس لئے کہ وہ اسلام اور رسول خدا کی محبت کے مدعی ہیں۔ اور اگر وہ سچی توبہ نہ کریں تو سزا سر پر کھڑی ہے۔ سو تم میں کوئی ہے جو انہیں بُرے دنوں سے ڈرائے۔ تم دیکھتے نہیں کہ اسلام بیدادگر زمانہ کے ہاتھوں سے چُور ہو گیا

﴿۵۶﴾

فاضٍ. وإن الفتن مطرت علیه ولا كمطر الوابل. وقام لصیده أفواج العدا كالحابل. وما بقی شیء تسر القلوب. وتدرأ الكروب. وظهر المسلمون كعُطاشی فی فلوات. وكمثل مرضٰی عند سكرات. وما بقی فیهم إلا رمق حیاة. أو قطرة من فرات. أو قشرة من ثمرات. وإنهم قد ابتلوا بأنواع أمراض. وأقسام أعراض. وفسد ما ظهر وما بطن. ووهن من جهل ومن فطن. وتعامی من تغرّب ومن قطن. وغابت الأیام الغُرّ. ونابت الأحداث الغبر. وغُیّر الدین وقرب إلی تلف. وصار بحره كجلف. وآثر الناس علی الصدق الأراجیف. وعلی القصر المنیف من الحق الكنیف. ولما ضلوا ما بقی معهم دنیاهم وآنسوا التكالیف. وودّعوا مع تودیع الصرف والعدل الذهب

﴿۵۷﴾

ہے اور موسلا دھار مینہ کی طرح فتنے اس پر برس رہے ہیں۔ اور دشمنوں کی فوجیں شکاری کی طرح اس کے پھانسنے کو آمادہ ہیں۔ اور اب ایسی کوئی بات نہیں جو دِلوں کو خوش کرے اور دُکھوں کو دور کرے۔ اور مسلمان جنگل کے پیاسے یا اُس مریض کی طرح ہیں جو سانس توڑ رہا ہو۔ ذری سی جان اُن میں رہ گئی ہے۔ اور طرح طرح کی بیماریوں میں گرفتار ہیں۔ اور ظاہر اور باطن بگڑ گیا۔ اور نادان اور دانا بودے ہو گئے۔ اور مسافر اور مقیم اندھے بن گئے اور اچھے دن دُور ہو گئے اور بُرے دن آ گئے اور دین تبدیل ہو کر تلف ہونے پر آ گیا اور اس کا دریا خالی مٹکے کی طرح ہو گیا اور لوگوں نے صدق پر جھوٹی نکمی باتوں کو اور حق کی عالی شان عمارت پر ٹٹّی کو اختیار کر لیا۔ اور گمراہ ہونے کے بعد دنیا بھی جاتی رہی اور مصیبتیں دیکھیں اور عدل اور انصاف کو چھوڑ کر سونے

والصريف. وهذا أمر لا يخفى على ابن الأيام. والمطّلع على نار تضرّمت في الخواص والعوام. فاليوم ليالي المسلمين محاق. وعليها من النظارة أطواق. ومن الزحام أطباق. فقوم يمرّون على المسلمين ضاحكين. وآخرون ينظرون إليهم باكين. وترون أن القلوب قست. والذنوب كثرت. والصدور ضاقت. والعقول تكدّرت. وعمّت الغفلة والكسل والعصيّان. وغلبت الجهالة والضلالة و الطغيان. وما بقي التقوى وخطفه الشيطان. ولم يبق في القلوب نور يقوى منه الإيمان. ونجس الأبصار والألسن والآذان. وفسدت الاعتقادات. وسُلبت الدرايات. وظهرت الجهلات. و العمايات. و دخل الرياء في العبادة. والخيلاء في الزهادة. وظهرت الشقاوة وانتفت آثار السعادة.

چاندی کو بھی کھو بیٹھے اور یہ باتیں پوشیدہ نہیں ایسے شخص پر جو زمانہ سے واقف اور اُس آگ کو جانتا ہے جو خاص اور عام کو جلا رہی ہے۔ سو آج مسلمانوں کی راتیں چاند کے ڈوبنے کی راتیں ہیں اور مختلف مذاق کے لوگ نظارہ کر رہے ہیں۔ بعض لوگ تو مسلمانوں پر ہنسی اُڑاتے گزر جاتے ہیں اور بعضے روتے ہوئے ان کی طرف دیکھتے ہیں۔ اور تم دیکھتے ہو کہ دل سخت ہو گئے ہیں اور گناہ بڑھ گئے ہیں۔ اور سینے تنگ ہو گئے اور عقلیں تیرہ و تار ہوگئیں اور غفلت اور سُستی اور عصیان کی ترقی اور جہالت اور گمراہی اور فساد کا غلبہ ہوگیا ہے اور تقویٰ کا نام ونشان نہیں رہا۔ اور دِلوں میں وہ نور جس سے ایمان کو قوت ہو نہیں رہا اور آنکھیں اور زبانیں اور کان پلید ہو گئے ہیں اور اعتقاد بگڑ گئے اور سمجھیں چھینی گئیں اور نادانیاں ظاہر ہوگئی ہیں اور عبادت میں نمود اور زہد میں خود بینی داخل ہوگئی ہے۔ بدبختی نمودار ہوگئی اور سعادت کے نشان مٹ گئے ہیں اور

﴿۵۸﴾

ولم یبق التحابب و الا تّفاق. وظهر التباغض والشقاق. وما بقی ذنب ولا جهالة إلا وهو موجود فی المسلمین. ولا ضیم ولا ضلالة الا وهو یوجد فی نسائهم والرجال والبنین. سیّما أمراء هم ترکوا الصراط أو قعدوا أو مشوا کالذی عرَجَ. وتری بعضهم أظلم ممّن دبّ ودَرَجَ. وعُرِضَ علیهم أمر اللّٰه فسکتوا کأخرس. وصاروا أوّل من کفر بالحق وتدلّس. ولذالك أُخِذَ الناسُ بالطاعون والعجماوات بالموتان. وظهرت الآیات فما قبلوها فنزل سخط الرحمان. ولما رأوا العذاب قالوا إنّا تطیّرنا بك وبکذبك جاء الطاعون. قیل طائرکم معکم أئن ذُکّرتم بل أنتم قوم مسرفون. وما أرسل اللّٰه من رسول إلا وأرسل معه عذاب من السماء والأرض لعلهم یرجعون. وکذالك کان النغف فی زمن

﴿۵۹﴾

محبت اور اتفاق جاتا رہا اور بغض اور پھوٹ پیدا ہوگئی ہے اور کوئی گناہ اور جہالت نہیں جو مسلمانوں میں نہیں اور کوئی ظلم اور گمراہی نہیں جو ان کی عورتوں اور مردوں اور بچوں میں نہیں۔ خصوصاً ان کے امیروں نے راہ حق کو چھوڑ دیا ہے یا بیٹھ گئے ہیں یا ایک لنگڑے کی طرح چلتے ہیں اور بعضے تو سب مُردوں اور زندوں سے زیادہ ستم گر ہیں اور خدا کا امر اُن کے آگے پیش کیا گیا اور وہ گونگوں کی طرح چپ ہوگئے اور سب سے پہلے حق کے منکر ہوئے۔ اسی سبب سے خدا نے انسانوں پر طاعون بھیجی اور جانوروں اور چارپایوں پر خشک سالی۔ اور نشان ظاہر ہوئے پر انہوں نے قبول نہ کیا۔ سو خدا کا غضب اُترا۔ اور جب انہوں نے عذاب دیکھا کہنے لگے کہ تیرے وجود کو ہم نحس سمجھتے ہیں اور یہ طاعون تیرے جھوٹ کی وجہ سے پھیلی ہے۔ کہا گیا تمہاری نحوست تمہارے ساتھ ہے۔ کیا اگر تم کو یاد دلایا جائے بلکہ تم حد سے نکلنے والے لوگ ہو۔ اور خدا نے کوئی رسول نہیں بھیجا جس کے ساتھ آسمان اور زمین سے عذاب نہ بھیجا گیا ہو اس لئے کہ وہ باز آئیں۔ اسی طرح حضرت مسیح کے زمانہ میں بھی پھوڑا نکلتا تھا جو ایک

المسیح عذابا موقتا وإن فی ذالك لآیة لقوم یتدبّرون. ألا ینظرون کیف حفظ اللّٰه هذه القریة وصدق وعده وجعلها أرضا آمنة. ویؤخذ الناس من حولها. إن فی ذالك لآیة لقوم یتفکّرون. ألا ینظرون کیف اری الطواعین نواجذها فی قُرًی أخریٰ. وأوی اللّٰه إلیه هذه القریة لیتم وعدًا أُشیع من قبل فی الوریٰ. ومن أصدق من اللّٰه قیلا. ففکّر إن کنتَ بالتقوی تتحلّی. وواللّٰه إنها آیة عظمیٰ لأناس یُبصرون. فاسألوا الذین رأوها ویرونها إن کنتم لا تعلمون. ولا تتّبعوا شیاطینکم وتوبوا إلی اللّٰه ایها المُکذّبون. ألا تتنبّهون وقد صُبّت المصائب علیکم وعلٰی ملوککم أیها المعتدون. وظهر الادبار. وما بقی لهم العیش النضیر ولا النضار. وتری أکثرهم بادی المترتبة☆ کماء یغور أو کرجل

موقت عذاب تھا اور اس میں غور کرنے والے کے لئے نشان ہے۔ دیکھتے نہیں کہ کیسی حفاظت کی اللہ نے اس گاؤں کی اور اپنے وعدہ کو سچا کیا اور اس زمین کو امن والی کر دیا۔ اور اس کے آس پاس کے لوگ ہلاک ہو رہے ہیں۔ اس میں سوچنے والے کے لئے نشان ہے۔ کیا نہیں دیکھتے کہ ہر یک قسم کے طاعون نے دوسرے دیہات میں کیونکر اپنے دانت دکھلائے ہیں اور اس گاؤں کو خدا نے اپنے میں لے لیا تا کہ اس وعدہ کو پورا کرے جو اس سے پہلے شائع کیا گیا اور خدا سے زیادہ راست گو اور کون ہے۔ پس فکر کر اگر تُو پرہیزگار انسان ہے۔ اور بخدا یہ بڑا نشان ہے سوجاکھوں کے لئے۔ سو تم ان کو پوچھو جنہوں نے یہ نشان دیکھا ہے اور دیکھ رہے ہیں اگر تمہیں علم نہیں اور تم اپنے شیطانوں کی پیروی مت کرواے وے لوگو جو تکذیب کر رہے ہو۔ کیا تم خبردار نہیں ہوتے اور بہ تحقیق خدا کی طرف رجوع کرو۔ کیا تم متنبہ نہیں ہوتے اور تم پر اور تمہارے بادشاہوں اور امیروں پر مصیبتیں ٹوٹ پڑیں اور ادبار آ گیا اور پُرلطف زندگی اور زر نہیں رہا۔ اور بہتیرے سخت مفلس ہو گئے ہیں اُس پانی کی طرح جو خشک ہو جاتا یا اس آدمی کی طرح جس پر ڈاکہ پڑتا ہے۔ اس کے علاوہ پادریوں کے گروہ نے منحوس

﴿۶۰﴾

☆ ایڈیشن اوّل میں سہو کتابت ہے۔ درست ''المَتْرَبَة'' ہے (ناشر)

یغار. ثم صالت علیهم طوائف القسوس فی الیوم المنحوس فدخل کثیر من الناس فی الملّة النصرانیة. وصاروا أعداء اللّٰه وأعداء رسوله خیر البریّة. فأرونی أی ملك من ملوککم صنع فلکا عند هذه الطوفان. بل أُغرقوا مع المغرقین. وقلّم أظفارهم مقراض الزمان. ورهق وجوههم القتر. وانتزف ماء هم الدهر. وفارقهم الاقبال. واحتالوا فما نفعهم الاحتیال. وظهرت فتن ما کانوا أن یُصلحوها بالشورٰی والمنتدٰی. ولا بتجمیر البعوث علی ثغور العدا. وربما تقلّدوا أسلحة. وبعثوا جنودًا مُجنّدة. فما کان مآلهم إلا الخزی والهزیمة. والهوان والذلة العظیمة. وما نفع وجودهم الشریعة الغرّاء. بل تدثّر الإسلام ظالعا ذا عدواء. فیّ أرض متعادیة موات مرداء. بما کان الملوك فی سجن الأهواء.

دن میں اُن پر حملہ کیا اور بہت سے لوگ عیسائی ہو گئے اور خدا اور رسول کریم کے دشمن ہو گئے۔ سو اب مجھے بتاؤ کہ تمہارے بادشاہوں سے کس بادشاہ نے اس طوفان کے وقت کشتی بنائی بلکہ وہ خود بھی ڈوبنے والوں کے ساتھ ڈوب گئے اور زمانہ کی قینچی نے ان کے ناخن قلم کر ڈالے اور ان کے منہ کو گرد وغبار نے ڈھانک لیا اور زمانہ نے اُن کا پانی خشک کر دیا اور اقبال ان سے الگ ہو گیا۔ اور انہوں نے حیلے تو کئے پر اُن سے کچھ نفع نہ پایا اور ایسے فتنے آشکار ہوئے کہ وہ اپنی کمیٹیوں اور پارلیمنٹوں کے ذریعہ اور دشمنوں کی سرحدوں پر فوجوں کی چھاؤنی ڈال دینے کے وسیلہ ان کی اصلاح نہ کر سکے۔ بسا اوقات انہوں نے ہتھیار سجائے اور بڑے بڑے لشکر بھیجے مگر نتیجہ سوائے شکست اور بڑی ذلت کے کچھ نہ ہوا۔ ان کے وجود سے شریعت روشن حقہ کو کچھ بھی نفع نہ پہنچا۔ بلکہ اسلام لنگڑے مریل متعدی مرض والے اونٹ پر سوار ہو کر ایسی زمین میں چلا جس میں نہ سبزہ ہے اور نہ پانی ہے اور سخت ناہموار ہے

﴿٦١﴾

کالمحبوس . و عبدة نار الشهوات کالمجوس. ومن کان راتعا فی الأجمة الشیطانیة. ما له وللریاض الرحمانیة؟ فأری الدین فی زمنهم کمثل جسم ثارت به من الداخل حصبة ودمامیل وأنواع البثرات. وجرحه من الخارج کثیر من المدی والقنا والمرهفات. وأُجبِیَ زرعه المخصب. وأُحرِق عذیقه المرجّب. وکان فی زمان کحدیقة ترتع النواظر فی نواضرها. ویصقل الخواطر بشیم مواطرها. وأمّا الیوم فهو کشجرة اتخذت الخفافیش أوکارها فی أظلالها. وکعین ما بقیت قطرة من زلالها . و اشمعلت للرحل کل شوکة وبرکة کانت فی هذا الدین. وما بقی إلا قصص من الآیات وقشرة من الکتاب المبین. وتراه کدارٍ مات صاحبها. وقامت نوادبها. وهُدم جدرانها. وزُلزل بنیانها.

اس لئے کہ بادشاہ خواہشوں کے جیل میں بند ہیں اور مجوسیوں کی طرح خواہشوں کی آگ کے پرستار ہیں۔اور جو شخص شیطانی بیشوں میں چرتا چگتا ہوا سے رحمانی باغوں سے کیا سروکار۔ میرے نزدیک اُن کے وقت میں دین کی مثال اس جسم کی طرح ہے جس پر اندر سے تو چیچک اور پھوڑے اور پھنسیاں نکلے ہوں اور باہر سے چھریوں اور نیزوں اور تلواروں نے اُسے زخمی کیا ہو۔اور اس کے سرسبز کھیتوں میں ردّی نکمی چیزیں اگتی ہوں۔اور اس کے اعلیٰ درجہ کے کھجور کے درخت جلا دیئے گئے ہوں۔اور کبھی وہ ایسا باغ تھا کہ آنکھیں اس کے سرسبز نونہالوں کو دیکھ دیکھ خوش ہوتیں۔اور اس کے ابروباراں کو دیکھ کر دلوں کو جلا اور تازگی ملتی تھی۔لیکن وہی آج اُس درخت کی مانند ہے جس کے سایہ میں چمگادڑوں نے گھونسلے بنائے ہیں اور اس چشمہ کی مانند ہے جس کے خوشگوار پانی کا ایک قطرہ بھی نہیں رہا۔اور اس دین کی ہر شوکت اور برکت کوچ پر آمادہ ہورہی ہے۔ اور نشانوں کی نسبت کتھا کہانیاں رہ گئی ہیں اور کتاب مبین سے نرا پوست اور چھلکا رہ گیا ہے۔اور وہ اس گھر کی مانند ہے جس کا مالک مرگیا ہے اور بین کرنے والیاں اس پر نوحے کررہی ہیں اور

﴿۶۲﴾

فانظروا ماذا ترون طرق المداوات یا طوائف الأساة؟ أتجدون هؤلاء الأمراء. یدفعون تلك البلاء. أتتوقّعون من هذه الملوك أنهم یُطهّرون حدیقة الدین من تلك الشوك. أو تزعمون أن هذه الأمراض تَبرأ من الدول الإسلامیة وبجهدهم المعلوم. کلا بل هو أمر أعسر من أن تتوقعوا الرطب الجنی من الزقّوم. وکیف وهم فی غشیة الوجوم. وکیف یرفعون رأسهم وهم تحت ألوف من الهموم. والحق والحق أقول ان هذه آفات لیس دفعها فی وُسع الملوك والأمراء. أیهدی الأعمٰی أعمٰی آخر یا ذوی الدهاء ؟ ثم إن هذه الملوك وإن کانوا من المسلمین أو من المخلصین المواسین. ولکن لیست نفوسهم کنفوس الکاملین المطهّرین. وما أُعطَی لهم نورٌ وجذبٌ کالمقدّسین.

اس کی دیواریں ڈھ گئیں اور عمارتیں کپکپائی گئیں۔اب بتاؤ اے طبیبو تمہارے نزدیک علاج کا کیا طریق ہے۔کیا تمہاری رائے میں یہ امراء اس بلا کو دفع کر سکتے ہیں۔اور کیا تم امید کرتے ہو کہ یہ بادشاہ ان کانٹوں سے دین کے باغ کو پاک کرسکیں گے۔یا تم خیال کرتے ہو کہ یہ بیماریاں اسلامی سلطنتوں اور ان کی معلوم کوشش سے اچھی ہو جائیں گی۔ نہیں نہیں یہ بات اس سے بھی زیادہ دشوار ہے کہ تم تھوہر سے تازہ کھجوروں کی امید رکھو اور ان سے کیا توقع کی جائے اور وہ تو بڑے پتھروں کے نیچے دبے ہوئے ہیں اور وہ کیونکر سر اٹھائیں اور وہ ہزاروں غموں کے نیچے آئے ہوئے ہیں۔مَیں سچ سچ کہتا ہوں کہ ان آفتوں کا دفع کرنا بادشاہوں اور امیروں کا مقدور نہیں۔کیا کبھی اندھا اندھے کو راہ بتا سکتا ہے۔اے دانشمندو! علاوہ بریں اگرچہ یہ بادشاہ مسلمان یا مخلص ہمدرد بھی ہوں۔لیکن پھر بھی ان کے نفوس پاک کاملوں کے نفوس کی مانند نہیں ہیں۔اور مقدسوں کی طرح انہیں نور اور جذب نہیں دیا جاتا۔اس لئے کہ نور آسمان سے اسی دل پر اترتا ہے جو فنا کی آگ سے جلایا

فإن النور لا ینزل قط من السماء إلّا علیّ قلب أُحرِق بنیران الفناء ثم أُعطِی من حُبّ شغفه و غُسِلَ من عین الرضاء . وکُحل بکحل البصیرة والصدق والصفاء . ثم کُسِیَ من حُلل الاجتباء والاصطفاء . ثم وُهِبَ له مقام البقاء . وکیف یُزیل الظلمة من هو قاعد فی الظلمات؟ وکیف یوقظ من هو نائم علی أرائك اللذّات. والحق إن ملوك هذا الزمان لیست لهم مناسبة بالأمور الروحانیة. وقد صرف اللّٰه هممهم إلی السیاسات الجسمانیة. ونصبهم بمصلحة من عنده لحمایة قشرة الملّة. وقیّد لحظهم بالأمور السیاسیة. فما لهم للبّ والحقیقة. ولیست فرائضهم أزید من أن یُحسنوا الانتظام لحفظ ثغور الإسلام. ویتعهدوا ظواهر الملك ویعصموه من براثن الأعداء اللئام. وأمّا بواطن

جاتا ہے۔ پھر اُسے سچی محبت دی جاتی ہے اور رضا کے چشمہ سے اُسے غسل دیا جاتا اور بینائی اور سچائی اور صفائی کا سرمہ اس کی آنکھوں میں لگایا جاتا ہے۔ پھر اسے برگزیدگی کے لباس پہنائے جاتے ہیں۔ اور پھر اسے بقا کا مقام بخشا جاتا ہے۔ اور جو آپ ہی اندھیرے میں بیٹھا ہو وہ اندھیرے کو کیونکر دور کرسکتا ہے۔ اور جو آپ ہی لذّات کے تختوں پر سوتا ہو وہ کسی کو کیا جگا سکتا ہے۔ اور حق بات یہ ہے کہ اس زمانہ کے بادشاہوں کو روحانی امور سے کوئی مناسبت نہیں۔ خدا نے ان کی ساری توجہ جسمانی سیاستوں کی طرف پھیر دی ہے۔ اور کسی مصلحت سے انہیں اسلام کے پوست کی حمایت کے لئے مقرر کر رکھا ہے۔ سیاسی اُمور ہی ان کے پیشِ نظر رہتے ہیں۔ پس انہیں مغز اور حقیقت سے کیا نسبت۔ اُن کا فرض اس سے زیادہ نہیں کہ اسلام کی سرحدوں کی نگہداشت کا اچھا انتظام کریں۔ اور ظاہر ملک کی خبر گیری کر کے دشمنوں کے پنجوں سے اسے بچائیں۔ رہے لوگوں کے باطن اور ان کا پاک

﴿٦٣﴾

الناس. وتطهيرها من الأدناس. وتنجية الخلق من شر الوسواس الخنّاس. وحفظهم مِنَ الآفات بعقد الهمّة والدعوات. فهذا أمر أرفع من طاقة الملوك وهممهم كما لا يخفى على ذوى الحصاة. وما فُوّضَ زمام الملك إلى أيدى السلاطين. إلا لحفظ الصور الإسلامية من بطش الشياطين. لا لتزكية النفوس وتنوير العمين. فما كان مبلغ جهدهم إلا أن تدفع إليهم الخراج بالجبر أو التراضى. ويرتب الديوان الذى تُحصٰى فيه مقادير الأراضى. وان تهيّأ جنود بحذة عساكر الأعداء. وأن ينصب فوج للسياسات الداخلية وفصل الأحكام والقضاء والإمضاء. فإن تطلبوا منهم خدمة اصلاح النفوس. وتهذيب الأخلاق والتنجية من أوهام القسوس. فذالك أمر أرفع من هممهم و دهائهم. ومنارٌ أسنى

﴿٦٤﴾

کرنا میل کچیل سے۔ اور بچانا لوگوں کو شیطان سے۔ اور ان کی نگہبانی کرنا آفتوں سے دعاؤں کے ساتھ اور عقد ہمت کے ساتھ سو یہ معاملہ بادشاہوں کی طاقت اور ہمت سے باہر اور بالاتر ہے اور دانشمندوں پر یہ بات پوشیدہ نہیں۔ اور بادشاہوں کو مُلک کی باگ اس لئے سپرد کی جاتی ہے کہ وہ اسلامی صورتوں کو شیاطین کی دستبرد سے بچائیں۔ اس لئے نہیں کہ وہ نفوس کو پاک صاف کریں اور آنکھوں کو نورانی بنائیں۔ اصل میں ان کی بڑی کوشش یہی ہے کہ ان کو طوعاً وکرہاً خراج دیا جاوے اور ان کے ہاں ایسے دفتر مرتب ہوں جن میں زمینوں کی مقداریں ضبط رہیں۔ اور دشمنوں کی فوجوں کے مقابل فوجیں آمادہ اور آراستہ رہیں۔ اور اندرونی سیاست اور امور انتظامیہ کے لئے ایک فوج مقرر کی جائے۔ سو اگر تم ان سے نفسوں کی اصلاح کی اور اخلاق کے آراستہ کرنے کی اور پادریوں کے اوہام سے بچانے کی خدمت چاہو تو یہ کام ان کی ہمت اور دانش سے بالا تر ہے۔ اور یہ ایسا منار ہے جو اُن کی

من بنائهم. بل هم قوم مشتغلون بالإصلاح المادی والسیاسی. فما لهم وللإصلاح العلمی والعملی. فحاصل الکلام انّ الملوك والأمراء لا یقدرون علی أن یزیلوا الأهواء. وکیف یهدون غیرهم وهم یمشون کناقة عشواء. وکیف یُتَوَقّع من قلب زایغ أن یُقوّم نفسًا ذات عدواء. وأن یُسعد الأشقیاء؟ وأن یأخذ بید المتخاذلین. ویقود الضعفاء. وأن یفتح عیون العمین وأن یرفع حجب المحجوبین؟ بل ملوك الإسلام فی هذه الأیام کالسکاری أو الأساری. أو القمر المنخسف بین هالة النصاریٰ. فکیف یصدر من عضدهم فعل من بارز وباریٰ؟ بل هم قعدوا فی البیوت کالعذاریٰ. ثم من معائب هذه الملوك أنهم لا یشیعون العربیة. ویشیعون الترکیة أو الفارسیة. وکان من الواجب أن

عمارت سے بہت رفیع الشان ہے۔ بلکہ وہ لوگ مادی اور سیاسی اصلاح میں مشغول ہیں انہیں علمی اور عملی اصلاح سے کیا مناسبت اور کیا تعلق۔ بادشاہوں اور امیروں کو قدرت نہیں کہ بری خواہشوں کو دور کرسکیں۔اوروہ کیونکر دوسروں کو راہ دکھائیں جبکہ وہ آپ ہی اندھی اونٹنی کی طرح چلتے ہیں۔ٹیڑھے دل سے کیا توقع ہو سکے کہ وہ کسی بیمار جان کوسیدھا کرے گا اور بدبختوں کو نیک بخت کرے گا اورلڑکھڑانے والے کا ہاتھ پکڑے گا۔اور کمزوروں کی رہبری کرے گا۔ اور اندھوں کی آنکھیں کھولے گا اور محجوبوں کے پردے دور کرے گا بلکہ اسلام کے بادشاہ آج کل متوالوں یا قیدیوں کی طرح ہیں یا گہنائے ہوئے چاند کی طرح ہیں ہالہ میں۔سو ان کے بازو سے جنگی بہادروں کا کام کیونکرنکل سکے۔ بلکہ وہ تو بیٹھے ہوئے ہیں گھروں میں جیسا کہ عزاریٰ۔اس کے علاوہ ان میں یہ عیب بھی ہے کہ وہ عربی زبان کی اشاعت نہیں کرتے اور ترکی یا فارسی زبان کی اشاعت کرتے ہیں اور واجب تھا کہ اسلامی شہروں میں عربی زبان پھیلائی

﴿٦٥﴾

يُشاع هذه اللسان في البلاد الإسلامية. فإنه لسان الله ولسان رسوله ولسان الصحف المطهّرة. و لا ننظر بنظر التعظيم إلى قوم لاّ يُكرمون هذا اللسان. ﴿٦٦﴾ ولا يشيعونها في بلادهم ليرجموا الشيطان. وهذا من أوّل أسباب اختلالهم. وأمارات وبالهم. فإنهم تمايلوا على دمنة من حديقة مطهّرة. ونبذوا من أيديهم حريبتهم ومزّقوا عيبتهم. واستبدلوا الذى هو أدنى بالذى هو أرفع وأعلٰى. وشابهوا قوم موسٰى. ولو أرادوا لجعلوا العربية لسان القوم. ولو سلكوا هذاالمسلك لعُصموا من اللوم. فإن العربية أم الألسنة. وفيها أصناف العجائب وودائع القدرة . فمثل رجل مسلم يترك العربية ويُفضّل عليها ألسنة أخرى كمثل دنيء يتمشش الخنزير ويترك طعاما هو أطيب وأحلى. فلا شك أن

جاتی ۔اس لئے کہ وہ زبان ہے اللہ کی اور اس کے رسول کی اور پاک نوشتوں کی ۔ اور ہم تعظیم کی نگاہ سے اُن مسلمانوں کو نہیں دیکھتے جو اس زبان کی تعظیم نہیں کرتے اور نہ ہی اسے اپنے شہر میں پھیلاتے ہیں اس لئے کہ شیطان کو پتھراؤ کریں اور یہ بڑا سبب ہے ان کی تباہی کا اوران کے وبال کا نشان ہے ۔اس لئے کہ وہ ستھرے باغ کو چھوڑ کر گوبر کے دمنہ پر جھک پڑے ہیں ۔اور اپنے ہاتھوں سے اپنا مال پھینک دیا ہے ۔اور اپنا تھیلا (جس میں مال اسباب رکھا جاتا ہے) پارہ پارہ کردیا ہے اور ادنیٰ کو اعلیٰ کے بدلہ لے لیا ہے اور یہودیوں کی مانند ہوگئے ہیں ۔ اور اگر چاہتے تو عربی کو قومی زبان بناتے ۔ اس لئے کہ عربی زبان تمام زبانوں کی ماں ہے ۔ اور اُس میں قسم قسم کے عجائبات اور قدرت کی امانتیں ہیں ۔سو مثال اس شخص کی جو عربی زبان کو چھوڑتا اور دوسری زبانوں کو اس پر ترجیح دیتا ہے ۔اس پست ہمت کی مثال ہے جو اچھے ستھرے کھانے کو چھوڑ کر خنزیر کی ہڈیوں کا گودا کھاتا ہے ۔اس میں شک نہیں کہ

التركيّة والفارسيّة تصدت لهم كطرّار نقصت دينهم وخلست ما لهم . أو كذئب افترست عنقهم ومزّقت اقبالهم. وأضرّت دنياهم ومآلهم. وجعلهم كالكحل سحقا. وكالطحن دقّا. وما نقول إلا حقّا. فقد كذَبَ من ذكرهم بحمد وفّاه. وبنشرٍ ملأ به فاه. وحسبهم خلفاء اللّٰه على الأرض وفسّق من أنكر دعواه. إنه يرتاد جفنة الجواد. لا خليفة البلاد. ويستقرى أن يرشح له ويسح عليه بكلمتيه. ويحرز العين بغض عينيه. فالحق أن نسبة الخلافة إليهم خلاف. وكذب واعتساف. هذا حال السلاطين ☆ أيها الفتيان. ونذكر بعد ذالك علماء هذا الزمان الذين يُعزَى إليهم الفضل

ترکی اور فارسی نے ایک کیسہ بر کی طرح ان کے دین کو کم کر دیا اور مال اڑا لیا ہے۔ یا بھیڑیئے کی طرح ان کے رئیسوں کو پھاڑ کھایا اور ان کے اقبال کو چاک کر دیا ہے اور ان کی دنیا اور آخرت کو نقصان پہنچایا ہے اور انہیں کُوٹ اور پیس کر سُرمہ اور آٹے کی طرح کر دیا ہے۔ سو جھوٹ بولا اس نے جس نے ان کا ذکر تعریف کے ساتھ کیا اور ان کو زمین پر خدا کے خلیفے سمجھا اور اپنے دعوے کے منکر کو فاسق ٹھہرایا۔ ایسا شخص تو نقدی اور بخشش کا طالب ہے۔ اُسے خلیفہ، خلافت سے کیا تعلق۔ وہ تو اس بات کا طالب ہے کہ دو باتیں کیں اور انعام خطاب لے لیا اور اِس چشم پوشی سے اُس کی غرض روپیہ کمانا ہے۔ سو سچی بات یہ ہے کہ ان کو خلیفہ کہنا خلاف حق اور ظلم کی بات ہے۔ اے نوجوانو یہ ہے حال بادشاہوں کا۔ اب ہم زمانہ کے علماء کا حال بیان کرتے ہیں۔ جن کی طرف بزرگی اور معرفت کو منسوب کیا جاتا ہے۔

﴿٦٧﴾

☆ ليس مرادنا ههنا من ذكر ملوك الاسلام ان كلهم ظالمون. او كلهم مفسدون بل بعضهم صالحون. لايظلمون الناس ويرحمون كماهو

مسلمان بادشاہوں کے بیان سے ہماری مراد یہ نہیں کہ وہ سب کے سب ظالم یا وہ سب کے سب فسادی ہیں۔ بلکہ بعض ان میں سے نیکوکار ہیں۔ لوگوں پر ظلم نہیں کرتے بلکہ رحم کرتے ہیں جیسے

والعرفان. واللّٰه المستعان. ولا حاجة إلى الترجمة والترجمان. فإنّهم يدّعون علم اللسان.

اب اس سے آگے ترجمہ کی کوئی ضرورت نہیں۔ اِس لئے کہ وہ خود زبان دانی کے مدعی ہیں۔ (اگلے حصہ کا عربی ترجمہ بورڈ نے کیا ہے)

فی☆ ذکر عُلماء هٰذاالزمان

لمّا ثبت ممّا سبق من البيان أن ملوك الإسلام فى هذا الزمان لايطيقون أن يُصلحوا المفاسد التى تضرّمت كالنّيران. بقى لك حق أن تقول ان هذه الفتن قد تولّدت من جهل الجهلاء. وستنعدم من تعليم العلماء. فإنهم ورثاء النبى وكماة هذا الميدان. و انهم منورون بنوّر العلم فيُرجى منهم ان يصلحوا ما لم يصلحه سلاطين البلدان.

اس زمانہ کے علماء کے بیان میں

جب گزشتہ بیان سے یہ ثابت ہوگیا کہ اس زمانے کے مسلمان بادشاہ ان خرابیوں کی اصلاح کرنے کی طاقت نہیں رکھتے جو آگ کی طرح بھڑکی ہوئی ہیں۔ آپ کا یہ حق بنتا ہے کہ آپ کہیں کہ یہ تمام فتنے اور فساد جاہلوں کی جہالت کے سبب پیدا ہوئے۔ اور علماء کی تعلیم کے ذریعہ ناپید ہو جائیں گے کیونکہ وہ نبی کریم (ﷺ) کے وارث اور اس میدان کے پہلوان ہیں اور وہ علم کے نور سے منور کئے گئے۔ اس لئے ان سے یہ امید کی جاسکتی ہے کہ وہ ان خرابیوں کی اصلاح کر سکیں گے جن کی اصلاح سلاطین مملکت نہ کر سکے۔

﴿٦٨﴾

بقية الحاشية ۔ سلطان الروم ونثنى عليه لبعض خليقة المعلوم. بيد ان امر الخلافة امر عسير ولايعطى الالبصير لالضرير. وما اعطى

ترجمہ ۔ سلطان روم جس کے بعض معلوم اوصاف کی بناء پر ہم اس کی تعریف کرتے ہیں۔ البتہ امرِ خلافت ایک مشکل معاملہ ہے جو صرف صاحبِ بصیرت کو ہی دیا جاتا ہے اندھے کو نہیں

هٰذاالسهم لكل كنانةٍ. وان كانوا ذا مرتبة ومكانةٍ. منه

اور ہر ترکش کے نصیب میں ایسا تیر کہاں چاہے وہ کتنا ہی صاحبِ مقام و مرتبہ ہو۔

☆ نوٹ۔ اس عنوان سے آخر تک عربیک بورڈ کا نظر ثانی شدہ ترجمہ مندرج ہے۔ (ناشر)

فاعلم أنّی طالما حضرت مجالس هذه العلماء. وخلوت بهم كالأحبّاء. وربما جئت بعضهم بزيّ نكرته كالغرباء. أو الجهلاء. وجرّبتهم عند محبّتهم والشحناء. والبؤس والرخاء. وعلمت دخلة أمرهم ومبلغ هممهم وما عندهم من الاتّقاء. فظهر عليّ أن أكثرهم للإسلام كالدّاء لا كالدواء. وللدين كالهجوم المظلم والهوجاء. لا كالسراج المنير والضياء. جمعوا كل عيب فی السيرة والمريرة. ولطّخوا أنفسهم بالمعايب الكثيرة. يجلبون أموال الناس إلى أنفسهم من كل مكيدة. بأی طريق اتفق وبأية حيلة. يقولون ولا يفعلون. ويعظون ولا يتعظون. ويتمنّون أن يحصدوا ولا يزرعون. قلوبهم قاسية وألسنهم مفحشة. وصدورهم

سو آپ کو معلوم ہو کہ میں ان علماء کی مجالس میں بکثرت جاتا رہا اور ان سے دوستوں کی طرح مصاحبت رکھی اور بسا اوقات ان کے پاس اَجنبیوں اور اَن پڑھ کے رُوپ میں آیا اور انہیں محبت اور دشمنی، تنگ دستی اور آسودگی ہر حالت میں آزمایا اور ان کی اندرونی حالتوں، ہمت و حوصلہ کی رسائی اور جس تقویٰ کے وہ مالک تھے اُسے پَرکھا تو مجھ پر ظاہر ہوا کہ ان میں سے بیشتر اسلام کے لئے بیماری تو ہیں دوا نہیں، دین کے لئے ایک گہرا تاریک وتار اندھیرا ہیں، نور اور روشنی کا چراغ نہیں۔ انہوں نے اپنی سیرت اور سرشت میں ہر عیب جمع کر رکھا ہے اور اپنے آپ کو بہت سی برائیوں میں ملوّث کر رکھا ہے اور ہر قسم کے مکر وفریب اور چالاکی اور چالبازی کی راہ سے لوگوں کے اموال اپنے لئے سمیٹتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں مگر کرتے نہیں۔ نصیحت کرتے ہیں لیکن خود نصیحت حاصل نہیں کرتے۔ ایسی فصل کاٹنے کی تمنا کرتے ہیں جو انہوں نے بوئی نہیں۔ ان کے دل سخت، زبانیں فحش گو اور سینے تاریک ہیں۔

مظلمة وآرائهم ضعيفة. وقرائحهم جامدة. وعقولهم ناقصة. وهممهم سافلة وأعمالهم فاسدة. ما ترى نيتهم فيمن خالفوه من غير أن يُفيضوا فيه بأى حيلة يُكفّرونه أو يؤذونه. وفى ماله الذى يُرجى حصوله بأى طريق يأخذونه. ويتكبّرون بعلم قليل يسير. وليسوا إلا كحمير☆. يأمرون الناس بترك الدنيا وزخرفها ثم يطلبونها أزيد من العوام. ويسعون أن يتعاطوها ولو بطريق الحرام. ينتهزون مواضع صدقات الأمراء. فإذا أُخبِروا فوافوهم فى الطمرين كالغرباء. ويسألون إلحافًا ولو لُكِموا لكمةً. أو ثُنّىَ عليهم بلطمة. يتبعون الجنائز ولكن لا

اوران کی آراء کمزور، ان کی طبائع جامد، عقلیں ناقص، ہمتیں پست اور اعمال گندے ہیں۔تُو ان کی نیت اپنے مخالفوں کے بارے میں محض یہی دیکھتا ہے کہ وہ کسی بھی انتہائی حیلے سے اسے کافر قرار دیں یا ایذا پہنچائیں اور اس کا وہ مال جس کے حصول کی امید ہو اسے ہر طریق سے ہتھیا لیں۔ وہ اپنے تھوڑے معمولی علم پر بہت متکبر ہیں۔ وہ تو نرے گدھے☆ ہیں۔ وہ لوگوں کو تو دنیا اور اس کی زینت کو ترک کرنے کا حکم دیتے ہیں لیکن خود عوام الناس سے کہیں بڑھ کر اس کے طلب گار ہیں۔ وہ اسے حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں خواہ حرام طریق سے ہی ہو۔ وہ امراء کے صدقات تقسیم کرنے کے مواقع کو غنیمت جانتے ہیں۔ پھر جب انہیں ان مقامات کا پتہ لگ جائے تو ان کے حصول کے لئے نادار محتاجوں کی طرح چیتھڑوں میں ملبوس ان کی طرف لپکتے ہیں۔اور خواہ ان کے منہ پر گھونسہ رسید کیا جائے یا تھپڑ مارا جائے پھر بھی وہ لیچڑوں کی طرح مانگتے ہیں۔ وہ جنازوں کے پیچھے پیچھے تو چلتے ہیں لیکن

☆۔ الحاشیه . لیس کلامنا هذا فی اخیارهم بل فی اشرارهم. منه

ترجمہ۔ ہمارا یہ کلام ان کے اشراف کے بارے میں نہیں بلکہ اشرار کے بارے میں ہے۔ منه

للصلٰوة. بل للصدقات. لا يقبلون الحق ولا يفهمونه ولو كان بيان يُسمع الصم. ويُنزل العصم. الجبن من صفاتهم. وطير الأهواء في وكناتهم. البخل فطرتهم و الحسد ملّتهم. وتحريف الشريعة شرعتهم. هم عند الغضب ذياب. وفي وقت الأكل دواب. ليس سخطهم ولا رضاهم إلا لنفوسهم الأمّارة. و ليس ذكرهم و تسبيحهم إلا للنظّارة ـ انظر إليهم في المجامع ولا تنظر إليهمّ في الخلوة. لترى السبحة في أيديهم ولا ترى فعلا آخر يفسد ظنّك في هذه الفرقة. يُكرهون الناس ليدفعوا إليهم ممّا هو عندهم من الدرهم أو الكساء. وإن بلغهم المتربة إلى فِناء الفَناء. يحسبون أنفسهم مالك رقاب

نماز جنازہ پڑھنے کے لئے نہیں بلکہ (حصول) صدقات کے لئے۔ وہ نہ تو حق کو قبول کرتے ہیں اور نہ اس کو سمجھتے ہیں خواہ حق کا وہ بیان ایسا واضح ہو کہ جسے بہرے بھی سن لیں۔ اور وہ آواز اتنی بلند ہو کہ پہاڑ کی چوٹی سے بکریوں کو نیچے اتار لائے۔ بُزدلی ان کی صفات میں سے ہے اور ہوا و ہوس کے پرندے اُن کے آشیانوں میں ہیں۔ بخل ان کی فطرت اور حسد ان کا شعار ہے۔ شریعت میں تحریف کرنا ان کا مسلک ہے۔ غصے کے وقت وہ بھیڑیئے ہیں اور کھاتے وقت وہ جانور ہیں۔ ان کی ناراضگی اور رضامندی محض نفسِ امّارہ کی خاطر ہے۔ ان کا ذکر و تسبیح محض دیکھنے والوں کے لئے ہے۔ انہیں دیکھنا ہو تو مجالس میں دیکھو، خلوت میں نہ دیکھو۔ تو ان کے ہاتھوں میں تسبیح دیکھے گا۔ اور کوئی ایسا فعل مشاہدہ نہیں کرے گا جو اس فرقہ کے بارے میں تمہیں بدظن کر دے۔ وہ لوگوں کو مجبور کرتے ہیں تاکہ جو نقدی اور پوشاک میں سے اُن کے پاس موجود ہے وہ سب ان کے سپرد کر دیں خواہ ناداری نے ان کو فنا کے آنگن تک پہنچایا ہوا ہو۔ وہ اپنے آپ کو لوگوں کی گردنوں کا مالک تصور کرتے ہیں۔ وہ

﴿۶۹﴾

الناس. إن شاء وا يُسمُّوهم ملائكة وإن شاء وا يسموهم إخوان الخنّاس. إن كانت عندهم شهادة فلا يصدقون. وإن يُستفتوا فلطمع قليل يكتمون الحق ويكذبون. يؤمّون الناس في صلواتهم كالمستأجرين . بل ترى بعضهم يأكل أوقاف المساجد من غير حق ويُتلف حقوق المساكين. ويأبى أن يؤمّ غيره ويقول هذا مسجدى أؤمّ فيه من الستين. وإن كان غيره أفضل منه وأعلم ومن المتّقين. بل وإن كان الناس يكرهون إمامته ويعدّونه من الفاسقين. ويُرافع الى الحكّام إن عُزِلَ من إمامة المسجد طمعا فيما وُقف عليه من العسجد. وترٰى بعضهم لو اطّلعوا على مال كسبتَه أو كنز أصبتَه. جمعوا عليك كأَذِبّة.

چاہیں تو انہیں فرشتوں کے نام سے موسوم کریں اور چاہیں تو انہیں شیطان کے بھائی قرار دے دیں۔ اگر ان کے پاس شہادت ہو بھی تو وہ سچ نہیں کہتے اور اگر ان سے فتویٰ مانگا جائے تو وہ معمولی طمع کی خاطر حق چھپاتے ہیں اور جھوٹ بولتے ہیں۔ وہ اُجرت پیشہ لوگوں کی طرح نماز میں لوگوں کی امامت کرتے ہیں بلکہ تم دیکھو گے کہ ان میں سے بعض تو مساجد کے نام وقف جائیدادوں کو ناحق کھاتے ہیں اور مسکینوں کے حقوق تلف کرتے ہیں۔ اور وہ اپنے سوا کسی دوسرے کی امامت سے صاف انکار کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ میری مسجد ہے اور اس میں تو میں ساٹھ سال سے امامت کرا رہا ہوں۔ خواہ دوسرا شخص اُس سے زیادہ افضل اور عالم اور متقی ہو۔ بلکہ خواہ لوگ اس کی امامت کو ناپسند کرتے ہوں اور اسے فاسقوں کے زُمرے میں شمار کرتے ہوں۔ اگر اُسے مسجد کی امامت سے معزول کر دیا جائے تو وہ مسجد کے لئے وقف کئے گئے مال و دولت کے لالچ میں معاملہ کو حُکّام تک لے جاتے ہیں۔ اور ان میں سے بعض کو تو دیکھے گا کہ اگر انہیں تمہارے محنت سے کمائے ہوئے مال کا یا اس خزانے کا جو تمہیں ملا

وجاءوك كأحبّة. ثم لا يبرحون فناء دارك. حتى يأكلوا من ثمارك. وتجد قلوب أكثرهم كالأرض التى أجدبت وكانت من أردء أقسام حرّة . لا تنبت نباتا حسنا وما ترى منها من غير مضرّة . لا يوجد فيهم أثر حلم بل سبقوا السباع بحدّة الأسنان . و أسلة اللسان. يأتونكم فى جلود الضأن. وهم ذياب مفترسة بأنواع البهتان. بشرط أن لا يعرض عليهم ترس العقيان. يخرجون على الناس بدنيّة تقلّسوها. وفوطة تطلّسوها. وعمامة تعمّموها. وجبّة جمّلوها. وكتب حملوها. وزُغب شملوها. هذا ما يُظهرون. و ذالك ما يعملون. خرجوا فى طلب الدنيا ونسوا الدار

ہو پتہ لگ جائے تو وہ مکھیوں کی طرح تیرے اردگرد اکٹھے ہو جاتے ہیں اور دوستوں کا روپ دھار کر تیرے پاس آتے ہیں اور اس وقت تک تیرے گھر میں ڈیرہ ڈالے رہتے ہیں جب تک وہ تیرے پھلوں سے کچھ کھا نہ لیں۔ تو ان میں سے اکثر کے دلوں کو بنجر زمین کی طرح پائے گا جو سیاہ پتھروں والی زمین کی ردّی ترین قسم ہو جو عمدہ روئیدگی نہیں اُگاتی۔ اور نقصان کے سوا تو اُس سے کچھ نہیں پاتا۔ اُن لوگوں میں حلم کا نام و نشان تک نہیں پایا جاتا بلکہ وہ دانتوں کی تیزی اور زبان کی کاٹ میں درندوں سے بھی سبقت لے گئے ہیں۔ وہ تمہارے پاس بھیڑ کے لبادے میں آتے ہیں حالانکہ وہ طرح طرح کے بہتانوں سے چیرنے پھاڑنے والے بھیڑیئے ہیں۔ بشرطیکہ ان کے سامنے خالص سونے کی ڈھال پیش نہ کی جائے۔ وہ لوگوں کے سامنے اونچی ٹوپی پہنے، ریشمی چوغہ اوڑھے، عمامہ باندھے، جُبّہ زیبِ تن کئے، کتابیں اٹھائے اور مخملی چادریں اوڑھ کر آتے ہیں۔ یہ تو وہ ہے جو ان کا ظاہر ہے اور وہ ان کے اعمال ہیں کہ وہ طلبِ دنیا کے لئے نکل کھڑے ہوئے ہیں اور اُس گھر کو جس کی طرف انہوں

التی إلیها یرجعون. وإذا قیل لهم أتأکلون رزقا فیه شبهة قالوا لا بأس علینا إنّا لمضطرّون. و لیسوا بمضطرّین و إن هم إلا یکذبون. ترکوا دار الأمن من التقوٰی. وحلّوا بأرض فیها یُغتال الناس ویُخطفون. ﴿۷۰﴾ یؤتون نض الإیمان للرغفان. وّ یتمایلون علی المجان. وتکتب أیدیهم فتاوی الزور و البهتان. ویجبح إیمانهم درهم أو درهمان. یمنعون الناس من الحق ویوسوسون کالشیطان. و إذا رأوا أوانی نظیفة فیها ألوان أطعمة. سقطوا علیها کأذبة. أو کأنسر علی جیفة. یستوکفون الأکف بالوعظ المخلوط بالبکاء. و یستقرون الصید بتقمّص لباس الفقهاء. ما بقی شغلهم

نے لوٹ کر جانا ہے بھول چکے ہیں۔ جب ان سے یہ کہا جائے کہ ''کیا تم وہ رزق کھاتے ہو جس میں شبہ ہے۔'' تو جواب میں کہتے ہیں کہ ہم پر کوئی گرفت نہیں کیونکہ ہم مجبور ہیں۔ حالانکہ انہیں کوئی مجبوری نہیں۔ وہ محض جھوٹ بولتے ہیں۔ انہوں نے تقویٰ کے دارالامن کو چھوڑ دیا اور ایسی زمین میں پڑاؤ کیا ہے جہاں اچانک حملہ کر کے لوگوں کو ہلاک کیا جاتا ہے اور وہ اُچک لئے جاتے ہیں۔ وہ روٹی کے لئے ایمان کی دولت دے دیتے ہیں۔ اور مفت چیز پر ٹوٹ پڑتے ہیں۔ ان کے ہاتھ جھوٹ اور بہتان پر مبنی فتوے تحریر کرتے ہیں۔ ایک یا دو درہم ان کے ایمان کو متزلزل کر دیتے ہیں۔ وہ لوگوں کو حق سے روکتے اور شیطان کی طرح وسوسے پیدا کرتے ہیں، جب وہ صاف سُتھرے برتنوں میں طرح طرح کے کھانے دیکھتے ہیں تو ان پر مکھیوں کی طرح گرتے ہیں یا مُردار پر گدھوں کی طرح۔ وہ رقّت آمیز وعظ سے لوگوں کے ہاتھوں سے مال نکلواتے ہیں اور فقہاء کے لبادے پہن کر (لوگوں کا) شکار کرتے

إلا المكائد. وكمثلهم أين الصائد. ولذالك نُحِتَت كتب السمر لإرائة أعمالهم. وبُيِّنَ في القصص الفرضية حقيقة أحوالهم. فسماهم بعض السامر بأبي الفتح الاسكندري. والآخر بأبي زيد السروجي. وما هما إلا هذه العلماء. فاعتبروا يا أولي الدهاء. و إن الذين نحتوا كمثل هذه القصص من عند أنفسهم ما نحتوها إلا بعد ما ارتعدت قلوبهم من رؤية تلك العالمين. واقشعرّت جلدتهم من مشاهدة مكائد هؤلاء المكّارين. و رأوا أنهم قوم آمن بيانهم. وكفر جنانهم. فأنشأوا مقامات تنبيها للغافلين. و عزوا نشأتها و روايتها إلى رجال آخرين. بما كانوا خائفين من الخبيثين. و

ہیں۔ مکروفریب کے سوا ان کا کوئی اور شغل نہیں۔ ان جیسا شکاری بھلا کہاں نظر آئے گا۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے اعمال کو ظاہر کرنے کے لئے داستانیں گھڑی گئیں اور فرضی قصوں میں ان کے احوال کی حقیقت بیان کی گئی جس کی وجہ سے بعض قصہ گوؤں نے انہیں اَبُوالفتح اسکندری کے نام سے اور بعض نے اَبُوزید سروجی کے نام سے موسوم کیا۔ اور وہ دونوں یہی (مذکورہ بالا) علماء ہیں۔ پس اے دانشورو! عبرت حاصل کرو۔ جن لوگوں نے اپنی طرف سے اس قسم کے قصّے گھڑے ہیں۔ وہ ان علماء کو دیکھ کر ان کے دلوں پر لرزہ طاری ہونے اور ان مکّاروں کی چالبازیوں کے مشاہدہ سے ان کے رونگٹے کھڑے ہونے کے بعد ہی گھڑے گئے۔ انہوں نے دیکھا کہ یہ علماء وہ ہیں کہ جن کی گفتگو مومنانہ ہے اور دل کافرانہ۔ پس انہوں نے غافلوں کو متنبہ کرنے کے لئے مقالے تحریر کئے اور ان کی تحریر اور روایت کو دوسرے لوگوں کی طرف منسوب کیا کیونکہ وہ ان خبیثوں سے ڈرتے تھے۔

كذالك أدّوا شهادة كانت عندهم على العلماء. ولو كانوا في هذا الزمن لأقرّوا بمكائدهم ولكن ما عدّوهم من الأدباء. فإن العلماء الذين خلوا من قبل كان كلامهم لطيفًا. وإن كان دينهم رغيفًا. وأمّا المتصلّفون الذين تجدونهم في زماننا في كل بلدة كقطيع الغنم. فهم ليسوا إلا عبيدة الرغفان. لا من الأدباء ولا من أهل القلم. ماغُذّوا بلبان البيان. وما أُشرِبوا كأس الحجة والبرهان. يسكتون ألفًا وينطقون خلفًا. ليسوا متوغلين في العلوم العربية. ولا مُرتوين من العيون الأدبية. كثر تكبّرهم. وقلّ تدبّرهم. لا يقدرون على نطق يفيد الناس. بل يزيدون بقولهم الشبهة والوسواس. إذا صمتوا فصمتهم ترك للواجب وصقع. وإذا نطقوا فنطقهم

اس طرح انہوں نے علماء کے خلاف اپنی گواہی دے دی۔ اگر یہ (مقالہ نویس) اس زمانہ میں ہوتے تو وہ (اعلانیہ) ان کی سازشوں کا اقرار کرتے اور انہیں ادیب شمار نہ کرتے۔ البتہ گزشتہ علماء کا کلام لطیف ہوتا تھا۔ اگرچہ اِن کا دین بھی روٹی ہی تھا۔ جہاں تک ان لاف زنوں کا تعلق ہے جنہیں تم ہمارے اس زمانے میں، ہر شہر میں بھیڑ بکریوں کے ریوڑ کی طرح پاتے ہو۔ وہ صرف روٹیوں کے غلام ہیں۔ وہ نہ ادیب ہیں اور نہ ہی اہلِ قلم۔ نہ تو انہوں نے علمِ بیان کے پستان سے دودھ پیا اور نہ دلیل اور برھان کا جام نوش کیا ہے۔ ان کا حال ''خاموشی ہزار بار۔ گفتار بے مہار'' کی طرح ہے۔ انہیں عربی علوم میں کوئی گہرا درک حاصل نہیں اور نہ ہی وہ ادب کے چشموں سے سیراب ہوئے ہیں۔ اُن میں تکبّر زیادہ اور تدبّر کم ہے۔ وہ ایسی گفتگو پر قدرت نہیں رکھتے جو لوگوں کے لئے مفید ہو بلکہ وہ اپنی بات سے مزید شبہ اور وسوسہ پیدا کر دیتے ہیں۔ جب وہ خاموش ہوں تو ان کی یہ خاموشی فرض کو ترک کرنا اور گمراہ کرنا ہے اور جب وہ گویا ہوں تو ان کی یہ گویائی

میت لیس له وقع. قصرت همّتهم. وفترت عزمتهم. لا یعلمون الا الأمانی کالیهود. ولیس صلواتهم من دون القیام والقعود. مّا بقی لهم مسٌّ بمعضلات الشریعة. ولا دخلٌ فی دقائق الطریقة. ولو انتقدتهم لوجدت أکثرهم سقطًا وکالأنعام. وأیقنت أن وجودهم إحدی المصائب علی الإسلام. تجدهم کزمع الناس فی الإفحاش. وکالکلاب فی الهراش. یحسبون کأنهم یُترکون سُدَی. ولیس مع الیوم غدا. ما کان علی الحق الغشاء. ولکن تغلّب علیهم الشقاء. عندهم تکفیر الناس أمرٌ هیّنٌ. والاعتقاد بموت عیسٰی له وجه بیّنٌ. وتاللّٰه إنهم ما یقصدون فتح الإسلام. بل یقصدون فتح القسوس کالأعداء اللئام. ویترکون الدین فی الظلام.

بالکل مردہ اور بے اثر ہوتی ہے۔ اُن کی ہمت پست اور قوّت ارادی میں فتور آ گیا ہے۔ یہودیوں کی طرح بیکار خواہشات کے سوا انہیں کچھ علم نہیں اور ان کی نمازیں محض اُٹھک بیٹھک ہیں۔ شریعت کے پیچیدہ مسائل سے انہیں کوئی مسّ نہیں۔ اور نہ ہی طریقت کی باریکیوں میں انہیں کوئی دخل ہے اگر تو ان کا تنقیدی جائزہ لے تو تُو اکثر کو رذیل اور چوپاؤں جیسا پائے گا۔ اور تجھے یقین ہو جائے گا کہ ان کا وجود اسلام کے لئے مصائب میں سے ایک بہت بڑی مصیبت ہے۔ بے حیائی کی باتوں میں تو انہیں رذیل انسان اور دوسروں پر حملہ کرنے میں کتّوں کی طرح پائے گا۔ وہ خیال کرتے ہیں کہ وہ بے لگام چھوڑ دیئے جائیں گے اور آج کے بعد کل نہیں آئے گا۔ حق پر تو پردہ نہیں ہے، لیکن ان پر بدبختی غالب آ گئی ہے۔ ان کے نزدیک لوگوں کو کافر ٹھہرانا ایک معمولی بات ہے حالانکہ (حضرت) عیسٰی (علیہ السلام) کی وفات کا عقیدہ اپنے اندر ایک بین ثبوت رکھتا ہے۔ بخدا یہ اسلام کی فتح نہیں چاہتے بلکہ کمینے دشمنوں کی طرح پادریوں کی فتح چاہتے ہیں۔ وہ دینِ (اسلام) کو اندھیروں میں چھوڑتے ہیں

﴿۷۱﴾

وينصرون عقيدة النصارى بخزعبيلاتهم. وبهفوات آباء هم وجهلاتهم. وقد أُمِروا أن يتّبعوا الحَكَمَ الذى هو نازل من السماء. ولا يتصدّوا له بالمراء. فما أطاعوا أمر اللّٰه الودود. بل إذا ظهر فيهم المسيح الموعود. فكفروا به كأنهم اليهود. وقد نزل ذالك الموعود عند طوفان الصليب. وعند تقليب الإسلام كل التقليب. فهل اتّبع العلماء هذا المسيح؟ كلا. بل اكفروه وأظهروا الكفر القبيح. وأصرّوا على الأباطيل وخدموا القسوس. فأخذهم القسوس وشجوا الرؤوس. وأذاقوهم ما يذيقون المحبوس. فرأوا اليوم المنحوس. سيقول السفهاء أن الدولة البرطانية أعانت القسيسين. ونصرتهم بحِيلٍ تُشابه الجبل الركين. ليُنصّروا

اور اپنی خرافات اور اپنے آباؤ اجداد کی لغزشوں اور جہالتوں سے نصاریٰ کے عقیدہ کی مدد کرتے ہیں۔ حالانکہ انہیں یہ حکم دیا گیا تھا کہ وہ آسمان سے نازل ہونے والے حَکَمْ کی پیروی کریں اور اس کے ساتھ جھگڑا نہ کریں۔ لیکن انہوں نے نہایت پیار کرنے والے اللہ کے حکم کی اطاعت نہ کی بلکہ جب ان میں مسیح موعود ظاہر ہوا تو انہوں نے اس کا انکار کیا۔ گویا کہ وہ یہودی ہیں۔ یہ موعود صلیبی طوفان اور اسلام کے کلیتًا پلٹا کھانے کے وقت نازل ہوا۔ کیا ان علماء نے اس مسیح (موعود) کی پیروی کی؟ بالکل نہیں۔ بلکہ انہوں نے اس کی تکفیر کی اور قبیح کفر کا مظاہرہ کیا۔ عقائد باطلہ پر اصرار کیا اور پادریوں کی خدمت بجالائے۔ پادریوں نے انہیں پورے طور پر اپنے قابو میں کرلیا اور ان کا سر پھوڑا اور ان کو ایسا مزا چکھایا جیسا قیدی کو چکھاتے ہیں۔ سو انہوں نے منحوس دن دیکھا۔ نادان ضرور کہیں گے کہ حکومت برطانیہ نے پادریوں کی مدد کی اور مضبوط پہاڑ کے مشابہ تدبیر سے ان کی

المسلمين فما جريمة العالمين. والأمر ليس كذالك والعلماء ليسوا بمعذورين. فإن الدولة ما نصر القسوس بأموالها ولا بجنود مقاتلين. وما أعطتهم حريّة أزيَد منكم ليرتاب من كان من المرتابين. بل أشاعت قانونًا سواء بيننا وبينهم ولها حق عليكم لو كنتم شاكرين. أتريدون أن تُسيئوا إلى قوم هم أحسنوا إليكم والله لا يُحب الكفّارين الغامطين. ومن إحسانهم أنكم تعيشون بالأمن والأمان. وقد كنتم تُخطفون من قبل هذه الدولة فى هذه البلدان. وأمّا اليوم فلا يؤذيكم ذباب ولّا بقّة ولا أحد من الجيران. وإن ليلكم أقرب إلى الأمن من نهار قوم خلت قبل هذا الزمان. ومن الدولة حفظة عليكم لتُعصَموا من اللصوص وأهل العدوان. وهل

اعانت کی تا وہ مسلمانوں کو عیسائی بنا لیں۔ پھر بھلا اس میں علماء کا کیا قصور؟'' بات یوں نہیں ہے اور علماء (قطعاً) بے قصور نہیں۔ حکومت نے اپنے مال اور اپنی لڑاکا فوجوں کے ساتھ پادریوں کی مدد نہیں کی اور اس نے انہیں تم سے زیادہ آزادی نہیں دی۔ کہ جس کی بناء پر کوئی شک کرنے والا شک کر سکے۔ بلکہ اس نے ایسا قانون رائج کیا جو ہمارے اور ان کے مابین یکساں تھا۔ اگر تم شکرگزار ہو تو اس (حکومتِ برطانیہ) کا تم پر حق بنتا ہے۔ کیا تم چاہتے ہو کہ ان لوگوں سے بدسلوکی کرو جنہوں نے تم سے حسن سلوک کیا ہے۔ اللہ (تعالیٰ) ناشکری اور ناقدری کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتا۔ یہ اُن کا احسان ہے کہ تم امن وامان سے زندگی گزار رہے ہو۔ حالانکہ اس حکومت سے پہلے تمہارا اس سرزمین میں استیصال ہوتا تھا۔ مگر آج کوئی مکھی، مچھر اور کوئی پڑوسی تمہیں کوئی تکلیف نہیں پہنچا سکتا۔ اس زمانہ سے پہلے گزری ہوئی قوم کے دن کی نسبت تمہاری آج کی رات کہیں زیادہ امن کے قریب ہے۔ تمہیں چوروں اور ظالموں سے

﴿۷۲﴾

جزاء الإحسان الا الإحسان. إنّا رأينا من قبلها زمانا موجعا من دونه الحطمة. واليوم بجُنّتها عُرضت علينا الجنّة نقطف من ثمارها. ونأوى إلى أشجارها. ولذالك قلتُ غير مرّة أن الجهاد ورفع السيف عليهم ذنب عظيم. وكيف يؤذى المحسن من هو كريم؟ ومن آذى محسنه فهو لئيم. و إن كُفران خيرٍ أصابك من الإنسان أو الحيوان. ما هو الا كُفران نعمة الرحمان. وإن أقسى القلوب عند الله الكريم. قلبٌ ينسٰى إحسان المحسن الرحيم. ويؤذى رجلا أواه إليه كالمحبوب. ونجّاه من الكروب. ومن أساء إلى المحسن فهو قلب ملعون. أو كلب مجنون. ولذالك ليس من شأن المؤمنين. أن يقتلوا القسّيسين. فإنهم ما تقلّدوا

بچانے کے لئے دولتِ (برطانیہ) کے محافظ مقرر ہیں۔ کیا احسان کی جزاء احسان کے سوا بھی کچھ ہو سکتی ہے۔ اس سے پہلے ہم نے جہنم سے بھی بڑھ کر تکلیف دہ زمانہ دیکھا ہے۔ آج اس (حکومت) کی ڈھال تلے ہمارے سامنے جنت رکھ دی گئی ہے جس کے پھل ہم چن رہے ہیں اور ہم اِس کے درختوں تلے پناہ لئے ہوئے ہیں۔ اسی لئے میں نے یہ بارہا کہا ہے کہ اِن کے خلاف جہاد اور تلوار اٹھانا گناہِ عظیم ہے۔ ایک شریف آدمی (اپنے) محسن کو کیسے ایذا پہنچا سکتا ہے۔ جو اپنے محسن کو ایذا پہنچائے وہ حد درجہ کا کمینہ شخص ہوتا ہے۔ کسی انسان یا حیوان کی طرف سے تجھ پر کی گئی نیکی کی ناشکری دراصل رحمان اللہ کی نعمت کا کفران ہے۔ خدائے کریم کے نزدیک سخت ترین دل وہ دل ہے جو اپنے مہربان اور شفیق محسن کے احسان کو بھلا دے اور ایسے شخص کی ایذا رسانی کے دَرپے ہو جائے جو اسے ایک محبوب کی طرح اپنی پناہ میں لے لیتا ہے اور ہر طرح کے رنج وغم سے نجات دلاتا ہے۔ محسن سے برائی کرنے والا دل ملعون دل ہے یا سگِ دیوانہ ہے۔ اس لئے مومنوں کو یہ زیبا نہیں کہ وہ پادریوں کو قتل کریں۔ کیوں کہ وہ اسلحہ سے لَیس

أسلحة. وما قتلوا للدين مسلمًا أو مسلمة. فليس من البرّ أن تسلّوا سيوفا بحذائهم. أو تثقفوا أسنّة لإيذائهم. بل أعدّوا كمثل ما أعدّوا. وذالك حكم القرآن فافهموا وجدّوا. ولا تعتدوا إن الله لا يحب المعتدين. سيصول عليّ شرير أو ضرير ويقول ويحك أتحرّم الجهاد. وإنّا ننتظر المهدى الذى يسفك الدماء ويفتح البلاد. ويأسر كل من أرى الكفر والعناد. فالجواب أن هذه القصص ما ثبتت بالقرآن. بل يأتى المهدى بوقار وسكينة. لا كمجنون بالسيف والسنان. أيقبل عقل سليم وفهم مستقيم أن يخرج المهدى بسيف مسلول ويقتل الغافلين؟ وما كان الله أن يُعذّب أمّة قبل أن يُفهّم بالآيات والبراهين. وإن هذا أمر لا نجد نموذجه فى

نہیں ہوئے اور نہ ہی انہوں نے کسی مسلمان مرد یا عورت کو دین کی خاطر قتل کیا ہے۔ اس لئے یہ نیکی نہیں کہ تم ان کے سامنے تلواریں سونتو یا ان کی ایذا دہی کے لئے نیزہ زنی کرو۔ بلکہ جیسی انہوں نے تیاری کی ہے۔ تم بھی ویسی تیاری کرو۔ یہ قرآن کا حکم ہے۔ پس اس کو سمجھو اور سنجیدگی سے کوشش کرو۔ اور زیادتی نہ کرو۔ یقیناً اللہ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتا۔ ضرور شریر اور اندھے مجھ پر حملہ کریں گے اور کہیں گے۔ تجھ پر افسوس۔ کیا تو جہاد کو حرام قرار دیتا ہے جبکہ ہم اُس مہدی کے منتظر ہیں جو خونریزی کرے گا اور ملکوں کو فتح کرے گا۔ اور ہر اُس شخص کو جو کفر اور عِناد کا اظہار کرے گا قیدی بنا لے گا۔ پس اس کا جواب یہ ہے کہ یہ قصے اور کہانیاں قرآن کریم سے ثابت نہیں بلکہ مہدی بڑے وقار اور سکینت کے ساتھ آئے گا۔ نہ کہ سر پھرے پاگلوں کی طرح تلوار اور نیزے لے کر آئے گا۔ کیا عقلِ سلیم اور فہم مستقیم اس بات کو قبول کر سکتی ہے کہ مہدی تلوار سونت کر نکلے اور غافلوں کو قتل کرتا پھرے۔ اللہ تعالیٰ نشانات اور دلائل کے ساتھ سمجھانے سے پہلے کسی امت کو عذاب نہیں دیتا۔ اور یہ ایسا امر ہے جس کی مثال ہم

سُنن المرسلين. ولا يصدر كمثل هذا الفعل الا من المجانين. فعدّلوا ميزان العقل. ولا تميلوا كل الميل إلى سمر النقل. واتّقوا طعن العقلاء وانبذوا السيف الذربَ. ولا تؤثروا الطعن والضربَ. ولا تنسوا حديث "يضع الحرب". ما لكم لاَ تأخذون حظا من المِقَة. كإخوان الصدق وَالثِّقَة؟ أليس عندكم الا المرهفات. واللهذم والقناة. أو برأتم من سبل الحصاة. وإن المهدى قد أتى وعرفه العارفون. وهو الذى يُكلّمكم أيها النائمون. فوجدتم ثم فقدتم كأنّكم لا تعرفون. كفّرنى هذه العلماء من التزوير والتلبيس. وكيف لا والشيخ المفتى إبليس؟ وإن القسوس طربوا وشهقوا بوجود هذه العلماء. وآووهم إلى سررهم إعزازًا للرفقاء. فإنهم آثروا

﴿۷۳﴾

سنن مرسلین میں نہیں پاتے۔ اور اس جیسا فعل پاگلوں سے ہی صادر ہوتا ہے۔ پس عقل کی میزان کو سیدھا رکھو۔ اور منقول کہانیوں کی طرف کلیۃً جھک نہ جاؤ۔ عاقلوں کے طعن سے بچو۔ اور شمشیرِ برّاں کو پرے پھینکو۔ نیزہ زنی اور شمشیر زنی کو ترجیح مت دو۔ اور یَضَعُ الْحَرْب کی حدیث کو فراموش نہ کرو۔ تمہیں کیا ہو گیا ہے تم سچے اور قابلِ اعتماد بھائیوں کی طرح محبت سے حصہ نہیں پاتے۔ کیا تمہارے پاس صرف تیز تلواریں، نیزے اور بھالے ہی ہیں؟ یا پھر تم بالکل ہی فارغ العقل ہو؟ مہدی تو آ چکا اور عارفوں نے اُسے پہچان بھی لیا۔ اے سونے والو! یہ وہی تو ہے جو تم سے کلام کر رہا ہے۔ تم نے اُسے پایا۔ پھر اُسے کھو دیا۔ اس طرح کہ گویا تم کچھ جانتے پہچانتے ہی نہیں۔ ان علماء نے جھوٹ اور جعلسازی سے میری تکفیر کی۔ اور ایسا کیوں نہ ہوتا جبکہ فتویٰ دینے والا شیخ ہی ابلیس ہے۔ ان علماء کے وجود سے پادری حضرات وجد سے جھوم اٹھے اور خوشی کے ترانے گائے اور اپنے رفقاء کی عزت افزائی کرتے ہوئے انہیں اپنے تخت پر

الكذب لإحياء عيسٰى وزيّنوا دقاريـر. ونسوا مضجع ابن مريم بكشمير. فلما رأى القسوس بعد التمرّس والتجربة. أنهم حُماتهم فى جعل عيسٰى من الآلهة. قالوا لنا عند المسلمين شهادة فى عظمة ربنا المسيح. فإنهم يُقرّون بصفاته الربّانية بالتصريح. وما كذبوا فى هذا البيان. وإن كانوا كاذبين عند الرحمان. فإنّك تعلم أن هذه العلماء قد تفوّهوا بألفاظ فى شأن عيسٰى ليس معناها من غير أنهم جعلوه لله كالمتبنّى. ولن تعود دولة الإسلام إلى الإسلام. من غير أن يتّقوا ويوحّدوا ويدوسوا هذه العقيدة تحت الأقدام. إنهم يُحطّون ويدَعّون كل يوم إلى تحت الثرى. الا إذا اتّقوا وجعلوا عيسٰى من الموتٰى. ووالله إنى أرى حياة

بٹھایا۔ کیونکہ انہوں نے حیاتِ عیسیٰ کو ثابت کرنے کے لئے جھوٹ کو ترجیح دی اور جھوٹ کو مزین کیا۔ کشمیر میں ابن مریم کی آرامگاہ کو بھول گئے۔ پھر جب پادری صاحبان نے آزمائش اور تجربے کے بعد یہ دیکھا کہ یہ علماء عیسیٰ کو معبود بنانے میں اُن کے حامی ہیں تو انہوں نے کہا کہ ہمارے خداوند مسیح کی عظمت کے متعلق ہمارے حق میں مسلمانوں کے پاس شہادت موجود ہے کیونکہ وہ اس کی صفاتِ الوہیت کا بِالصراحت اقرار کرتے ہیں۔ تو ان کا یہ کہنا کوئی جھوٹ بھی نہیں۔ اگرچہ رحمان خدا کے نزدیک وہ جھوٹے ہیں۔ تمہیں معلوم ہی ہے کہ ان علماء نے عیسیٰ (علیہ السلام) کی شان میں اپنے منہ سے وہ وہ الفاظ کہے ہیں جن کا اس کے سوا کوئی اور مطلب نہیں نکلتا کہ انہوں نے (عیسیٰ علیہ السلام کو) اللہ کے متبنّٰی کی حیثیت دے دی ہے۔ (اب) اسلام کی شان و شوکت واپس نہیں آسکتی سوائے اس کے کہ یہ (علماء) تقویٰ اختیار کریں، موحّد بنیں اور اس عقیدہ الوہیتِ مسیح کو پاؤں تلے رَوند ڈالیں۔ یہ علماء دن بدن گرائے جائیں گے اور تحت الثریٰ تک دھکیلے جائیں گے سوائے اس کے کہ وہ تقویٰ اختیار کریں۔ اور عیسیٰ (علیہ السلام) کو مُردوں میں شمار

الإسلام فی موت ابن مریم. فطوبٰی للذی فهم هذا السرّ وفهّم. ألا ترون القسیسین کیف یُصرّون علی حیاته؟ ویُثبتون ألوهیته من صفاته؟ فأین فیکم رجل یردّ علیهم لله ومرضاته؟ ویُثبت أنه من الموتٰی ویسدد قوله من جمیع جهاته. ویقوّم سهمه مع موالاته. ویهزم العدوّ بصایبه ومصمیاته؟ کلا. بل أنتم تعاونونهم وتنصرون. وبأصوات النواقیس تفرحون. ولا تُسفرون عن أوجهکم. أأنتم القسوس أم المسلمون؟ أتحولون حولهم لعلّکم تُرزقون؟ أوَ تُوَقّرون بهم وتُعزّزون ؟ و لله العزّة جمیعا وله خزائن السماوات والأرض وکل ما تطلبون. فما لکم لا تؤمنون باللّٰه ولّا تتوکّلون. لیسوا سواء زمر

کریں۔ بخدا میں ابن مریم کی موت میں اسلام کی حیات دیکھتا ہوں۔ پس مبارک وہ جس نے اس راز کو سمجھا اور سمجھایا۔ کیا تم اس بات پر غور نہیں کرتے کہ یہ پادری کس طرح حیاتِ (عیسیٰ) پر اصرار کرتے ہیں اور اُس کی صفات سے اُس کی الوہیت ثابت کرتے ہیں۔ تم میں وہ مردِ (میدان) کہاں ہے۔ جو اللہ اور اُس کی خوشنودی حاصل کرنے کی غرض سے ان کے اس (غلط) عقیدے کا ردّ کرے؟ اور یہ ثابت کرے کہ وہ مُردوں میں شامل ہیں۔ اور ہر جہت سے اپنے (عقیدہ کو) درست ثابت کرے؟ اور اپنے تیر کو اُس کے متعلقات سمیت سیدھا کرے؟ اور اپنے نشانے پر لگنے والے مہلک تیروں سے دشمن کو شکست دے۔ ایسا نہیں بلکہ تم تو اُن کا ساتھ دے رہے ہو اور ان کی مدد کر رہے ہو۔ اور طرح طرح کے ناقوسوں کے ساز و آواز سے تم خوش ہوتے ہو اور اپنے چہروں سے نقاب نہیں اٹھاتے۔ کیا تم پادری ہو یا مسلمان کیا تم ان کے اردگرد اس لئے چکر لگاتے ہو کہ تمہیں رزق دیا جائے یا ان کی وجہ سے تمہاری عزت و توقیر کی جائے۔ حالانکہ تمام تر عزت کا مستحق اللہ ہے اور آسمانوں اور زمین کے خزانے اور ہر چیز جس کے تم طالب ہو اُسی ذاتِ باری کی ملکیت میں ہے۔ تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ اللہ

﴿۷۴﴾

العلماء. فریق اتقوا وفریق یفسقون. إن الذین اتّقوا لا نذکرهم الا بالخیر وسیهدیهم الله فإذا هم یُبصرون. وإذا قیل لهم کفّروا هذا الرجل الذی یقول إنی أنا المسیح قالوا ما لنا أن نتکلّم بغیر علم و إنّا خائفون. و قد أخطأ کل من استعجل فی موسٰی وعیسٰی وفی نبیّنا المصطفٰی فلم تستعجلون؟ إن یك کاذبا فعلیه کذبه و إن یك صادقا فنخاف أن نعصی الله والذین یُرسلون. وقوم آخرون منهم آمنوا بالحق وأُوذوا فصبروا علیه وأُخرِجوا من دورهم ومساجدهم وحُقّروا بعد ما کانوا یُعَظّمون. وإذا رأوا آیة من الآیات. والأنوار النازلة من السماوات. زاد

پر ایمان نہیں رکھتے اور اس پر توکل نہیں کرتے۔ (ہاں) علماء کے سب گروہ ایک جیسے نہیں۔ ایک گروہ تقویٰ شعار ہے اور ایک گروہ فسق و فجور میں مبتلا ہے۔ وہ لوگ جو تقویٰ شعار ہیں ہم ان کا ذکر خیر ہی کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی ضرور رہنمائی فرمائے گا اور وہ صاحب بصیرت ہو جائیں گے۔ جب انہیں کہا جائے کہ تم اس شخص کی تکفیر کرو جو اپنے آپ کو مسیح کہتا ہے تو وہ اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ ہمیں یہ حق حاصل نہیں کہ ہم بغیر علم کے بات کریں۔ ہمیں تو خوف آتا ہے۔ (سچی بات یہ ہے) کہ جس نے موسیٰ، عیسیٰ اور ہمارے نبی مصطفیٰؐ کو جھٹلانے میں جلد بازی سے کام لیا اُس نے بڑی غلطی کی پھر تم کیوں شتاب کاری کرتے ہو؟ اگر وہ جھوٹا نکلا تو اس کا جھوٹ اُسی پر پڑے گا اور اگر وہ سچا ہوا تو اس صورت میں ہمیں یہ ڈر ہے کہ ہم اللہ اور اس کے مرسلوں کی نافرمانی کرنے والے بنیں گے۔ اور انہیں میں سے کچھ دوسرے لوگ ہیں جو حق پر ایمان لے آئے اور انہیں تکلیفیں دی گئیں اور انہوں نے اس پر صبر کیا۔ انہیں ان کے گھروں اور مسجدوں سے نکالا گیا۔ وہ صاحبِ عزت و تکریم تھے لیکن ان کی تحقیر کی گئی کہ جب وہ کوئی نشان دیکھتے ہیں اور آسمان سے انوار نازل

إيمانهم. وأشرق عرفانهم. ورضوا بكل مصيبة بما عرفوا من الحق. وماتوا من هذه الدنيا وكل يوم إلى الله يُجذبون. ترى أعينهم تفيض من الدمع. ربنا إننا سمعنامناديا ورأينا هاديا فآمنّا به فاغفر لنا ربّنا وكفّر عنّا سيئاتنا ولا تمتنا الا ونحن عليه ثابتون. أولئك الذين أرضوا ربّهم وله تركوا صحبهم وصيل على بعضهم فقضوا نحبهم أولئك عليهم صلوات الله وبركاته وأولئك هم المهتدون. إن الذين بَلَغَتْهُم بشارة بعث المسيح فما قبلوها أولئك هم المحرومون. يضاهئون النصارى بعقائدهم و لا يشعرون. يقولون إن القسوس أقرب منكم إلى الحق أولئك الذين لعنهم الله والملائكة والصلحاء أجمعون. وإن الذين شقوا ما والاهم الا

ہوتے دیکھتے ہیں تو اُن کا ایمان بڑھ جاتا ہے اور ان کا عرفان چمک اٹھتا ہے۔ حق کو پہچاننے کی وجہ سے وہ ہر مصیبت پر راضی ہو جاتے ہیں اور اس دنیا سے مرجاتے ہیں۔ اور ہر روز اللہ کی طرف کھینچے جاتے ہیں۔ تم اُن کی آنکھوں کو یہ دعا کرتے ہوئے اشکبار دیکھو گے کہ اے ہمارے رب! ہم نے ایک منادی کو سنا اور ہادی کو دیکھا، پس ہم اس پر ایمان لے آئے۔ اس لئے اے ہمارے رب! ہمیں بخش دے، ہماری برائیاں ہم سے دور فرمادے اور ہمیں ایمان پر ثابت قدم رہنے کی حالت میں موت دے۔ یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کو راضی کر دیا اور اس کی خاطر اپنے دوستوں کو چھوڑ دیا۔ ان میں سے بعض پر حملے کئے گئے جس کے نتیجہ میں انہوں نے اپنی مراد کو پالیا۔ یہی وہ لوگ ہیں جن پر اللہ کی رحمتیں اور برکتیں ہیں۔ اور یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں۔ جن لوگوں کو مسیح کے مبعوث ہونے کی خوشخبری ملی مگر پھر بھی اسے قبول نہ کیا تو ایسے لوگ محروم ہیں۔ وہ اپنے عقائد میں نصاریٰ سے مشابہت رکھتے ہیں اور وہ شعور نہیں رکھتے۔ وہ کہتے ہیں کہ ”پادری تم سے زیادہ حق کے قریب ہیں۔“ انہی پر اللہ، فرشتوں اور تمام نیک لوگوں کی لعنت ہے۔ ان بدبختوں سے وہی دوستی

من ولّی. وما صافاهم الا القلب الذی صار کالکلب ومن النور تخلّی. و نُشِّأ فی الجهل وبالعلم ما تحلّی. فسیعلم إذا الله تجلّی. ألا یرون الطاعون؟ ألا یرون سهام أشرار. کأنها شواظ من نار؟ وقدنزل العدا بساحتهم وتشمّروا لإجاحتهم فما بارزوا الأعداء وما أعدّوا. وما فکّروا فی حیل أجاحوا الدین بها و ردّوا. انظروا إلی هذه العلماء. إنهم ما دخلوا الدار من بابها البیضاء. بل تسوّروا جدران الحق من الاجتراء. وإنّ المسیح قد وافاهم مع العلوم النخب. رُحُمًا من الله ذی العجب. وما أنضوا إلیه رکاب الطلب. بل اضطرمت نار الفتن فاقتضت ماء السماء. فنزل مسیح الله بعد ما نزلت علی الناس أنواع البلاء. وترون کیف صالت القسوس وشاعت

رکھتا ہے جو (حق کی راہ سے) پھر چکا ہو۔ اور ان سے وہی دل محبت کا تعلق رکھتا ہے جو سگ صفت اور نور سے خالی ہو اور جہالت میں پروان چڑھا ہو اور زیورِ علم سے آراستہ نہ ہو۔ جب اللہ تجلّی فرمائے گا تو اسے معلوم ہو جائے گا۔ کیا وہ طاعون کو نہیں دیکھتے۔ کیا اُن کی شریر لوگوں کے تیروں پر نگاہ نہیں جو آگ کے لپکتے ہوئے شعلوں کی طرح ہیں دشمن اُن کے صحن میں اتر آئے ہیں۔ اور انہوں نے اُن کی بیخ کنی کے لئے اپنی آستینیں چڑھا لی ہیں۔ مگر پھر بھی یہ ان دشمنوں کے مقابلہ پر نہ نکلے اور نہ تیاری کی اور نہ انہوں نے ان کی اسلام کی بیخ کنی کرنے والی سازشوں پر کبھی غور کیا اور نہ ہی جواب دیا۔ ان علماء کی حالت پر نگاہ ڈالو۔ وہ گھر میں اس کے سفید دروازے سے داخل نہیں ہوئے بلکہ بڑی دیدہ دلیری سے انہوں نے حق کی دیواروں کو پھاندا ہے۔ خدائے ذوالعجائب کی رحمت سے وہ مسیح ان کے پاس اعلیٰ علوم لے کر آیا پر انہوں نے طلب و جستجو کی سواریوں کو اس کی طرف نہ دوڑایا بلکہ فتنوں کی آگ بھڑک اٹھی۔ اور اُس نے آسمانی پانی کا تقاضا کیا۔ پھر لوگوں پر طرح طرح کی بلاؤں کے نازل ہونے کے بعد اللہ کا مسیح نازل ہوا۔ تم دیکھتے ہو کہ پادریوں نے کس طرح حملے

﴿۷۵﴾

الـملّة النصرانية. وقلّت الأنوار الإيـمـانية. ودقّـت المبـاحـث الدينية فی هذا الزمان. وصارت مـعضلا تها شیء لا تفتح أبوابها مـن دون الـرحـمـان. فاليوم إن كـان زمـام الـدين فی أكفّ هذه الـعـلـماء. فلا شك فی خاتمة الشـريـعة الـغـرّاء. فـإنهـم إذا بـارزوا فـولّوا الدبر كالمبهوت الـمستهـام. وكـانـوا سببـا لاستـخـفـاف الإسلام. وكيف يتـصـدّی رجل للحرب. قبل أن يُمرّن علی عمل الطعن والضرب؟ ووالـلـه إنهـم قـوم لا توجد فی كـلامهم قـوّة. ولا فـی أقلامهم سـطوة. ثم مع ذالك يوجد فی أقوالهم سمّ الرياء. ولا يتفوّهون مـن الإخـلاص والاتّـقـاء. بـل تشـاهـد فيها أنواع العفونة. من الـجهل والتعصّب والرعونة. و لا يُری فيها صبغ من الروحانية. ولا يُؤنـس شـیء مـن النفحات

کئے اور عیسائی مذہب پھیلا۔ اور اس زمانہ میں ایمانی انوار کم ہو گئے۔ دینی مسائل مشکل ہو گئے اور ایسی ایسی گنجلکیں پڑیں کہ رحمان خدا کے سوا ان کی گرہ کشائی ممکن نہ تھی۔ پس اگر آج دین کی باگ ڈور ان علماء کے ہاتھ میں ہو تو پھر شریعتِ غرّاء کے خاتمے میں کوئی شبہ نہیں۔ کیوں کہ وہ جب بھی مقابلہ پر نکلے تو پیٹھ پھیر کر سراسیمہ مبہوت شخص کی طرح بھاگ گئے اور وہ اسلام کی خِفّت کا باعث بنے۔ نیزہ زنی اور شمشیر زنی کے فن کی مشق کئے بغیر کوئی شخص جنگ کے لئے کیسے نکل سکتا ہے۔ بخدا یہ (علماء کا) فرقہ ایسا ہے جن کے کلام میں کوئی قوّت نہیں اور نہ ان کے قلموں میں کوئی شوکت ہے۔ اس پر مستزاد یہ کہ ان کی باتوں میں رِیَا کا زہر پایا جاتا ہے۔ وہ اخلاص اور تقویٰ سے بات نہیں کرتے۔ بلکہ تُو اُن کی باتوں میں جہالت، تعصب اور رعونت کی مختلف النّوع عفونت پائے گا اور ان میں روحانیت کا کوئی رنگ نظر نہ آئے گا۔ اور اُن میں ایمانی مہک کی لپٹیں بالکل محسوس نہیں ہوتیں۔ صرف شک و شبہ کا

الإيمانية. ولا يكون محصلها الا ذخيرة الشك والريب. ولا يُرشَح على قلوبهم علم من الغيب. ولذالك لا يقدرون على تسلية المرتابين. وتبكيت المعترضين. بل هم فى شك ومن المتذبذبين. وكثير منهم نجد منهم ريح الدهريين. وليس قولهم الا كالسرجين. أو كميّت قُبر من غير التكفين. وليسوا الا عارا على الإسلام وتبارا للمسلمين. لاسيما فى هذا الحين. فإن الناس يتطلّبون فى هذا الأوان. من يُخرجهم من ظلمات الشك إلى نور الإيقان. ويحتاجون إلى نطق يُشفى النفس. وينفى اللبس. ويكشف عن الحقيقة الغمّى. و يوضح المعمّى. فأين فى هؤلاء رجل توجد فيه هذه الصفات. وكيف من غير حديد تُكسر الصفات؟ وأين فيهم رجل بليغ يتمايل عليه

ذخیرہ ہی ان کا حاصل ہے۔ اُن کے دلوں پر علمِ غیب کا چھینٹا تک نہیں پڑا۔ اسی وجہ سے وہ شک کرنے والوں کی تسلّی وتشفّی کرانے اور معترضین کا منہ بند کرنے پر قدرت نہیں رکھتے بلکہ وہ تو خود شک اور تذبذب میں گرفتار ہیں۔ اُن میں سے اکثر ایسے بھی ہیں جن میں ہم دہریت کی بُو پاتے ہیں۔ ان کی گفتگو ایسی جیسے گوبر۔ یا کوئی مردہ جسے بے کفن گور میں ڈال دیا گیا ہو۔ وہ اسلام کے لئے ننگ اور مسلمانوں کے لئے تباہی ہیں۔ خصوصاً اس زمانہ میں۔ اس دَور میں لوگ ایسے شخص کے متلاشی ہیں جو انہیں شک کے اندھیروں سے نکال کر یقین کے نور میں لے آئے وہ ایسے کلام کے محتاج ہیں جو دل کو تشفّی دے اور ابہام دور کرے۔ اور مخفی حقیقت سے پردہ اٹھا دے۔ اور معمّہ کی وضاحت کر دے۔ ان میں وہ مرد کہاں جو اِن صفات کا حامل ہو۔ اور لوہے کے بغیر پتھر کیسے توڑا جا سکتا ہے۔ ان میں ایسا بلیغ شخص کہاں ہے جس پر

الجلاس؟ وأين فصيح يتفوّه بكلم يستملحها الناس؟ وأين فيهم مُزَكّى يُحيي القلوب. ويهب السكينة ويدرأ الكروب؟ وأين كلاّم تحكى لآلى منضدة؟ وأين بيان يضاهي قطوفا مذلّلة؟ بل أخلدوا إلى الأرض بحرص شديد. فأنّى لهم التناوش من مكان بعيد؟ وما كان لأحد أن يكون قادرًا على حُسن الجواب. وفصل الخطاب. ومستمكنًا من قول هو أقرب إلى الصواب من غير أن ينفخ فيه من رب الأرباب. فانظروا أتجدون فيهم من يُبكّت المخالف فى كل مورد تورّده. ويُسكّت الزارى عند كل كلام أورده؟ أتجدون فيهم من كان سبّاق غايات فى مُلح الأدب وغُرر البيان. ولا يأخذه خجالة فى أساليب التبيان. ثم مع ذالك كان البيان فى

﴿۷۶﴾

حاضرینِ مجلس مائل ہوں، اور کہاں ہے ایسا فصیح جو ایسا کلام کرے جسے لوگ عمدہ اور ملیح گردانیں؟ کہاں ہے اُن میں ایسا مزکّی جو دلوں کو زندہ کرے اور سکینت بخشے اور تکلیفیں دور کرے؟ اور کہاں ہے وہ کلام جو خوبصورت جڑے ہوئے موتیوں کے مماثل ہو؟ اور کہاں ہے ایسا بیان جو جھکے ہوئے خوشوں سے مشابہت رکھتا ہو؟ شدید حرص کے باعث وہ زمین کی طرف جھک گئے ہیں۔ پس ایک دور کے مقام سے ان کا اسے پکڑ لینا کیسے ممکن ہوسکتا ہے۔ کسی کے لئے یہ ممکن نہیں کہ وہ عمدہ جواب دینے اور فیصلہ کن کلام پر قادر ہو۔ اور ربّ الارباب کے نفخ روح کے بغیر صحیح ترین بات پر قادر ہو۔ غور کرو! کیا تمہیں اُن میں کوئی ایسا شخص نظر آتا ہے کہ اُس کا مخالف جس میدان میں بھی اُترے وہ اُسے اسی میدان میں لاجواب کر سکے؟ اور ہر نکتہ چین کو اس کی پیش کردہ ہر بات پر خاموش کروا سکے۔ اور کیا تم ان میں کوئی ایسا شخص پاتے ہو جو اعلیٰ ادب اور درخشاں بیان کی انتہا تک سبقت لے جانے والا ہو اور کسی بھی پیرایۂ فصاحت و بلاغت میں اُسے شرمندگی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ بایں ہمہ وہ بیان، حق وصدق کے التزام کے ساتھ ساتھ یاوہ گوئی

معارف الفرقان. مع التزام الحق والصدق والاجتناب من الهذيان؟ أرأيتم فيهم من يُخوّف قرنه بالبلاغة الرائعة. ويذيب النفوس بالكلم الذائبة المائعة. أو يُرِى الكلام فى الصورة كالدرر المنثورة؟ ولن ترى فيهم صرِّيعًا. ومن كان فى العلوم يَحْكِى بقيعًا. نعم ترى فيهم أمواج تكبّر وخيلاء. من غير فطنة ودهاء. ثم مع هذا الجهل بلَغَتْ رؤوسهم إلى السماء. ولا يمشون على استحياء. ولا ينتهون من تصلّف واستعلاء ورعونة ورياء. وتحقير وازدراء. وكأيّن من آية أنزلها الله ثم لا يُصغون. ويمرّون ضاحكين على اللّه ورسله ويستهزءون. ولا يعبدون الا أهواء هم ولا يتدبّرون. و قالوا أرنا آية من الله. وقد ظهرت الآيات من

سے پاک قرآنی معارف پر مشتمل ہو۔ کیا تمہیں ان میں کوئی ایسا شخص دکھائی دیتا ہے جو عمدہ بلاغت سے اپنے مدِّ مقابل کو مرعوب کر سکے اور جو اپنے رواں اور گداز کلام سے نفوس کو پگھلا دے اور اپنے کلام کو بکھرے موتیوں کی صورت میں پیش کر سکے۔ تم ہرگز ان میں کوئی مردِ میدان نہیں دیکھو گے جو علوم میں ذہین دانا کے مشابہ ہو۔ ہاں البتہ تم ان میں تکبر اور خود پسندی کی لہریں دیکھو گے جن میں فہم و فراست کا نام تک نہ ہو گا۔ پھر باوجود اس جہالت کے ان کے سر آسمان تک پہنچے ہوئے ہیں اور وہ حیا سے نہیں چلتے۔ وہ لاف زنی، تکبر، رعونت، رِیا اور دوسروں کی تحقیر و تذلیل سے باز نہیں آتے۔ کتنے ہی عظیم الشان نشان تھے جنہیں اللہ نے نازل فرمایا لیکن وہ ان کی طرف توجہ نہیں کرتے۔ اور اللہ اور اس کے رسولوں پر ہنستے اور استہزاء کرتے ہوئے گزرتے ہیں۔ وہ صرف اپنی نفسانی خواہشات کی پُوجا کرتے ہیں اور غور و فکر سے کام نہیں لیتے۔ اور کہتے ہیں کہ ہمیں اللہ کا کوئی نشان دکھاؤ۔ حالانکہ تقویٰ اختیار کرنے والوں کے لئے آسمانوں سے بھی

السماوات والأرض لقوم يتّقون. وقيل إن كنتم فى شكّ من كلامى فأتوا بكلام من مثله فما آتوا بمثله وما تركوا الظن الذى به أنفسهم يُهلكون. وإن منصب العلماء خطب خطير. وأمر كبير. لا يليق لهذه الخدمة الا الذى فُتحت عليه أبواب الحجّة البالغة. ورُزِق نظرًا مُنَقّحًا من حضرة الغيب. وعِلمًا مُنزّها عن الشك والريب. ومع ذالك أُعطى عذوبة البيان. والمُلَح الأدبية والحلل المستحسنة لإراء ة ما فى الجنان . و عُصِم من معرّة الحصر واللكن. وأُسبِغ عليه عطاء اللسن. ولكن هؤلاء الذين يُسمّون أنفسهم علماء. ما أعطاهم قسمة الله الا الضوضاء. قرءوا القرآن. وما مس القرآن الا اللسان. وما رأى القرآن جنانهم وما رأى

﴿۷۷﴾

اور زمین سے بھی بے شمار نشان ظاہر ہو چکے ہیں۔ اُن سے کہا گیا کہ اگر میرے کلام میں کسی شک میں ہو تو اس جیسا کلام پیش کرو پس نہ تو وہ اس جیسا کلام لائے اور نہ ہی انہوں نے وہ بدظنی ترک کی۔ جس کی وجہ سے وہ اپنے تئیں ہلاک کر رہے ہیں۔ علماء کا منصب اتنی اہم ذمّہ داری اور عظیم امر ہے کہ اس خدمت کو صرف وہی شخص بجا لا سکتا ہے جس پر حجتِ بالغہ کے دَر کشادہ کر دیئے گئے ہوں اور جسے غیب سے محقّقانہ نظر عطا کی گئی ہو اور ایسا علم دیا گیا ہو جو شک و شبہ سے پاک ہو اور مزید برآں اُسے شیریں بیانی ، ادبی شہ پارے اور مافی الضمیر کو حسین پیرایوں میں ادا کرنے کی صلاحیت دی گئی ہو۔ اور وہ کوتاہ بیانی اور ہکلاہٹ کے عیب سے محفوظ ہو اور زبان دانی کی نعمت سے مالا مال کیا گیا ہو۔ لیکن یہ لوگ جو اپنے آپ کو علماء کہتے ہیں۔ اللہ نے ان کے نصیب میں شور وغوغا کے سوا کچھ نہیں رکھا۔ وہ قرآن پڑھتے ہیں لیکن صرف زبان کی حد تک۔ قرآن ان کے دلوں سے اور ان کے دل قرآن سے شناسا نہیں۔ انہوں نے ایسی حرکتوں کا مظاہرہ کیا

جنانهم الفرقان. وأروا أفعالا خجّلوا بها الشيطان. ترى عقدة على لسانهم. وقبضًا فى جنانهم. ودَجُلا فى بيانهم. ما أُيِّد نطقهم بالحجة. وما سلك قولهم فى سلك البلاغة. تراهم كغبىّ غمر ليس له معرفة. ولا يُدرَى أ قُفِل على لسانه أو لكنة. كأنهم حُصروا فى مكان ضيّق ولا يتراء ى سبيل. وأكل تمرهم دودة النفس وما بقى الا فتيل. تمترس ألسنهم فى الخصومات. ولا يُعدّون للعدا ما يُبكّتهم عند المباحثات. ولا يُظهرون جوهر الإسلام. بل يتكلمون كمدلّس متزلزلة الأقدام. فيجعلون الإسلام غرضا للسهام. أولئك كالأنعام. وإن نطق الأنعام ليس به هين. وندامة الخرس أشد من الحين. يطلبون قنطارا من

جن سے شیطان کو بھی شرمندہ کر دیا۔ تجھے ان کی زبان میں گرہ، دل میں گھٹن اور بیان میں فریب دکھائی دے گا۔ اُن کے کلام کو دلیل کی تائید حاصل نہیں اور ان کی گفتگو بلاغت کی لڑی میں پروئی ہوئی نہیں۔ تو انہیں ایک جاہل، کُند ذہن کی مانند پائے گا جسے کوئی معرفت حاصل نہیں اور یہ پتہ نہیں لگتا کہ آیا اس کی زبان پر قفل لگا ہوا ہے یا لُکنت ہے۔ گویا وہ ایک تنگ جگہ میں محصور کر دیئے گئے ہیں جہاں سے نکلنے کی کوئی سبیل نظر نہیں آتی۔ ان کی کھجور کو نفسانیت کے کیڑے نے کھا لیا ہے اور صرف گٹھلی کی جھلّی بچی ہے۔ ان کی زبانیں جھگڑوں میں لگی ہوئی ہیں۔ اور وہ دشمنوں کے مقابلے کے لئے کوئی تیاری نہیں کرتے جس سے مباحثات کے وقت وہ ان کا منہ بند کر دیں۔ وہ اسلام کا جوہر ظاہر نہیں کرتے بلکہ وہ لڑکھڑاتے قدموں سے دھوکہ باز کی طرح بات کرتے ہیں۔ پس وہ اسلام کو تیروں کا نشانہ بناتے ہیں۔ وہ چوپاؤں جیسے ہیں۔ اور چوپاؤں کے کلام میں وقار اور سکینت نہیں ہوتی۔ اور بات نہ کر سکنے کی ندامت موت سے بھی بدتر ہوتی ہے۔ وہ سونے کے ڈھیر کے خواہاں ہیں لیکن بصارتِ

العين. ولا يطلبون بصارة العين. يُظهرون جهامهم وابلا. وسقطهم جوهرا قابلا. ولا يضاهئون الا حابلا. ولا أقول حسدا من عند نفسي ولا من الابتدار والعجلة. وأعوذ بالله من الحسد والكذب والتهمة. بل قلتُ كل ما قلتُ بعد التمرّس والتجربة. الا الذين طابت طينتهم وصلحت نيّتهم. فأولئك مُنزّهون عن هذه الملامة. ولا أُفَسّق الا الذين فسقوا ولا أُجَهّل الا الذين جهلوا. وتلك الحبوب هي الأكثر في هذه العرمة. وإن كنتم في شك فامعنوا النظر مرارًا. وسرحوا الطرف أطوارًا. وتدبّروا تؤدة و وقارًا. وانظروا. هل تجدونهم من حماة الإسلام وخدّام الملّة؟ وهل تتوسّمون فيهم ميسم الأبرار وذوي الفطنة؟ بل هم يشابهون جهاما وخُلّبًا. ويُضاهئون متصلّفًا قُلّبًا. لا تجد فيهم ريح الصادقين.

چشم انہیں مطلوب نہیں۔ وہ اپنے بے آب بادل کو موسلا دھار بارش برسانے والا اور جو اُن میں سب سے کمینہ ہے اُسے جوہرِ قابل ظاہر کرتے ہیں۔ وہ شکاری کے مماثل ہیں۔ میں یہ بات اپنی طرف سے حسد، جلد بازی اور عجلت سے نہیں کہہ رہا۔ میں حسد، جھوٹ اور تہمت سے خدا کی پناہ مانگتا ہوں۔ بلکہ جو کچھ میں نے کہا ہے۔ وہ پوری تحقیق و تجربہ سے کہا ہے۔ البتہ جو پاک طینت اور نیک نیت ہیں وہ اِس ملامت سے پاک ہیں۔ میں تو صرف فاسقوں کو فاسق اور جاہلوں کو جاہل قرار دے رہا ہوں۔ اور اس کھلیان میں انہی دانوں کی اکثریت ہے اگر تمہیں شک ہے تو بار بار نگاہ ڈالو۔ ہر زاویئے سے نظر دوڑاؤ اور متانت اور وقار سے غور وفکر کرو اور پھر دیکھو کہ کیا تم ان (علماء) کو اسلام کے حامی اور ملت کے خادم پاتے ہو؟ اور کیا اِن میں نیک اور اہل فراست لوگوں کا کوئی نشان نظر آتا ہے؟ بلکہ یہ اَبرِ بے آب کی مانند ہیں۔ لاف زن اور شاطر سے مشابہت رکھتے ہیں۔ تو ان میں

ولا راح العارفين. ينقلبون فى قواليب العلماء. ولا تجدهم الا كقالب من غير قلب الأتقياء. إن هم الا كالأنعام. ما أُرضعوا ثدى العلم ومآ أُشرِبوا كأس الكرام. يخدعون الناس بحلل العلماء. وسناعة المتاع وحسن الرواء. وإن هم الا قبور مُبيّضة عند العقلاء. وليس عندهم من غير لُحًى طُوّلت. وأنف شمخت. و وجوه عبست. وقلوب زاغت. وألسن سُلّطت. وكلم تعفّنت. يرمون البريئين. ويُكفّرون المسلمين. وكم من خصال فيهم تحكى خصائل سباع. وكم من أعمال تشابه عمل لكاع. وكم من لدغ سبق لدغ حَيَوَات الصحراء. وكم من طعن خجّل قنا الهيجاء. يدّعون أنهم على خلق إدريس. ثم يُظهرون خليقة إبليس. فالحاصل أنهم ليسوا رجال هذا

صادقوں کی بُو باس نہ پائے گا اور نہ عارفوں جیسی نشاط۔ وہ علماء کے روپ میں گھومتے ہیں۔ تو انہیں ایک ایسے قالب جیسا پائے گا جس میں متقیوں کا دل نہیں وہ تو بس چوپاؤں جیسے ہیں۔ نہ انہوں نے علم کی چھاتیوں سے دودھ پیا اور نہ شرفاء کے جام سے نوش کیا۔ علماء کے لبادوں میں اور دنیا کے اسباب کی چمک دمک اور اپنی خوبروئی سے وہ لوگوں کو دھوکا دیتے ہیں۔ عقلمندوں کے نزدیک وہ چمکتی قبروں جیسے ہیں۔ اُن کے پاس لمبی داڑھیوں، اونچی ناکوں، تیوری چڑھے چہروں، کج دلوں، تیز طرار زبانوں اور متعفّن باتوں کے سوا کچھ نہیں۔ وہ معصوموں پر تہمتیں لگاتے اور مسلمانوں کو کافر ٹھہراتے ہیں۔ ان کی بہت سی عادتیں درندوں کی عادات جیسی اور کام کمینوں کے اعمال جیسے ہیں اور کتنے ہی ڈنک ہیں جو صحرا کے سانپوں کے ڈسنے سے سبقت لے گئے ہیں اور کتنے ہی طعنے ہیں جنہوں نے جنگ کے نیزوں کو بھی شرما دیا۔ دعویٰ تو اخلاقِ ادریسی کا لیکن اظہار ابلیسی فطرت کا کرتے ہیں۔ حاصل کلام یہ کہ یہ اس میدان کے مرد نہیں بلکہ

﴿۷۸﴾

الميدان. بل هم قوم استولى عليهم الوهن والكسل كالنسوان. ورضوا بالدنيا الدنيّة واطمأنوا بها فيخلدون كل يوم إلى وهاد العصيان. يُأثّمون الناس ويُفَسّقونهم بالألسنة المتطاولة. مع أن نفوسهم قد اتّسخت بدرن المعصية. يبادرون إلى مواضع الشح والنهمة. ويتقاعسون من ميادين نصرة الملّة. يتمايلون على عرض هذا الأدنى. وخدعهم متاع قليل أكدى. يعظون على المنابر. ويتراءون كالمتّقى الصابر. وإذا قضوا الصلاة. وازمعوا الانفلات. فنسوا ما وعظوا كرجل مات. فمن فيهم يوجد فيه مواساة الدين. ومقاساة الشدة للشرع المتين؟ ومن ذا الذى ذاب لدين المصطفٰى. والوجدُ نفَى عنه الكرى. وبرَى اعظُمه لما

وہ لوگ ہیں جن پر عورتوں جیسی کمزوری اور سستی چھائی ہوئی ہے۔ وہ اس حقیر دنیا پر خوش اور مطمئن ہو گئے ہیں اور دن بدن عصیاں کی پستیوں میں جھکے چلے جا رہے ہیں اور اپنی زبان درازی کے ذریعہ لوگوں کو گنہگار اور فاسق قرار دیتے ہیں جبکہ ان کے نفوس معصیت کی کئی قسم کی میل کچیل سے آلودہ ہیں۔ وہ حرص و آز کی جگہوں پر لپکتے ہیں اور نصرتِ دین کے میدانوں سے پیچھے ہٹ جاتے ہیں۔ وہ اس گھٹیا دنیا کے اسباب کی طرف جھکتے ہیں اور بہت تھوڑے حقیر مال نے انہیں دھوکے میں ڈالا ہوا ہے۔ منبروں پر چڑھ کر وعظ کرتے ہیں اور ایک صابر متقی جیسا رُوپ دھارتے ہیں۔ جب وہ نماز ادا کر لیتے ہیں اور واپس جانے کا ارادہ کرتے ہیں تو ایک مردہ شخص کی طرح اپنے خود کئے ہوئے وعظ کو بھول جاتے ہیں۔ ان میں سے کون ہے جس میں دین کی ہمدردی اور شرعِ متین کی خاطر سختی برداشت کرنے کا جذبہ پایا جاتا ہے، اور کون ہے جو دین مصطفٰی (صلی اللہ علیہ وسلم) کے لئے گداز ہوا ہو اور اس غم نے اس کی نیند اڑا دی ہو اور (اسلام پر)

انبرَی؟ ثم مع ذالك كثر فيهم الكسل والغفلة. وقلت الفطنة. وأَنّٰى فيهم قوم يستقرُون مجاهل. ويردون مناهل. ويستخرجون دُرر العرفان من بحار اشتدّت إليها الحاجة للزمان؟ بل تراهم من جذبات النفس كالسُكارى. وفى أهوائها كالأسارى. مالهم أن يكشفوا عن وجه المعضلات النقاب. ويجدّدوا ما دُرس وغاب. ويُنقّحوا الأمور ويجمعوا ما صلح وتاب☆. ويجتنبوا الاحتطاب. ويُنفدوا الأعمار لتعرّف الحقائق. و يُذّيبوا الأبدان لأخذ الدقائق. وأن لا يبرحوا فناء تحصيلها. حتى يتيسّر سلوك سبيلها. ويتضح معالم دليلها. ويرشح على صدورهم خفايا الدين. ويُلقى فى قلوبهم علم اليقين. كلا.. بل ضل سعيهم فى

آنے والے مصائب نے اُس کی ہڈیوں کو کمزور کر دیا ہو۔ پھر مزید برآں ان میں سُستی اور غفلت بڑھ گئی اور زیرکی کم ہوگئی ہے۔ ان میں وہ لوگ کہاں ہیں جو ریگستانوں میں گمشدہ راستوں کا کھوج لگائیں اور چشموں پر وارد ہوں اور سمندروں سے عرفان کے ایسے موتی نکالیں جن کی زمانے کو اشد ضرورت ہے۔ بلکہ تو انہیں جذبات نفس کی وجہ سے مدہوشوں کی طرح اور اس کی خواہشات میں قیدیوں کی طرح دیکھتا ہے۔ ان میں اتنی طاقت نہیں کہ وہ پیچیدہ مسائل کے چہرے سے نقاب کشائی کرسکیں اور جو مٹ گیا یا غائب ہوگیا اس کی تجدید کرسکیں۔ اور معاملات کی اصلاح کریں اور درست اور عمدہ چیزوں کو جمع کریں اور رطب و یابس سے اجتناب برتیں اور حقائق کی جستجو میں عمریں صرف کردیں اور دقائق اخذ کرنے کے لئے اپنے بدن گُھلا دیں اور ان (دقائق) کی تحصیل کے آنگن میں بس دھونی رمالیں تا آنکہ ان راہوں پر چلنا میسر آجائے، اور ان کی راہنمائی کے نشان واضح ہوجائیں اور دین کے سربستہ راز ان کے سینوں میں ڈالے جائیں اور علمِ یقین ان کے دلوں میں القاء کیا جائے۔ ہرگز نہیں، بلکہ اُن کی تمام تر کوششیں دنیوی زندگی کی ﴿۷۹﴾

☆ ''تاب'' سہو کتابت ہے صحیح ''طاب'' ہے۔ (ناشر)

الحیاة الدنیا وهم یحسبون أنهم من المحسنین. وما تری فی کلمهم روحانیة وتراهم کالمحتطبین. واشتدّت حاجة الإسلام فی زمننا إلی اٰراء صائبة. وأفکار مستنبطة. وطبائع متوقّدة. وقلوب صافیة. وهمم منعقدة. وأدعیة مقبولة. وفیوض من اللّٰه متوالیة. ومساعی للّٰه جاریة. وقد ضاق وقت إصلاح الأمّة. وما بقی إلا کرمق المهجة. وما یُجدی طِلَاب الآثار. بعد ما فُقد العین من الابصار. انظروا إلی الأیام یا سراة الإسلام. وقد مضی خُمسٌ من رأس المائة ومن هذا الضیف البدر. فأرونا من جلس علی هذا الصدر. وأرونا من قام لجبر سریر انکسر. ووجه منیر استتر. واعلموا أن هذا الباب لن یُفتح بأسلحة متقلّدة. بل یحتاج إلی دلائل قاطعة.

طلب میں گم ہوگئیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ وہ اچھا کام کر رہے ہیں۔ اور تو ان کی باتوں میں روحانیت نہیں دیکھے گا۔ بلکہ تو انہیں رطب و یابس جمع کرنے والا پائے گا۔ ہمارے اس زمانے میں اسلام کو درست آراء، استنباط شدہ افکار، روشن طبائع، صاف دلوں، مضبوط ارادوں، مقبول دعاؤں اور اللہ تعالیٰ کے متواتر فیوض اور اللہ کے لئے جاری رہنے والی کوششوں کی شدید ضرورت ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اصلاحِ امت کے لئے وقت تنگ ہو چکا ہے اور جان کی صرف ایک رمق باقی ہے۔ آنکھ کی بینائی مفقود ہو جانے کے بعد آثار کی جستجو کیا فائدہ دے گی۔ اے سردارانِ اسلام! زمانے پر نگاہ ڈالو۔ صدی کے سر سے اور اس مہمان بدر (یعنی چودھویں صدی) کا پانچواں حصہ گزر چکا پھر ہمیں دکھاؤ کہ اس صدر مقام پر کون بیٹھا ہے؟ اور دکھاؤ کہ اس شکستہ تخت اور روشن چہرہ جو چھپ گیا ہے کی اصلاح کے لئے کون آ کھڑا ہوا ہے۔ پس جان لو کہ یہ دروازہ کبھی بھی روایتی ہتھیاروں سے مسلح ہونے سے نہیں کھولا جائے گا بلکہ یہ قطعی دلائل اور

وآيات ساطعة. وإلى العارفين الذين يتدبّرون بشرة الشريعة و خوافيها. ويخدمون ظواهر الملّة وما فيها. لتطمئن بها القلوب. وتنكشف الغيوب. وينتفع المحجوب. أيها الكرام و سراة الإسلام قد جلّ ما عراكم من الداهية. وعظم ما نزل من المصيبة. فأروني ما هيّأتم لدفاع هذه الجنود المجنّدة. أتعرضون علينا هذه العلماء. وهذه المشائخ والفقراء. فانّا للّٰه على وقت جاء. ومصيبة حلّت شريعتنا الغرّاء. الآن يحتاج الإسلام إلى رجل آتته يد الغيب مالم يُعطَ لغيره. وأراه اللّٰه ما لم يره أحد في سيره. وجعله اللّٰه من الموفقين المنصورين. وورثاء النبيين. ومنَّ عليه بالامتياز بالعلم و البصيرة . و الهمّة والمعرفة. والإصابة والإجادة.

روشن نشانات کا محتاج ہے نیز اہل معرفت کا محتاج ہے جو شریعت کے ظاہری اور مخفی پہلوؤں پر غور و تدبّر کرتے ہیں اور ملت کے ظاہری اور باطنی امور کی خدمت میں لگے رہتے ہیں تا اس سے دل تسلی پائیں اور جو باتیں مخفی ہیں وہ ظاہر ہو جائیں اور عقل کے اندھے بھی اس سے فائدہ حاصل کرلیں۔ اے معززین وعمائدینِ اسلام! وہ آفت جو تم پر آ گئی ہے وہ بہت بُری ہے اور جو مصیبت نازل ہوگئی ہے وہ عظیم ہے۔ مجھے بتاؤ! تم نے اس لاؤلشکر سے دفاع کے لئے کیا تیاری کی ہے؟ کیا تم ان علماء اور مشائخ وفقراء کو ہمارے سامنے پیش کرتے ہو؟ یہ مشکل گھڑی جو ہم پر آن پڑی ہے اور وہ مصیبت جو ہماری روشن شریعت پر نازل ہوئی ہے اس پر اِنَّا لِلّٰہِ پڑھو۔ اب اسلام کو ایک ایسے مردِ (مجاہد) کی ضرورت ہے جسے دستِ غیب نے وہ کچھ دیا ہو جو اس کے غیر کو نہیں دیا گیا۔ اور جسے اللہ تعالیٰ نے وہ کچھ دکھایا ہو جو کسی اور نے اپنے سفر (زندگی) میں نہ دیکھا ہو۔ اور اللہ نے اسے صاحب توفیق اور تائید یافتہ لوگوں میں سے اور نبیوں کا وارث بنایا ہو اور اسے علم، بصیرت، ہمت، معرفت، درست وعمدہ رائے اور

وقوّة الإرادة. ووهب له دراية تُعد من خرق العادة. ومتّعه بكثير من الثمار. وما ترّكه كحرباء يتعلق بالأشجار. ليُلفى الطلابُ عنده حقائق نَووها. ويجدوا نشر معارف طووها. وليأخذوا منه العجائب. ولينالوا الغرائب. وليُهرع الخلق إليه كذى مجاعة وبوسَى. ويأووا إليه كبنى إسرائيل إلى موسَى. وليذوقوا به طعم الأسرار. ويسرحوا فى مسرح الأنوار. ومع ذالك من شرائط مصلح أهل الزمان. أن يفوق غيره فى التفقّه وقوة البيان. وأن يقدر على إتمام الحجة ولا كأهل الصناعة. ويسرد الكلام على أسلوب البراعة. ويعصم نفسه من الخطأ فى الآراء. ويُرى الحق والباطل كالنهار والليلة الليلاء. ليحرز الناس به عين الأمور المنقّحة. و ليجمعوا

﴿۸۰﴾

قوتِ ارادی سے امتیازی طور پر نوازا ہو اور خارق عادت درایت عطا کی ہو اور اُسے کثرتِ ثمرات سے متمتع فرمایا ہو اور اُسے درختوں سے لٹکنے والے گرگٹ کی طرح نہ رکھا ہو تا کہ متلاشیانِ حق اس مرد سے وہ حقائق پالیں جن کا انہوں نے ارادہ کیا تھا اور اُن معارف کی خوشبو پالیں جن کا انہوں نے عزم کیا تھا اور تا وہ اس سے عجائب وغرائب حاصل کرسکیں اور تا مخلوق اُس کی طرف ایک بھوکے اور محتاج شخص کی طرح دوڑتی چلی آئے اور وہ اُس کی پناہ میں اسی طرح آ جائیں جس طرح بنی اسرائیل نے (حضرت) موسیٰؑ کی پناہ لی تھی تا کہ وہ اس کے ذریعہ اسرار ورموز کا مزہ چکھیں اور انوار کی چراگاہ میں چَریں۔ مزید برآں اہل زمانہ کے مصلح کی علامات سے ایک یہ بھی ہے کہ وہ تفقّہ فی الدّین اور قوتِ بیانیہ میں اپنے غیر پر فوقیت رکھتا ہو، اور اتمامِ حجت کرنے پر اسے اہلِ فن سے بھی زیادہ قدرت ہو، اور فصاحت کے اسلوب پر رواں کلام کرے اور آراء میں وہ معصوم عنِ الخطأ ہو۔ اور حق وباطل کو روشن دن اور تاریک رات کی طرح ممتاز کر کے دکھادے، تا کہ اس کے ذریعہ لوگ صاف شفاف امور کے چشمہ کو پالیں۔ اور اپنی قوت حافظہ کی پوٹلی

دُرر المعارف فی صرّة قوّة الحافظة. ومن شرائط المصلح أن یُنقّح الإنشاء. ویتصرّف فیه کیف شاء. ویجتنب رکاکة البیان. ویؤکّد قوله بالبرهان. وأنت تریٰ ان هذه الشرائط مفقودة فی هذه الفرقة . و ما أُعطی لهم الا قلیل من الصور الإنسانیة. بل لا یستیقظون بمواعظ ولا ینتهجون مهجة الحزم والفطنة. وما أراهم إلا کجمادات أو کفرخ الدجاجة. وما مرّ علیهم الا لیلة علی الخروج من البیضة. فما ظنك أیُبطل هؤلاء ما صنع القسوس من أسلحة للإهلاك والإبادة؟ لا واللّٰه بل هم کصرعٰی لا رجال الجلادة. وما بقی فیهم حرکة ولا علامة من القصد والإرادة . قد استسنوا قیمة الدنیا و وزنها. و استغزروا ماء ها ومُزنها. غرّوا باجمال

میں معارف کے موتی جمع کرلیں۔ ایک مصلح کی علامات سے یہ بھی ہے کہ وہ انشاء پردازی میں کمال رکھتا ہو اور وہ جس طرح چاہے اس میں تصرّف کر سکے، اور رکیک بیان سے اجتناب کرے اور اپنی بات کو دلیل کے ساتھ محکم کرے۔ اور یہ تو دیکھ ہی رہا ہے کہ یہ علامات اس فرقۂ (مولویاں) میں مفقود ہیں۔ انہیں بہت کم انسانی شکلیں بخشی گئی ہیں بلکہ اُن کی حالت یہ ہے کہ وہ وعظ ونصیحت سے بیدار نہیں ہوتے۔ اور عقل ودانش کے راستوں پر نہیں چلتے مَیں تو انہیں جمادات کی طرح یا مرغی کے اُن چوزوں کی طرح سمجھتا ہوں جن پر انڈے سے نکلے ہوئے ایک رات بھی نہیں گزری۔ تیرا کیا خیال ہے کہ یہ پادریوں کے اُس اسلحہ کو بیکار بنا سکتے ہیں جو انہوں نے ہلاکت اور تباہی کے لئے بنایا ہوا ہے؟ بخدا نہیں بلکہ وہ تو مرے ہوئے ہیں نہ کہ قوی اور مضبوط پہلوان۔ نہ تو ان میں کوئی حرکت رہی ہے اور نہ قصد اور ارادے کا کوئی نشان۔ انہوں نے دنیا کی قدر و قیمت کو بہت اونچا سمجھا اور اس کے پانی اور اَبرِ بارَاں کو کثیر سمجھا اور اُس کے عیش وعشرت کی خوبصورتی اور ظاہری تزئین وآرائش سے دھوکا کھایا۔ نفسانی خواہشات نے ان کی انسانی صفات کو بالکل بدل کر رکھ

عشرتها. وتجميل قشرتها. وأحالت الأهواء صفاتهم الإنسانية. حتى جهلوا الحقوق الرحمانية. فكيف يُتَوقّع منهم نصرة الدين ؟ و كيف يحى الميّت بعد التجهيز و التكفين؟ و إن نصرة الدين ليس بهين. وما تصل إليها الا بعد أن تصل إلى الحين. ولن يؤتَى هذا الفتح لعُرُض الناس وعامّتهم. ولن تهزم العدا بعصيّهم وحربتهم. فمن الغباوة أن يفرح رجل بوجودهم. أو يتمنّى خيرا من دودهم. فتحسّسوا يوسف عند الامحال. ولو بالسفر البعيد وشدّ الرحال. ولا تنظروا إلى حُلل هذه العلماء. فإنه ليس فيها من دون البخل والرياء. وسير اخر لا تليق بالصلحاء. وإنى دعوتهم حق الدعاء. فما زادوا الا فى الإباء. وكم من كتبٍ كتبتُ. ورسائل

﴿۸۱﴾

دیا۔ یہاں تک کہ وہ رحمانیت کے حقوق سے ناآشنا ہو گئے۔ پھر اُن سے نصرتِ دین کی توقع کس طرح کی جا سکتی ہے اور تجہیز و تکفین کے بعد مردہ کس طرح زندہ ہوسکتا ہے۔ دین کی مدد کرنا کوئی آسان کام نہیں۔ مر کر ہی اس تک تیری رسائی ہوسکتی ہے اور یہ فتح عوام اور عامۃ الناس کو ہرگز نہیں دی جائے گی اور دشمنوں کو اِن کی لاٹھیوں اور برچھیوں سے قطعاً شکست نہیں دی جا سکے گی۔ پرلے درجے کی حماقت ہوگی کہ آدمی اُن کے وجود پر فخر کرے یا اِن کیڑوں مکوڑوں سے خیر کی امید رکھے۔ پس قحط کے اس زمانے میں کسی یوسف کو تلاش کرو خواہ دور کا سفر ہو اور (اس کے) لئے سواریاں تیار کرنی پڑیں۔ ان علماء کے جُبّوں پر مت جاؤ۔ کیونکہ ان میں بخل اور ریا کے سوا کچھ نہیں اور نہ ان کی دوسری عادتوں (کی طرف دیکھو) جو صالحین کے شایانِ شان نہیں۔ میں نے انہیں بلایا جیسا کہ بلانے کا حق تھا۔ مگر وہ صرف انکار میں ہی آگے بڑھتے گئے۔ میں نے کتنی ہی کتابیں لکھیں۔ متعدد رسالے فی البدیہہ رقم کئے اور کئی جریدے شائع کئے اور بہت سے عمدہ نکات میں نے پھیلائے۔ لیکن میرے موتیوں اور

اقتضبتُ. وجرائد أشعتُ. وفرائد أضعتُ. فما نفعهم دُرّی ودَرّی. وتراهم أحرص الناس علی ضیری وضرّی. فلما رأی اللّه اُلهوبهم. أزاغ قلوبهم. وغشّی لبوبهم. قوم زایغون لا یتوبون من أباطیلهم. ولا ینتهون من تسویلهم. یرون شِرب الإسلام کیف غاض. ویرمقون حصنه کیف انهاض. ثم لا یستمطرون سحب السماء. ولا یریدون أن یُبعَث رجل من حضرة الکبریاء. کأنهم بسورة النور لا یؤمنون. وعند قراءة الفاتحة لا یُؤمّنون. وطبع اللّه علی قلوبهم فلا یهتدون. بل لا ینظرون إلی ناصح بعین عاطف. ولا یخفضون له جناح ملاطف. ولیس فیهم أحد یرید أن یأسو جراحهم. ویریش جناحهم. ویُشفی قلوبهم. ویزیل

میرے دودھ نے انہیں کوئی فائدہ نہ دیا۔ تو انہیں دوسرے لوگوں کی نسبت مجھے تکلیف اور نقصان پہنچانے میں سب سے زیادہ حریص پائے گا۔ جب اللہ نے ان کے بھڑکتے شعلے دیکھے تو اس نے ان کے دلوں کو ٹیڑھا کر دیا۔ اور اُن کی عقلوں پر پردہ ڈال دیا۔ یہ ٹیڑھے لوگ ہیں جو اپنی فضولیات سے توبہ نہیں کرتے اور اپنی فریب کاریوں سے باز نہیں آتے۔ وہ خود دیکھتے ہیں کہ اسلام کے سوتے کیسے خشک ہو گئے اور وہ دیکھتے ہیں کہ اس کا قلعہ کس طرح منہدم ہوا لیکن پھر بھی وہ آسمانی بادلوں سے بارش طلب نہیں کرتے اور یہ نہیں چاہتے کہ حضرتِ کبریا کی طرف سے کوئی شخص مبعوث کیا جائے۔ گویا وہ سورۂ نور پر ایمان نہیں رکھتے۔ اور نہ ہی سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے وقت آمین کہتے ہیں۔ اللہ نے ان کے دلوں پر مہر لگا دی ہے پس وہ ہدایت نہیں پاتے۔ بلکہ وہ کسی نصیحت کرنے والے شخص کی جانب نظرِ التفات نہیں کرتے اور اس کے لئے شفقت کے پر نہیں بچھاتے اور ان میں سے کوئی ایک آدمی بھی ایسا نہیں جو ان کے زخموں کا علاج کرے اور اُن کو بال و پَر دے۔ اور ان کے قلوب کو شفا بخشے اور اُن کی بے چینیوں کو دور کرنے کا خواہاں ہو۔ ان میں

کروبهم. وإذا قام فيهم رجل أُرسِلَ إليهم قالوا مفترى كذّاب. وسيعلمون من الكذّاب. وتأتى أيّام اللّٰه وسيرجعون إلى مقتدر شديد العقاب. أيها العلماء! فكّروا فى وعد الله واتّقوا المقتدر الذى إليه تُرجعون. إنه جعل النبوّة والخلافة فى بنى إسرائيل ثم أهلكهم بما كانوا يعتدون. وبعث نبيّنا بعدهم وجعله مثيل موسٰى فاقرءوا سورة المزّمل إن كنتم ترتابون. ثم وعد الذين آمنوا وعد الاستخلاف. ففكروا فى سورة النور إن كنتم تشكّون. هذان وعدان من الله فلا تُحرّفوا كلم اللّٰه إن كنتم تتّقون. ولذالك بُدِءَ سلسلة نبيّنا من مثيل موسٰى. وخُتِمَ على مثيل عيسٰى. ليتمّ وعد الله صدقا وحقًّا. إنّ فى ذالك لآية لقوم يتفكّرون. و

جب کبھی بھی کوئی آدمی مبعوث ہو کر آیا تو انہوں نے کہا کہ یہ مفتری اور کذّاب ہے۔ انہیں بہت جلد معلوم ہو جائے گا کہ کون جھوٹا ہے۔ عذابِ الٰہی کے ایّام آنے والے ہیں اور وہ بہت جلد ایک سخت عذاب دینے والے مقتدر کی طرف لوٹائے جائیں گے۔ اے زُمرۂ علماء! اللہ کے وعدہ پر اچھی طرح سے غور کرو اور اُس مقتدر خدا کا تقویٰ اختیار کرو جس کی طرف تم لوٹ کر جانے والے ہو۔ اس نے بنی اسرائیل میں نبوت اور خلافت رکھی۔ پھر اس نے حد سے تجاوز کرنے کے باعث انہیں ہلاک کر دیا۔ اُن کے بعد اس نے ہمارے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کو مبعوث فرمایا اور آپؐ کو مثیل موسیٰ بنایا۔ اگر تم کو اس بارے میں کوئی شک وشبہ ہے تو سورۂ مزّمل پڑھو پھر اُس نے مومنوں سے وعدۂ استخلاف فرمایا پس اِس بارے میں اگر تمہیں کوئی شک ہے تو سورۂ نور کی آیتِ اِستخلاف پر غور کرو۔ یہ اللہ کی طرف سے دو وعدے ہیں۔ اگر تم متقی ہو تو اللہ کے کلام میں تحریف نہ کرو۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کے سلسلہ کی ابتدا مثیلِ موسیٰ سے ہوئی اور اس کا اختتام مثیلِ عیسیٰ پر ہوا تا اللہ کا وعدہ حق وصدق کے ساتھ پورا ہو۔ بلاشبہ اس میں غور وفکر کرنے والوں کے لئے ایک

كان من الواجب أن يتساوى السلسلتان. الأوّل كالأوّل والآخر كالآخر. ألاّ تقرءون القرآن أو به تكفرون؟ فإن تمنّيتم أن ينزل عيسٰى بنفسه فقد كذّبتم القرآن وما اقتبستم من سورة النور نورًا وبقيتم مع النور كقوم لا يُبصرون. أتبغون عوجا بعد أن تساوى السلسلتان؟ اتّقوا الله وعدّلوا الميزان. ما لكم لا تتفقّهون؟ وكان وعد الله أنه يستخلف منكم وما كان وعده أن يستخلف من بنى إسرائيل. فلا تتّبعوا فيُجًا أعوج وتعالوا إلى حَكَمِ ربّكم إن كنتم تسترشدون. أتريدون أن تُفضّلوا على سلسلة نبيّكم سلسلة موسٰى؟ تلك إذًا قسمةٌ ضِيزى! فلِمَ لا تنتهون؟ ألا تقرءون سورة النّور أو على القلوب أقفالها أو إلى الله لا تُردّون؟ وإن القرآن عدّل الميزان.

بہت بڑا نشان ہے۔ اور ضرور تھا کہ یہ دونوں سلسلے مساوی ہوتے۔ اوّل، اوّل کی طرح اور آخر، آخر کی طرح۔ کیا تم قرآن نہیں پڑھتے یا پھر تم اُس کا انکار کرتے ہو؟ اگر تم یہ آس لگائے بیٹھے ہو کہ (حضرت) عیسیٰؑ بجسدہ العنصری نازل ہوں گے تو یقیناً تم نے قرآن کو جھٹلایا ہے اور سورۃُ النّور سے نور حاصل نہیں کیا اور اس نور کی موجودگی میں بھی تم نابینا لوگوں کی طرح رہے۔ کیا دونوں سلسلوں کے ایک جیسا ہونے کے بعد بھی تم کجروی کے خواہاں ہو؟ اللہ سے ڈرو اور ترازو سیدھی رکھو۔ تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم سمجھتے نہیں۔ اور اللہ کا وعدہ تھا کہ وہ تم میں سے خلیفے بنائے گا۔ اور اس کا یہ وعدہ نہ تھا کہ وہ بنی اسرائیل میں سے خلیفے بنائے گا۔ پس فَجِّ اَعْوَج کی پیروی نہ کرو بلکہ اپنے رب کے حَکَم کی طرف آؤ۔ اگر تم ہدایت پانا چاہتے ہو۔ کیا تم چاہتے ہو کہ تم اپنے نبی کے سلسلہ پر موسیٰ کے سلسلہ کو فضیلت دو۔ اگر ایسا کرو گے تب تو یہ بہت ناقص تقسیم ہے پس تم کیوں باز نہیں آتے۔ کیا تم سورۃ النور نہیں پڑھتے؟ یا دلوں پر تالے پڑے ہوئے ہیں یا تم اللہ کی طرف لوٹائے نہیں جاؤ گے۔ قرآن کریم نے تو میزان میں عدل فرمایا ہے اور ہمارے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کو

﴿۸۲﴾

وأعطى نبيّنا كل ما أعطى مُهْلِك فرعون وهامان. فما لكم لا تعدلون؟ وقد بلّغ القرآن أمره فمن كفر بعد ذالك فأولئك هم الفاسقون. أتختارون أهواء كم على كتاب الله أو بلغكم علم يُساوى القرآن فأخرجوه لنا إن كنتم تصدقون . كلّا بل وجدوا كُبراء هم عليه فهم على آثارهم يُهرعون. وقد سوّى الله السلسلتين وهم يزيدون وينقصون. فمن أظلم ممن اتّخذ سبيلا غير سبيل القرآن. ألا لعنة الله على الذين يظلمون. يا حسرة عليهم ألا يتدبّرون القرآن أو هم قوم عمون؟ وإذا قيل لهم أتتركون كتاب الله قالوا وجدنا عليه آباءنا، ولو كان آباء هم لا يعلمون شيئا ولا يعقلون. أتتركون كلام ربّكم لآبائكم؟

وہ کچھ دیا جو اس نے فرعونؔ اور ہامانؔ کو ہلاک کرنے والے (حضرت موسیٰؑ) کو عطاء فرمایا تھا۔ پس تمہیں کیا ہوگیا ہے کہ تم عدل سے کام نہیں لیتے۔ قرآن کریم نے تو اپنا پیغام پہنچا دیا۔ پس جو لوگ اس کے بعد بھی انکار کریں تو وہی فاسق ہیں۔ کیا تم اپنی نفسانی خواہشات کو کتاب اللہ پر فوقیت دیتے ہو یا تمہارا مبلغِ علم قرآن کے مساوی ہے۔ اگر تم سچے ہو تو ہمارے سامنے کوئی دلیل لاؤ۔ ایسا ہرگز نہیں بلکہ انہوں نے اپنے بڑوں کو اس (غلط) عقیدے پر پایا اور وہ اُن ہی کے نقشِ قدم پر سَرپٹ دوڑے جارہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے تو بلاشبہ دونوں سلسلوں کو مساوی قرار دیا ہے مگر وہ اُن میں کمی بیشی کررہے ہیں۔ اُس شخص سے بڑھ کر کون ظالم ہوسکتا ہے جو قرآن کی راہ چھوڑ کر کوئی اور راہ اختیار کرے۔ سنو! ظالموں پر اللہ کی لعنت۔ وائے حسرت ان پر۔ کیا یہ لوگ قرآن پر غور نہیں کرتے یا پھر یہ اندھی قوم ہیں۔ جب اُن سے یہ کہا جائے کہ کیا تم کتاب اللہ کو چھوڑ رہے ہو؟ تو وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے آباؤ اجداد کو اِسی طریق پر پایا۔ خواہ ان کے یہ آباؤ اجداد کچھ بھی علم نہ رکھتے ہوں اور بے عقل ہوں۔ کیا تم اپنے آبا کی خاطر اپنے رب کے کلام کو ترک کرتے ہو؟ افسوس

أفّ لكم ولما تعملون. وقالوا انّا رأينا في الأحاديث. ومافهموا قول رسول الله وإن هم الا يعمهون. يريدون أن يُفرّقوا بين كتاب الله وبين قول رسوله قومٌ مُفترون. وقد صرّح الله حق التصريح في الفرقان. فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ[1] يؤثرون الشك على اليقين. وهذا هو من سير قوم يهلكون. أيها الناس! إنّ هذا كان وعدًا من الله فسوّى السلسلتين كما وعد فما لكم تُجوّزون الخُلف على الله ولا تخافون؟ أ تعزون إلى اللّٰه نكث العهد والوعد؟ سبحانه وتعالٰى عما تزعمون أظننتم أن سلسلة المصطفٰى لا تُشابه سلسلة موسٰى؟ وإن هذا الا تكذيب القرآن إن كنتم تفهمون. ألا يُشابه أوّلها بأوّلها وآخرها بآخرها؟ ساء ما تحكمون. أ رفعتم موسٰى و

ہے تم پر اور تمہارے اعمال پر۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم نے احادیث کو دیکھا ہے لیکن وہ رسول اللہؐ کے قول کو سمجھ نہیں سکے اور وہ بھٹک رہے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ اللہ کی کتاب اور اس کے رسول کے قول میں تفریق ڈالیں۔ یہ لوگ مفتری ہیں۔ اللہ (تعالیٰ) نے فرقانِ (حمید) میں اس کی خوب صراحت فرمادی ہے۔ پس اس کے بعد وہ اور کس بات پر ایمان لائیں گے؟ وہ شک کو یقین پر ترجیح دیتے ہیں۔ یہ چلن تو ہلاک ہونے والی قوم کے ہوتے ہیں۔ اے نوعِ انسان! یہ اللہ کا وعدہ تھا اور اسی وعدہ کے مطابق اُس نے دونوں سلسلوں کو مساوی بنایا پھر تمہیں کیا ہوگیا ہے کہ تم اللہ پر وعدہ خلافی تجویز کرتے ہو اور ڈرتے بھی نہیں۔ کیا تم اللہ تعالیٰ کی طرف عہد شکنی اور وعدہ خلافی منسوب کرتے ہو؟ اللہ تعالیٰ پاک ہے جو تم گمان کرتے۔ کیا تم خیال کرتے ہو کہ (حضرت محمد) مصطفیٰؐ کا سلسلہ، (حضرت) موسیٰؑ کے سلسلہ سے مشابہت نہیں رکھتا؟ یہ تو سراسر قرآن کی تکذیب ہے اگر تم سمجھو، کیا پہلا سلسلہ پہلے سے اور آخری سلسلہ آخری سے مشابہت نہیں رکھتا؟ بہت بُرا ہے جو تم فیصلہ کرتے ہو۔ کیا تم موسیٰؑ کو اٹھا رہے ہو اور (محمد) مصطفیٰ (صلی اللہ

﴿۸۳﴾

[1] الاعراف:۱۸۶

وضعتم المصطفٰی؟ أفّ لکم ولما تصنعون. أتخسرون القسطاس بعد تعدیله ولا تعدلون کفّتیه ولا تقسطون؟ وإن الله أری فضل هذه السلسلة بختم الأمر علیها ثم تأتون بعیسٰی وأنتم تعلمون. ما لکم لا تُؤتون ذا فضل فضله وتظلمون؟ أتقطعون رِجلَ هذه السلسلة وتُبقون رأسها وما هذا الا فعل المجنون. أتُحرّفون کلام الله کما حرّفتم من قبل وقلتم ما قلتم فی آیة فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ [1] وما خفتم ربّکم الذی إلیه تُساقون. وما جزاء المحرّفین الا النار فما لکم لا تتوبون؟ إن الذین یُحرّفون کلم اللّٰه متعمّدین مأواهم جهنّم وهم فیها یُحرقون. الا الذین أخطأوا من قبل زمانی هذا ومن قبل أن یبلغهم أمر اللّٰه وأمر حَکَمِهٖ

علیہ وسلم) کو گرا رہے ہو؟ تُف ہے تم پر اور جو تم کرتے ہو۔ کیا تم ترازو کے سیدھا کئے جانے کے بعد اُس میں ڈنڈی مار رہے ہو اور ترازو کے دونوں پلڑوں کو برابر نہ رکھ کر بے انصافی کر رہے ہو؟ اللہ تعالیٰ نے اس پر معاملے کا اختتام کر کے اس سلسلہ کی فضیلت کو آشکار کر دیا۔ پھر تم جانتے بوجھتے ہوئے (حضرت) عیسیٰؑ کو لے آتے ہو۔ تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ صاحبِ فضیلت کو اس کا مقام نہیں دے رہے اور تم ظلم کر رہے ہو، کیا تم اِس سلسلے کی ٹانگیں کاٹتے اور اُس کے سر کو باقی رکھتے ہو؟ یہ تو صرف پاگلوں کا فعل ہے۔ کیا تم اللہ کے کلام میں تحریف کرتے ہو، جس طرح کہ تم نے پہلے تحریف کی اور تم نے آیت فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ کے متعلق جو تمہارے جی میں آیا کہا۔ اور تم نے اپنے اس رب کا خوف نہ کیا جس کی طرف تم (بالآخر) ہانک کر لے جائے جاؤ گے۔ تحریف کرنے والوں کی سزا آگ ہی ہے۔ تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ توبہ نہیں کرتے۔ یقیناً جو لوگ اللہ کے کلام میں دانستہ تحریف کرتے ہیں اُن کا ٹھکانہ جہنم ہے۔ وہ اس میں جلائے جائیں گے۔ ماسوا اُن لوگوں کے جنہوں نے میرے اس زمانے سے قبل اور اللہ کے حکم اور اس کے اس حَکَم کے امر کے ان تک

[1] المائدة :۱۱۸

أولئك قوم يُغفَر لهم بما كانوا لا يعلمون. والذين يُصرّون عليه بعد ما نُبّهوا أولئك الذين عصوا ربّهم وأولئك هم المعتدون. من حرّف كلام الله فقد سفك دماء العالَمِين فأولئك هم الملعونون. إن هؤلاء عُميٌ ما أعطيت لهم أبصار. وبين الحق وبينهم جدار. وسقاهم شيطانهم شربة فيتحسّونها. وفيها سمّ فلا يرونها. فلا تحسبهم أحياءً ا فإنهم أموات. وسيذكرون ما فعلوا بالأمس إذا رأوا يومًا له سطوات. جحدوا بالحق الذى حصحص. وتراهم كخفّاش أبغض النور وتدلّس. جاء هم داع إلى الله فما رحّبوا. وتنفّس لهم الصبح فما استيقظوا. وفُتح لهم باب الرحمة فما دخلوا

پہنچنے سے پہلے غلطی کی۔ ایسے لوگوں کو بوجہ ان کی لاعلمی کے بخش دیا جائے گا لیکن وہ لوگ جو انتباہ کے بعد بھی اس پر اصرار کرتے ہیں تو یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے ربّ کی نافرمانی کی اور وہی لوگ حدود سے تجاوز کرنے والے ہیں۔ جس نے اللہ کے کلام میں تحریف کی تو درحقیقت اس نے تمام کائنات کا خون بہایا پس یہی لوگ ملعون ہیں۔ یقیناً یہی لوگ ایسے اندھے ہیں جنہیں آنکھیں نہیں دی گئیں۔ اُن کے اور حق کے درمیان ایک دیوار حائل ہے۔ اُن کے شیطان نے انہیں شراب پلائی ہے جسے وہ مزے لے لے کر پی رہے ہیں اور اُس میں زہر ہے لیکن وہ اسے دیکھ نہیں پاتے۔ پس تم انہیں زندہ نہ سمجھو۔ وہ مردہ ہیں۔ اور کل جو وہ کر چکے ہیں اسے ضرور یاد کریں گے جب وہ شدائد سے پُر دن کو دیکھیں گے۔ انہوں نے اس حق کا انکار کر دیا جو پوری طرح ظاہر ہو گیا۔ اور تم اُن کو چمگادڑوں جیسے پاؤ گے جو نور سے عناد رکھتیں اور اُس سے چھپتی پھرتی ہیں۔ ان کے پاس دَاعی اِلی اللہ آیا لیکن انہوں نے اسے خوش آمدید نہ کہا۔ اُن کے لئے صبح طلوع ہوئی پر وہ بیدار نہ ہوئے۔ ان کے لئے درِ رحمت وَا کیا گیا لیکن وہ اس میں داخل نہ ہوئے اور پیچھے ہٹ

وتقاعسوا. يضحكون على رجل لا يرقأ دمعه رُحمًا على حالهم. وتتحدّر عبراته حسرات على مآلهم. رأوا آيات فلا يؤمنون. وحلفنا بالله فلا يُصدّقون. وعرّضنا القرآن عليهم فلا يلتفتون. فنشكو إلى الله ربّ البرايا. من اعضال هذه القضايا. فإنها ما قُضِيَت لا بالشهود ولا بالألايا. وإني دعوتهم مذ يفعتُ. وكم من وقت لهم أضعتُ. وكنتُ رجلا يتمطّى في حُلل الشباب. ويحكي النُشّاب. والآن ترون ذالك الشاب قد شاب. وإن هذا مقام تدبّر للمتدبّرين. وهل مثلي يتقوّل ويُمهل إلى الستين؟ ليس على الحق غشاء أيها الطالبون. بل طُبع على قلوبهم بما كانوا يكسبون. إن الشمس

﴿۸۴﴾

گئے۔ وہ اُس شخص کی ہنسی اُڑاتے ہیں جس کے آنسوان کی حالت پر رحم کھانے کی وجہ سے تھمتے نہیں اور اُس کی آنکھیں اُن کے انجام پر حسرتوں کے باعث اشک بار ہیں ۔ انہوں نے متعدد نشانات دیکھے مگر پھر وہ ایمان نہیں لائے۔ ہم نے اللہ کی قسم کھائی لیکن وہ اس کی تصدیق نہیں کرتے۔ ہم نے ان کے سامنے قرآن پیش کیا پھر بھی وہ کوئی توجہ نہیں کرتے۔ اس لئے اب ہم اللہ کے حضور جو تمام مخلوقات کا ربّ ہے۔ ان قضیوں کی پیچیدگیوں کی فریاد کرتے ہیں۔ کیونکہ ان مقدمات کے فیصلے نہ تو گواہیوں سے فیصل پا سکتے ہیں اور نہ قسموں سے۔ میں نے آغاز جوانی ہی سے اُنہیں حق کی طرف بلایا اور اُن کی خاطر بہت سا وقت برباد کیا۔ ایک وہ بھی وقت تھا کہ مَیں ایک ایسا مردِ جوان تھا جو جامہ ہائے شباب میں ملبوس ایک گونہ فخر محسوس کرتا ہوا اور تیر کی مانند تھا۔ اور اب تم دیکھتے ہو کہ وہ جوان عمر رسیدہ ہو چکا ہے اور یہ تدبر کرنے والوں کے لئے غور وفکر کا مقام ہے۔ کیا میرے جیسا کوئی اور ہے جو افتراء کرے اور اُسے ساٹھ سال تک مہلت دی جائے۔ اے طالبو! حق پر تو کوئی پردہ نہیں۔ اُن کے اعمال کے سبب ان کے دلوں پر مہر لگا دی گئی ہے۔ یقیناً سورج طلوع ہو چکا ہے۔

قد طلعت ولكن لا تفتح إلّا عين الذين هم يتّقون. ويُجعل الرجسُ على الذين يفسقون. ينظرون إلى آى اللّٰه كيف أشرقت ثم لا يُبصرون. ويرون فتنًا كيف أحاطت ثم لا يُبالون. وإذا قيل لهم إن الآيات قد ظهرت من الأرض والسماوات قالوا إنّا بكلٍ كافرون. أفينتظرون عذاب الله وقد جاء الطاعون؟ ألا ينظرون إلى رأس المائة وقد مضى قريبا من خمسها ومُلئت الأرض ظلما وجورًا أفلا يعلمون؟ أنسوا ما قال ربّهم إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَ إِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ. أ أخلف الله هذا الوعد وقد رأى أن الناس من أيدى القسوس يهلكون. لهم عيون كليلة. وقلوب عليلة. وهممٌ مصروفة إلى فكر البطون. وإلى زغب محددة العيون. فلذالك أخلدوا إلى

اور وہ صرف متقیوں کی آنکھوں کو کھول سکتا ہے۔ فاسقوں پر پلیدی تھوپ دی جائے گی۔ وہ اللہ کے نشانات دیکھتے ہیں کہ وہ کیسے تاباں ہیں لیکن پھر بھی نہیں دیکھتے۔ وہ دیکھتے ہوئے بھی کہ فتنے کس طرح چھا گئے ہیں پھر بھی کوئی پرواہ نہیں کرتے۔ جب ان سے کہا جائے کہ زمین و آسمان سے بہت سے نشانات ظاہر ہو چکے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ان سب کے منکر ہیں۔ کیا وہ اللہ کے عذاب کا انتظار کر رہے ہیں؟ جبکہ طاعون تو آ چکی ہے۔ کیا وہ صدی کے آغاز کو نہیں دیکھتے اور اس کا بھی تقریباً پانچواں حصہ گزر گیا ہے۔ اور زمین ظلم و جور سے بھر گئی ہے، کیا وہ علم نہیں رکھتے۔ کیا وہ اپنے ربّ کے اس فرمان اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَ اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ[1] کو بھول گئے ہیں۔ کیا اللہ نے اس وعدہ کی خلاف ورزی کی ہے؟ حالانکہ اُس نے یہ دیکھا کہ لوگ پادریوں کے ہاتھوں ہلاک ہو رہے ہیں۔ ان کی آنکھیں بند، دل بیمار اور تمام تگ و دَو پیٹ پوجا کی فکر اور امداد کے منتظر بچوں میں لگی ہوئی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ کلیتہً زمین کی

[1] یقیناً ہم نے ہی یہ ذکر اتارا ہے اور یقیناً ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ (الحجر:۱۰)

الأرض كل الإخلاد ويكذبون ويُكذّبون. ثم التعصب أحلّهم محلة السباع. ومنعهم من القبول بل من السماع. فمن منهم أن يقول صدق فوك. ولله أنت وأبوك. بل هم على التكذيب يُصرّون. ويسبّون ويشتمون. وسيعلم الذين ظلموا أى منقلب ينقلبون. ليس دينهم الا الأهواء. والرغفان والدراهم البيضاء. أتزعمون أنهم يؤمنون. كلا بل ينافقون ويكذبون. وتركوا نبيّهم واتّخذوا أهل الدنيا صحبا. وحسبوا فناء هم رحبا. يرون أن العدا يصولون على المسلمين. كرثان متوالٍ إلى السنين. ولا رشاش منهم بحذائهم لغيرة الدين. وارتدّ فوجٌ من الإسلام. ﴿۸۵﴾ وما أرى على وجههم أثرا من الاغتمام. اتّخذوا إبليس وليجة فيتّبعونه. وقاسموه التعبّد فما

طرف جھک گئے ہیں۔ جھوٹ بولتے ہیں اور تکذیب کرتے ہیں۔ پھر تعصب نے انہیں درندوں کے مقام پر لا کھڑا کیا ہے اور انہوں نے اسے قبول کرنے بلکہ سننے تک سے روکا ہوا ہے۔ پس کون ہے اُن میں جو یہ کہے کہ ''تیرے منہ نے سچ بولا'' اور اللہ تیرا اور تیرے باپ کا بھلا کرے بلکہ وہ تو تکذیب پر مصر ہیں اور سبّ وشتم کرتے ہیں، جنہوں نے ظلم کیا عنقریب جان لیں گے کہ وہ کس لوٹنے کے مقام پر لوٹ جائیں گے۔ ان کا دین تو صرف نفسانی خواہشات' روٹیوں کے ٹکڑے اور چمکتے سکّے ہیں۔ کیا تم خیال کرتے ہو کہ وہ ایمان لے آئیں گے۔ ہرگز نہیں۔ بلکہ وہ منافقت سے کام لے رہے ہیں اور جھوٹ بولتے ہیں۔ انہوں نے اپنے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کو چھوڑ دیا ہے اور دنیاداروں سے یارانہ گانٹھ لیا ہے اور انہیں کے صحن کو کشادہ سمجھ لیا ہے۔ وہ دیکھ رہے ہیں کہ دشمن مسلمانوں پر سالہا سال پے درپے برسنے والی بارش کی طرح حملہ آور ہیں۔ اور غیرتِ دینی کے لئے ان دشمنوں کے بالمقابل اُن کی طرف سے کوئی دفاع نہیں۔ اسلام کی ایک فوج مرتد ہو چکی ہے۔ اور میں ان کے چہروں پر غم کا کوئی نشان تک نہیں دیکھتا۔ انہوں نے ابلیس کو اپنا

دونه. لا يعرفون ما الدين وما الإيمان. وكفاهم لحم طريّ والرغفان. ينفدون العمر ببطالة وما أرى فيهم بطل هذا الميدان. بل لهم أفكار دون ذالك أُحرضوا فيها من الأحزان. ترتعد فرائصهم برؤية الحكّام. ولا يخافون الله ذا الجلال والإكرام. يمشون في الليل البهيم. وبعدوا من النور القديم. وتهادى بعضهم بعضا غفلة. ولا ينتج اجتماعهم الا فتنة. وكم من كتب النصارى فشا ضرّها بين القوم. وصار الإسلام غرض الضحك واللوم. ولكنهم يعيشون كالمتجاهلين. أو كالعمين. ويسمعون كلم النصارى ثم يقعدون كالمتقاعسين. ونسوا الوصايا التي أُكِّدَت لتأييد الإسلام. وقست قلوبهم واستبطأوا حين

جگری دوست بنایا ہوا ہے پس وہ اسی کی پیروی کر رہے ہیں۔ اور عبادت تک میں اسے شریک بنالیا پس اس کے سوا کیا رہ گیا۔ اور نہ انہیں دین کی معرفت ہے اور نہ ایمان کی۔ انہیں تو تازہ گوشت اور روٹیاں ملنی چاہئیں۔ وہ اپنی عمر بے کار ضائع کر رہے ہیں۔ میں اُن میں سے کسی کو بھی اس میدان کا شاہسوار نہیں دیکھتا بلکہ اُن کے افکار کچھ اور ہی ہیں کہ جس کے سبب وہ غموں سے مرے جا رہے ہیں۔ حکام کو دیکھ کر تو اُن پر لرزہ طاری ہو جاتا ہے مگر وہ اللہ ذوالجلال والاکرام سے نہیں ڈرتے۔ وہ تاریک رات میں چل رہے ہیں اور ازلی نُور سے دور ہو گئے ہیں۔ اور ایک دوسرے کو غفلت میں بڑھاتے ہیں۔ اور ان کا اکٹھ فتنہ پر ہی منتج ہوتا ہے۔ نصاریٰ کی کتنی ہی کتابیں ہیں کہ جن کے مُضرّ اثرات قوم میں پھیلے ہیں اور اسلام ہنسی اور ملامت کا نشانہ بن گیا لیکن وہ جان بوجھ کر جاہلوں یا اندھوں کی طرح زندگی بسر کر رہے ہیں۔ وہ عیسائیوں کی باتیں سنتے ہیں پھر بھی پسپا شخص کی طرح بیٹھے رہتے ہیں۔ اسلام کی تائید کے لئے جن ہدایات کی انہیں تاکید کی گئی تھی وہ اُن کو بھول چکے ہیں۔

الحمام. لا یأخذهم خوف بشیوع الضلال. ویشاهدون ظهور الفتن وحلول الأهوال. ویعلمون أن القسوس أمَرّوا عیشنا بأکاذیب الکلام. وأرادوا أن یطمسوا آثار الإسلام. ومع ذالك أعرضوا عن شبهاتهم. کأنهم فرغوا من واجباتهم. وأدّوا فرائض خدماتهم. ومنهم قوم لم یُواجهوا فی مُدّة عمرهم تلقاء المخالفین. وأنفدوا أعمارهم فی تکفیر المؤمنین. وتکذیب الصادقین. وکنتُ أتحفّی بإکرام تلك العلماء. وأظن أنهم من الأتقیاء. ولکن لمّا لحظت إلی خصائص أسرارهم. وخبیّ ما فی دارهم. علمتُ أنهم من الخائنین لا من الصالحین المتدیّنین. وفی سبل الله من المنافقین لا من المخلِصین المخلَصین. ورأیتُ

ان کے دل سخت ہو گئے اور موت کی گھڑی کو مؤخر سمجھا۔ انہیں گمراہی کے پھیلنے کا خوف دامنگیر نہیں ہوتا حالانکہ وہ فتنوں کا ظہور اور بلاؤں کا نزول دیکھ رہے ہیں۔ اور وہ یہ بھی جانتے ہیں کہ پادریوں نے اپنی کذب بیانیوں سے ہماری زندگیوں کو تلخ کر دیا ہے اور انہوں نے یہ تہیّہ کر لیا ہے کہ اسلام کا نام ونشان مٹا دیں۔ لیکن اس کے باوجود وہ اُن کے پیدا کردہ شبہات سے اس طرح رُخ پھیرے ہوئے ہیں۔ گویا وہ اپنے فرائض واجبی سے فارغ ہو چکے ہیں اور اپنی خدمات کی ذمہ داریاں ادا کر چکے ہیں۔ ان علماء میں سے ایک طبقہ تو وہ ہے جنہوں نے اپنی زندگی بھر کبھی مخالفین کا سامنا نہیں کیا اور اپنی ساری زندگی مومنوں کو کافر اور صادقوں کو کاذب قرار دینے میں ختم کر دی۔ اور میں بڑی گرم جوشی سے اُن علماء کی عزت وتکریم کرتا تھا۔ اور میں انہیں متقی سمجھتا تھا لیکن جب سے میں نے اُن کی اندرونی خاصیتوں اور ان کے نہاں خانہءِ دل کو دیکھا تو مجھے معلوم ہوا کہ وہ تو خائن ہیں نہ کہ نیک اور دیندار۔ اللہ تعالیٰ کی راہوں میں وہ منافق ہیں نہ کہ خالص

أنهم كل ما يعلمون ويعملون فهو منصبغ بالرياء. وصدورهم مظلمة كالليلة الليلاء. فرجعتُ ممّا ظننت مسترجعا. وبدّلتُ رأيي متوجّعا. وأيقنتُ أن فراستي أخطأت. وان القضية انعكست. إنهم قوم آثروا الدنيا الدنيّة. وطلبوا الوجاهة واللهنيّة. يرون المفاسد في الأمصار والموامي. ثم يغضّون الابصار كالمتعامي. وترامى الجرح إلى الفساد ولكن لا يرون الترامي. ما أجابوا داعي الله مع دعوى العينين. ولأجابوا لودعوا إلى مرماتين. لا يُفكّرون في أنفسهم أيّ شيء يفعلون للدين. أخُلقوا لأكل المطائب والتزيين؟ ولقد فسدت الأرض بفسادهم. وشاع الطاعون في بلادهم. وإنه بلاء ما ترك غورًا ولا نُشُزًا. وإذا قصد بلدة فجعله

مخلصوں میں سے۔ اور میں نے یہ بھی دیکھا کہ اُن کا ہر علم وعمل ریا کے رنگ میں رنگین ہے اور ان کے سینے شب دیجور کی طرح سیاہ ہیں۔ پس اِنّالِلّٰہ پڑھتے ہوئے میں نے اپنے خیال سے رجوع کر لیا۔ اور بڑے دکھ کے ساتھ اپنی رائے تبدیل کر لی اور میں نے یقین کر لیا کہ میری فراست نے غلطی کھائی اور معاملہ تو بالکل برعکس تھا۔ یہ تو وہ لوگ ہیں جنہوں نے اس حقیر دنیا کو فوقیت دی اور وجاہت اور نذرونیاز کے طلبگار ہوئے۔ وہ آبادیوں اور ویرانوں میں مفاسد دیکھتے ہیں پھر بھی وہ اپنی آنکھیں اندھا بننے والوں کی طرح جھکا لیتے ہیں۔ اور زخم بگڑ کر ناسور بن چکا ہے لیکن وہ اس ناسور کو دیکھتے نہیں۔ آنکھیں رکھنے کا دعویٰ کرنے کے باوجود انہوں نے اللہ کے داعی (فرستادہ) کو قبول نہیں کیا۔ لیکن اگر انہیں بکری کے دو پایوں کی طرف دعوت دی جاتی تو وہ ضرور اسے قبول کر لیتے۔ وہ اپنے دلوں میں نہیں سوچتے کہ وہ دین کے لئے کیا کر رہے ہیں۔ کیا وہ عمدہ کھانے کھانے اور زیب و زینت کے لئے ہی پیدا کئے گئے ہیں۔ ان کے فساد کی وجہ سے ساری زمین برباد ہو گئی ہے۔ اور ان کے علاقوں میں طاعون پھیل گئی ہے۔ یہ (طاعون)

﴿۸۶﴾

صعيدًا جُرُزًا. والذين آووا إلى قريتي مخلصين وأطاعونِ. فأرجوا أن يعصمهم الله من الطاعون. إنّ هذا وعدٌ من ربّ العزّة و القدرة . و إن أنكرته العيون التي ما أُعطَى لها حظ من البصيرة. فالأسف كل الأسف على العلماء. لا يرون ما اراهم الله من السماء. وأكلوا رأس المائة كرأس الضأن. وما فكّروا في مواعيد الرحمان. وانجلى الشمس والقمر بعد كسوف رمضان. وما انجلى قلبهم من ظلمة خجّلت الشيطان. أما رأوا هاتين الآيتين من السماء ؟ مرّة في أرضنا هذه و مرّة في أهل الصلبان من الأعداء ؟ فما لهم لا ينتهون. وبآيات الله لا يؤمنون؟ أم أسألهم من أجرٍ فهم من مغرم مثقلون؟ فليفرّوا من آيات الله فسوف يعلمون. ألا يرون أن

ایسی بلا ہے جس نے کسی نشیب وفراز کو نہیں چھوڑا۔ اور جب وہ کسی علاقے کا رخ کرتی ہے تو اُسے چٹیل میدان بنا دیتی ہے۔ اور جن لوگوں نے میری اس بستی (قادیان) میں اخلاص سے پناہ لی اور میری اطاعت کی مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں طاعون سے محفوظ رکھے گا۔ یہ عزیز ومقتدر ربّ کا وعدہ ہے۔ اگرچہ اُن نگاہوں نے جنہیں بصیرت سے کچھ حصہ نہیں ملا اِس کو نہیں پہچانا۔ افسوس صد افسوس ان علماء پر کہ وہ نہیں دیکھتے جو اللہ تعالیٰ نے انہیں آسمان سے دکھایا۔ انہوں نے صدی کے سر کو دُنبے کے سر کی طرح کھا لیا ہے۔ اور خدائے رحمان کے وعدوں پر غور وفکر نہیں کیا۔ رمضان میں گرہن لگنے کے بعد شمس وقمر بھی روشن ہو گئے لیکن ان کے دل ایسی تاریکی سے باہر نہ نکلے جو شیطان کو بھی شرمندہ کر دے۔ کیا انہوں نے ان دو آسمانی نشانوں (کسوف وخسوف) کو نہیں دیکھا۔ جو ایک مرتبہ ہماری اس زمین میں ظہور پذیر ہوا اور ایک مرتبہ دشمنوں میں سے عیسائیوں کی زمین میں۔ انہیں کیا ہو گیا ہے کہ وہ باز نہیں آتے اور اللہ کے نشانات پر ایمان نہیں لاتے۔ کیا میں اُن سے کسی صلے کا طلبگار ہوں کہ وہ اِس تاوان کی وجہ سے زیر بار ہو رہے ہیں؟ وہ اللہ تعالیٰ کے ان نشانات سے

المفاسد كثرت. والفتن علت وغلبت. والفسق قطع الإيمان وجذّم. وأكلت الناس نار تضاهي جهنّم. فمن ذا الذي يُصلح عند فساد غلب. وكيّادٍ خلب؟ وكيف يُظَنّ أنّ هذه المفاسد ما قرعت آذانهم. وما بلغت أخبارها رجالهم ونسوانهم؟ فإن هذه داهية مهيبة. ومصيبة مذيبة. وما من يوم يمضي ولا شهر ينقضي الا وتزداد هذه المحن. وتنتاب هذه الفتن. ثم مع ذالك اختار العلماء طورًا نكرًا. وأبقوا لهم في المخزيات ذكرًا. وإن القسوس قد زرعوا زرعهم كَسَروة الجراد. وما تركوا أثرًا من التقوٰى وجعلوا البلاد كالسنة الجماد. فانظروا هل تجدون من أرضٍ محفوظة. أو بلدة غير مدلوظة ؟ أشاعوا أنواع الوسواس. وكادوا كيدا

بیشک بھاگ کر دیکھ لیں۔ انہیں بہت جلد معلوم ہو جائے گا۔ کیا انہیں نظر نہیں آتا کہ فساد کی کثرت ہو گئی ہے اور فتنے سر اٹھائے ہوئے غلبہ پا رہے ہیں، فسق و فجور نے ایمان کو کاٹ دیا ہے اور ریزہ ریزہ کر دیا ہے۔ اور جہنم سے مشابہت رکھنے والی آگ نے لوگوں کو بھسم کر دیا ہے۔ پس کون ہے جو غلبہءِ فساد اور مکّار کی چالبازیوں کے وقت اصلاح کر سکے۔ اور یہ کیسے سمجھا جائے کہ ان مفاسد نے ان کے کانوں پر دستک نہیں دی اور ان کے مردوزن کو ان (مفاسد) کی خبر نہیں پہنچی۔ بلاشبہ یہ ایک خوفناک آفت ہے۔ اور گھلا دینے والی مصیبت ہے۔ کوئی دن نہیں گزرتا اور کوئی مہینہ ختم نہیں ہوتا مگر یہ آزمائشیں بڑھتی ہی چلی جاتی ہیں۔ اور فتنے پے در پے آ رہے ہیں۔ اس پر مستزاد یہ کہ ان علماء نے نہایت ناپسندیدہ رویّہ اختیار کر رکھا ہے اور اپنے لئے رسوا کن یادیں چھوڑ رہے ہیں۔ پادریوں نے اپنی فصل اتنی کثرت سے بوئی ہے جیسے ٹڈی کثرت سے انڈے دیتی ہے۔ انہوں نے تقویٰ کا کوئی نشان تک نہیں چھوڑا اور ملکوں کو قحط زدہ کر دیا ہے۔ پس غور کرو کیا زمین کا کوئی حصہ بھی تم محفوظ پاتے ہو یا کوئی شہر حملہ سے بچا ہوا ہے۔ انہوں نے طرح طرح کے

﴿۸۷﴾ هتّو أرفع من القياس. وأضلوا صبيان المسلمين. والجهلاء المتعلّمين. وجذبوهم بأنواع الحِيَلِ والتّرغيب فى الأهواء. فارتدّوا وصاروا كحساسةٍ أُخرِجَت من الماء. وكذالك احتلسوا نيتهم وأظهروا خُضرتهم فى هذه البلاد. وكثروا فى كل طرف ولا ككثرة الجراد. فاسأل هذه العلماء ما فعلوا عند هذه الآفات. أأرادوا أن يُموّنوا خِطط الإسلام ويؤدّوا حق المواسات. ويقوموا للمداوات. أو تستّروا فى الحجرات. واكتسوا لفائف الأموات. وتصدّى للإسلام سنة حسوس. ويوم عبوس. وزمان منحوس. فمن ذا الذى يذوب قلبه لهذه الأحزان. وأىّ قلب يبكى لفساد أشاعها أهل الصلبان؟ كلّا. بل الذين

وسوسے پھیلائے اور قیاس سے بالا تدبیریں کیں۔ اور مسلمانوں کے بچوں اور نادان طالب علموں کو بہکایا۔ مختلف فریب کاریوں اور ہوا و ہوس کی ترغیبات کے ذریعہ انہیں اپنی طرف کھینچا۔ پس وہ مرتد ہو گئے اور ان کی حالت پانی سے نکال کر خشک کی ہوئی مچھلی کی طرح ہو گئی۔ اس طرح انہوں نے اپنی اصل نیتوں کو چھپایا اور ان ممالک میں اپنی شادابی کو ظاہر کیا اور ہر طرف ان کی اتنی کثرت ہو گئی کہ ٹڈی دَل کی بھی ایسی کثرت نہ ہو گی۔ ان علماء سے پوچھو کہ ان آفات کے موقع پر انہوں نے کیا کیا؟ کیا انہوں نے کبھی ارادہ کیا کہ اسلامی خِطّوں کی ضروریات کا خیال رکھیں اور ہمدردی و غمخواری کا حق ادا کریں اور مشکلات کا مداوہ کریں یا وہ حجُروں میں چھپ گئے اور مُردوں کے کفن پہن لئے۔ اسلام پر سخت قحط سالی کا پُرآشوب دَور اور منحوس زمانہ آیا۔ پس کون ہے جس کا دل ان غموں سے گداز ہوا۔ اور کون سا دل ہے جو اس فساد پر رویا جو اہلِ صلیب نے

یقولون نحن علماء الأمّة وورثاء دین الرحمان. هم أرضوا بأعمالهم ذراری الشیطان. وما بقی لهم شغل من غیر الفسق والتفسیق والتکفیر. وإضلال الأمّة بالدقاریر. وأفتاهم خُبثهم بأن الفوز فی المکائد. وان الکید منزل الموائد فیرصدون مواضعه کالصائد. ولو بوساطة الحکّام والعمائد. شابهوا الیهود فی جمیع صفاتهم. وأتوا بجندل بحذاء صفاتهم. وزادوا جهلات علی جهلا تهم. یُحبّون أن یُحمَدُوا بما لم یفعلوا. ویغضبون إذا لم یُعَظّموا. یستکبرون کالسلاطین. وما هم الا دود التراب کالخراطین. یریدون من الخلق الإطاعة. ولا عقل لهم ولا براعة. فمن خالفهم فکأنه خرّ من حالق. أو تُرِك

بر پا کیا۔ ہرگز نہیں۔ البتہ انہوں نے جو اپنے آپ کو علماء امت اور خدائے رحمٰن کے دین کے وارث کہتے تھے اپنے بداعمال سے شیطان کی اولاد کو خوش کیا۔ خود فسق وفجور میں مبتلا ہوئے اور دوسروں کو فاسق اور کافر بنانے اور قبیح جھوٹ سے امت کو گمراہ کرنے کے سوا اُن کا اور کوئی شغل نہیں تھا۔ ان کے خبثِ باطن نے انہیں یہی فتویٰ دیا کہ تمام تر کامیابی چالبازیوں میں ہے۔ اور فریب ہی دسترخوان تک پہنچانے والا ہے۔ پس وہ شکاری کی طرح ان مواقع کی گھات میں ہیں۔ خواہ حکّام اور عمائدین کی وساطت سے ہی کیوں نہ ہو۔ وہ اپنی تمام صفات میں یہودیوں کے مشابہ ہو گئے ہیں اور ان کے پتھر کے مقابل پر چٹان لے آئے اور وہ اپنی جہالت میں ان کی جہالت سے بھی بڑھ گئے۔ وہ پسند کرتے ہیں کہ اُن کی ان کاموں میں بھی تعریف کی جائے جو انہوں نے نہیں کئے۔ اور جب اُن کی تعظیم نہ کی جائے تو غضبناک ہو جاتے ہیں۔ وہ سلاطین کی طرح تکبّر کرتے ہیں۔ حالانکہ وہ کینچوے کی طرح صرف مٹی کے کیڑے ہیں۔ وہ دوسرے لوگوں سے اطاعت کروانا چاہتے ہیں حالانکہ ان میں کوئی عقل اور ہنر نہیں۔ جو شخص ان کی مخالفت کرے

کطالق. یحجرون علی الناس نساء هم. إذا لم یُوفّوا أهواء هم. و إنْ من کذبٍ الا وهو یخرج من فیهم. وإنْ من شرٍّ الا وهو یوجد فیهم. وفریق منهم أصبی قلوبهم هوی الجهاد. ویُغرون الجهلاء علی ضرب العناق بالمرهفات الحداد. فیغتالون کل غریب وعابر سبیل. ولا یرحمون ضعیفا ولا یصغون إلی صراخ وعویل. ولا یتّقون. فویل لهم ولما یعملون. أیقتلون قومًا هم یُحسنون؟ أیقتلون الذین لا یقتلون للدین الإنسان. ویفشون الإحسان. ویُنشئون الاستحسان. ولا یستعملون للدین السیفَ والسنان؟ بل هم منتجع الراجی. والکهف عند البلاء المفاجی. تنهل لُهاهم عند الطلب. ولا انهلال السحب. ینصرون من خاف

تو وہ گویا اونچے پہاڑ سے گر گیا۔ یا طلاق یافتہ کی طرح اُسے چھوڑ دیا گیا ہو جب لوگ ان کی خواہشات نفسانی کو پورا نہیں کرتے تو لوگوں کی بیویاں اُن پر حرام کر دیتے ہیں۔ اور کوئی ایسا جھوٹ نہیں جو ان کے منہ سے نہ نکلتا ہو اور کوئی ایسا شر نہیں جو اُن میں نہ پایا جاتا ہو۔ اُن میں سے ایک فریق ہے جن کے قلوب جہاد کے فریفتہ ہیں اور جاہل لوگوں کو شمشیر ہائے بُرّاں سے گردنیں اُڑانے پر اکساتے ہیں اور ہر غریب الدّیار اور مسافر کو دھوکے سے قتل کرتے ہیں۔ کسی کمزور پر رحم نہیں کرتے اور کسی کی چیخ و پکار اور گریہ و بکا پر کان نہیں دھرتے اور تقویٰ اختیار نہیں کرتے۔ پس ہلاکت ہو اُن پر اور اُن کے اعمال پر۔ کیا وہ محسن قوم کو قتل کرتے ہیں۔؟ کیا وہ انہیں قتل کرتے ہیں جو دین کی خاطر کسی انسان کا قتل نہیں کرتے؟ اور احسان کو رواج دیتے اور استحسان کو پروان چڑھاتے ہیں۔ اور دین کے لئے شمشیر و سنان استعمال نہیں کرتے۔ بلکہ وہ ہر امیدوار کی امیدگاہ اور ہر ناگہانی مصیبت کے وقت پناہ گاہ ہوتے ہیں۔ ان کے اعلیٰ درجہ کے عطیے ضرورت کے وقت بادِ باراں سے بھی بڑھ کر برستے ہیں۔

﴿۸۸﴾

نـاب الـنُـوب. ويُـحـاربون من تـصـدّى لـلحرب. ويدفعون ما أسلمكم للكرب. ويهيّئون لكم أسبـاب الطـرب. أتـضـربون أعـناق هذه الحماة؟ ما أفهم سرّ هـذه الغزاة. أ هذا نـصرة الدين أو الأهـواء ؟ ومـا هـذا الجهـاد الـذى يـأبـاه الـحيـاء. ولا يقبله العقل السليم والدهاء ؟ وما بال قـوم أمّهـم هـذه العلماء؟ كـلّا. بـل مثلهم كمثل ذئاب أو كنمر وكـلاب. ووالله إنهم ليسوا إلا خطباء الدنيا الدنيّة. ولو تراء وا بـالعمامة أو الدنيّة. وليس هذا الـجهـاد الا شَـرَكُ الـرّدا. فيـضـحـكهم اليوم ويبكى غدا. أيـذبـحون المحسنين بالمُدَى؟ فـأيـن هـذا الـحـكـم وفـى أىّ الهدى؟ أيجوّز هذا الفعل العقل السـلـيـم؟ ويستـحسـنـه الطبع الـمستـقـيـم. بل لبسوا الصفاقة وخـلـعـوا الـصـداقة. ونـصـروا

وہ پے دَر پے آنے والی مصیبتوں سے خوفزدہ شخص کی مدد کرتے ہیں۔ اور جو برسرِ پیکار ہو وہ اس سے جنگ کرتے ہیں۔ اور تمہیں مصیبت میں ڈالنے والی ہر چیز سے بچاتے ہیں۔ اور خوشی کے سامان تمہیں مہیا کرتے ہیں۔ کیا تم ایسے حمایت کرنے والوں کی گردنیں مارو گے؟ مجھے اس جہاد کے راز کی سمجھ نہیں آتی۔ کیا یہ نصرتِ دین ہے یا محض نفسانی خواہشات ہیں؟ یہ کیسا جہاد ہے جسے حیا دھکے دیتی ہے؟ اور عقل سلیم اور دانش قبول نہیں کرتی۔ ایسی قوم کا کیا حال ہے جس کی امامت کرنے والے یہ علماء ہیں؟ ہرگز نہیں۔ بلکہ ان کی مثال بھیڑیوں یا چیتوں اور کتّوں جیسی ہے۔ بخدا یہ تو صرف حقیر دنیا کے خطیب ہیں۔ اگرچہ عمامہ یا پگڑی کے ساتھ دکھائی دیں۔ یہ جہاد تو ایک موت کا پھندا ہے جو آج انہیں ہنسا رہا ہے اور کل رُلائے گا۔ کیا وہ محسنوں کو چھریوں سے ذبح کرتے ہیں؟ ایسا حکم کہاں ہے اور کس ہدایت نامے میں ہے؟ کیا عقلِ سلیم ایسے فعل کو جائز قرار دیتی ہے؟ اور کیا طبعِ مستقیم اسے مستحسن سمجھتی ہے؟ بلکہ انہوں نے بے حیائی کا لباس پہن لیا ہے اور

الكفرة في زراية الإسلام. وأعانوهم على نحت الاعتراضات ورمي السهام؟ ولن يلقى الإسلام فلجًا بوجود هذه المجاهدين. بل وجودهم عار على الإسلام والمسلمين. فالخير كله في موتهم أو أن يكونوا من التائبين. أيقتلون الناس لإعراضهم عن حكم الرحمان؟ مع أن الإعراض موجود في أنفسهم لارتكاب الفحشاء والفسق والعصيان. فكيف يجوز أن يضربوا أعناق الكفار. وإنهم يستحقون أن يضرب أعناقهم بالسيف البتّار. بما فسقوا واختاروا عيشة الفجّار. فإن الجهاد لو كان من الضرورات الدينية. فما معنى ترك هذه الفجرة؟ ولِمَ لا يُقطع رؤوسهم بالمرهفات المذربة؟ ولِمَ لا يُمَزّق لحمهم بالمُدَى المُشَرّحة؟ فإنهم

سچائی کو چھوڑ دیا ہے۔ اسلام پر نکتہ چینی میں انہوں نے کافروں کی مدد کی۔ اور اعتراض گھڑنے اور تیر برسانے میں اُن کی اعانت کی۔ اِن (نام نہاد) مجاہدوں کی موجودگی میں اسلام کبھی کامیابی اور غلبہ حاصل نہ کر سکے گا۔ بلکہ ان کا وجود تو اسلام اور مسلمانوں کے لئے عار ہے۔ اس لئے تمام تر خیر اسی میں ہے کہ یا تو یہ مرجائیں اور یا پھر توبہ کرلیں۔ کیا خدائے رحمان کے حکم سے اعراض کی وجہ سے وہ لوگوں کو قتل کرتے ہیں جبکہ بدکاری، بدعہدی اور نافرمانی کا مرتکب ہونے کے باعث خود ان میں یہ اعراض موجود ہے؟ یہ کیسے جائز ہوسکتا ہے کہ وہ کفار کی گردنیں کاٹیں جبکہ وہ خود اس کے مستحق ہیں کہ ان کی گردنیں شمشیرِ بُرّاں سے اس لئے کاٹی جائیں کہ انہوں نے نافرمانی کی اور فاجروں جیسی زندگی اختیار کی۔ پس اگر اس قسم کا جہاد ضروریاتِ دینیہ میں ہوتا تو پھر ان فاجروں کو چھوڑنا چہ معنی دارد؟ اور کیوں نہ ان کے سر تیز تلواروں سے قلم کئے جائیں؟ اور کیوں نہ ان کے گوشت کو تیز دھار چھریوں سے ٹکڑے ٹکڑے

فسقوا بعد الإيمان. فَلْيُفْتِي المفتون أيُقتل هؤلاء بِالسّيف أو السّنان؟ فإن أوّل غرض الجهاد قوم فسقوا بعد ما أسلموا وأظهروا آثار الارتداد. وخرجوا من حدود الأوامر الفرقانية. ونقضوا عهدا عاهدوه أمام الحضرة الربّانية. ولا حاجة لربّ العالمين. أنّ يتّخذ عضدًا زمر المفسدين. وإنه قادر على أن يُنزل عذابًا من السماء إن كان يريد أن يُهلك الكافرين. وما للقدوس والفاجر. ولا حاجة له إلى جهاد الفاسقين. وقد جرت سُنّة الله أنه ينصر الكافر ولا ينصر الفاجر الظالم. وكذالك اقتضت غيرة رب العالمين. ووالله من يُجرّب هذه العلماء يجد أكثرهم كقوم يصنعون الدراهم المغشوشة. ويغطّون على ظاهرها الفضة. ويُراءون

کیا جائے؟ یہ لوگ تو وہ ہیں جو ایمان لانے کے بعد فاسق ہو گئے۔ اس لئے مفتیوں کو فتویٰ دینا چاہیے کہ کیا انہیں تلوار سے مارا جائے یا نیزوں سے؟ (اس) جہاد کا پہلا نشانہ تو وہ لوگ ہیں جنہوں نے اسلام لانے کے بعد فسق اختیار کیا اور ارتداد کے آثار ظاہر کئے اور فرقان حمید کے احکام و اوامر کی حدود سے نکل گئے اور حضرت باری تعالیٰ کے حضور جو انہوں نے عہد کیا تھا اسے توڑ دیا۔ ربّ العالمین کو اس کی ضرورت نہیں کہ وہ ایسے مفسد طبقہ کو اپنا دست و بازو بنائے اور وہ اس بات پر قادر ہے کہ اگر وہ کافروں کو ہلاک کرنا چاہے تو آسمان سے عذاب نازل کر دے۔ اُس ذاتِ پاک کا کسی فاجر سے کیا تعلق۔ اور نہ اُسے ان فاسقوں کے جہاد کی ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ کی یہ سنتِ جاریہ ہے کہ وہ کافر کی تو مدد فرما دیتا ہے لیکن فاجر ظالم کی نصرت نہیں فرماتا اور یہی ربّ العالمین کی غیرت کا تقاضا ہے۔ بخدا! جو شخص بھی ان علماء کو آزمائے گا تو وہ ان میں سے اکثر کو ان لوگوں کی مانند پائے گا جو کھوٹے سِکّے بناتے ہیں اور ان پر چاندی کی تہہ چڑھاتے

﴿۸۹﴾

الناس كأنها حرش خشن جياد حديثة السكة. وليس فيها غش بل هي من السبيكة الخالصة. وكذالك تجد أكثر العالمين. يخافون الناس ولا يخافون ربهم وتجد أكثرهم كالعمين. ولو خافوا ربهم لفُتحت عيونهم ولصاروا من المبصرين. أهلكهم شح هالع. وجبن خالع. ما بقى العقل السليم ولا الطبع المستقيم وصاروا كالمجانين. يقولون ما نحن لك بمؤمنين. وقد افترقوا إلى فرق وليسوا بمتّفقين. والله أرسل عبدًا ليُحكّموه فيما شجر بينهم وليجعلوه من الفاتحين. وليُسلّموا تسليمًا ولا يجدوا في أنفسهم حرجًا ممّا قضٰى. وذالك هو الحَكَمُ الذى أتى. فالذين اتّبعوه فى ساعة الأذى. وجاء وه بقلب أتقى. وسمعوا لعنة الخلق وخافوا لعنةً تنزل من

ہیں اور لوگوں پر یہ ظاہر کرتے ہیں گویا وہ سکے خالص، کھرے، عمدہ اور نئے ہیں اور ان میں کوئی کھوٹ نہیں بلکہ وہ خالص چاندی کی ڈلی سے بنے ہوئے ہیں اور اکثر علماء کو تم بالکل ایسا ہی پاؤ گے۔ وہ لوگوں سے ڈرتے ہیں لیکن اپنے ربّ سے نہیں ڈرتے۔ ان میں سے بیشتر کو تم اندھوں کی طرح پاؤ گے۔ اگر وہ اپنے ربّ سے ڈرتے تو ان کی آنکھیں کھول دی جاتیں اور وہ دیکھنے والے ہو جاتے۔ بے چین کرنے والی حرص اور شرمناک بزدلی نے انہیں تباہ کر دیا۔ ان میں ذرا بھی عقلِ سلیم اور صحیح فطرت نہیں رہی اور وہ پاگلوں جیسے ہو گئے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم تجھ پر ایمان لانے والے نہیں۔ حال یہ ہے کہ کئی فرقوں میں بٹ چکے ہیں اور متفق نہیں۔ اللہ نے اپنا ایک بندہ بھیجا تا کہ وہ اپنے متنازعہ امور میں اسے اپنا حَکَمُ اور اُسے اپنا منصف بنا لیں اور اس کے سامنے سرِ تسلیم خم کریں اور جو بھی وہ فیصلہ کرے اسے تسلیم کریں اور اپنے دلوں میں کوئی تنگی نہ پائیں۔ یہ وہی حَکَم ہے جو آ چکا۔ اس لئے وہ لوگ جنہوں نے تنگی ترشی کی گھڑی میں اُس کی اتباع کی اور تقویٰ سے معمور دل کے ساتھ اس کے پاس آئے اور مخلوق کی لَعن طَعن سُنی اور اُس لعنت سے ڈرے جو

السماوات العُلٰی. أولئك هم الصالحون حقا و أولئك من المغفورين.

أيها الناس. كنتم تنتظرون المسيح فأظهره الله كيف شاء. فأسلموا الوجوه لربكم ولا تتّبعوا الأهواء. إنكم لا تُحلّون الصيد وأنتم حُرُم. فكيف تُحلّون اٰراء كم وعندكم حَكَمٌ☆. وإن الحَكَم لرحمة

بلند آسمانوں سے نازل ہوتی ہے تو ایسے لوگ ہی حقیقی نیکوکار ہیں اور وہی اللہ تعالیٰ کی مغفرت حاصل کرنے والے زُمرہ میں شامل ہیں۔

پھر اے لوگو! تم مسیح کا انتظار کر رہے تھے۔ اب اللہ نے اپنی مشیت کے مطابق اسے ظاہر فرما دیا۔ اس لئے (تمہارا فرض ہے کہ) تم اپنے آپ کو اپنے رب کے سپرد کر دو اور خواہشات کی پیروی نہ کرو۔ احرام کی حالت میں تم شکار کرنا جائز نہیں سمجھتے تو پھر کس طرح حَکَم کی موجودگی میں تم اپنی آراء کو جائز قرار دے سکتے ہو۔ حَکَم

☆ الحاشية ۔ ان الأراء المتفرقة تشابه الطير الطائرة فی الهواء. والحَكَم يشابه الحرم الأمن الذی يؤمن من الخطأ. فكما ان الصيد حرام فی الحرم اكراما لارض الله المقدسة فكذالك اتباع الأراء المتفرقة و اخذها من اوكار القوی الدماغية. حرام مع وجود الحكم الذی هو معصوم و بمنزلة الحرم من حضرة العزة بل يقتضی مقام الادب ان تعرض كل امر عليه. و لايوخذ شیءٌ الامن يديه. منه.

متفرق آراء ہوا میں اُڑنے والے پرندوں کی طرح ہوتی ہیں۔ حَکَم ایک ایسے پُرامن حَرَم کے مشابہ ہے جو خطا سے محفوظ رکھتا ہے۔ جس طرح اللہ کی مقدس سرزمین کی تعظیم کی وجہ سے حَرَم میں شکار کرنا حرام ہوتا ہے۔ اسی طرح حَکَم کی موجودگی میں جو معصوم اور اللہ کی جناب سے بمنزلہ حَرَم ہے اپنی متفرق آراء کی اتباع اور دماغی قویٰ کے آشیانوں سے انہیں اخذ کرنا حرام ہے۔ بلکہ مقامِ ادب کا تقاضا ہے کہ ہر معاملہ کو اس (حَکَم) کے سامنے پیش کیا جائے اور ہر چیز صرف اسی کے ہاتھوں سے لی جائے۔ منه

﴿۹۰﴾ نزلت للمؤمنين. ولولا الحَكَم لما زالوا مختلفين. ظهر المهدىّ عند غلبة الضالين. وسُمِع دعاء"اِهْدِنَا" بعد مئين. وتمّ ما قال ربّكم فى الفاتحة والفرقان المبين. وقد أخذ الله ميثاق المسلمين فى هذه السورة . وما حذّرهم الا من اليهود والنصارى إلى يوم القيامة. فأين ذكر الدجّال وأين ذكر فتنته الصمّاء ؟ أنسى الله ذكره عند تعليم هذا الدعاء ؟ ويعلم الراسخون فى العلم أن اسم الدجّال ما جاء فى الفرقان. والقرآن مملوّ من ذكر فتنة أهل الصلبان. وهى الفتنة العظيمة عند الله وكاد أن يتفطرن منها السماوات. وقد عُمّروا ألف سنة بعد القرون الثلاثة يا ذوى الحصاة. وأُحسّ خروجهم فى أوّل الأمر ككشكشة الأفعى. إذا تمدّد وتمطّى. ثم تزيّد

بلاشبہ ایک رحمت ہے جو مومنوں کے لئے نازل ہوئی ہے۔ اگر حَکَم نہ ہوتا تو وہ ہمیشہ اختلاف میں پڑے رہتے۔ گمراہوں کے غلبہ کے وقت مہدی ظاہر ہوا اور صدیوں بعد اِهْدِنَا کی دعا سنی گئی اور تمہارے ربّ نے جو (سورۃ) فاتحة اور فرقانِ مبین میں فرمایا تھا وہ پورا ہوا۔ اللہ نے اس سورۃ میں مسلمانوں سے وعدہ لیا تھا اور انہیں یہودیوں اور عیسائیوں سے ہی قیامت کے دن تک کے لئے ہوشیار رہنے کے لئے کہا تھا۔ پھر (بتاؤ کہ) دجّال کا ذکر کہاں ہے؟ اور اُس کے سخت خطرناک فتنے کا ذکر کہاں ہے؟ کیا یہ دعا سکھاتے وقت اللہ تعالیٰ اس کا ذکر کرنا بھول گیا تھا؟ پختہ علم والے جانتے ہیں کہ فرقانِ حمید میں کہیں دجال کا نام نہیں آیا۔ جبکہ قرآن کریم اہل صلیب عیسائیوں کے فتنے کے ذکر سے بھرا پڑا ہے۔ اللہ کے نزدیک یہ بہت بڑا فتنہ ہے۔ اور قریب ہے کہ اس سے آسمان پھٹ جائیں۔ اے اہلِ دانش! تین صدیوں کے بعد ایک ہزار سال تک انہیں عمر دی گئی۔ شروع میں ان کا خروج سانپ کی سرسراہٹ کی طرح محسوس کیا گیا جب وہ پھیلتا اور لمبا ہوتا ہے۔

الإحساس. حتی ظهر الخناس. وكان هو إلى ستّة آلافٍ. كالجنين في غلاف. فتولّد هذا الجنين بعد تسع مئين أعني بعد القرون الثلاثة. فعدّ الزمان إن كنتَ من المرتابين. إنهم قوم ينفقون جبال الذهب لإشاعة الضلالات. فهل رأيتم مثلهم في الاصرار على الجهلات؟ ولهم في أرضكم مستقرّ مع صراصر السطوات. ويريدون أن ينزعوا عنكم لباس التقوى و يلطّخوكم بالسوء ات. فظهر ما كان ظاهرا من الله وتمت أنباء الفتن والآفاف☆ فأيّ ظلمة بقيت بعد هذه الظلمات؟ وليس دجّالكم الا في رؤوسكم كالتخيّلات. ما أرى الزمان الا هذه الفتن وبلاء هذه السيئات. وهي الفتنة العظيمة عند الله وكاد أن يتفطّرن منه السّماوات. وتهدّ الجبال الراسخات. وقد عُمّروا

پھر یہ احساس مزید بڑھا یہاں تک کہ خنّاس (شیطان) ظاہر ہوگیا۔ اور وہ چھ ہزار سال تک جنین کی طرح پردے میں چھپا رہا۔ پھر پہلی تین صدیاں گزرنے پر نوسو سال بعد یہ جنین پیدا ہو گیا۔ اگر تمہیں اس بارے میں کوئی شبہ ہو تو بے شک اِس عرصے کو شمار کر کے دیکھ لو۔ یہ عیسائی قوم طرح طرح کی گمراہیوں کو پھیلانے کے لئے سونے کے پہاڑ خرچ کر رہی ہے۔ کیا ایسی جہالتوں پر اصرار کرنے میں ان جیسا کوئی اور تم نے دیکھا ہے۔ تند و تیز حملوں کے ساتھ اِن کا تمہارے ملک میں مستقل ٹھکانہ ہے۔ وہ یہ چاہتے ہیں کہ تمہارے تقویٰ کے لباس کو چھین لیں اور تمہیں بدیوں سے آلودہ کر دیں۔ جو اللہ کی طرف سے ظہور میں آنا تھا وہ تو ظہور میں آ گیا اور فتنوں اور آفتوں کے متعلق جو خبریں تھیں وہ بھی پوری ہوگئیں۔ ان ظلمتوں کے بعد اب کونسی ظلمت باقی رہ گئی ہے۔ تمہارا دجّال محض تمہارے دماغوں میں تخیلات کی طرح ہے۔ زمانہ نے صرف انہی فتنوں اور انہی برائیوں کی مصیبت ظاہر کی ہے۔ اللہ کے نزدیک یہ بہت بڑا فتنہ ہے اور قریب ہے کہ اس سے آسمان پھٹ جائیں اور مضبوط گڑے ہوئے پہاڑ گر جائیں۔ پہلی تین

☆ ایڈیشن اوّل میں سہو کتابت معلوم ہوتا ہے درست ''الآفات'' ہے۔ (ناشر)

﴿۹۱﴾ ألف سنة بعدّ القرون الثلاثة. وأُحسّ خروجهم فی أوّل الأمر کالکشکشة. أعنی ککشیش الأفعٰی. إذا تمدّد وتمطّٰی. ثم زاد الاحساس. حتی ظهر الخنّاس. وأشیعت الضلالة والوسواس. وکثرت الأوساخ والأدناس. وقد مضٰی علیه تسع مائة کتسعة أشهر وهو فی الرحم کالجنین. وما سُمعَ منه رکزٌ ولا فحیحٌ ولا صوتٌ کالطنین. ولا أثر من الرد علی الإسلام والتألیف والتدوین. فتلک التسع هی أیام حمل الدجّال. والتسع مخصوص بعدة الحمل کما هی العادة فی أکثر الأحوال. وإن شئت فعُدّ من ابتداء انقراض القرون الثلا ثة. إلی زمان یکمل عدّة التسعة. ثم تولّد الدجّال علی رأس المائة العاشرة. أعنی علی رأس المائة التی هی عاشر ة بعد القرون

صدیاں گزرنے کے بعد وہ ایک ہزار سال تک عمر دیئے گئے۔ آغاز میں ان کا خروج سرسراہٹ یعنی سانپ کی سرسراہٹ کی طرح محسوس کیا گیا جب وہ پھیلتا اور لمبا ہوتا ہے پھر اس احساس میں اضافہ ہوتا گیا۔ یہاں تک کہ دجّال ظاہر ہوگیا اور ضلالت اور وساوس پھیل گئے اور میل اور گندگی کی بہتات ہوگئی اس پر نو صدیاں نو ماہ کی طرح گزر گئیں۔ اس حال میں کہ وہ رحم میں جنین کی طرح تھا۔ اس دوران اس کی کوئی آہٹ کوئی سرسراہٹ اور کوئی بھنبناہٹ نہیں سنی گئی۔ اور نہ اسلام کے ردّ میں کوئی اثر ظاہر ہوا اور نہ ردِّ اسلام میں کوئی تصنیف وتدوین کی۔ اور یہ نو صدیاں دجّال کے حمل کا زمانہ ہے اور نو کا عدد مدتِ حمل کے لئے مخصوص ہے۔ اکثر حالات میں یہی معمول ہے۔ اگر تم چاہو تو قرون ثلاثہ کے گزرنے کی ابتدا سے نو کی میعاد مکمل ہونے تک کے زمانے کو شمار کر لو۔ پھر دجّال کی ولادت دسویں صدی کے سر پر ہوئی۔ یعنی یہ کہ دجّال تین صدیوں کے بعد اس صدی کے سر پر پیدا ہوا جو دسویں صدی تھی اور اس سے

الثلاثة. وكان قبل ذالك كجنين في البطن ما تفوّه قط بكلمة. وما ردّ على الملّة الإسلامية بلفظ ولا بفقرة. ثم خرج وصار كسيل يأتي من ماء الجبال. ويتوجّه إلى الغور والوهاد والدحال. وصار قويّا ببّا. وهيّج فتنًا لا توجد مثلها من آدم إلى آخر الأيام. و قَلّب كل التقليب أمور الإسلام. وأكل كثيرا من وُلْدِ المِلّة. كما أنتم تنظرون يا ذوى الفطنة. وعاث في الأرض يمينًا وشمالًا. وأشاع فسادًا و ضلالًا. وبلغ ديننا إلى التهلكة. ثم ظهر المسيح على رأس ألف البدر ونزل من الله بالحربة. فجعل يستقريه ويطلبه كما يطلب الصيد في الأجمة. وسيلقيه على باب اللُّد ويقطع كل لدد

پہلے اُس کی حالت اُس جنین جیسی تھی جو رحم مادر میں ہو اور اُس نے منہ سے ایک لفظ بھی نہ نکالا ہو۔ اور اس نے کسی ایک لفظ اور فقرے سے بھی ملتِ اسلامیہ کا ردّ نہیں کیا تھا۔ پھر اس دجّال کا خروج ہوا۔ پھر وہ اس سیلاب کی طرح ہو گیا جو پہاڑوں کے پانی سے بنتا ہے اور ہر نشیب، ہر گڑھے اور کھوہ کا رُخ کرتا ہے۔ اور وہ مضبوط اور طاقتور ہو گیا اور ایسے ایسے فتنے بھڑکائے کہ جن کی مثال آدم سے لے کر آخری زمانے تک نہیں پائی جاتی۔ اس نے اسلامی معاملات کو اُلٹ پلٹ دیا اور اکثر فرزندانِ ملت کو چاٹ گیا۔ جیسا کہ اے اہلِ دانش! تم دیکھ رہے ہو۔ اس نے دائیں بائیں ہر طرف زمین میں تباہی مچادی ہے اور فساد و گمراہی پھیلا کر رکھ دی ہے۔ اور دینِ اسلام ہلاکت کے کنارے تک پہنچ گیا۔ پھر مسیح چودھویں صدی کے سر پر ظاہر ہوا اور وہ اللہ کی طرف سے آسمانی حربے کے ساتھ نازل ہوا۔ اور وہ اُس کی تلاش کرنے لگا اور اس کو ڈھونڈنے لگا جس طرح جنگل میں شکار کی تلاش کی جاتی ہے۔ اور بہت جلد وہ بَابُ اللُّد میں اسے آ پکڑے گا۔ اور ایک ہی

بواحد من الضربة.☆ فلا تهنوا ولا تحزنوا وإن الله معكم إن كنتم معه بالصدق والطاعة. ولقد نصركم الله ببدر وأنتم أذلّة. والآن أُعيدَ إليكم البدر فى المرّة الثانية. وإنّ الفتح قريب ولكن لا بالسيف والملحمة. بل بالتضرّعات وعقد الهمّة والأدعية. فلا تظنّوا ظنّ السوء واسعوا إلىّ كالصحابة. ولا تموتوا الا وأنتم مسلمون. وصلّوا على محمد خير البريّة. وإن هذه مائة كليلة البدر عدّة. وكليلة القدر مرتبة. فأبشروا ببدركم وانتظروا أيام النصرة.

ضرب سے سارے جھگڑوں کو چکا دے گا۔ پس تم کمزوری نہ دکھاؤ اور غم نہ کرو اور اللہ تمہارے ساتھ ہے اگر تم صدق و اطاعت سے اس کے ساتھ ہو۔ خدا نے بدر میں یعنی اس چودھویں صدی میں تمہیں ذلت میں پا کر تمہاری مدد کی۔ اب وہ بدر کی حالت تمہاری طرف دوبارہ لوٹائی گئی ہے۔ اور یقیناً فتح قریب ہے لیکن تلوار اور جنگ سے نہیں، بلکہ تضرّعات، عقدِ ہمت اور دعاؤں سے ہو گی۔ اس لئے بدظنی مت کرو۔ اور صحابہ کی طرح میری طرف دوڑو، اور تم نہ مرنا مگر اس حالت میں کہ تم فرمانبردار ہو اور خیر البریہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجو۔ یہ صدی شمار کے لحاظ سے شبِ بدر (چودھویں) کی مانند اور مرتبے کے اعتبار سے لیلۃ القدر کی طرح ہے۔ پس تم اپنے بدر پر خوش ہو جاؤ اور نصرت کے دنوں کا انتظار کرو۔ ﴿۹۲﴾

☆ **الحاشية** . اوّل بلدةٍ بَايعنى الناسُ فيها اسمها لدهَيانه. وهى اوّل ارضٍ قامت الاشرار فيها للاهانة. فلما كانت بيعة المخلصين. حربةً لقتل الدجال اللعين. بإشاعة الحق المبين. اشير فى الحديث ان المسيح يقتل الدجال علٰى باب اللُدّ بالضربة الواحدة. فاللُدّ ملخّصٌ من لفظ لدهيانه كما لايخفٰى على ذوى الفطنة. منه

سب سے پہلے جس شہر میں لوگوں نے میری بیعت کی اس کا نام لدھیانہ ہے۔ یہی وہ پہلی سرزمین ہے جس میں شریرالنفس لوگ میری اہانت کے درپے ہوئے۔ جب کھلی صداقت کی اشاعت کے ذریعہ مخلصین کا بیعت کرنا ملعون دجّال کے قتل کا ایک ہتھیار ہوا۔ حدیث میں اسی طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ مسیح دجّال کو ایک ہی وار سے بابُ اللُّد پر قتل کرے گا جیسا کہ اہل دانش پر یہ امر مخفی نہیں کہ لُدّ لفظ لدھیانہ کا ہی مخفف ہے۔ منہ

فی ذکر أهل الجرائد والأخبار

لعلّك تقول بعد ذالك أن أهل الجرائد والأخبار يستحقون أن يُصلحوا مفاسد البلدان والديار. فأقول رحمك الله! إنه خطأ فی الأفكار. أتُبرَءُ من هؤلاء أمراض النفوس. ووساوس القسوس. نعم. لا شك أن هذه الصناعات تفيد قومنا لو رعوه حق المراعات. وتكون كهاد إلى مجاهل. وتقود إلى مناهل. وتكون كناصر للدينيات. وإن الجرائد مرآة تُرى الغائب كالمشهود. والغابر كالموجود. وتكون الوصلة إلى بعض الخفايا. بل قد تُعين على فصل القضايا. وتُرى الأمور القريبة والبعيدة كتقابل المرايا. وتُهيّء كل عبرة لأولى الألباب. وتخبر من طرق النجاة والتباب. وتُنبّئكم كل يوم كيف تتغير

مدیرانِ جرائد واخبار کے بیان میں

اس کے بعد شاید تو یہ کہے کہ یہ جرائد واخبار والوں کا کام ہے کہ وہ دیار وامصار کے مفاسد کی اصلاح کی اہلیت رکھتے ہیں۔ تو میں یہی کہتا ہوں۔ اللہ تم پر رحم کرے۔ یہ غلط سوچ ہے۔ کیا ان لوگوں سے نفوس کی بیماریاں شفا پا سکتی ہیں؟ اور پادریوں کے وساوس کا علاج ہوسکتا ہے؟ ہاں! بلاشبہ یہ ایسے پیشے ہیں جو قوم کو فائدہ دے سکتے ہیں۔ اگر وہ اس کا کَمَا حَقُّهٗ خیال رکھیں تو ان کی حیثیت گمنام راستوں میں راہبر اور چشموں کی طرف راہنما اور دینی امور میں مددگار کی ہو سکتی ہے اور جرائد ایک آئینہ ہیں جو غائب کو حاضر اور ماضی کو حال کی طرح دکھا دیتے ہیں۔ اور بعض مخفی امور تک پہنچنے کا ذریعہ ہیں بلکہ مقدمات کا فیصلہ کرنے میں بھی مدد دیتے ہیں۔ نزدیک اور دور کے حالات ایسے دکھاتے ہیں جیسے متقابل آئینے اور وہ عقل مندوں کے لئے عبرت کا ہر سامان مہیّا کرتے ہیں اور نجات اور ہلاکت کی راہوں کا پتہ دیتے ہیں اور ہر روز تمہیں آگاہ کرتے

الأيام. وكيف تقوى المجامع وتغور المنابع العظام. وكيف تخلو المرابط ويهوى الأمراء من امرتهم. بعد ما أودعت سرّ الغنى أسرتهم. وتخبر من أخبار المحاربين الغالبين منهم والمنهزمين. والفائزين منهم والخائبين. ولولا الأخبار لانقطعت الآثار. وجُهِل الدُوَلُ وما عُلِم الأبرار والأخيار. وتقطّعت سلسلة تلاحق الأفكار. وتكميل الأنظار. ولضاعت كثير من آراء. وتجارب أهل عقل ودهاء. وما بقي سبيل إلى تعرّف أهل السياسات. ومعرفة أهل العقول والاجتهادات. ولولا التاريخ لصار الناس كالأنعام. ولضيّعوا سلسلة الأيام والأعوام. وقد سُلّمت ضرورته مذ سُلّت السيوف من أجفانها. وبُرئ الأقلام لجولانها. ولا نقدر على موازنة الأوّلين والآخرين إلا

ہیں کہ زمانہ کیسے بدل رہا ہے اور کیسے مجالس ویران ہو رہی ہیں اور بڑے بڑے چشمے کیسے سُوکھتے ہیں اور اصطبل کس طرح خالی ہو رہے ہیں اور کیسے امراء اپنی مسندِ امارت سے گر رہے ہیں۔ بعد اس کے کہ اُن کے خدوخال میں دولت کا راز ودیعت ہو چکا تھا۔ یہ (اخبار و جرائد) دو متحارب فریقوں میں سے غالب آنے والے اور شکست خوردہ فریق اور کامیاب ہونے والے اور ناکام فریق کے متعلق اطلاع دیتے ہیں۔ اگر اخبارات نہ ہوتے تو (تاریخ کے) آثار مٹ جاتے اور حکومتیں بے خبر رہتیں اور ابرار و اخیار کی پہچان نہ ہوسکتی۔ اور باہم تبادلۂ خیالات اور تکمیلِ نظریات کا سلسلہ منقطع ہو جاتا۔ اور اہلِ عقل و فراست کی اکثر آراء اور ان کے تجربات ضائع ہو جاتے۔ اور اہل سیاسیات اور دانشوروں اور اجتہاد کی صلاحیت رکھنے والوں کی پہچان کی کوئی سبیل باقی نہ رہتی۔ اگر علمِ تاریخ نہ ہوتا تو لوگ بالکل چوپاؤں کی طرح ہو جاتے اور وہ مہ و سال کے رشتۂ ارتباط کو بالکل کھو بیٹھتے۔ جب سے تلواروں نے اپنے میانوں سے نکلنا اور قلموں نے اپنی جولانی دکھانی شروع کی ہے۔ اس کی ضرورت مسلّم ہے۔ مؤرخوں کی امداد کے بغیر ہم

بإمداد المؤرّخين. وهو الذى يحمل آثار بناة المجد . و يشيّع أذكار أرباب الجدّ. وهو زينة للدين. وسنة الله فى كتبه والفرقان المبين. والدين الذى لم يُحصّله تحت أسره. ولم يصاحبه فى قصره. فليس هو الا كبيت بُنى فى موضع يُخاف عليه من صدمات السيل. وربّما يذهب السيل بمتاعه ويغادره كغبار سنابك الخيل. ومن فقد عصا التاريخ يمشى كأقزل. ولا تتحرك رجله من غير أن تتخاذل. فيُنهَب ذالك البيت من صول الجهل وسيله. ومن تبوّأه يتلف دُررًا جمعها فى ذيله. وربما يُنسيه الشيطان ما هو كعمود الملّة. ويغادر بيته أنقى من الراحة. فيكون مآل هذا الدين أنه يُرمَى بالكساد. ويتلطّخ بأنواع

﴿۹۳﴾

اوّلین وآخرین کا موازنہ کر ہی نہیں سکتے اور یہی وہ علم ہے جو اہلِ مَجد کے آثار وروایات کا حامل ہوتا ہے۔ نیز یہ جدّ وجہد کرنے والوں کے یادگار کارناموں کو عام کرتا ہے۔ یہ (تاریخ) دین کے لئے زینت اور الٰہی نوشتوں اور فرقانِ مبین میں اللہ کی سنت ہے۔ وہ دین جو اس (تاریخ) کو اپنی گرفت میں نہ لے اور اپنے ہاں جگہ نہ دے۔ اُس دین کی حالت اُس گھر کی طرح ہے جسے ایسی جگہ پر بنایا گیا ہو جس کے متعلق یہ اندیشہ ہو کہ وہ (تندوتیز) سیلاب کے تھپیڑوں کی زد میں ہے اور یہ سیلاب بسا اوقات اس کے قیمتی سامان کو بہالے جاتا ہے۔ اور اُسے گھوڑوں کے سُموں سے اٹھنے والے غبار کی طرح کر دیتا ہے۔ (یاد رکھو) کہ جس شخص نے تاریخ کے عصا کو کھو دیا وہ شخص لنگڑاتا ہوا چلے گا۔ اور اس کا پاؤں لڑکھڑائے بغیر حرکت نہیں کرے گا۔ ایسا گھر جہالت کے حملہ اور سیلاب سے لوٹا جاتا ہے۔ اور اُس مکان کو مسکن بنانے والا شخص ان قیمتی موتیوں کو ضائع کر دے گا جو اُس نے اپنے دامن میں جمع کئے ہوں۔ اور شیطان بسا اوقات اسے مذہب کے بنیادی ارکان بھی بھلا دیتا ہے اور اس کے گھر کا بالکل صفایا کر دیتا ہے۔ پس اس دین کا انجام یہ ہوتا ہے کہ وہ خسارے کا

الفساد. والدين الذى يؤيِّدُ بصحف التاريخ والجرائد وضبط الأخبار. لا تُعفّى آثاره بل يُؤتَى كعذيق أُكُله كل حين من أنواع الثمار. ويخرج كل وقت من معادن الصدق سبائك الفضة والنضار. وأخباره تُسكّن القلوب عند مساورة الهموم والكرب. وتقص قصص المصابين على القلب المكتئب. وتشدد الهمم للاقتحام. فى الأمور العظام. وتُشجّع القلوب المزءودة بنموذج الفتيان الكرام. فإن نموذج الفتيان والشجعان يُقوّى القلوب ويزيد جرأة الجنان. فوجب شكر الذين يُعثرون على سوانح زمن مضى أو على سوانح أهل الزمان. ويخبرون عن ضعف الإسلام وقوّة أهل الصلبان. وكم من جهالة مسّت قومنا من قلّة التوجّه إلى التواريخ وأخبار

شکار ہو جاتا ہے۔اور طرح طرح کے فساد میں ملوث ہو جاتا ہے۔ البتہ ایسا دین جس کی تائید تاریخی صحیفے، جرائد اور اخبارات کا ریکارڈ کرے تو اُس دین کے آثار کو مٹایا نہیں جا سکتا بلکہ وہ دین پھل دار شاخ کی طرح ہر آن مختلف قسم کے پھل دیتا ہے۔ اور سچائی کی کانوں سے ہر وقت چاندی اور سونے کی ڈلیاں نکالتا ہے۔ اُس کی خبریں غموں اور بے چینیوں کے حملے کے وقت دلوں میں تسکین پیدا کرتی ہیں۔ اور غمزدہ دل پر مصیبت زدہ لوگوں کے واقعات بیان کرتی ہیں اور بڑے بڑے خطرات میں گھس جانے پر ہمتیں مضبوط کرتی ہیں اور معزز نوجوانوں کے نمونہ سے ڈرے سہمے دلوں میں دلیری پیدا کرتی ہیں۔ اس لئے کہ بہادر نوجوانوں کے نمونے دلوں کو قوت بخشتے اور ان کی جرأت کو بڑھاتے ہیں۔ اس لئے ایسے لوگوں کا شکریہ ادا کرنا فرض ہے جو زمانہ ماضی اور اہلِ زمانہ کے سوانح سے اطلاع دیتے ہیں۔ اور اسلام کے ضعف اور اہل صلیب کی قوت سے پوری طرح باخبر کرتے ہیں۔ تواریخ اور زمانوں

الأزمنة والديار. و عَرَض عليهم النصارى بعض القصص محرّفين مبدّلين كما هو عادة الأشرار. وأهلكوهم وبلّغوا أمرهم إلى البوار والتبار. وطمعوا فى إيمانهم بل جذبوا فوجا منهم إلى صلبانهم. وهذا أمر يزيد بلبال العاقلين. ويُهيّج الأسف على عمل المفسدين. ثم مع هذه الفضائل مال أكثر أهل الجرائد فى زمننا إلى الرذائل. وجمعوا فى أنفسهم عيوبا سفكت جميع ما هو من حسنّ الشمايل. ما بقى فيهم ديانة ولا صدق وأمانة. يسيل من أقلامهم سيل الأكاذيب. ويسفكون دم الحق عند الترغيب والترهيب. يحمدون لأغراض. و يسبّون لأغراض. وجعلوا أهواء هم قِبلتهم فى كل توجّه و إعراض. وازدراءٍ وإغماض. يتقاعسون من مُبارز ويصولون

اور ملکوں کے حالات کے متعلق کم توجہی کی وجہ سے ہماری قوم کتنی جہالتوں کو شکار ہے۔ اور جیسا کہ شرپسندوں کا طریق ہے عیسائیوں نے بعض قصّے محرف اور مبدّل کر کے مسلمانوں کے سامنے پیش کئے ہیں۔ اور اس طرح انہیں ہلاک اور ان کے مقصد کو تباہ و برباد کر دیا ہے۔ اپنے عقائد کی جانب حرص دلا کر انہیں راغب کیا، بلکہ اُن میں سے ایک گروہ کو اپنی صلیبوں کی طرف کھینچ لائے ہیں۔ ان کا یہ رویّہ عقلمندوں کی پریشانیوں کو بڑھا دیتا ہے اور مفسدوں کے اِس عمل پر افسوس میں ہیجان پیدا کر دیتا ہے۔ ان فضائل کے ہوتے ہوئے بھی ہمارے زمانے کے اکثر مدیرانِ جرائد گھٹیا پن کی جانب مائل ہیں۔ انہوں نے اپنے اندر اس قدر عیوب جمع کر لئے ہیں کہ جن کی وجہ سے ان کے تمام اچھے شمایل کا خون ہو گیا ہے۔ اُن میں دیانت، سچائی اور امانت باقی نہیں رہی۔ اُن کے قلموں سے ہر طرح کے جھوٹوں کا سیلاب بہہ رہا ہے اور ہر ترغیب اور ترہیب کے موقع پر وہ سچائی کا خون کرتے ہیں۔ بعض اغراض کی خاطر کبھی وہ لوگوں کی تعریف کرتے ہیں اور کبھی اپنی دوسری اغراض کی خاطر انہیں گالیاں دیتے ہیں۔ انہوں نے ہر توجہ اور اِعراض نیز تحقیر اور چشم پوشی (دونوں صورتوں) میں اپنی نفسانی خواہشات کو اپنا

﴿۹۴﴾

علی احراض. یکذبون کثیرا وقَلّما یصدقون. وفی کل واد یهیمون. لیس فیهم من غیر خلابة العارضة. والهذر عند المعارضة. لا یقدرون علی عذوبة الإیراد. من غیر کذب وهزل وترك الاقتصاد. ولا یمسّون نفائس الکلمات. الا بمزج الأباطیل والجهلات. یبغون نزهة سوادهم بالهزلیات. ویستمیلونهم بالمضحکات والمبکیات. ویریدون اختلاب القلوب. ولو کان داعیا إلی الذنوب. ویقولون کل ما یقولون ریاءً او استمالة للأعوان. لینهلّ ندٰی أهل الثراء والثروة علیهم ولیرجعوا بالهیل والهیلمان. ولیتسنوا قیمتهم. ویستغزروا دیمتهم. ولذالك یرقبون نادیهم ونداهم. وإن خُیّبوا فیلعنون مغداهم. وکثیر منهم یعیشون کالدهریین والطبیعیین. وینظرون الدین کالمستنکفین.

قبلہ بنا رکھا ہے۔ وہ مقابلہ کرنے والے سے پیچھے ہٹ جاتے ہیں۔ البتہ لاغروں پر خوب حملہ کرتے ہیں۔ وہ اکثر جھوٹ بولتے ہیں اور بہت کم سچ بولتے ہیں۔ وہ ہر وادی میں سرگرداں پھرتے ہیں۔ ان میں دھوکا دہی کے عارضہ اور مقابلہ کے وقت لسانی فریب کاریوں اور بیہودہ گوئی کے علاوہ کچھ نہیں۔ جھوٹ، استہزا اور ترک میانہ روی کے بغیر وہ شیریں بیانی کی طاقت نہیں رکھتے۔ بیہودہ اور جاہلانہ باتوں کی آمیزش کے بغیر وہ عمدہ کلام تک پہنچ بھی نہیں سکتے۔ وہ یاوہ گوئی کے ذریعہ عوام کو خوش کرنا چاہتے ہیں۔ ہنسانے اور رُلانے والی باتیں کر کے انہیں اپنی طرف مائل کرتے ہیں۔ وہ دلوں کو موہ لینا چاہتے ہیں خواہ ایسا کرنا گناہوں کی طرف دعوت دے رہا ہو۔ وہ جو کچھ بھی کہتے ہیں محض ریاکاری اور مددگاروں کو اپنی طرف مائل کرنے کی غرض سے کہتے ہیں۔ تاکہ اہلِ دولت وثروت کی سخاوت ان پر برَسے اور وہ ان سے کثیر مال لے کر لوٹیں۔ تاکہ وہ ان کی قدر و قیمت بڑھائیں اور ان کی ہلکی بارش کو موسلا دھار سمجھیں اور اسی لئے وہ ان کی مجالس اور ان کی عطا پر نظر رکھتے ہیں۔ اور اگر وہ اس میں ناکام ہو جائیں تو پھر وہ اپنی صبح پر لعنت بھیجتے ہیں۔ ان میں سے اکثر دھریوں اور نیچریوں جیسی زندگی بسر کرتے ہیں اور دین کو متکبروں کی طرح دیکھتے ہیں۔ بلکہ ملتِ اسلام

بل أعينهم في غطاء عند رؤية جمال الملّة. وقلوبهم في عيافة عند هذه الجلوة . لا يرون الكذب سُبّة. ويجعلون لَبنةً قُبّة. ولن يُتركوا سُدًى. وإنّ مع اليوم غدًا. وأرى أن أبخرة الكبر سدّت أنفاسهم. وهدّمت أساسهم. وترى أكثرهم كصدف بلا دُرّ. وكسُنبلة من غير بُرّ. يقومون لتحقير الشرفاء. لأدنى مخالفة في الآراء. وتجد فيهم من اتخذ سيرته الجفاء. وإلى من أحسن إليه أساء. وإذا رأى في مصيبة الجار. فآذى وجفا وجار. وما رحم وما أجار. فكيف ينصر الدين قوم رضوا بهذه الخصائل. وكيف يُتَوَقّع فيهم خير بتلك الرزائل؟ الا الذين صلحوا ومالوا إلى الصالحات. فيُرجى أن يأتي عليهم يوم يجعلهم من حفدة الدين. ومن الناصرين بالصّدق والثّبات.

کے جمال کو دیکھ کر ان کی آنکھوں پر پردہ پڑ جاتا ہے اور اس جلوہ آرائی کے وقت اُن کے دلوں میں کراہت پیدا ہو جاتی ہے۔ وہ جھوٹ کو عار نہیں سمجھتے۔ اور رائی کا پہاڑ بناتے ہیں اور انہیں ہرگز بے لگام نہیں چھوڑا جائے گا۔ کیونکہ ہر آج کی ایک کل بھی ہے۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ کبر کے بخارات نے ان کی سانسیں بند کر رکھی ہیں اور ان کی بنیاد کو منہدم کر دیا ہے۔ تم اُن میں سے اکثر کو ایسی سیپی پاؤ گے جس میں کوئی موتی نہیں اور ایسی بالی پاؤ گے جس میں کوئی دانہ نہیں۔ آراء میں ادنیٰ سے اختلاف پر وہ شرفاء کی تحقیر کے لئے اُٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔ تم اُن میں ایسے لوگ پاؤ گے جنہوں نے جفاء کو اپنا وطیرہ بنا لیا ہے۔ جو اُن سے حسن سلوک کرے وہ اس سے بُرا سلوک کرتے ہیں۔ جب وہ کسی ہمسایہ کو مصیبت میں دیکھتے ہیں تو اسے اذیت دیتے اور اس پر جور و جفا کرتے ہیں اور رحم نہیں کرتے اور نہ ہی حق ہمسائیگی ادا کرتے ہیں۔ ایسی خصلتوں پر راضی رہنے والے لوگ دین کی کیسے مدد کریں گے۔ ان کمینی صفات کے ہوتے ہوئے، ان سے کسی خیر کی توقع کیسے کی جا سکتی۔ سوائے ان لوگوں کے جو نیک ہو گئے اور نیکیوں کی طرف مائل ہوئے، تو امید کی جا سکتی ہے کہ ان پر ایسا وقت ضرور آئے گا جو انہیں دین کے حامی اور صدق و ثبات کے ساتھ دین کی مدد کرنے والے بنا دے گا۔

فی ذکر الفَلاسفة وَالمنطقیّین

لعلك تقول بعد ذالك أن الفلاسفة والمنطقيّين يقدرون على أن يُصلحوا مفاسد هذا الزمان. فإنهم يتكلّمون بالحجّة والبرهان. ويصلون إلى نتيجة صحيحة بعد ترتيب المقدّمات. ولا يبقى الإشكال بعد شهادة الاشكال فى المعضلات. فنقول إن هذه العلوم مفيدة بزعمك من غير شك فى بعض الأوقات. وتُثبتُ خيانة من خان ومان وتُنجى من الشبهات. ومن تعلّمها يصير بيانه مُوَجّها وحُلو المذاقة. ويتراء ى يراعه مليح السياقة. وإن أهلها يزيد رعبا على الكافرين. ويطّلع على خيانة المفسدين. وبها يُزيّن الإنسان روايته. ويستشف كل

فلسفیوں اور منطقیوں کے بیان میں

اس کے بعد شاید آپ یہ کہیں کہ فلسفی اور منطقی اس زمانے کے مفاسد کی اصلاح کرنے پر قادر ہیں۔ اس لئے کہ یہ لوگ حجت اور دلیل کے ساتھ بات کرتے ہیں اور مقدمات (صغریٰ کبریٰ) کو ترتیب دینے کے بعد کسی صحیح نتیجے پر پہنچتے ہیں۔ اور پیچیدہ مسائل میں نظائر کی گواہی کے بعد کوئی اشکال باقی نہیں رہتا۔ پس ہم کہتے ہیں کہ آپ کے خیال کے مطابق یہ علوم بعض اوقات بے شک بہت مفید ہیں اور ان کی وجہ سے ایک خائن اور جھوٹے کی خیانت ثابت کرتے اور شبہات سے نجات دلاتے ہیں۔ اور جو ان علوم کو سیکھتا ہے اس کا بیان مدلّل اور شیریں ذوق کا حامل ہوتا ہے۔ اور اُس کا قلم دلآویز اسلوب ظاہر کرتا ہے اور ان علوم کے حامل کا کافروں پر رُعب بڑھ جاتا ہے اور وہ مفسدوں کی خیانت پر مطلع ہو جاتا ہے۔ اور ان کے ذریعہ انسان اپنی

أمر ويُنقّد درايته. ويُبكّت بالحجة كل من يعوى. ويشوّق الآذان إلى ما يروى. وينطق كدرر فرائد. ولا يُكابد فيها شدائد. ولا يخاف عند النطق رعب مانع. ولا يأتي بنيٍّ غير يانعٍ. ويقتحم سبل الاعتياص. ويسعى لارتياد المناص. وربما يفكر ويعكف نفسه للاصطلاء. ليُنجّي نفوسًا من جهد البلاء. هذا قولك وقول من يشابه قلبه قلبك. ولكن الحق أن هؤلاء من الفلاسفة والحكماء. وأهل العقل والدهاء. لا يقدرون على دفع هذا البلاء. بل هم كبلاء عظيم لأبناء الإسلام والطلباء. وكل ما زَقّوا صبيان المسلمين. فهو ليس إلا كالسّموم. وأخرجوهم من رياح طيبة وتركوهم في السّموم. بئسما علّموا وبئسما تعلّموا.

روایت کو مزیّن کرتا ہے اور ہر امر کو صاف صاف دیکھ لیتا ہے اور اپنی درایت کو عمدہ کر لیتا ہے۔ اور دلیل و حجت کے ذریعہ ہر بھونکنے والے کا منہ بند کر دیتا ہے۔ اور اس کا بیان کانوں کو اشتیاق دلاتا ہے اور بولتے وقت اس کے منہ سے نایاب موتی جھڑتے ہیں اور اس (کلام) میں وہ کسی قسم کی دقت محسوس نہیں کرتا اور گفتگو کے وقت کسی ٹوکنے والے کے رعب کا اسے خوف نہیں ہوتا۔ وہ کچی ناپختہ باتیں نہیں کرتا۔ وہ دشوارگزار راہوں میں گھس جاتا ہے اور پناہ کی تلاش میں لگا رہتا ہے اور بسا اوقات وہ دوسروں کو مصیبت کی سختی سے نجات دلانے کی خاطر خود اپنے آپ کو مشقت میں ڈالنے کی فکر میں رہتا ہے۔ یہ تیرا قول ہے اور اس کا قول ہے جس کا دل تیرے دل کے مشابہ ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ فلسفی اور حکماء اور اہلِ عقل و دانش اس مصیبت کو دور کرنے کی طاقت نہیں رکھتے۔ بلکہ وہ خود فرزندان اسلام کے لئے اور حق کے متلاشیوں کے لئے بہت بڑی مصیبت ہیں۔ جب کبھی بھی انہوں نے مسلمانوں کے بچوں کو چوگا دیا وہ صرف اور صرف زہر تھا۔ اور انہوں نے انہیں پاک اور خوشگوار ہوا سے نکال کر بادِ سموم میں لا ڈالا۔ بہت ہی بُرا ہے جو انہوں نے سکھایا اور کیا ہی برا ہے جو انہوں نے سیکھا۔

فی ذکر مشائخ هذا الزمان

﴿۹۶﴾ لعلك تقول أن مشايخ هذا الزمان. الذين عُدّوا من أولياء الرحمان. هم قوم مصلحون. فليحفد إليهم المسلمون. فإنهم فانون فی حب حضرة الكبرياء . و لا يُضيّعون الوقت فی الزهو والخيلاء. بل يريدون أن ينتهج الناس مهجة الاهتداء. وينقلوا من فناء الأهواء. إلى مقام الفناء. وقد آثروا تلاوة القرآن على اللهو بالأقران. تراهم جالسين فی الحجرات. منقطعين إلى رب الكائنات. فاسمع منی. إنّا نؤمن بوجود طائفة من الصلحاء فی هذه الأمّة.ولو كان الناس يُكفّرونهم ويؤذونهم بأنواع الفرية والتهمة. ولكنّا نجد أكثر مشايخ هذا الزمان. مُرائين

عصر حاضر کے مشائخ کے بیان میں

شاید آپ یہ کہیں کہ اس زمانے کے مشائخ جو اَولیاءُ الرَّحمٰن شمار کئے جاتے ہیں۔ وہ اصلاح کرنے والے لوگ ہیں۔ پس چاہئے کہ مسلمان ان کی طرف دوڑیں۔ کیونکہ یہ حضرت کبریا کی محبت میں فانی ہیں۔ اور تکبر اور خود پسندی میں وقت ضائع نہیں کرتے بلکہ وہ چاہتے ہیں کہ لوگ ہدایت کی راہ پر گامزن ہوں اور نفسانی خواہشات کے آنگن سے مقام فنا کی جانب منتقل ہو جائیں۔ اور انہوں نے ہمجولیوں کے ساتھ کھیلنے کودنے پر تلاوتِ قرآن کو مقدّم کیا ہوا ہے۔ تم انہیں حجروں میں ربِّ کائنات کی طرف انقطاع (الی اللہ) کئے ہوئے بیٹھے دیکھو گے۔ پس مجھ سے جواب سن۔ ہم اِس اُمت میں صلحاء کی ایک جماعت کی موجودگی کو تسلیم کرتے ہیں۔ اگرچہ لوگ ان کی تکفیر کرتے اور مختلف قسم کے افترا اور تہمتوں سے انہیں تکلیف دیتے ہیں۔ لیکن ہم اِس زمانے کے اکثر مشائخ کو ریاکار، لاف زن اور خدائے رحمان کی راہوں سے

متصلّفين مُتباعدين من سبل الرحمان. يُظهرون أنفسهم فى المجالس كالكبش المضطمر. وليسوا الا كالذئاب أو النمر. يحمدون أنفسهم متنافسين. ويقولون إنّا أهل الله ما أطعنا مُذ يَفعنا الا ربّ العالمين. وإن نفوسنا مُطهّرة. وكؤوسنا مترعة. ونحن من الفقراء. والمتبتّلين إلى الله ذى العزّة والعلاء. ولم يبق فيهم كرامة من غير ذرف الغروب. مع عدم رقّة القلوب. وما بقى بدعة الا ابتدعوها. ولا مكيدة الا تقمّصوها. ولا يوجد فى مجالسهم الا رقص يُمزّق به الأردية. ويدمى الأقفية. وبما وسعت الدنيا عليهم بُدّلت عرائكهم. وصار مصلى الحجرات أرائكهم. فهذا هو سبب نقيصة رويتهم ودهائهم. وطرق إباحتهم وقلّة حياء هم.

دُور ہٹے ہوئے پاتے ہیں۔ وہ مجلسوں میں اپنے آپ کو ایک لاغر اور نحیف بھیڑ کی صورت میں ظاہر کرتے ہیں لیکن دراصل وہ بھیڑیئے یا چیتے ہیں۔ وہ اپنے نفسوں کی بڑھ چڑھ کر تعریف کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم اہل اللہ ہیں اور عنفوانِ شباب سے ہی ہم نے ربّ العالمین کے سوا کسی کی اطاعت نہیں کی۔ ہمارے نفوس پاک اور ہمارے جام لبریز ہیں۔ ہم فقیر صفت ہیں اور خدائے عَزَّوجلّ کی طرف تبتّل اختیار کئے ہوئے ہیں۔ حالانکہ ٹسوے بہانے کے سوا ان میں کچھ بھی کرامت نہیں۔ نیز رقت قلب سے بھی عاری ہیں۔ کوئی بدعت ایسی نہیں جسے انہوں نے اختیار نہ کیا ہو۔ اور کوئی چال بازی ایسی نہیں جسے انہوں نے اوڑھنا بچھونا نہ بنا لیا ہو۔ اور ان کی مجالس میں صرف ایسا رقص ہوتا ہے کہ جس کے ذریعہ لباس تار تار ہوتا ہے اور گردنیں لہولہان ہو جاتی ہیں۔ چونکہ دنیا اُن پر وسیع ہے اس لئے ان کے مزاج بدل گئے ہیں۔ اور حجروں کے مصلّے نشست گاہوں میں بدل گئے ہیں اور یہی ان کی کوتاہ نظری، کم عقلی، اور اباحت کے طریقوں اور قلتِ حیا کا سبب ہے۔

وإن اللّٰـه إذا سلب من نفس التقوى الذى هو أشرف النِّعم. فجعل تلك النفس كالنَّعَم. وإذا ختم على قلب نزع منه نكات العرفان. وجعله كجبان وحيل بينه وبين شجاعة الإيمان. فيصبحون كالنسوان لا كالفتيان. ولا يبقى فيهم من غير حُلىّ النسوة. مع شيء من الخيلاء والنخوة. وينزع عنهم لباس الحِكَمِ البارعة. والكلم البليغة الرائعة. ولا يُعطَى لهم حظ من مسك المعارف وريحه الفاتحة. تكدّر سراج الإسلام من تكدُّر زيتهم. وما هم الا كراوية لبيتهم. انقض ظهرهم أثقال العيال. فيحسبون همومهم كالجبال الثقال. ويحتالون لهم كل الاحتيال. فما لهم ولدين الله ذى الجلال تعرف رؤيتهم برواء هم.

﴿۹۷﴾

جب اللہ (تعالیٰ) کسی شخص سے تقویٰ جو اعلیٰ ترین نعمت ہے سلب کر لے تو وہ اسے چوپائے کی طرح بنا دیتا ہے۔ اور جب وہ کسی دل پر مہر لگا دے تو پھر وہ اُس سے نکاتِ معرفت چھین لیتا ہے اور اسے بزدل بنا دیتا ہے اور اُس شخص کے اور شجاعتِ ایمانی کے درمیان روک ڈال دی جاتی ہے۔ اور وہ عورتوں کی طرح ہو جاتے ہیں نہ کہ جواں مرد۔ اور اُن میں عورتوں کی طرح بناؤ سنگھار کے سوا کچھ باقی نہیں رہتا ہاں کچھ تکبر اور نخوت رہ جاتی ہے۔ اور اعلیٰ درجہ کی حکمت اور عمدہ بلیغ کلمات کا جامہ اُن کے بدن سے اُتار لیا جاتا ہے۔ اور انہیں معارف کی مُشک اور اس سے پھیلنے والی خوشبو سے کچھ بھی حصہ نہیں دیا جاتا۔ ان کے تیل کے گدلے پن سے اسلام کا چراغ بھی دُھندلا گیا ہے۔ وہ گھر کے لئے پانی لانے والے اس اونٹ کی طرح ہیں جس کی کمر کو عیال کے بوجھ نے توڑ دیا ہو۔ پس وہ اپنے ہم وغم کو کوہ ہائے گراں کی طرح بوجھل سمجھتے ہیں اور فائدہ کے لئے ہر حیلہ سازی استعمال کرتے ہیں۔ ان کو خدائے ذوالجلال کے دین سے کیا تعلق؟ اُن کے چہرے سے اُن کی نیّتیں اور اُن کے تکبّر سے اُن کے خیالات

وخيالهم بخيلائهم . وقد وضح بصدق العلامات. وتوالى المشاهدات. أن أكثر هذه الفقراء ليس لهم حظ من التقاة. ولا رائحة من الحصاة. يرون انهتاك حرمة الدين. ولا يخرجون من الحجرات. ولا تتوجّع قلوبهم كالحماة. بل سرّهم مشاغلهم بالأغانى والمغنيات والمزامير مع قراءة الأبيات. ولا يعلمون ما جرى على أمّة خير الكائنات. وما قرءوا من مشايخهم سبق المواسات. يجمعون كل ما يُعطى ولو كان مال الزكاة والصدقات. تحسبهم أحياءً وهم كالأموات. اِلَّا قليلا من عباد الله كذرّة فى الفلوات. وتجد أكثرهم غريق البدعات والسّيّئات. فيا أسفا عليهم! ما يجيبون اللّٰه بعد الممات؟ وكل ما كثر من اجتراء

معلوم ہو جاتے ہیں۔ ان علامات کے ان پر صادق آنے اور مشاہدات کے تواتر سے عیاں ہو گیا ہے کہ اِن فقراء کی اکثریت کو نہ تقویٰ سے کچھ حصہ ملا اور نہ ہی عقل کی کوئی بُوبَاس ہے۔ وہ دین کی بے حرمتی اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں لیکن اپنے حجروں سے باہر نہیں نکلتے۔ ان کے دل حامیانِ دین کی طرح نہیں تڑپتے بلکہ گانے اور گانے والیاں اور آلاتِ موسیقی کے ساتھ شعر پڑھے جانے کے مشاغل انہیں خوش رکھتے ہیں۔ اور وہ نہیں جانتے کہ خیرالوریٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت پر کیا بِیت رہی ہے؟ انہوں نے اپنے مشائخ سے غمخواری کا سبق نہیں پڑھا۔ انہیں جو کچھ بھی دیا جائے وہ اسے سمیٹ لیتے ہیں خواہ وہ زکوٰۃ اور صدقات کا مال ہی کیوں نہ ہو۔ تم انہیں زندہ خیال کرتے ہو حالانکہ وہ مردوں جیسے ہیں۔ سوائے اللہ کے چند بندوں کے جیسے صحرا میں ذرّہ۔ تم ان میں سے اکثر کو بدعتوں اور برائیوں میں غرق پاؤ گے۔ ان پر صد افسوس۔ مرنے کے بعد وہ اللہ کو کیا جواب دیں گے۔ جب بھی عیسائیوں اور عیسائیت اختیار کرنے والوں کی جرأت

النصاری والمتنصّرین. فلا شك أن اثمه علی هؤلاء الغافلین. من المشایخ والعالمین. فإن الفتن کلها ما حدثت الا بتغافل العلماء والفقراء والأمراء. فیُسألون عنها یوم الجزاء. قالوا نحن معشر العلماء والفقراء. ثم عملوا عملا غیر صالح بالاجتراء. وطلبوا رزقهم بالمکائد والریاء. وتری بعض علماء هم ترکوا شغل العلم وأخلدوا إلی الأرض وفکر الزراعة. وما حفظوا مقامهم وماطلبوا فضل الله بالضراعة. وحسبوا عزازة فی الفلاحة. ونسوا حدیث الذلة الذی ورد بالصراحة. فالحاصل أنهم اختاروا مشاغل أخری کالحارثین. فکیف یقلبون الطرف إلی الدین وینصرون الدین؟ وکیف یجتمع فی قلب

بڑھتی ہے تو بلاشبہ اس کا گناہ ان غافل مشائخ اور علماء پر ہے۔ یہ تمام فتنے جو پیدا ہوئے وہ سب ان علماء، فقراء اور امراء کے تغافل کا نتیجہ ہیں۔ پس وہ جزا سزا کے دن اس کے متعلق پوچھے جائیں گے۔ وہ دعویٰ تو یہ کرتے ہیں کہ ہم علماء اور فقراء کی جماعت ہیں۔ پھر بڑی بیباکی سے غیر صالح عمل کرتے ہیں اور اپنی روزی فریب اور رِیاء سے تلاش کرتے ہیں۔ تو دیکھتا ہے کہ ان کے علماء میں سے کچھ علم کے شغل کو چھوڑ چکے ہیں اور کلیۃً دنیا کے ہو کر رہ گئے ہیں اور کھیتی باڑی کی فکر میں رہتے ہیں۔ انہوں نے اپنے مقام کی پاسداری نہ کی اور نہ ہی تضرع کرتے ہوئے اللہ کا فضل طلب کیا اور یہ خیال کیا کہ ان کی تمام تر عزت کھیتی باڑی میں ہے۔ وہ (زراعت کے بارے میں) بالصراحت وارد ہونے والی ذلت کی حدیث کو بھول گئے۔ حاصل کلام یہ کہ انہوں نے زراعت پیشہ لوگوں جیسے دوسرے مشاغل کا انتخاب کرلیا۔ پس وہ دین کی طرف کیسے نگاہ کریں اور دین کی مدد کریں۔ پس ایک ہی دل میں کھلیان کی

واحد فكر العرمة وفكر الأمّة؟ ومن خرّ على دويل لن يفتح عليه باب الدولة. يسألون الناس كالنائحات والنادبات. وأضاعوا القائت في فكر الأقوات. وترى بعضهم يرهنون قبّور آباء هم. عند غرماء هم. ليتصرّفوا فيما وُقف عليها وليأكلوا ما عُرض على أجداث كبراء هم. وإن قلتَ يا عافاك الله أحسبت قبر أبيك شيئًا يُباع ويُشترى. يقول اسكت يا فضولي لا تعلم ما نعلم ونرى. ويعدون إلى ألف من كرامات أسلافهم. وما يخرج درّ من خلفهم من غير اخلافهم. يدورون بركوة اعتضدوها. وعصا اعتمدوها. وسبحة عدّوها. ولحًى طوّلوها ومدّوها. وحُللٍ خضّروها. وبَشرة نضّروها. كأنهم أبدال أو أقطاب. ثم يظهر بعد برهة

فکر اور اُمت کی فکر کیسے اکٹھی ہوسکتی ہے۔ جو شخص خس وخاشاک پر گر پڑے اس کے لئے سلطنت کے دروازے کبھی کھولے نہیں جاتے۔ وہ نوحہ اور بَین کرنے والی عورتوں کی طرح لوگوں سے مانگتے ہیں۔ انہوں نے مختلف الانواع غذاؤں کے تصوّر میں اپنی (موجود) قوت لَایَمُوت کو ضائع کردیا ان میں سے بعض تمہیں ایسے بھی نظر آئیں گے جو اپنے آباؤواجداد کی قبریں اپنے قرض خواہوں کے پاس رہن رکھتے ہیں تاکہ وہ ان قبروں کے اوقاف کو اپنے تصرّف میں لائیں۔ اوران کے بڑوں کی قبروں پر جو چڑھاوے چڑھائے جاتے ہیں اُن کی آمدنی کھائیں۔ اگر تو انہیں کہے کہ اے بھلے آدمی! کیا تو اپنے باپ کی قبر کو ایسی چیز سمجھتا ہے جس کی خرید وفروخت ہوسکتی ہے؟ تو وہ جواب میں کہے گا کہ اے باتونی چُپ رہ! جو ہم جانتے اور دیکھتے ہیں تم اُسے نہیں جان سکتے۔ وہ اپنے اسلاف کی کرامات ہزار تک گنتے ہیں۔ ان کے تھنوں میں سے دودھ کی بجائے وعدہ خلافی نکلتی ہے۔ وہ کشکول لٹکائے، عصا تھامے، تسبیح کے دانے گنتے، داڑھیاں بڑھائے اور پھیلائے ہوئے۔ سبز چولے پہنے اور چہروں کو چمکائے ہوئے پھرتے ہیں گویا وہ ابدال ہیں یا اقطاب۔ مگر

﴿۹۸﴾

أنهم كلاب أو ذئاب. وغاية هممهم جراب. تُملأ فيه دراهم أو قسب وكناب. لا تجد فيهم علامة من فقرهم من غير الذوائب المرسلة إلى تحت الآذان. كمثل العلماء الذين لا يعلمون من غير رسم الإمامة والأذان. ولا تجد في حجراتهم أثرا من بركات. بل تجد كل أحد أبا ابي زيد في كذب وهنات. يأكلون أموال الناس بادّعاء القطبية والبدلية. ولا يعلمون من غير طواف القبور والبدعات الشيطانية. وبعضهم في المجامع يتغنّون. وكمثل وليدة المجالس يرقصون. وعلى رأس كل سنة لتجديد البدعات يجتمعون. تجد فيهم مكيدة السنور والفأرة. وسمّ الحيّة والجرارة. لا يوجد فيهم من الديانة الا اسمها. ولا من الشريعة الا

کچھ دیر بعد یہ ظاہر ہو جاتا ہے کہ وہ کتّے یا بھیڑیئے ہیں۔ ان کی ہمتوں کی انتہا وہ تھیلا ہے جس میں درہم یا پھل اور مال و منال بھرا جاتا ہے۔ تو کانوں کے نیچے تک چھوڑی ہوئی لٹوں کے سوا ان میں فقر کی کوئی علامت نہیں پاتا۔ اُن علماء کی مانند جو امامت اور اذان کی رسم کے سوا کچھ نہیں جانتے۔ تم اُن کے حجروں میں کسی برکت کا نشان تک نہ پاؤ گے۔ بلکہ ان میں سے ہر ایک کو جھوٹ اور (دیگر) عیوب میں ابوزید (سروجی) کا بھی باپ پاؤ گے۔ وہ قطب اور ابدال کے دعویدار بن کر لوگوں کے مال کھاتے ہیں اور قبروں کے گرد چکّر لگانے اور شیطانی بدعتوں کے سوا کچھ نہیں جانتے۔ ان میں سے بعض مجمعوں میں گاتے اور بازاری عورت (مُغَنّیه) کی طرح ناچتے ہیں اور ہر سال کے آغاز میں بدعتوں کی تجدید کی خاطر اکٹھے ہوتے ہیں۔ تم اُن میں بلّی اور چوہے جیسی چالاکیاں اور سانپ اور زَرد بچھو جیسا زہر پاؤ گے۔ ان میں دین کا صرف نام اور شریعت کی صرف رسم پائی

رسمها. تركوا أحكام الله ذى الجلال. وخرقوا شريعة أخرٰى كالمحتال. ونحتوا من عند أنفسهم أنواع الأوراد والأشغال. لا يوجد أثرها فى كتاب الله ولا فى آثار سيد النبيين وخير الرجال. ثم يقولون إنّا نؤمن بخاتم النبيين. وقد خرجوا من الدين كإخوانهم من المبتدعين. أَنَزَلَ عليهم وحى من السماء فنسخ به القرآن وسُنّة سيد الأنبياء ؟ كلا. بل اتّبعوا الشياطين. وآثروا الإباحة وأهواء النفس على ما أنزل أرحم الراحمين. وجاءوا بمحدثات خارجة من الدين. وأحدثوا بدعات بعد نبينا المكين الأمين. وبدّلوا حُلَلًا غير حلل المسلمين. وقلّبوا الأمور أكثرها كأنهم ليسوا من المؤمنين. المزامير أحب

جاتی ہے۔ انہوں نے خدائے ذوالجلال کے احکام ترک کر دئے ہیں۔ اور ایک حیلہ ساز شخص کی طرح ایک نئی شریعت اختراع کر لی ہے اور خود اپنی طرف سے طرح طرح کے ورد اور مشغلے تراش لئے ہیں۔ جن کا نہ تو کتاب اللہ میں اور نہ ہی سید المرسلین اور خیر الوریٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے آثار میں کوئی نشان ملتا ہے۔ پھر دعویٰ یہ کرتے ہیں کہ ہم خاتم النبیّین پر ایمان لاتے ہیں، حالانکہ وہ اپنے بدعتی بھائیوں کی طرح دین سے خارج ہو چکے ہیں۔ کیا ان پر آسمان سے وحی نازل ہوئی ہے جس سے قرآن اور سید الانبیاءؐ کی سنت منسوخ ہوگئی ہے۔ ہرگز نہیں۔ بلکہ انہوں نے شیاطین کی اتباع کی ہے۔ اور اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْن خدا کی نازل فرمودہ (وحی) پر انہوں نے اباحت اور نفسانی خواہشات کو مقدّم کیا ہے اور خارج از دین بدعتیں پیدا کرتے ہیں اور ہمارے صاحب مرتبہ اور امین نبیؐ کے بعد نئی نئی بدعتیں پیدا کی ہوئی ہیں۔ مسلمانوں کے لباسوں کو چھوڑ کر اور لباس پہن لئے ہیں۔ اور اکثر امور کو اُلٹ پلٹ دیا ہے گویا وہ مومنوں میں سے نہیں ہیں۔ گانا بجانا انہیں تلاوتِ قرآن سے زیادہ

﴿۹۹﴾

إليهم من تلاوة القرآن. و دقاقير الشعراء أملح في أعينهم من آيات الله الرحمان. خرجوا من الدين كما يخرج السهم من القوس. وداسوا أوامر الله كل الدوس. ما ترى فيهم ذرّة من اتّباع السُنّة. ولا كفتيل من السير النبوية. وكثير منهم فتحوا أبواب الإباحة. وأووا إلى عقيدة وحدة الوجود ليكونوا آلهة وليستريحوا من تكاليف العبادة. يقولون أن كثيرا من الناس رأوا من دعاءنا وجه الاهواء ليظن ان الأمر كذالك وهم من الأولياء. وليسعى الناس إليهم بدراهم كما يسعون إلى الصلحاء. وإذا قُرء عليهم كتاب اللّٰه أو قول رسوله لا يُطربهم شيء من ذالك. ثم إذا قُرء بيت من الأبيات فإذا هم يرقصون. ومن لعنه الله فمن يفتح عيونه؟ فليعملوا ما يعملون.

مرغوب ہے اور شعراء کی لاف زنی ان کی نگاہوں میں خدائے رحمان کی آیات سے زیادہ ملاحت رکھتی ہے۔ وہ دین سے اس طرح نکل گئے ہیں جیسے کمان سے تیر نکل جاتا ہے۔ انہوں نے اوامرِ الٰہی کو کُلّیۃً پامال کر دیا ہے۔ تجھے ان میں ذرّہ بھر بھی اتباع سنت نظر نہیں آئے گی اور نہ ہی سیرتِ نبویؐ کا شائبہ تک دکھائی دے گا۔ اُن میں سے اکثر نے اِباحت کے دروازے کھولے ہوئے ہیں۔ اور خدا بننے کے لئے اور عبادت کی مشقتوں سے بچنے کے لئے وحدت الوجود کے عقیدہ کی پناہ لئے ہوئے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ اکثر لوگوں کی خواہشات ہماری دعا کی وجہ سے پوری ہوئی ہیں تا کہ یہ یقین کر لیا جائے کہ فی الواقع ایسا ہی ہے اور وہ واقعی اولیاء میں سے ہیں اور تا کہ اِس طرح لوگ مال و دولت لے کر ان کی طرف بھاگتے چلے آئیں جس طرح وہ صلحاء کی جانب دوڑ کر آتے ہیں۔ اور جب اُن پر کتاب اللہ پڑھی جائے یا رسول اللہؐ کا کوئی قول پیش کیا جائے تو انہیں اس سے ذرّہ بھی خوشی حاصل نہیں ہوتی۔ ہاں جب کوئی شعر پڑھا جائے تو جھومتے ہوئے یکدم رقص کرنے لگتے ہیں۔ جس شخص پر اللہ لعنت کرے تو پھر بھلا اور کون ہے جو اس کی آنکھیں کھولے۔ پس وہ جو چاہیں کریں۔

فی ذِکر طوائف أخری مِن المُسْلِمِین

قد سمعتم من قبل ذکر أعیان الإسلام. ورجالهم الکرام. فلعلّکم تظنون أن عامتهم معصومون من السّیئَات. فاعلموا أنهم کمثل کبرائهم ما غادروا شیئا من ارتکاب المعاصی والمنهیات. وتراهم مسلوب الهمّة. کثیر النهمة. هالکین من سمّ الغفلة. یأکل بعضهم بعضا کدود العذرة . ویترکون أوامر الله من غیر المعذرة. قد فشا الکذب بینهم والفسق والفحشاء. والبخل والغلّ والشحناء. یشربون کأسا دهاقا من الصهباء. ویُصبحون فی القمر والزمر بترک الحیاء. یقولون نحن المسلمون ثم لا یتوبون من نجاسة الدنان. کأنهم لا یؤمنون بالدیّان.

مسلمانوں کے دیگر گروہوں کے بیان میں

اس سے پہلے آپ اسلام کے اکابر اور معززین کا ذکر سن چکے ہیں۔ پس شاید تم یہ گمان کرو کہ ان کے عوام برائیوں سے بچے ہوئے ہیں۔ پس یاد رہے کہ وہ اپنے بڑوں جیسے ہی ہے۔ معاصی اور محرمات کے ارتکاب میں انہوں نے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی۔ تم دیکھو گے کہ وہ پست ہمت، لالچی، غفلت کے زہر کے مارے ہوئے ہیں اور گند کے کیڑوں کی طرح ایک دوسرے کو کھاتے ہیں۔ وہ بغیر کسی عذر کے اللہ کے احکام کو ترک کرتے ہیں۔ جھوٹ، فسق، بے حیائی، بخل اور کینہ اور دشمنی ان میں عام ہے۔ وہ شرابِ اَحْمَر کے چھلکتے جام لنڈھاتے ہیں اور صبح تک نہایت بے حیائی اور ڈھٹائی سے جُؤا کھیلتے اور راگ رنگ میں لگے رہتے ہیں۔ وہ دعویٰ یہ کرتے ہیں کہ ہم مسلمان ہیں مگر شراب کی نجاست سے توبہ نہیں کرتے۔ گویا کہ وہ خدائے

یکذبون بأدنی طمع فی الشهادات. ویجاوزون حد العدل عند المعادات. نسوا شروط التقاة. وذهلوا حقوق المؤاخاة. ومرضوا بمرض لا ینفعه أسیٌّ ولا فلسفیٌّ. وما استعصم منه ألمعیٌّ ولا غبیٌّ. حتی عاد زمان الجاهلیة بعد ذهابه. وفقد الماء وختل کل امرء بسرابه. وظهرت فی الأعین خیانته. وفی الألسن خیانته. وفی الزهادة خیانته. وفی العبادة خیانته. وما بقی جریمة الا وهی توجد فی المسلمین. وجمعوا فی أعمالهم إتلاف حقوق اللّٰه وحقوق المخلوقین. یوجد فیهم السارقون. والسفاکون والمزورون. والکاذبون والزانون. والأساری فی عادات الفسق والفحشاء والخائنون الجائرون. وعبدة

﴿۱۰۰﴾

حسیب پر ایمان نہیں رکھتے۔ وہ تھوڑے سے طمع کی خاطر گواہیوں میں جھوٹ بولتے ہیں اور دشمنی کے وقت حدِّ اعتدال سے تجاوز کر جاتے ہیں۔ تقویٰ کی شرائط کو بھول چکے ہیں اور مؤاخات کے حقوق کو بھلا دیا ہے اور ایسی مرض میں مبتلا ہیں کہ کوئی معالج اور فلسفی اسے ٹھیک نہیں کر سکتا۔ اس بیماری سے نہ کوئی انتہائی ذہین محفوظ رہا اور نہ کوئی کند ذہن۔ یہاں تک کہ زمانۂ جاہلیت رخصت ہونے کے بعد پھر عَود کر آیا ہے۔ پانی مفقود ہو گیا ہے اور زمانے کی سراب سے ہر شخص دھوکا کھا رہا ہے۔ آنکھوں میں زبانوں میں اور زہد وعبادت میں اس (زمانہ جاہلیت) کی خیانتیں ظاہر ہو چکی ہیں اور کوئی جرم ایسا نہیں جو مسلمانوں میں پایا نہ جاتا ہو۔ انہوں نے حقوق اللہ اور حقوق العباد کو ضائع کرنا اپنے اعمال میں جمع کر لیا ہے۔ اُن میں چور، سفّاک، فریب کار، جھوٹے، زانی، فسق وفجور کی عادات کے اسیر، خائن، ظالم، قبروں کے پجاری اور مشرک،

القبور والمشركون. والعائشون فی حلل الإباحة والدهريون. ولا يوجد جريمة الا ولهم سهم فيها كما أنتم تعلمون. وإن كنتَ تشك فاسأل حدّاد سجنٍ من السجون.

اباحت کے جامہ میں زندگی گزارنے والے اور دھریئے پائے جاتے ہیں۔ اور جیسا کہ تجھے معلوم ہی ہے کہ کوئی ایسا جرم نہیں کہ جس میں ان کا حصہ نہ ہو۔ اگر تجھے اس بارے میں کوئی شک ہو تو بے شک کسی داروغۂ جیل سے پوچھ لے۔

فِی ذِکر الفِتن الخارجيَّة

إن أكبر الفتن فی هذه البلاد. فتنة الإلحاد والارتداد. وترون كثيرا من أهل الردّة يمشون فی بلادنا كالجراد المنتشرة. ديس المسلمون تحت أقدام القسوس. وقُلّبت قلوبهم وجُعلت طبائعهم كالثوب المعكوس. وشُغفوا بمكائد أهل الصلبان. ومسائل العصمة والكفارة والقربان. وترون أنهم يُرغّبونهم فی دينهم بكل ذريعة وأداة. ولو بفتاة. ويجذبون كل ذی مجاعة و بوسَی. إلی إلٰهٍ نُحت بعد موسٰی.

بیرونی فتنوں کے بیان میں

ان علاقوں میں سب سے بڑا فتنہ الحاد و ارتداد کا فتنہ ہے اور تم دیکھ رہے ہو کہ بہت سے مرتدین ہمارے ان علاقوں میں پراگندہ ٹڈیوں کی طرح چل پھر رہے ہیں۔ پادریوں کے قدموں کے نیچے مسلمان روندے گئے ہیں۔ ان کے دل اور طبیعتیں الٹے کپڑے کی طرح پلٹا کھا گئی ہیں۔ اور وہ عیسائیوں کے مکائد اور عصمت، کفّارہ اور قربانی کے مسائل پر فریفتہ ہو گئے ہیں۔ تم دیکھ رہے ہو کہ وہ (عیسائی) ہر ذریعہ اور ہر حربہ سے انہیں اپنے دین کی طرف راغب کرتے ہیں۔ خواہ نوجوان لڑکی کے ذریعہ۔ وہ ہر بھوکے اور بدحال شخص کو (حضرت) موسیٰؑ کے بعد خود تراشیدہ خداوند کی

فيجيئهم كل من ارتاد مُضيفًا. ليقتاد رغيفًا. و يسوق الجهلاء حادى السغب. إلى البِيَع التى هى أصل البوار والشغب. ويُرغبونهم فى خفض عيش خضل. وكانوا من قبل كابن سبيل مرمل. وكان الطوى زاد جوى الحشا. فآثروا الرغفان على الدين كما ترى. و شربوا من كأسهم. و تلطّخوا من أدناسهم. و إنهم دخلوا ديارنا كطارق إذا عرى. فنوّموا الأشقياءَ و نفوا عن السعداء الكرى. وضل كثير من تعليماتهم. ولُدِغوا من حَيَواتهم. حتى صُبّغوا بصبغتهم. ودخلوا فناء ملّتهم. وما كان فيهم رجل ينفى ما رابهم. ويستسلّ السهم الذى انتابهم. ووسّعوا

﴿۱۰۱﴾

طرف کھینچتے ہیں۔ پس ہر وہ شخص جو میزبان کی تلاش میں ہوتا ہے وہ ان کے پاس چلا آتا ہے تاکہ روٹیاں توڑے۔ بھوک کا حُدِی خوان جاہلوں کو اُن گرجوں کی طرف ہانک کر لے جاتا ہے جو تباہی اور فتنہ وفساد کی جڑ ہیں۔ وہ تنعم اور آسودہ حال زندگی کی ترغیب دیتے ہیں جبکہ اس سے پہلے وہ ایسے مسافر کی طرح تھے جس کا زادِراہ ختم ہو چکا ہو اور بھوک نے پیٹ کی جلن کو بڑھا دیا ہو۔ انہوں نے روٹی کو دین پر مقدم کر لیا جیسا تم دیکھ رہے ہو، اور انہیں کے جام سے انہوں نے پیا اور ان کی میل کچیل سے وہ آلودہ ہو گئے ہیں۔ اور وہ ہمارے ملک میں رات کو آنے والے کی طرح داخل ہوئے۔ انہوں نے بدبختوں کو سلا دیا ہے اور نیک لوگوں کی نیند حرام کر دی ہے۔ بہت ہیں جو ان کی تعلیمات کی وجہ سے گمراہ ہو گئے اور ان کے سانپوں سے ڈسے گئے، یہاں تک انہیں کے رنگ میں رنگے گئے اور ان کی مِلت کے آنگن میں داخل ہو گئے۔ ان میں ایسا کوئی شخص نہ رہا جو اُن کے شکوک رفع کرتا اور ان کو پے در پے لگنے والے تیر نکالتا۔ انہوں نے

الحريّة كل التوسيع. وفرّقوا بين الأمّ والرضيع. وارتدّ فوج من المسلمين. وكذّبوا وشتموا سيد المرسلين. وترون الآخرين قد قاموا لتوديع الإسلام. وتكذيب خير الأنام. عُكمت الرحال. وأزف الترحال. وقد أظهروا شعار الملّة النصرانية. ونضوا عنهم كل ما كان من الحلل الإيمانية. والذين تنصّروا ما تركوا دقيقة من التحقير والتوهين. وأضلّوا خلق الله كالشيطان اللعين. فالذين كانوا من أبناء المسلمين وحفدتهم. صاروا من جنودهم وحفدتهم. وأكملوا أفانين الكيد. ليتحاشوا لهم كل نوع الصيد. ولا شك أنهم أفسدوا اِفْسادًا عظيمًا. وجعلوا إلهًا عَظْمًا رميمًا. وخدعوا جهلاء الهند بطلاوة العلانية.

پوری طرح آزادی دے دی اور ماں اور دودھ پیتے بچے کو ایک دوسرے سے جُدا کر دیا۔ اور مسلمانوں کی ایک فوج مرتد ہوگئی اور انہوں نے سید المرسلین (صلی اللہ علیہ وسلم) کو جھٹلایا اور گالیاں دیں اور کچھ ایسے لوگ بھی دیکھتے ہو جو اسلام چھوڑنے اور خیرالانامؐ کی تکذیب کے لئے تیار کھڑے ہیں (گویا) کجاوے کَس لئے گئے ہیں اور کوچ کی گھڑی آن پہنچی ہے اور انہوں نے عیسائی مذہب کے طور طریقوں کا اظہار کیا ہے اور وہ ایمانی جامے جو کبھی انہوں نے پہن رکھے تھے اب انہیں اتار پھینکا ہے اور وہ جو عیسائی ہو چکے ہیں، انہوں نے تحقیر و توہین میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا اور شیطانِ ملعون کی طرح مخلوق خدا کو گمراہ کیا اور وہ جو مسلمانوں کے بیٹے اور پوتے تھے وہ ان کے لشکری اور خدمت گزار بن گئے اور رنگارنگ کی فریب کاری کو کمال تک پہنچا دیا تا کہ وہ ہر قسم کے شکار کو اپنے پاس جمع کر لیں۔ اور بلاشبہ انہوں نے بہت بڑا فساد برپا کیا اور ایک بوسیدہ ہڈی کو اپنا معبود بنالیا اور ظاہری چمک دمک اور خُبثِ باطن سے ہندوستانی جاہلوں کو دھوکا دیا اور چاندی میں لپٹے ہوئے گوبر

وخبثة النيّة. وضيّعوا دُرر الإسلام بروث مُفضّض. وكنف مُبيّض. وصرفوا الناس من الهداية إلى الضلال. ومن اليمين إلى الشمال. يُصلّتون ألسنهم كالعضب الجراز. ويتركون متعمّدين طريق التعظيم والاعزاز. وبِيَعُهم مناخ للعيس. ومحطّ للتعريس. وما ترى بلدة من البلاد الا وتجد فيها فوجا من أهل الردة و الارتداد. وقد تنصّروا بسهم من المال لا بالسهام. وكذالك أُغِيرَ على ثلث ملّة الإسلام. وسُلب منّا أحبابنا وعادا من واخا. ومُطرنا حتّى صارت الأرض سُواخٰى. داخوا بلادنا. وأحرقوا أكبادنا. وأفسدوا أولادنا. وإنهم فرق ثلاث فى الفساد. وفى مراتب الارتداد. فرقة تركوا بالجهرة دين الأجداد.

اور سفیدی کئے ہوئے بیت الخلاء کے بدلے اسلام کے گوہر ہائے بے بہا کو ضائع کر دیا اور لوگوں کو ہدایت سے گمراہی کی طرف اور دائیں سے بائیں پھیر دیا۔ تیز تلوار کی طرح زبانوں کو تیز اور دراز کرتے ہیں اور جان بوجھ کر تعظیم وتکریم کی راہ کو ترک کرتے ہیں۔ ان کے گرجے اونٹوں کے باڑے اور آرام گاہ ہیں۔ تمہیں ملک میں کوئی ایسا شہر نظر نہیں آئے گا جہاں مرتدوں کی کوئی نہ کوئی فوج نہ ہو۔ وہ تیروں سے نہیں بلکہ مال میں سے حصہ لینے کے لئے عیسائی بنے اور اس طرح ملتِ اسلامیہ کے ایک تہائی حصے پر غارت گری کی گئی۔ اور ہمارے احباب ہم سے چھین لئے گئے جس نے بھائی چارہ کیا اُس سے عداوت کی گئی اور ہم پر اتنی بارش برسائی گئی کہ زمین دلدل بن گئی۔ انہوں نے ہمارے ملکوں کو زیر کر لیا اور ہمارے گھر جلا ڈالے اور ہماری اولاد کو بگاڑ دیا۔ فساد اور ارتداد کے مراتب میں وہ تین گروہ بن گئے۔ ایک گروہ وہ ہے

وقوم آخرون تری صورهم كالمسلمين و قلوبهم مجذومة من الإلحاد. قرأوا العلوم الجديدة . و أكلوا تلك العصيدة . و صاروا كالملحدين. لا يصومون ولا يُصلّون. بلّ تراهم على المتعبّدين الصائمين ضاحكين. فهم أقرب إلى الإلحاد من الإيمان. وإلى الشيطان من الرحمان. لا يؤمنون بالحشر ولا بالجنة والنار. ولا بالملائكة ولا بوحى الذى هو مدار شريعة نبيّنا سيد الأخيار. دخلوا فى بطن فلاسفة النصرانيين. فما خرجوا منه الا فى حُلل الملحدين. وثقوا بوميضهم وهو خُلّب. واغترّوا بصدقهم وهو قُلّب. اسودّت صدورهم كأنها ليلة فتية الشباب. غدافية الإهاب.

جس نے کھلم کھلا اپنے آباؤ اجداد کے دین کو چھوڑ دیا اور دوسرے لوگ وہ ہیں جن کی صورتیں تو مسلمانوں جیسی ہیں لیکن ان کے دل الحاد کی وجہ سے مجذوم ہیں۔ انہوں نے علوم جدیدہ پڑھے اور اس کا حلوہ کھایا اور ملحدوں جیسے ہو گئے۔ نہ روزہ رکھتے ہیں اور نہ نماز پڑھتے ہیں۔ بلکہ تو انہیں عبادت گزاروں اور روزے داروں کی ہنسی اُڑاتے دیکھے گا۔ وہ ایمان کی نسبت الحاد کے اور رحمان کی نسبت شیطان کے زیادہ قریب ہیں۔ وہ حشر نشر، جنت اور جہنم پر ایمان نہیں رکھتے اور نہ ہی وہ فرشتوں اور اس وحی کو مانتے ہیں جو ہمارے سید الاخیار نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کی مدار ہے۔ وہ عیسائی فلاسفروں کے حلقہ میں داخل ہوئے اور ملحدوں کے جامہ میں ملبوس ہی اُس سے باہر نکلے۔ انہوں نے اُن کی چمک دمک پر بھروسہ کیا حالانکہ وہ محض دھوکا تھا۔ انہوں نے ان کے صدق سے دھوکا کھایا۔ حالانکہ وہ چال بازی تھی۔ ان کے سینے سیاہ ہو گئے گویا کہ وہ ایک ایسی رات ہیں جو اپنے پورے

﴿۱۰۲﴾

وما بقيت الآذان ولا العيون. وغشيهم كبر الفلسفة كما يغشى الجنون. ويقولون إنّا نشرب النُقاخ. والعامّة لا يتجرّعون الا الأوساخ. وقوم دونهم لبسوا لباس النصرانيين. ويقولون إنّا نحن من المسلمين. ومع ذالك فرغوا من الصلاة والصيام. وإن كانوا لا يضحكون على الإسلام. لا ترى شيئا معهم من حلل أهل الإيمان. بل ترى شعارهم كشعار أهل الصلبان. لا يتزوّجون الا بناتهم. ولا يحمدون إلا حصاتهم. شروا بالدنيا الشرع والورع. كرجل أجبأ الزرع. واذا أمعنتَ النظر فى وسمهم. وسرحت الطرف فى ميسمهم. ما ترى على وجوههم آثار نور المؤمنين. ولا سمت الصالحين. فهؤلاء أحداث

جو بن پر ہو اور سیاہ چمڑے جیسی تاریک وتار ہو۔ نہ کان بچے اور نہ آنکھیں۔ فلسفے کی بڑائی ان پر ایسی چھا چکی ہے جیسے جنون (عقل پر) چھا جاتا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم صاف پانی پیتے ہیں جبکہ عوام گدلا پانی پیتے ہیں۔ ان کے علاوہ ایک اور قوم ہے جنہوں نے لباس تو عیسائیوں جیسا پہن رکھا ہے لیکن کہتے یہ ہیں کہ ہم مسلمان ہیں۔ بایں ہمہ وہ نماز اور روزے سے فارغ ہیں۔ گو وہ اسلام کا مذاق نہیں اُڑاتے لیکن تو ان میں اہل ایمان کی سی خُوبُو نہیں پائے گا۔ بلکہ ان کا طور طریقہ عیسائیوں جیسا ہے۔ وہ ان کی لڑکیوں سے ہی شادی کرتے ہیں اور صرف ان کی دانش کی ہی تعریف کرتے ہیں۔ انہوں نے دنیا کی خاطر شریعت اور تقویٰ کو بیچ دیا ہے، بالکل اس شخص کی طرح جو کھیتی کو اس کے تیار ہونے سے پہلے ہی فروخت کر دیتا ہے۔ اگر تو ان کے خدوخال اور چہرے مُہرے کو گہری نظر سے مشاہدہ کرے تو نہ تو ان کے چہروں پر مومنوں کے نور کے آثار نظر آئیں گے اور نہ ہی صالحین کا طور طریقہ۔ یہ ہیں ہماری قوم کے نوجوان جن پر مستقبل کا

قومنا يُتّكأ عليهم في الأيام المستقبلة. ويذكرون بالثناء والمحمدة. وترون الإسلام في زماننا هذا كأسيرٍ يُحبس. أو كدريئة تُدْعَس. والذين يقرءون في مدارس القسوس من الصبيان. ترى أكثرهم يُشابهون أهل الصلبان. تركوا النظيف. وآثروا الجيف. وتقمّأوا روُث الضلالة. كما كانوا يتقمّأون عظام العلوم المروّجة. وما خرجوا من المدارس حتى خرجوا من الملّة. وعلى الخرء تداكئوا. وعلى القذر تكأكأوا. وإن الذين يدرسون من النصارى شرهم أكبر وتأثيرهم أعظم من قسوس آخرين. وإن اكثر صبيان ديننا يقرءون في مدارس هذه المضلّين. فإنّا لله على حالة المسلمين. وتأتي نساؤهم

دارومدار ہے اور ان کا تعریف و ستائش سے ذکر ہوتا ہے۔تم ہمارے اس زمانے میں اسلام کو ایک محبوس اسیر کی مانند دیکھ رہے ہو۔ یا پھر اس نشان ہدف کی طرح جس پر چاند ماری کی جاتی ہے۔اور جو بچے پادریوں کے سکولوں میں پڑھتے ہیں تم دیکھو گے کہ اُن میں سے اکثر عیسائیوں کے مشابہ ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے صاف ستھری چیز کو چھوڑ دیا اور مردار کو ترجیح دی۔ ضلالت کے گند کو انہوں نے آہستہ آہستہ اس طرح جمع کر لیا ہے جس طرح وہ بڑے بڑے مروّجہ علوم جمع کیا کرتے تھے اور اُس وقت تک ان مدارس سے نہیں نکلتے جب تک وہ ملتِ (اسلامیہ) سے خارج نہ ہو گئے ہوں۔وہ نجاست پر لپکے اور گند پر اُمڈ پڑے۔ عیسائیوں کے مدرسین کا شر اور ان کی تاثیر دوسرے پادریوں سے بڑھ کر ہے۔ ہمارے دین کے اکثر بچے ان گمراہ کرنے والوں کے مدارس میں پڑھتے ہیں۔ مسلمانوں کی اس حالت پر اِنَّا لِلّٰہ ہی پڑھا جا سکتا ہے۔اُن کے کلیساؤں کی خادمائیں مسلمانوں کے

﴿۱۰۳﴾ المحررات فی بیوت أهل الإسلام. ویوسوسن فی صدورهن بأنواع الحِیَل والاهتمام. وقد یرتد أحد منهن فیخرجونها کالسارقین. فیجری ما یجری علی قلوب المتعلقین. وقد یحصل لهم کثیر من یتامی هذا الدین. فیُنصّرونهم وهم ألوف عندهم و یزیدون کل یوم من قوم مجدبین. ومن الذین ماتت اٰباء هم من الطاعون أو حوادث أخری فقمشهم القسوس من الأرضین. فلبثوا کرهنة لدیهم حتی صاروا من المتنصّرین. وعُرِضَ علیهم الخنزیر فأکلوه. وقیل لسبّ المصطفٰی فسبُّوه وصاروا أوّل الکافرین.

گھروں میں آتی ہیں اوران کے دلوں میں طرح طرح کے مکروں اور کوششوں سے وسوسے پیدا کرتی ہیں اوراس طرح ان عورتوں میں سے کوئی نہ کوئی عورت مرتد ہو جاتی ہے اور وہ چوروں کی طرح اُسے لے کر نکل جاتے ہیں۔اس وجہ سے اُس کے متعلقین کے دلوں پر جو گزرتی ہے سو گزرتی ہے۔اور کبھی کبھار انہیں بہت سے مسلم یتیم بچے مل جاتے ہیں۔پس وہ انہیں عیسائی بنا لیتے ہیں اور وہ ان کے پاس ہزاروں میں ہیں اور تنگدست لوگوں میں سے ہر روز یہ تعداد بڑھتی جارہی ہے اوران میں سے بھی جن کے ماں باپ طاعون یا دیگر حادثات سے مر جاتے ہیں تو پادری انہیں مختلف علاقوں سے اپنے گرد جمع کر لیتے ہیں پھر وہ ان کے پاس گروی رہتے ہیں یہاں تک کہ وہ عیسائی ہو جائیں۔انہیں سؤر پیش کیا جاتا ہے اور وہ اسے کھاتے ہیں۔اور انہیں یہ کہا جاتا ہے کہ (حضرت محمدؐ) مصطفٰی کو گالیاں دو اور وہ آپؐ کو گالیاں دیتے ہیں اور اوّل درجے کے کافر ہو جاتے ہیں۔

فی علاج هذه الفتن

قد ثبت ممّا سبق أن هذه الفرق كلهم لا يقدرون على اصلاح الناس. ولا على دفع الوسواس الخنّاس. ولا أُصطيد بهم إلى هذا الحين صيد المراد. وما ارتقى الناس بهذه الذرائع إلى ذُرَى الصدق والسداد. وما رأيتم أحدًا منهم أصلح المفسدين. أو احتكأ قوله فى قلوب المجرمين. أو كفأ وعظه من المنكرات. وجعل من التوابين والتوابات. وكيف يُرجى منهم صلاح وإن قلوبهم فسدت. وصارت كقربة قضئت. فهل يهدى الأعمى الأعمٰى؟ أو يُداوى الوعك من لا يقلع عنه الحمّى؟ وهل يوجد فيهم رجل يُوصل إلى نور اليقين؟ وهل يُرِى سبيلا من هو من العمين. وهل من الممكن أن يلج فى سم الخياط الهرجاب.

ان فتنوں کے علاج کے بارے میں

گزشتہ بیان سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ یہ سب کے سب فرقے لوگوں کی اصلاح اور خنّاس شیطان کو دور کرنے کی قدرت نہیں رکھتے اور اب تک ان کے ذریعہ سے صیدِ مراد ہاتھ نہیں آیا۔ اور نہ ہی ان ذرائع سے لوگ صدق وسداد کی چوٹیوں پر چڑھ سکے ہیں۔ تم نے ان میں سے کوئی ایسا شخص نہیں دیکھا جس نے مفسدوں کی اصلاح کی ہو۔ یا اُس کی بات مجرموں کے دلوں میں اتری ہو یا اُس کی وعظ ونصیحت نے لوگوں کو برائیوں سے روکا ہو اور انہیں توبہ کرنے والے اور توبہ کرنے والیاں بنایا ہو۔ اور ان سے نیکی کی امید کیسے جا سکتی ہے جبکہ ان کے اپنے دل ہی بگڑے ہوئے ہیں اور وہ اس مشکیزے کی طرح ہو گئے جو بدبودار ہو۔ کیا ایک اندھا دوسرے اندھے کو راہ دکھا سکتا ہے؟ یا جس کا اپنا بخار نہیں اترتا کیا وہ دائمی مریض کا علاج کر سکتا ہے؟ کیا اُن میں کوئی ایسا شخص ہے جو نورِ یقین تک پہنچانے والا ہو؟ کیا وہ جو اندھا ہے وہ راہ دکھا سکتا ہے؟ کیا یہ ممکن ہے کہ اونٹ سوئی کے ناکے میں سے گزر جائے یا

أو يرعى الغنم الذئاب؟ سلّمنا أن العلماء يعظون. ولكن لا نُسلّم أنهم يتعظون. وقبلنا أنهم يقولون. ولكن لا نقبل أنهم يفعلون. وهل عيبٌ أفحش من القول من غير العمل؟ وهل يُتَوَقّع أن يكون خائبٌ مظهرًا للأمل؟ فاتركوا كل أحد من هذه الفرق مع كيده وكدّه. وتحسّسوا لعلّ الله يأتي أمرًا من عنده. ووالله إن هذه فتن لن تصلح بهذه الذرائع ولا بشورى ومُنتَدى. ولا بتجمير البعوث على ثغور العدا. ولا بأساة آخرين. وإن هم الا من المتصلّفين. وإن مثل جاهل يتصلّف بعلمه وعرفانه. كمثل جرو صأصأ قبل أوانه. أو كذباب يسابق البازى فى طيرانه. فاعلموا يا مواسى المسلمين. وأساة المتألّمين. أن علاج القوم فى السماء. لا فى

﴿۱۰۴﴾

بھیڑیئے بھیڑوں کی رکھوالی کریں۔ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ علماء وعظ کرتے ہیں لیکن ہمیں یہ تسلیم نہیں کہ وہ خود نصیحت حاصل کرتے ہیں۔ ہم ان کی گفتار کے تو قائل ہیں لیکن ان کے کردار کے قائل نہیں ۔ کیا بغیر عمل کے بات کہنے سے بھی بُرا کوئی عیب ہے۔ اور کیا ایک ناکام قنوطی (Pessimist) سے یہ توقع کی جاسکتی ہے کہ وہ رجائیت (Optimism) کا مظہر ہو۔ پس تم ان فرقوں میں سے ہر ایک فرقہ کو اس کی تدابیر اور اس کی مساعی سمیت چھوڑ دو۔ اور تم جستجو کرو ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی طرف سے کوئی امر ظاہر کردے۔ بخدا اِن فتنوں کی اصلاح ان مذکورہ بالا ذرائع سے ہرگز نہ ہوگی اور نہ ہی کسی شوریٰ اور کانفرنس سے، اور نہ ہی لشکروں کو دشمن کی سرحدوں پر جمع کرنے سے اور نہ ہی دوسرے معالجین سے۔ وہ تو صرف لاف زنی کرنے والے ہیں۔ اُس جاہل کی مثال جو اپنے علم وعرفان پر شیخی بگھارتا ہے اُس پلّے جیسی ہے جو وقت سے کچھ دیر پہلے اپنی آنکھیں کھول دے۔ یا اُس مکھی کی طرح ہے جو اُڑنے میں باز کا مقابلہ کرے۔ پس اَے مسلمانوں کے ہمدردو اور دُکھیوں کے معالجو! یاد رکھو کہ اس قوم کا علاج آسمان میں ہے۔ نہ کہ دانشوروں کے ہاتھ میں۔

أيدى العقلاء. اقرأوا قصص السابقين فى الكتاب المبين. وما بُدّلت سُنن الله فى الآخِرين. أتطلبون علاج المرضى من ملوككم وعلمائكم ومشائخكم وعقلائكم؟ عفى اللّٰه عنكم لا أفهم غرض آرائكم. يا سبحان الله أى طريق اخترتم؟ وإلى أى شعب مررتم؟ أوَ تظنّون أن الوقت ليس وقت الإمام. وهو بعيد من هذه الأيام؟ وترون بأعينكم غلبة الضلالة. وطوفان الجهالة. فما لكم لا تعرفون الأوقات. ولا تتألّمون على ما فات؟ وإن قيل لكم إن فلانا قد بلغ العشرين وشابه البرزوغ. فتفهمون من غير توقف أنه ترعرع وناهز البلوغ. فما لكم لا تفهمون مواقيت نُصرة الدين. ولا تتركون الشك مع رؤية أنوار اليقين؟ وترون ميسم الإسلام. كميسم مريض ديس

کتابِ مبین (قرآن) میں تم گزشتہ امتوں کے واقعات پڑھو۔ اور آخرین کے لئے اللہ کی سنت بدلی نہیں گئی۔ کیا آپ اپنے بادشاہوں، علماء، مشائخ اور دانشوروں سے ان بیماروں کا علاج ڈھونڈتے ہو۔ اللہ آپ کو معاف فرمائے۔ آپ کی آراء کی غرض میری سمجھ سے بالا ہے۔ سبحان اللہ! تم نے یہ کیا طریق اختیار کرلیا اور کس گھاٹی کی طرف تم چل نکلے کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ یہ وقت امام (کے ظہور) کا وقت نہیں اور وہ اس زمانہ سے بہت دور ہے۔ جبکہ تم خود اپنی آنکھوں سے گمراہی کے غلبہ اور جہالت کے طوفان کو دیکھ رہے ہو۔ تم وقت کو کیوں نہیں پہچانتے اور جو ہاتھ سے جاتا رہا اس پر کیوں دُکھ محسوس نہیں کرتے۔ اگر تم سے یہ کہا جائے کہ فلاں شخص بیس سال کا ہوگیا ہے اور بھرپور جوان کی مانند ہوگیا ہے تو تم بلاتوقف یہ سمجھ جاتے ہو کہ وہ نوخیز جوان ہوگیا ہے اور بلوغت کو پہنچ گیا ہے۔ پھر تمہیں کیا ہوگیا ہے کہ تم نصرتِ دین کے موعود وقت کو نہیں سمجھتے؟ اور انوارِ یقین دیکھنے کے باوجود شک کیوں ترک نہیں کرتے؟ تم اسلام کے چہرے کو دیکھ رہے ہو کہ وہ ایک ایسے بیمار کا چہرہ ہے جو دکھوں کے نیچے پامال ہوگیا۔ تم مشاہدہ کررہے ہو

تحت الآلام. وتشاهدون انكفاء كمال الملّة. إلى اكمال الذلّة. وقد نسبت من المزايا إلى الخطايا. ثم لا يبرح لكم ما نزلت من البلايا. ما نرى فيكم خدّام الدين عند طوفان هذه الضلالة. ولو طُلبوا على الجعالة. بل كل نفس ذهبت إلى اهواء ها. وزعمت أن الخير فى استيفاء ها. نسوا وصايا الرحمان. التى لُقّنوها فى القرآن. وتبيّن أنهم استضعفوا سفارة الرسول المقبول. واستشعروا تكذيب كتاب الله وردّوا كل ما جاء هم من المنقول. واتّخذوا الجدّ عبثًا. وحسبوا التبر خبثًا. وايم اللّٰه لطالما فكّرتُ فى أحوالهم. وولجتُ أجمة خيالهم. فما وجدتُ فيها من غير أوآبد الشهوات. وسباع الظلم والظلمات. يجوبون الموامى من

﴿۱۰۵﴾

کہ ملتِ اسلام کا کمال ذلت کے کمال کی طرف پلٹ گیا ہے اور اِس کی خوبیوں کو خطاؤں سے منسوب کیا جارہا ہے پھر بھی تم کو یہ محسوس نہیں ہوتا کہ اس پر کیا کیا آفتیں نازل ہوچکی ہیں۔ ضلالت کے اس طوفان میں بھی ہمیں دین کے خدّام دکھائی نہیں دیتے خواہ انہیں اُجرت پر ہی طلب کیا جائے بلکہ ہر شخص اپنی خواہشات کے پیچھے لگا ہوا ہے اور یہ سمجھتا ہے کہ سب خیر اُن خواہشات کو پورا کرنے میں مضمر ہے۔ وہ خدائے رحمان کے ان تاکیدی احکام کو بھول گئے جن کی قرآن کریم میں انہیں تلقین کی گئی تھی۔ اور اس سے یہ خوب ظاہر ہوگیا کہ انہوں نے رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی سفارت کو کمزور سمجھا اور کتاب اللہ کی تکذیب کو اپنا شعار بنا لیا اور جب بھی ان کے سامنے کوئی منقولی بات پیش کی گئی تو انہوں نے اسے ردّ کر دیا، سنجیدہ اُمور کو عبث جانا اور خالص سونے کو کھوٹا سمجھا۔ اللہ کی قسم! میں نے اکثر ان کے احوال پر غور کیا ہے اور اُن کے خیالات کے بَن میں داخل ہوا تو میں نے اُن میں شہوات کے چرندے اور ظلم وظلمات کے درندوں کے علاوہ کچھ نہ پایا۔ وہ کسی محافظ کی مصاحبت کے

غیر مصاحبة خفیر. ویُبارزون العدا من غیر استصحاب جفیر. ولا ینفی کلمهم ما راب المرتابین. ولا یستسلّون سهم المعترضین. بل یُوافقون النصاری فی کثیر من الضلالات. ویرافقونهم فی أکثر الحالات. بید أن النصاری جهروا بذات صدورهم. وبرح خفاؤهم وما فی خدورهم. وأمّا هؤلاء فلا یُقرّون بما لزمهم من العقائد. وإن هم الا کشَرَكٍ للصائد. یُقابلون القسوس بوجه طلیق کحبیب ورفیق. لا بلسان ذلیق وقلب عتیق. وساء هم أن یُستدلّ من القرآن. وسرّهم أن یُقال روی الفلان عن الفلان. یریدون الرطب بالخطب. لیُملئوا بطون الزغب. یؤثرون الثرائد علی الفرائد. ولا یُبالون من عصی دین الله بعد أکل العصائد. یبکون علی عیشهم

بغیر دشت وصحرا میں مارے مارے پھرتے ہیں اور ترکش ساتھ لئے بغیر دشمن سے مقابلہ کرتے ہیں۔ ان کی باتیں شک میں مبتلا لوگوں کے شکوک کو دور نہیں کرسکتیں اور نہ ہی وہ معترضین کے تیروں کو نکالتے ہیں بلکہ اکثر گمراہیوں میں وہ نصاریٰ سے موافقت رکھتے اور بیشتر حالات میں اُن کا ساتھ دیتے ہیں۔سوائے اس کے کہ عیسائیوں نے تو اپنے باطن کو ظاہر کر دیا ہے اور ان کا نہاں خانۂ دل اور بھید ظاہر ہو گیا ہے۔مگر یہ لوگ اپنے ہی اپنائے ہوئے لازمی عقائد کا اقرار نہیں کرتے۔ان کی مثال ایک شکاری کے جال کی طرح ہے۔وہ عیسائی پادریوں سے ایک گہرے یار دوست کی طرح بڑی خندہ پیشانی سے ملتے ہیں۔نہ کہ تیز زبان اور آزاد دل کے ساتھ۔ قرآن کریم سے استدلال کرنا انہیں بُرا لگتا ہے۔ البتہ یہ بات کہ فلاں نے فلاں سے یہ روایت کی ہے انہیں خوشی پہنچاتی ہے۔تقریروں کے بدلے مال چاہتے ہیں تاکہ بچوں کا پیٹ بھر سکیں۔عمدہ کھانوں کو اچھوتے نکات پر ترجیح دیتے ہیں۔ حلوے کھانے کے بعد انہیں اس بات کی کوئی پرواہ نہیں کہ کون اللہ تعالیٰ کے دین کی نافرمانی کرتا ہے۔وہ صبح ومساء اپنی خستہ حال زندگی پر

المكدّر بالصبح والمساء. ولا يقلعون عن البكاء. ولا ينزعون إلى الاستحياء. ولا ينتهجون سُبل الهدى. ولا يذكرون وشك الرّدَى. وإذا دُعوا إلى القرى. يريدون أن يأكلوا القُرى. يقولون بألسنهم لا تتّخذونى كَلا. ولا تصنعوا لأجلى أكلا. والقلب يبغى الحلوى. واللوزينج وما هو أحلى. وكل ما هو أجرى فى الحلوق. وأمضى فى العروق. واللحم الطرى. والكباب الشامى. ومع ذالك ماء يشعشع بالثلج ليقمع هذه الصارة . ويفثأ تلك اللقم الحارة . ثم مع ذالك يستشعرون أن لا يودّعوا الا بدينارين. أو يُدفع إليهم ما فى البيت بغض العينين. وإذا قُدّم إليهم طعامٌ فى مذاقه كلام. فيلعنون من دعا إلى القرى

ٹسوے بہاتے ہیں اور رونا دھونا نہیں چھوڑتے۔ شرم وحیا کی طرف مائل نہیں ہوتے اور نہ ہدایت کی راہوں پر چلتے ہیں۔ اور وہ موت کے قرب کو یاد نہیں رکھتے۔ جب انہیں دعوت پر بلایا جائے تو ان کی خواہش یہی ہوتی ہے کہ سارا مال و متاع ہڑپ کر جائیں۔ زبان سے تو یہی کہتے ہیں کہ میرے لئے زحمت نہ کریں اور میری خاطر کھانا نہ بنائیں جبکہ دل یہ چاہتا ہے کہ حلوہ، بادام سے تیار شدہ کھانے اوران سے بھی بڑھ کر شیریں کھانے ہوں اور پھر وہ چیز جو حلق سے آسانی سے گزرنے والی اور رگوں میں سرایت کرنے والی، تازہ گوشت، شامی کباب اور اس کے ساتھ ہی برف ملا پانی پئیں تاکہ اس سے پیاس کو ختم کریں اور ان گرم لقموں کو ٹھنڈا کریں۔ اور پھر اس کے ساتھ ہی وہ یہ توقع بھی رکھتے ہیں کہ (کھانے کے بعد) انہیں دو دینار دے کر رخصت کیا جائے یا آنکھیں بند کر کے گھر کا سارا سامان اُن کے سپرد کر دیا جائے۔ اور اگر انہیں ایسا کھانا پیش کر دیا جائے کہ جس کے مزے میں کوئی کمی رہ گئی ہو تو وہ دعوت پر بلانے والے

عشرة لعنة. ويذكرونه في كل ساعة ويسبّون كبرا ونخوة. بما لم يحصل أمنيّتهم ولم يرض طوّيّتهم. وكذالك كثرت مضرا تهم. وانتشرت معرّاتهم. فكيف يُرجى صلاح الدين من هذه الناس؟ وهل يُرجى سيرة الملا ئك من الخناس؟ بل هم أعداءٌ للدين في بردة صدّيق. الوجه كموحّد والقلب كزنديق. يستقرون عيسى في الأحياء☆. ويُنزّلونه من السماء. ويعلمون أنه قد مات ولحق الأموات. وخبر موته موجود في الفرقان. فبأى شهادة يؤمنون بعد القرآن. ويقولون إنه هو المعصوم من مسّ الشيطان. ونسوا ما قال ربّنا

شخص پر دس لعنتیں ڈالتے ہیں۔ اور ہر وقت اس کا ذکر کرتے رہتے ہیں اور انہیں از راہِ نخوت و غرور اس وجہ سے گالیاں دیتے ہیں کہ ان کی خواہش پوری اور طبیعت خوش نہیں ہوئی۔ اسی طرح ان کی ضرر رسانیاں بڑھ گئی ہیں اور ان کی بدیاں اور برائیاں پھیل گئی ہیں پھر ایسے لوگوں سے دین کی بھلائی کی کیا امید کی جاسکتی ہے۔ کیا خنّاس لوگوں سے فرشتوں کی سیرت کی توقع کی جاسکتی ہے بلکہ وہ تو دوست کے لبادے میں دین کے دشمن ہیں۔ اُن کے چہرے تو موحّدانہ ہیں اور باطن ملحدانہ ہیں۔ وہ (حضرت) عیسیٰ (علیہ السلام) کو زندوں میں تلاش کرتے ہیں اور انہیں آسمان سے اتارتے ہیں۔ حالانکہ وہ جانتے ہیں کہ آپ فوت ہو چکے ہیں اور مُردوں سے جا ملے ہیں۔ آپؑ کی وفات کی خبر فرقان حمید میں موجود ہے۔ پس بتاؤ کہ قران کے بعد وہ کس شہادت کو مانیں گے اور وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ بس وہی (عیسیٰ علیہ السلام) مسِ شیطان سے پاک ہیں اور وہ ہمارے رب کے قول

﴿۱۰۶﴾

☆ **الحاشية**۔ كذالك يقولون ان الطير ليست من خلق الله فقط بل بعضها من خلق الله

ترجمہ: اسی طرح وہ یہ کہتے ہیں کہ پرندے صرف اللہ کی مخلوق نہیں بلکہ بعض اللہ کے پیدا کردہ ہیں

و بعضها من خلق عيسىٰ . ففكروا ما الفرق بينهم و بين النصارىٰ . منه

اور بعض عیسیٰؑ کے۔ پھر سوچو کہ ان میں اور عیسائیوں میں کیا فرق رہا۔ منه

إِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ
لا نعلم ما هذه الدناءة وهذه الغفلة. أليس سيد الرسل من المعصومين؟ بلى. وإن لعنة الله على الكاذبين. يا معشر الغافلين! إلامَ تنتظرون عيسى وقد قرُبَ يوم الدين؟ أتزعمون أنه من الأحياء بل هو من الميّتين. وإني عارف بقبره فلا تكونوا من الجاهلين. اجتمعوا إليّ أهدكم إن كنتم طالبين. وليس ذنب تحت السماء أكبر من القول بحياة عيسٰى. وكادت السّماوات أن يتفطّرن به بل هو من الهالكين. ووالله إنه هو الحق وإني أُنبِئتُ من القرآن ثم بوحي رب العالمين. ومن قال إنه حيّ فقد افترى على الله وخالف قول الكتاب المبين. وإنكم تنتظرون نزوله من مدّة مديدة. فأين فيكم قريحة سعيدة؟ انظروا أيها المنتظرون الغالون.

إِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ [1] کو بھول جاتے ہیں۔ ہم نہیں جان سکے کہ یہ کیسی کمینگی اور غفلت ہے۔ کیا سید الرسلؐ معصوموں میں سے نہیں؟ ہاں ضرور ہیں البتہ جھوٹوں پر اللہ کی لعنت ہے۔ اے غافلو! تم کب تک عیسیٰؑ کا انتظار کرو گے۔ حالانکہ قیامت کا دن قریب آ چکا کیا تم انہیں زندوں میں سمجھتے ہو حالانکہ وہ وفات یافتہ لوگوں میں داخل ہیں۔ اور میں تو ان کی قبر کو بھی جانتا ہوں۔ پس جاہل مت بنو۔ اگر تم طلبگار ہو تو میرے پاس آؤ۔ میں تمہاری راہنمائی کروں گا۔ آسمان کے نیچے حیات عیسیٰ کے عقیدہ سے بڑھ کر اور کوئی گناہ نہیں۔ قریب ہے کہ اس سے آسمان پھٹ جائیں حقیقت یہی ہے کہ وہ فوت شدہ ہیں۔ اور بخدا یہی سچی بات ہے اور یہ خبر مجھے قرآن اور پھر ربّ العالمین کی وحی سے دی گئی ہے۔ اور جو یہ کہتا ہے کہ وہ زندہ ہیں تو وہ اللہ پر افترا باندھتا ہے اور کتاب مبین (قرآن) کے فرمان کی مخالفت کرتا ہے۔ تم ایک لمبی مدت سے اُن (عیسیٰ) کے نزول کا انتظار کر رہے ہو۔ اے غلوّ کرتے ہوئے انتظار کرنے والو! سوچو تم میں سعید فطرت کہاں

[1] یقیناً (جو) میرے بندے (ہیں) ان پر تجھے کوئی غلبہ نصیب نہ ہوگا۔ (الحجر: ۴۳)

هل وجدتم ما أردتم وما تطلبون؟ وهل أنتم على ثقة من أمر تعتقدون؟ وهل اطمأنّت عليه قلوبكم أيها المعتدون؟ بل تنصرون النصارى وتؤيّدون. وارتدّ كثير من الناس بأقوالكم فلا تتركون هذه الكلم ولا تنتهون. ثم أنتم تقولون إنّا نجهد كل الجهد للإسلام. فأى إسلام تريدونه يا معشر الكرام؟ أتريدون إسلام الشيعة أو إسلام البياضية. الذين لا نجاة عندهم من دون وِرد اللعنة؟ أو تعنون من هذا اللفظ الفرقة الوهابية. أو المقلّدين أو المعتزلة. أو تعنون إسلام المبتدعين من الفقراء. والسالكين مسلك الاباحة والفحشاء او اسلام الطبيعيين الجاحدين بالملائكة والجنة والنار والبعث وخوارق الأنبياء. واستجابة الدعاء والضاحكين على الصوم والصلاة والمؤثرين

ہے؟ کیا تمہیں مقصود اور مطلوب مل گیا؟ کیا تمہارے پاس اپنے اِس غلط عقیدے کی کوئی پختہ دلیل ہے؟ اور اے حدّ سے تجاوز کرنے والو! کیا تمہارے دل اس عقیدے پر مطمئن ہیں؟ بلکہ تم تو عیسائیوں کی مدد اور تائید کر رہے ہو۔ تمہاری ان باتوں سے بہت سے لوگ مرتد ہو چکے ہیں پھر بھی تم ان باتوں کو نہیں چھوڑتے اور نہ ہی اس سے باز آتے ہو۔ پھر تم کہتے ہو کہ ہم اسلام کے لئے پوری کوشش کر رہے ہیں۔ اے معزّزین! تم کونسا اسلام چاہتے ہو؟ کیا تم شیعوں کا اسلام چاہتے ہو یا بیاضیہ کا اسلام۔ جن کے نزدیک لعنت کا وِرد کئے بغیر نجات نہیں۔ یا پھر اس لفظ سے تمہاری مراد فرقہ وہابیہ ہے یا مقلّدین یا معتزلہ یا تمہاری مراد بدعتی فقراء اور اباحت اور فحشاء کا مسلک اختیار کرنے والوں کا اسلام ہے؟ یا نیچریوں کا اسلام ہے جو فرشتوں، جنت، جہنم اور بعث بعد الموت اور انبیاء کے معجزات اور استجابت دعا کے منکر ہیں، اور روزے اور نماز کا تمسخر اڑاتے ہیں اور نفسانی خواہشات کی راہوں کو مقدم رکھتے

﴿۱۰۷﴾

طرق الأهواء. أو إسلام آخر فی قلبکم ما أعثرتم علیه أحدًا من الأحبّاء و الأعداء. أیها الأعزّة فکّروا فی أنفسکم ما حالة الزمان. وقد افترق الأمة إلی فِرَقٍ لا یُرجی اتحادهم الا من ید الرحمٰن. یُکفّر بعضهم بعضًا. وربما انجرّ الأمر من الجدال إلی القتال. ففکّروا أتستطیعون أن تُصلحوا ذات بینهم وتجمعوهم فی براز واحد بعد إزالة هذه الجبال؟ کلّا. بل هی أقوال لا تقتدرون علیها. أتقدرون علی فعل هو فعل الله ذی الجلال؟ ولن یجمع الله هؤلاء الا بعد نفخ الصور من السماء. وإذا نُفخ فی الصور فجُمعوا جمعًا. فلیسمع من یستطیع سمعا. ولا نعنی بالصور ههنا ما هو مرکوز فی متخیّلة العامّة. بل نعنی به المسیح الموعود الذی قام لهذه الدعوة.

ہیں؟ یا تمہارے دل میں کوئی دوسرا ایسا اسلام ہے جس کے متعلق تم نے اپنے دوستوں اور دشمنوں میں سے کسی کو مطلع نہیں کیا۔ اے عزیزو! اپنے دل میں سوچو کہ زمانے کی کیا حالت ہے؟ امت اتنے فرقوں میں بٹ چکی ہے کہ خدائے رحمان کی دستگیری کے بغیر ان کے اتحاد کی امید نہیں کی جاسکتی۔ ان میں سے ہر ایک دوسرے کو کافر کہتا ہے۔ اور کبھی کبھی تو یہ معاملہ بحث کی حدود سے نکل کر کشت و خون تک جا پہنچتا ہے۔ پھر غور کرو! کہ کیا یہ تمہارے بس میں ہے کہ تم ان کے درمیان صلح کراسکو؟ اور اِن (اختلافات کے) پہاڑوں کو ان کی جگہ سے ہٹا کر انہیں ایک کھلے میدان میں جمع کرسکو؟ ہرگز نہیں! بلکہ یہ تو وہ باتیں ہیں جن پر تمہیں قدرت حاصل نہیں۔ کیا تم وہ کام کرسکتے ہو جو درحقیقت خدائے ذوالجلال کا کام ہے۔ اللہ انہیں آسمان سے صور پھونکے جانے کے بعد ہی جمع کرے گا اور جب صور پھونکا جائے گا تب سب کو اکٹھا کیا جائے گا۔ پس جو سن سکتا ہے وہ سنے۔ یہاں صُور (بگل) سے ہماری مراد وہ نہیں جو عوام الناس کے خیال میں مرکوز ہے بلکہ ہماری اس سے مراد وہ مسیح موعود ہے جو اس فریضہ دعوت و تبلیغ کے لئے

ولیس صور أعز وأعظم من قلوب المرسلین من الحضرة. بل الصور الحقیقی قلوبهم تنفخ فیها لیجمعوا الناس علی کلمة واحدة من غیر التفرقة. و کذالك جرت سُنّة الله أنه یبعث أحدًا من الأمّة لإصلاح الأمّة. ولیجذب الناس به إلی سبله المرضیة ولا یترك الحق کالأمر الغمّة. لکن مع ذالك آفة أخری. وداهیة عظمی. وهو أن العلاج الذی أراده الله لإصلاح هذه الآفات. ودفع تلك البلیّات. هو أمر لا یرضی به القوم وعلماء هم. وتنظر إلیه بنظر الکراهة عوامهم و کبراء هم. فإن الله بعث مسیحه الموعود عند هذه الفتن الصلیبیة. کما بعث عیسی ابن مریم عند اختلال السلسلة الموسویة. وکان حقّاً علیه تطبیق السلسلتین. لئلّا یکون

مبعوث ہوا ہے۔ کوئی صُور حضرتِ احدیت کے فرستادوں کے قلوب سے برتر اور عظیم تر نہیں ہو سکتا بلکہ حقیقی صور تو ان کے دل ہوتے ہیں جن میں پھونکا جاتا ہے تا کہ وہ کسی تفرقہ کے بغیر ایک کلمے پر لوگوں کو اکٹھا کریں۔ اور اسی طرح اللہ تعالیٰ کی سنت جاری ہے کہ وہ امت کی اصلاح کے لئے امت میں سے ہی ایک شخص کو مبعوث کر دیتا ہے تا کہ وہ اس شخص کے ذریعہ لوگوں کو اپنی پسندیدہ راہوں کی طرف کھینچ لائے اور حق کو مشتبہ معاملہ کی طرح نہ چھوڑے۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ایک دوسری آفت اور بڑی مصیبت یہ ہے کہ ان آفات کی اصلاح اور ان مصائب کو دور کرنے کے لئے جس علاج کا اللہ تعالیٰ نے ارادہ کیا ہے وہ اُمر قوم اور ان کے علماء کو پسند نہیں بلکہ ان کے عوام اور لیڈر اسے کراہت کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان صلیبی فتنوں کے موقعہ پر اپنے مسیح موعود کو مبعوث فرمایا۔ جس طرح اس نے موسوی سلسلہ میں بگاڑ پیدا ہو جانے کے موقعہ پر (حضرت) عیسیٰ بن مریمؑ کو مبعوث کیا تھا۔ اور اس کے لئے ضروری تھا کہ وہ ان دونوں سلسلوں میں مطابقت پیدا کرتا تا کہ پہلے سلسلے کو کوئی فضیلت نہ ہو۔ اور ان دونوں میں ایسی مطابقت ہو جیسی جوتوں کے

﴿۱۰۸﴾

فضل لسلسة أولی ولیتطابقا کتطابق النعلین. فبعث نبیّنا وسیّدنا محمّدًا صلی الله علیه وسلم و جعله مثیل موسی وکلّمه وعلّمه ما علّم. ثم لمّا انقضت مدة علی هجرة هذا النبی الکریم کمثل مدة کانت بین عیسی والکلیم. وافترقت الأمّة إلی فِرَقٍ وصبت علی الإسلام مصائب وبؤسی. کما افترقت الیهود وضلّوا فی زمن عیسٰی بعد موسٰی. بعث الله مثیل ابن مریم فی هذا الزمان. لیتطابق السلسلتان. الأوّل کالأوّل والآخر کالآخر فی جمیع الصفات والألوان. فکان هذا مقام الشکر لا مقام الانکار والکفران. وکان من الواجب أن یتلقی المسلمون هذا النبأ بإقبال عظیم کالعطشان. ویحسبوه من أجلّ منن الرحمن. ولکن القوم اتّبعوا أقوال الناس وکفروا

جوڑے کو ایک دوسرے سے ہوتی ہے۔ پس اس نے ہمارے نبی اور ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا اور آپؐ کو مثیلِ موسیٰؑ بنایا اور آپ سے کلام کیا اور آپؐ کو جو تعلیم دینی تھی دی۔ پھر جب نبی کریمؐ کے وصال پر اسی قدر مدت گزری جتنی (حضرت) عیسیٰؑ اور موسیٰ کلیم اللہ کے درمیان مدت تھی (چودہ سو سال) اور امت کئی فرقوں میں بٹ گئی اور اسلام پر مصائب و آفات کی اُفتاد آن پڑی جس طرح موسیٰ کے بعد عیسیٰ (علیہ السلام) کے زمانے تک یہود فرقوں میں بٹ چکے تھے اور گمراہ ہو گئے تھے تو اللہ تعالیٰ نے اس زمانے میں مثیل ابن مریم کو مبعوث فرمایا تا کہ دونوں سلسلوں میں مطابقت پیدا ہو جائے۔ تا کہ ہر صفت اور ہر رنگ میں اوّل، اوّل کی طرح اور آخر، آخر کی طرح ہو جائے۔ اس لئے یہ مقام شکر تھا نہ کہ انکار اور ناشکری کا مقام۔ اور یہ لازم تھا کہ مسلمان ایک پیاسے کی طرح اس خوشخبری کا عظیم الشان استقبال کرتے اور اسے خدائے رحمان کا بہت بڑا احسان جانتے۔ لیکن قوم نے لوگوں کی پُرجوش باتوں کی تو اتباع کی اور قرآن کریم کا انکار کر دیا اور جس

بالقرآن. وما آمنوا بمثیل عیسی کما لم تؤمن الیهود بعیسی من قبل بل کذّبوا کما کُذّب فی سابق الزمان. فالیوم هم علی مکان واحد فی العصیان فرقتان مکذّبتان. وقریحتان متشابهتان. کذالك. لیتم ما قال فیهم خیر الإنس والجان. ولا یسرّهم الا أن ینزل عیسی ابن مریم من السماء الثانیة. واضعًا کفّیه علی أجنحة الملائکة. وأن ینزل فی المهرودتین. والبُردین المزعفرین. ویسوء هم أن یبعث الله مسیحه الموعود من هذه الأمّة. کما وعد فی سورة النور والتحریم والفاتحة. ومن أصدق من الله قیلا یا ذوی الفطنة. یقولون إن الله یحطّ عیسی من مقامه. ویُکدّر صفو أیّامه. ویُعیده إلی دار المحن من غیر اجترامه. وما هذا الا بهتان. وما عندهم علیها من برهان. بل

طرح اِس سے پہلے یہودیوں نے عیسیٰؑ کو نہیں مانا تھا اُسی طرح انہوں نے مثیل عیسیٰ کو نہ مانا۔ بلکہ جس طرح پہلے زمانے میں تکذیب کی گئی تھی انہوں نے بھی تکذیب کی۔ پس آج یہ سب نافرمانی میں ایک ہی مقام پر ہیں۔ دونوں فرقے تکذیب کرنے والے اور دونوں کی فطرتیں ہم رنگ ہیں۔ اسی طرح ہوا تا کہ انس وجن میں سے سب سے بہترین فرد محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے جوان کے بارے میں فرمایا تھا وہ پورا ہو۔ انہیں تو بس یہی پسند ہے کہ عیسیٰؑ ابن مریم دوسرے آسمان سے ایسی حالت میں کہ انہوں نے فرشتوں کے پَروں پر اپنے دونوں ہاتھ رکھے ہوئے ہوں اور دو زرد زعفرانی چادروں میں ملبوس نازل ہوں۔ انہیں یہ بُرا لگتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے مسیح موعود کو اس امت میں سے مبعوث فرمائے جس طرح اس نے سورۂ نور، سورۂ تحریم اور سورۃ فاتحہ میں وعدہ فرمایا ہے۔ اے اہل دانش! بتاؤ اللہ تعالیٰ سے زیادہ کون سچا ہو سکتا ہے؟ وہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ عیسیٰ (علیہ السلام) کو اُن کے مرتبہ سے گرائے گا اور ان کی پاک زندگی کو مکدّر کر دے گا۔ اور کسی جرم کے بغیر انہیں اِس دارالابتلاء میں واپس لائے گا۔ یہ سراسر بہتان ہے اور ان کے پاس اس کی کوئی دلیل

توفّاه الله وأدخله في الجِنان. كما ذكره في القرآن. وقبره قريب من هذه البلدان. وإن طلبتم المزيد من البيان. فتعالوا أقص عليكم قِصّته الثابة عند المسلمين وأهل الصلبان. وليس هي من مُسلّمات فرقة فقط دون الأخرى. بل أمرٌ اتفق عليه كل من كان من أولي النهي. وما كان حديثًا يُفترى. وإنّا رأيناها بنظر أقصٰى. وما زاغ البصر وما طغٰى. وثبت بثبوت قطعيّ أن عيسٰى هاجر إلى مُلك كشمير. بعد ما نجاه الله من الصليب بفضل كبير☆. ولبث فيه إلى مدّة طويلة حتى مات. ولحق

﴿۱۰۹﴾

نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اللہ نے انہیں وفات دی اور جنت میں داخل فرمایا جیسا کہ قرآن (مجید) میں مذکور ہے اور اُن کی قبر اس علاقے کے قریب واقع ہے اور اگر تم مزید وضاحت چاہتے ہو تو آؤ میں مسلمانوں اور عیسائیوں کے ہاں اُن کے ثابت شدہ واقعات بیان کروں اور یہ ایسے واقعات نہیں جو صرف ایک فرقے کے مسلّمات میں سے ہو بلکہ یہ ایسی بات ہے جس پر ہر عقلمند کا اتفاق ہے اور مَن گھڑت بات نہیں اور ہم نے اسے دور بین نگاہ سے دیکھا ہے اس کے بارہ میں نہ تو نظر کج ہوئی اور نہ حد سے بڑھی۔ اور یہ (امر) قطعی ثبوت سے ثابت ہے کہ عیسیٰؑ نے ملک کشمیر کی طرف ہجرت کی۔ بعد اس کے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنا فضل کبیر فرماتے ہوئے انہیں صلیب سے نجات دی۔ آپؑ وہاں ایک لمبی مدت تک قیام پذیر رہے اور وہیں وفات پائی۔

☆ الحاشیه ۔ قد رئینا قریبًا من الف مجلد ات من الکتب الطبیة فوجدنا فیها نسخة

ترجمہ۔ ہم نے طبّ کی تقریباً ایک ہزار کتابیں دیکھیں اور ان میں یہ نسخہ مبارکہ پایا جو اس گروہ مبارکة یُسمّی مرهم عیسیٰ عند هذه الفرقة. و ثبت بشهادات اطباء الرومیین و (اطبّاء) کے ہاں مرہم عیسیٰ کے نام سے مشہور ہے۔ نیز رومی، یونانی، یہودی اور عیسائی اور دیگر حاذق الیونانیین و الیهود و النصاریٰ و غیرهم من الحاذقین ان هذه النسخة من ترکیب طبیبوں کی شہادتوں سے ثابت ہے کہ یہ نسخہ حواریوں کا بنایا ہوا ہے اور ان سب نے اپنی کتابوں میں یہ

الأموات. وقبره موجود إلى الآن فی بلدة "سِرِیْ نَگَرْ" التی هی من أعظم أمصار هذه الخطّة. وانعقد علیه إجماع سکان تلك الناحیة. وتواتر علی لسان أهلها أنه قبر نبی کان ابن ملكٍ وکان من بنی إسرائیل. وکان اسمه "یوزآسف" فلیسألهم من یطلب الدلیل. واشتهر بین عامّتهم أن اسمه الأصلی "عیسی صاحب" وکان من الأنبیاء. وهاجر إلی کشمیر فی زمان مضی علیه من نحو ۱۹۰۰ سنة. واتفقوا علی هذه الأنباء بل عندهم کتب قدیمة توجد فیها هذه القصص فی العربیة

اور وفات یافتگان میں شامل ہو گئے اور ان کی قبر اب تک سرینگر شہر میں موجود ہے جو اس خطے کے بڑے شہروں میں سے ایک ہے۔ اور اس علاقے کے باشندوں کا اس عقیدے پر اجماع ہے اور وہاں کے لوگوں کی زبان پر (یہ روایت) متواتر چلی آتی ہے کہ وہ بنی اسرائیل کے ایک نبی کی قبر ہے جو شہزادہ تھا۔ اور اس کا نام یُوزآسف ہے۔ پس اُن سے پوچھ لے جو دلیل کا طالب ہے۔ اور وہاں کے عام لوگوں میں یہ بات مشہور ہے کہ اس کا اصل نام عیسیٰ صاحب تھا اور وہ نبیوں میں سے تھا اور قریباً ۱۹۰۰ سو سال پہلے اُس نے کشمیر کی طرف ہجرت کی تھی۔ ان لوگوں نے ان خبروں پر اتفاق کیا ہے بلکہ اُن کے پاس ایسی قدیم کتابیں ہیں جن میں یہ تمام واقعات عربی اور فارسی میں

بقیة الحاشیة۔ الحواریین. و کتب کلهم فی کتبهم انها صنعت لجراحات عیسیٰ. و کذالك کتب فی قانون الشیخ ابی علی سینا. فانظروا یاأولی النهیٰ. هذا هو الذی رُفع الی السمٰوات العلیٰ. منه

لکھا ہے کہ یہ (مرہم) عیسیٰ علیہ السلام کے زخموں کے لئے بنائی گئی تھی۔ اسی طرح شیخ بوعلی سینا کی کتاب "اَلقَانُون" میں بھی یہ درج ہے۔ اس لئے اے اہلِ دانش! غور کرو کہ کیا تم اِس مسیح کے متعلق کہہ رہے ہو کہ وہ بلند آسمانوں کی طرف اٹھا لیا گیا۔ منه

والفارسية. ومنها كتاب سُمّى "إكمال الدين" وكتب أخرى كثيرة الشهرة. وقد رأيت في كتب المسيحيين أنهم يزعمون أن يوزآسف كان تلميذا من تلامذة المسيح. وقد كتبوا هذا الأمر بالتصريح. ولايوجد قوم من اقوامهم الّا وهم ترجموا هذه القصة في لسانهم وعمّروا بيعة على اسمه في بعض بلدانهم. ولا شكّ أن زعم كونه تلميذًا باطل بالبداهة. فإن أحدًا من تلامذة عيسى ما كان ابن ملك وما سمع منهم دعوى النبوّة. ثم مع ذالك كان يوزآسف سَمّى كتابه الإنجيل. وما كان صاحب الإنجيل الا عيسى. فخذ ما حصحص من الحق واترك الأقاويل. وإن كنتَ تطلب التفصيل. فاقرأ كتابا سُمّى بإكمال الدين تجد فيه كل ما تسكن الغليل. ثم من مؤيّدات

موجود ہیں۔ ان میں سے ایک کتاب کا نام اکمال الدین ہے اور دیگر بہت مشہور کتابیں ہیں۔ اور میں نے عیسائیوں کی کتابوں میں دیکھا ہے کہ یہ لوگ یوزآسف کو مسیح کے شاگردوں میں سے ایک شاگرد خیال کرتے ہیں اور انہوں نے یہ بات صراحت کے ساتھ لکھی ہے اور یہاں کی قوموں میں سے ہر قوم نے اپنی اپنی زبانوں میں اس واقعہ کا ترجمہ کیا ہے اور انہوں نے اپنے بعض علاقوں میں اس کے نام پر گرجا بھی تعمیر کیا ہے۔ اور اس میں کوئی شک نہیں کہ ان کا یہ خیال کرنا کہ وہ شخص مسیح کا شاگرد تھا بالبداہت باطل ہے کیونکہ عیسیٰؑ کے شاگردوں میں سے کوئی ایک بھی شہزادہ نہ تھا اور اُن سے نبوت کا دعویٰ بھی نہیں سنا گیا۔ مزید برآں یُوزآسف نے اپنی کتاب کا نام انجیل رکھا تھا اور صاحبِ انجیل صرف عیسیٰ ہی تھے۔ پس جو سچ ظاہر ہو گیا ہے اسے پکڑ لے اور خودساختہ باتوں کو چھوڑ دے۔ اگر تجھے تفصیل چاہیے تو اکمال الدین نامی کتاب کو پڑھ۔ اس میں تو وہ سب کچھ پائے گا جس سے پیاسی روح کو تسکین مل جائے۔ پھر اس بات کی تائید اس سے بھی

هذا القول أن كثيرا من مدائن كشمير سُمّي بأسماء المدن القديمة. أعني مُدُنًا كانت في أرض بعث المسيح وما لحقها من القرى القريبة كحمص وجلجات. واسكردو. وغيرها التي تركناهامن خوف الإطالة. وهذا المقام ليس كمقام تمرّ عليه كغافلين. بل هو المنبع للحقيقة المخفيّة التي سُمّيت النصارى لها الضَّآلِّيْنَ. ولقد سمّاهم الله بهذا الاسم في سورة الفاتحة. ليشير إلى هذه الضلالة. وليشير إلى ان عقيدة حياة المسيح أمّ ضلالا تهم كمثل أمّ الكتاب من الصحف المطهّرة. فإنهم لو لم يرفعوه إلى السماء بجسمه العنصري لما جعلوه من الآلهة. وما كان لهم أن يرجعوا الى التوحيد من غير أن يرجعوا من هذه العقيدة. فكشف الله هذه العقدة رُحمًا

ہوتی ہے کہ کشمیر کے اکثر شہروں کے نام قدیم بستیوں کے ناموں پر رکھے گئے ہیں۔ یعنی اس زمین کے شہروں اور ملحقہ بستیوں کے نام جہاں مسیح (علیہ السلام) مبعوث کئے گئے تھے۔ جیسا کہ حمص، جلجات (گلگت) اور اسکردو وغیرہ۔ طوالت کے خوف سے ہم نے بہت سے نام چھوڑ دیئے ہیں۔ اور یہ ایسا مقام نہیں کہ جس مقام سے غافلوں کی طرح گزر جایا جائے۔ بلکہ وہ مخفی حقیقت کا سرچشمہ ہے جس کے باعث ان عیسائیوں کا نام ضَالّین رکھا گیا اور اللہ تعالیٰ نے سورہ فاتحہ میں انہیں اس نام سے موسوم کیا ہے تا وہ اس گمراہی کی طرف اشارہ کرے نیز اس طرف اشارہ کرے کہ حیاتِ مسیح کا عقیدہ ان کی گمراہیوں کی اصل ہے۔ جس طرح صُحُفِ مُطَهَّرہ (قرآن کریم) کی اصل، سورۃ فاتحہ ہے۔ پس اگر وہ اُن کا مادی جسم کے ساتھ آسمان کی طرف رفع نہ کرتے تو انہیں اِلٰـہ نہ بنا سکتے اور یہ ان کے لئے ممکن نہیں کہ وہ اس عقیدے سے رجوع کئے بغیر توحید کی طرف واپس آسکیں۔ پس اللہ نے اس امت پر رحم

﴿۱۱۰﴾

علی هذه الأمّة. وأثبت بثبوت بيّن واضح أن عيسى ما صُلب. وما رُفع إلى السماء. و ما كان رفعه أمرًا جديدا مخصوصا به بل كان رفع الروح فقط كمثل رفع اخوانه من الأنبياء. وأمّا ذكر رفعه بالخصوصية فى القرآن. فكان لذبّ ما زعم اليهود وأهل الصلبان. فإنهم ظنوا أنه صُلب ولُعن بحكم التوراة. واللعن يُنافى الرفع بل هو ضدّه كما لا يخفَى على ذوى الحصاة. فردّ الله على هاتين الطائفتين بقوله بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ۔ و المقصود منه أنه ليس بملعون بل من الذين يُرفعون ويُكرمون أمام عينيه. وما كان انكار اليهود الا من الرفع الروحانى الذى لا يستحقّه المصلوب. وليس عندهم رفع الجسم مدار النجاة فالبحث عنه لغو لا يلزم منه اللعن والذنوب. فإن إبراهيم وإسحاق ويعقوب

کرتے ہوئے اِس کی عقدہ کشائی کی اور نہایت واضح ثبوت کے ساتھ یہ ثابت کیا کہ عیسیٰؑ صلیب پر نہیں مارے گئے اور نہ وہ آسمان پر اٹھائے گئے۔ آپؑ کا رفع کوئی نیا امر نہیں جو صرف آپ کی ذات سے مخصوص ہو بلکہ یہ صرف روح کا رفع تھا جیسا کہ آپ کے دوسرے نبی بھائیوں کا رفع ہوا اور یہ جو قرآن کریم میں آپؑ کے رفع کا خصوصیت سے ذکر ہے تو وہ یہودیوں اور عیسائیوں کے مزعومہ خیالات کو ردّ کرنے کے لئے تھا۔ کیونکہ یہ ان کا گمان تھا کہ آپؑ صلیب دیئے گئے اور تورات کے حکم کے مطابق ملعون ٹھہرے۔ اور جیسا کہ اہلِ دانش پر یہ امر مخفی نہیں کہ لعنت رفع کے منافی بلکہ اس کی ضد ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ[1] کہہ کر ان دونوں گروہوں کا ردّ فرمایا ہے اور اس سے مقصود یہ ہے کہ آپؑ ملعون نہیں بلکہ آپؑ اُن لوگوں میں سے ہیں جن کا رفع کیا جاتا ہے اور خدا کی نگاہوں میں معزّز ٹھہرتے ہیں۔ یہود کا انکار صرف اس رفعِ روحانی سے تھا جس کا مستحق مصلوب نہیں ہوسکتا۔ اور اُن کے نزدیک جسمانی رفع مدارِ نجات نہیں۔ پس اس بارہ میں بحث لغو ہے جس سے لعنت اور گناہ لازم نہیں آتے۔ کیونکہ یہ ظاہر ہے کہ ابراہیمؑ، اسحاقؑ، یعقوبؑ، اور

[1] النساء : ۱۵۹

وموسٰی ما رُفع أحدٌ منهم إلی السماء بجسمه العنصری کما لا یخفَی. ولا شك أنهم بعدوا من اللعنة وجُعلوا من المقرّبین. ونجوا بفضل الله بل کانوا سادة الناجین. فلو کان رفع الجسم إلی السماء من شرائط النجاة. لکان عقیدة الیهود فی أنبیائهم أنهم رُفعوا مع الجسم إلی السماوات فالحاصل أن رفع الجسم ما کان عند الیهود من علامات أهل الإیمان. وما کان إنکارهم الا من رفع روح عیسی وکذٰلك یقولون إلی هذا الزمان. فإنّ فرضنا أن قوله تعالٰی بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَیْهِ کان لبیان رفع جسم عیسی إلی السماء فأین ذکر رفع روحه الذی فیه تطهیره من اللعنة وشهادة الإبراء مع أن ذکره کان واجبا لرد ما زعم الیهود والنصاری من الخطاء. وکفاك هذا إن کنت من أهل

موسیٰؑ میں سے کسی کا بھی آسمان کی طرف مادّی جسم سے رفع نہیں ہوا۔ اور اس میں بلاشُبہ وہ سب لعنت سے دور رکھے گئے اور انہیں مقرب بنایا گیا۔ اور انہوں نے اللہ کے فضل سے نجات پائی بلکہ نجات پانے والوں کے سردار ٹھہرے۔ اگر آسمان کی طرف جسمانی رفع شرائطِ نجات میں سے ہوتا تو یہودی اپنے انبیاء کی نسبت یقیناً یہ عقیدہ رکھتے کہ وہ سب جسم کے ساتھ آسمانوں کی طرف اٹھائے گئے ہیں۔ حاصل کلام یہ کہ یہودیوں کے نزدیک جسمانی رفع اہل ایمان کی علامات میں سے نہیں اور ان کا انکار محض عیسیٰ کے روحانی رفع سے تھا اور آج تک وہ ایسا ہی کہہ رہے ہیں۔ پھر اگر ہم فرض کر لیں کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَیْهِ[1] حضرت عیسیٰ (علیہ السلام) کے آسمان کی طرف جسمانی رفع کے بیان کے لئے ہے تو پھر ان کے روحانی رفع کا ذکر کہاں ہے کہ جس میں ان کی لعنت سے تطہیر اور بریّت کی گواہی ہے۔ حالانکہ اس کے ساتھ ہی اس کا ذکر کرنا یہود ونصاریٰ کے غلطی سے اپنائے ہوئے عقیدہ کے ردّ کے لئے لازمی تھا۔ اگر تم رُشد اور ذہانت رکھتے ہو تو تمہارے لئے یہی کافی ہے کیا

﴿۱۱۱﴾

[1] النساء:۱۵۹

الرشد والدهاء. أتظن أن الله ترك بيان رفع الروح الذى يُنجّى عيسى ممّا أُفتِيَ عليه فى الشريعة الموسوية . وتصدّى لذكر رفع الجسم الذى لا يتعلّق بأمر يستلزم اللعنة عند هذه الفرقة؟ بل امر لغو اشتهر بين زُمع النصارىٰ والعامة. وليس تحته شيء من الحقيقة. وما حمل النصارى على ذالك الا طعن اليهود بالإصرار. وقولهم ان عيسى ملعون بما صُلب كالأشرار. والمصلوب ملعون بحكم التوراة وليس ههنا سعة الفرار فضاقت الأرض بهذا الطعن على النصارى. وصاروا فى أيدى اليهود كالأسارى. فنحتوا من عند أنفسهم حيلة صعود عيسىٰ إلى السماء. لعلّهم يُطهّروه من اللعنة بهذا الافتراء. وما كان مفرّ من تلك الحادثة الشهيرة التى اشتهرت بين

تم خیال کرتے ہو کہ اللہ تعالیٰ نے اس روحانی رفع کے بیان کو ترک کیا ہے جس نے عیسیٰ کو اس فتوے سے نجات دلائی ہے جو شریعت موسوی میں ان کے خلاف تھا۔ اور اس (اللہ) نے جسمانی رفع کا ذکر شروع کر دیا جس کا اس معاملہ کے ساتھ کوئی تعلق نہیں جو اس فرقے کے نزدیک لعنت کو لازم کر دیتا ہے۔ بلکہ یہ ایک لغو امر ہے جو کمینے عیسائیوں اور عامۃ الناس میں پھیل گیا ہے اور جس کے اندر کوئی حقیقت نہیں۔ اور عیسائیوں کو یہودیوں کی بالاصرار طعن نے ہی اس پر ابھارا۔ نیز ان کے اس قول نے کہ عیسیٰؑ اس وجہ سے ملعون ہے کہ وہ شریروں (بدکاروں) کی طرح صلیب دیا گیا اور تورات کے حکم کے مطابق مصلوب ملعون ہوتا ہے۔ یہاں کوئی فرار کی گنجائش نہیں رہتی۔ اس طعن کی وجہ سے عیسائیوں پر زمین تنگ ہو گئی اور وہ یہودیوں کے ہاتھوں میں قیدیوں جیسے ہو گئے۔ تو انہوں نے عیسیٰ (علیہ السلام) کے آسمان پر چڑھنے کا حِیلہ اپنی طرف سے تراش لیا تا کہ وہ اس افترا کے ذریعہ انہیں لعنت سے پاک قرار دیں۔ اور اس مشہور حادثہ سے جو خواص و عام میں شہرت پا گیا کوئی راہِ فرار نہ تھی۔ صلیب دیا جانا تمام یہودی فرقوں اور ان کے بڑے بڑے علماء کے نزدیک

الخواص والعوام. فإن الصليب كان موجبا للعنة باتّفاق جميع فرق اليهود وعلمائهم العظام. فلذالك نُحِتت قصة صعود المسيح مع الجسم حيلة للابراء. فما قُبِلت لعدم الشهداء. فرجعوا مضطرّين إلى قبول إلزام اللعنة. وقالوا حملها المسيح تنجيةً للأمّة. وما كانت هذه المعاذير الا كخبط عشواء. ثم بعد مدّة اتّبعوا الأهواء. وجعلوا متعمّدين ابن مريم لله كشركاء. وصار صعود المسيح وحمله اللعنة عقيدة بعد ثلاث مائة سنة عند المسيحين. ثم تبع بعض خيالاتهم بعد القرون الثلاثة الفيج الأعوج من المسلمين. واعلم أرشدك الله أن رسولناصلعم ما رأى عيسى ليلة المعراج الا فى أرواح الأموات. وإنّ فى ذالك لآية لذوى الحصاة. وكل مؤمن يُرفع روحه بعد الموت وتُفتح له

متفقہ طور پر لعنت کا موجب تھا۔ چنانچہ اسی وجہ سے مسیح (علیہ السلام) کے جسم کے ساتھ آسمان پر چڑھ جانے کے قصے کو ان کی بریّت کی تدبیر کے طور پر تراشا گیا۔ مگر اس کو گواہوں کے نہ ہونے کی وجہ سے قبول نہ کیا گیا۔ پس وہ لعنت کے الزام کو قبول کرنے پر مجبور ہو گئے اور انہوں نے یہ کہنا شروع کر دیا کہ مسیح نے امت کی نجات کی خاطر اس لعنت کو خود اٹھا لیا ہے۔ اور یہ سب عُذر محض ٹامک ٹوئیاں تھے۔ پھر کچھ مدت بعد وہ نفسانی خواہشات کے پیچھے لگ گئے اور جانتے بوجھتے ہوئے ابن مریم کو اللہ کا شریک بنا لیا۔ اور مسیح کا صعود اور ان کا لعنتی ہونا تین سو سال بعد مسیحیوں کے ہاں عقیدہ کے طور پر رائج ہو گیا۔ بعد ازاں تین صدیوں کے بعد فِیجِ اَعوج کے مسلمانوں نے ان عیسائیوں کے بعض عقائد و خیالات کا تَتَبّع کیا۔ اللہ تمہیں راہِ ہدایت دکھائے تمہیں یہ اچھی طرح سے جان لینا چاہیے کہ ہمارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے عیسیٰ (علیہ السلام) کو شبِ معراج مُردوں کی اَرواح میں ہی دیکھا اور اس میں اہلِ دانش کے لئے ایک عظیم نشان ہے۔ موت کے بعد ہر مومن کی روح کا رفع کیا جاتا ہے اور اس کے لئے آسمانوں کے دروازے کھول دیئے

﴿۱۱۲﴾ أبواب السماوات. فكيف وصّل المسيح إلى الموتى و مقاماتهم مع أنه كان فى ربقة الحياة؟ فاعلم أنه زور لا صدق فيه. وقد نُسج عند استهزاء اليهود ولعنهم بنص التوراة. لا يُقال أن عيسى لقى الموتى كما لقيهم نبيّنا ليلة المعراج. فإن المعراج على المذهب الصحيح كان كشفا لطيفا مع اليقظة الروحانية كما لا يخفَى على العقل الوهّاج. وما صعد إلى السماء الا روح سيدنا ونبيّنا مع جسم نورانى الذى هو غير الجسم العنصرى الذى ما خُلق من التُربة. وما كان لجسمٍ أرضىّ أن يُرفع إلى السماء. وعدٌ من الله ذى الجبروت و العزّة. وإن كنتَ فى ريب فاقرأ اَلَمۡ نَجۡعَلِ الۡاَرۡضَ كِفَاتًا اَحۡيَآءً وَّ اَمۡوَاتًا . فانظرأ تُكذّب القرآن لابن مريم واتّق الله تُقاتا. وانظر فى قوله فَلَمَّا تَوَفَّيۡتَنِىۡ. ولا تؤذ ربك كما آذيتنى. وقد

جاتے ہیں۔ پھر بتاؤ کہ مسیح (علیہ السلام) کس طرح باوجود بقیدِ حیات ہونے کے مُردوں اور ان کے مقامات تک پہنچ گئے؟ جان لیجیے کہ ایسا عقیدہ جھوٹا ہے۔ اس میں کوئی صداقت نہیں۔ اس (غلط) عقیدے کے تانے بانے یہود کے مسیح (علیہ السلام) کے ساتھ استہزاء اور نصِّ توراۃ کے مطابق آپؑ پر لعنت ڈالنے کے موقع پر بُنے گئے۔ یہ نہیں کہا جا سکتا کہ عیسیٰ (علیہ السلام) مردوں سے اُسی طور ملے جیسے ہمارے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) اُن سے شبِ معراج کو ملے۔ کیونکہ صحیح مذہب کے مطابق معراج روحانی بیداری کے ساتھ ایک لطیف کشف تھا جیسا کہ یہ امر روشن عقل پر مخفی نہیں۔ اور ہمارے سید و مولیٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی روح کا آسمان کی طرف صعود نورانی جسم کے ساتھ تھا جو اس مٹی سے تخلیق کردہ مادی جسم کے علاوہ تھا۔ اور کسی ارضی جسم کے لئے یہ ممکن نہیں کہ وہ آسمان کی طرف اٹھایا جائے یہ صاحبِ جبروت وعزت اللہ کا وعدہ ہے۔ اگر تمہیں شک ہو تو اَلَمۡ نَجۡعَلِ الۡاَرۡضَ كِفَاتًا اَحۡيَآءً وَّ اَمۡوَاتًا [1] پڑھو۔ پس غور کرو کیا تم ابن مریم کی خاطر قرآن کریم کی تکذیب کرو گے؟ اللہ سے بہت ڈرو! اور اس کے فرمان فَلَمَّا تَوَفَّيۡتَنِىۡ [2]

[1] کیا ہم نے زمین کو سمیٹنے والا نہیں بنایا؟ زندوں کو بھی اور مُردوں کو بھی۔ (المرسلات:۲۶،۲۷)

[2] پس جب تم نے مجھے وفات دی (المائدۃ:۱۱۸)

سأل المشركون سيدنا صلى الله عليه وسلم أن يرقى فى السماء إن كان صادقا مقبولا. فقيل قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ إِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا فما ظنّك أليس ابن مريم بشرا كمثل خير المرسلين؟ أو تفترى على الله وتُقدّمه على أفضل النبيين؟ ألا إنه ما صعد إلى السماء. ألا ان لعنة الله على الكاذبين. وشهد الله أنه قد مات ومن أصدق من اللّٰه رب العالمين؟ ألا تُفكّر فى قوله عز اسمه وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ أوعلٰى قلبك القُفل؟ وقد انعقد الإجماع عليه قبل كل إجماع من الصحابة. ورجع الفاروق من قوله بعد سماع هذه الآية. فما لك لا ترجع من قولك وقد قرأنا عليك كثيرا من الآيات؟

پرغور کرو۔ اور تم اپنے رب کو ویسے اذیت نہ پہنچاؤ جس طرح تم نے مجھے تکلیف پہنچائی ہے۔ مشرکوں نے ہمارے سید و مولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مطالبہ کیا تھا کہ اگر وہ سچے اور مقبولِ (بارگاہِ الٰہی) ہیں تو آسمان پر چڑھ کر دکھائیں۔ تو کہا گیا کہ آپؐ ان لوگوں سے کہہ دیں کہ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ إِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا [1] تمہارا کیا خیال ہے کیا ابن مریم سید المرسلینؐ کی طرح بشر نہ تھے؟ یا پھر تم اللہ پر افترا کرتے ہو اور اُس مسیح کو افضل النبیّین صلی اللہ علیہ وسلم پر مقدّم کرتے ہو؟ سنو عیسیٰؑ آسمان پر نہیں چڑھے۔ اور یاد رکھو کہ جھوٹوں پر اللہ کی لعنت ہے اور اللہ تعالیٰ نے یہ شہادت دی ہے کہ وہ فوت ہو گئے ہیں اور اللہ ربّ العالمین سے بڑھ کر کون سچا ہے؟ کیا تم اللہ عزّ اسمُہٗ کے قول: وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ [2]۔ پر غور نہیں کرتے یا تمہارے دل پر قفل پڑا ہے۔ صحابہ کا کسی بھی اجماع سے پہلے اس پر اجماع ہوا۔ اور اسی آیت کے سننے کے بعد حضرت عمر فاروقؓ نے اپنے قول سے رجوع فرمایا۔ پھر تجھے کیا ہے کہ تو اپنے قول سے رجوع نہیں کرتا۔ حالانکہ ہم نے تیرے سامنے بہت سی آیات پیش کی ہیں۔

---

[1] تو کہہ دے کہ میرا رب (ان باتوں سے) پاک ہے (اور) میں تو ایک بشر رسول کے سوا کچھ نہیں (الاسراء:۹۴)

[2] اور محمدؐ نہیں ہے مگر ایک رسول۔ یقیناً اس سے پہلے رسول گزر چکے ہیں۔ (آل عمران:۱۴۵)

أ تكفر بالقرآن أو نسيت يوم المجازات؟ وقد قال الله فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَ فِيْهَا تَمُوْتُوْنَ. فكيف عاش عيسى إلى الألفين في السماء. ما لكم لا تُفكّرون؟ فالحق والحق أقول. إن عيسى مات. ورُفع روحه ولحِق الأموات. وأمّا المسيح الموعود فهو منكم كما وعد الله في سورة النور. وهو أمر واضح وليس كالسرّ المستور. وإنّه "إمامُكم منكم" كما جاء ﴿۱۱۳﴾ في حديث البخاري والمسلم. ومن كفر بشهادة القرآن وشهادة الحديث فهو ليس بمسلم. وقد أخبرنا التاريخ الصحيح الثابت أن عيسى ما مات على الصليب. وهذا أمر قد وُجِد مثله قبله وليس من الأعاجيب. وشهدت الأناجيل كلها أن الحواريين رأوه بعد ما

کیا تو قرآن کا انکار کرتا ہے یا پھر جزا سزا کے دن کو بھول گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَ فِيْهَا تَمُوْتُوْنَ.[1] پھر عیسیٰؑ کس طرح دو ہزار سال سے آسمان میں زندہ ہیں۔ تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ غور و فکر نہیں کرتے۔ حق یہی ہے اور میں حق بات ہی کہتا ہوں کہ عیسیٰ علیہ السلام وفات پا چکے ہیں اور اُن کی روح کا رفع کیا گیا اور وہ وفات یافتگان میں جا شامل ہوئے۔ جہاں تک مسیح موعود کا تعلق ہے تو وہ تم میں سے ہوگا۔ جیسا کہ اللہ نے سورۂ نور میں وعدہ فرمایا ہے۔ اور یہ بالکل واضح بات ہے کوئی چھپا ہوا راز نہیں۔ اور پھر یہ کہ وہ تم ہی میں سے تمہارا امام ہوگا۔ جیسا کہ حدیث بخاری اور مسلم میں وارد ہوا۔ اور جس نے قرآن کی گواہی اور حدیث کی گواہی کا انکار کیا تو وہ مسلمان نہیں۔ ہمیں ثابت شدہ صحیح تاریخ نے بتایا ہے کہ عیسیٰؑ نے صلیب پر وفات نہیں پائی۔ اور یہ وہ بات ہے کہ جس کی پہلے بھی نظیر موجود ہے اور یہ کوئی عجیب بات نہیں۔ تمام اناجیل نے گواہی دی ہے کہ حواریوں نے

[1] تم اسی میں جیو گے اور اسی میں مرو گے۔ (الاعراف:۲۶)

خرج من القبر وقصد الوطن والإخوان. ومشوا معه إلى سبعين فرسخ وباتوا معه وأكلوا معه اللحم والرغفان. فيا حسرة عليك إن كنتَ بعد ذالك تطلب البرهان. أتظن أن سلّم السماء ما كان الا على سبعين ميل☆ من مقام الصليب؟ فاضطرّ عيسى إلى أن يفرّ ويُبلّغ نفسه إلى سلمها العجيب؟ بل فرّ مهاجرا على سُنّة الأنبياء. خوفا من الأعداء. وكان يخاف استقصاء خبره. واستبانة سرّه. فلذالك اختار طريقا منكرًا مجهولا عسير المعرفة. الذى كان بين القرى السامرية. فإن اليهود كانوا يُعافونها ولا يمشون عليها من العيافة والنفرة. فانظر فى صورة سبل مواسى اقتحمها على قدم الخيفة. وإنّا سنرسم صورتها

انہیں قبر سے نکلنے کے بعد دیکھا جب انہوں نے وطن اور بھائیوں کے پاس جانے کا ارادہ کیا۔ اور وہ آپؑ کے ہمراہ ستر میل تک چلے۔ آپؑ کے ساتھ رات گزاری اور آپؑ کے ساتھ مل کر گوشت اور روٹی کھائی۔ اگر اس کے بعد بھی تم دلیل مانگ رہے ہو تو تم پر صد افسوس۔ کیا تم خیال کرتے ہو کہ مقامِ صلیب سے صرف ستر میل دور آسمان کے لئے سیڑھی لگی ہوئی تھی۔ پس عیسیٰ علیہ السلام مجبور ہوئے کہ وہ بھاگیں اور اُس عجیب سیڑھی تک خود کو پہنچائیں۔ نہیں بلکہ آپؑ انبیاء کی سنت کے عین مطابق دشمنوں کے ڈر سے ہجرت کرتے ہوئے بھاگے تھے۔ آپ اپنی خبر کے عام ہونے سے اور راز کے فاش ہونے سے ڈرتے تھے۔ اس لئے آپ نے اجنبی، گمنام اور غیر معروف راستہ اختیار کیا جو سامری بستیوں میں سے ہو کر گزرتا تھا۔ کیونکہ یہود ان بستیوں سے نفرت کرتے تھے۔ اور وہ اس نفرت اور ناپسندیدگی کی وجہ سے ان سے نہیں گزرتے تھے۔ پس تو اُن بیابانوں کی گزرگاہوں کا نقشہ دیکھ جن راستوں پر آپ ڈرتے ڈرتے چلے۔ ازدیادِ بصیرت کی خاطر ہم یہاں ان کا نقشہ پیش

☆ Mile

ههنا لتزداد فی البصیرة. ولتعلم أن صعود عیسی إلی السماء تُهمة علیه ومن أشنع الفریة. أکان فی السماء قبیلة من بنی إسرائیل فدلف إلیهم لإتمام الحجّة؟ ولما لم یکن الأمر کذالك فأی ضرورة نقل أقدامه إلی السماء ؟ وما العذر عنده إنه لِمَ لم یُبلّغ دعوته إلی قومه المنتشرین فی البلاد والمحتاجین إلی الاهتداء ؟ والعجب کل العجب أن الناس یُسمّونه نبیّا سیّاحًا وقالوا إنه سلك فی سیره مسالك لم یرضها السیرُ ولا اهتدت إلیه الطیرُ. وطوی کل الأرض أو أکثرها ووطأ حمی الأمن وغیر الأمن. ورأی کل ما کان موجودًا فی الزمن. ومع ذالك یقولون إنه رُفع عند واقعة الصلیب من غیر توقّفٍ إلی

کرتے ہیں تا کہ تجھے یہ معلوم ہو جائے کہ عیسیٰ (علیہ السلام) کا آسمان کی طرف صعود آپ پر ایک بہت بڑی تہمت اور ایک گھناؤنا الزام ہے۔ کیا آسمان پر بنی اسرائیل کا کوئی قبیلہ تھا کہ اتمامِ حجت کی خاطر آپؑ ان کی طرف چل دیئے۔ جب ایسی کوئی بات نہ تھی تو آپؑ کو کونسی ایسی ضرورت آن پڑی تھی کہ آپ آسمان کی طرف قدم بڑھاتے۔ اور آپ کے پاس کیا عذر ہوا کہ آپ نے ان علاقوں میں اپنی منتشر قوم کو دعوتِ دین نہ پہنچائی جو کہ راہنمائی کی سخت محتاج تھی۔ اور پھر سب سے بڑھ کر تعجب کی یہ بات ہے کہ لوگ آپ کو سیّاح نبی کے نام سے موسوم کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ آپؑ اپنے سفر میں ان راستوں پر چلے ہیں جن پر اور کوئی نہیں چلا۔ اور نہ وہاں کوئی پرندہ پھٹکا۔ آپ نے سارے علاقہ یا اس کے بیشتر حصہ کو عبور کیا اور پُرامن و پُرخطر راستوں کو طے کیا۔ اور اُس زمانے کی موجودات کا مشاہدہ کیا۔ بایں ہمہ وہ کہتے ہیں کہ آپؑ واقعہ صلیب کے موقع پر بلاتوقف آسمان کی طرف اٹھا لئے

السماء. وما برح أرض وطنه حتى دُعِيَ إلى حضرة الكبرياء. فما هذه التناقض أتفهمون؟ وما هذه الاختلاف أ توفّقون؟ فالحق والحق أقول. إن القول الآخر صحيح. وأمّا القول بالرفع فهو مردود قبيح. فإن الصعود إلى السماء قبل تكميل الدعوة إلى القبائل كلهم كانت معصية صريحة. وجريمة قبيحة. ومن المعلوم أن بنى إسرائيل فى عهد عيسى عليه السلام كانوا متفرّقين منتشرين فى بلاد الهند وفارس وكشمير. فكان فرضه أن يُدركهم ويُلاقيهم ويهديهم إلى صراط الربّ القدير. وترك الفرض معصية. والإعراض عن قوم منتظرين ضالين جريمة كبيرة . تعالى شأن الأنبياء المعصومين من هذه الجرائم. التى هى أشنع الذمائم. ثم بعد

گئے اور جب تک حضرتِ کبریا کی طرف بُلا نہ لئے گئے آپؑ اپنی سرزمینِ وطن میں ہی مقیم رہے۔ یہ کیا تناقض ہے کیا تم سمجھا سکتے ہو؟ اور یہ کیا اختلاف ہے کیا تم تطبیق کر سکتے ہو؟ سچ یہ ہے اور میں بالکل سچ سچ کہتا ہوں کہ آخری بات صحیح ہے اور (جسمانی) رفع والی بات مردود اور قبیح ہے کیونکہ اپنے تمام قبائل کو پیغام حق پہنچانے کے فریضہ کی تکمیل سے قبل، آسمان کی طرف صعود کرنا ایک کھلی معصیت تھی اور ایک سنگین جرم۔ اور یہ معلوم ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں بنی اسرائیل ہندوستان، ایران اور کشمیر کے علاقوں میں جگہ جگہ پھیلے ہوئے تھے اور یہ آپؑ کا فرض تھا کہ آپؑ اُن کے پاس پہنچتے، اُن سے ملتے اور ربِّ قدیر کی راہ کی جانب ان کی رہنمائی فرماتے۔ فرض کا ترک کرنا معصیت ہے اور ایسی قوم سے بے توجہی برتنا جو (ایک ہادی کی) منتظر ہو اور گمراہ ہو ایک بہت بڑا جرم ہے۔ اور معصوم انبیاء کی شان ان گناہوں سے جو انتہائی قابل مذمت ہیں، بالا ہے۔ اب اس کے بعد ہم ان

﴿۱۱۴﴾

ذالك نكتب صورة سبيل اختارها المسيح عند هجرته وهى هذه.

راستوں کا نقشہ درج کرتے ہیں جنہیں مسیحؑ نے ہجرت کے وقت اختیار کیا۔ وہ نقشہ یہ ہے۔



﴿۱۱۵﴾

فحاصل الكلام إنه لا شك ولا شُبهة ولا ريب أن عيسى لمّا منّ اللّٰه عليه بتخليصه من بليّة الصليب. هاجر مع أمّه وبعض صحابته إلى كشميرو رَبوته التى كانت ذات قرار ومعين ومجمع الأعاجيب. وإليه أشار ربنا ناصر النبيين. ومعين المستضعفين. فى قوله : وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً وَّ اٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ولا شك أن الإيواء لا يكون الا بعد مصيبة. وتعب وكربة. ولا يُستعمل هذا اللفظ الا بهذا المعنى. وهذا هو الحق من غير شك وشُبهَة.☆ ولا يتحقق هذه الحالة المُقلقِلة فى

حاصل کلام یہ کہ اس میں ذرہ بھر بھی شک وشبہ نہیں کہ جب اللہ تعالیٰ نے از راہِ احسان عیسیٰ (علیہ السلام) کو صلیب کی مصیبت سے نجات بخشی تو آپ نے مع اپنی والدہ محترمہ اور اپنے بعض صحابیوں کے کشمیر اور اس کی بلندیوں کی طرف جو دل کو قرار بخشنے والی اور چشموں والی سرزمین اور ہر قسم کے عجائبات کا مجموعہ تھی ہجرت فرمائی اور اسی طرف ہمارے پروردگار نے جو تمام نبیوں کا مددگار اور کمزوروں کی مدد کرنے والا ہے اپنے اس قول: وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً وَّ اٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ [1] میں اشارہ فرمایا ہے۔ اور اس میں کوئی شک نہیں کہ مصیبت اور تکلیف و اضطراب کے بعد ہی اِیْوَآء (پناہ دینا) ہوتا ہے اور یہ لفظ صرف انہی معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ اور یہ بات کسی شک وشبہ کے بغیر بالکل سچ ہے۔ اور مسیح (علیہ السلام) کے سوانح میں یہ قلق پیدا

☆ الحاشیه ۔اعلم ان لفظ الایواء باحدٍ من مشتقاته قدجاء فی کثیرٍمن مواضع القرآن. ترجمہ ۔ جان لے کسی کے لئے لفظ ایواء کا استعمال اپنے مشتقات میں قرآن میں کئی جگہ استعمال ہوا وکلهاذکرفی محل العصم من البلاء بطریق الامتنان. کماقال الله تعالیٰ ہے۔ اور ہر جگہ اُس کا ذکر از راہِ امتنان کسی بلاء سے محفوظ رہنے کے موقع پر کیا گیا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ

[1] اور ہم نے ابن مریم اور اس کی ماں کو ایک نشان بنایا اور ہم نے ان دونوں کو ایک اونچی جگہ پر پناہ دی جو ٹھہرنے کے قابل اور بہتے ہوئے پانیوں والی تھی۔ (المؤمنون: ۵۱)

سوانح المسیح الا عند واقعة الصلیب. ولیست ربوة فی الارتفاع فی جمیع الدنیا من البعید والقریب. کمثل ارتفاع جبال کشمیر وکمثل ما یتعلّق بشعبها عند العلیم الأریب. ولا

کرنے والی حالت صرف واقعہ صلیب کے موقع پر ہی متحقق ہوئی تھی۔ اور اہل دانش عالم کے نزدیک تمام دنیا کے دُور و نزدیک میں بلندی کے اعتبار سے کوئی بلند مقام کشمیر کے بلند و بالا پہاڑ اور اس کے سلسلہ کوہ کی بلندیوں جیسا نہیں ہے اور تمہارے لئے میری اس بات میں غلطی

بقیة الحاشیه: اَلَمْ یَجِدْكَ یَتِیْمًا فَاٰوٰی[1] وما اراد منه الا الاراحة بعد الاذی. وقال فی مقام اٰخر: اِذْ اَنْتُمْ قَلِیْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِی الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ یَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ[2] فانظروا کیف صرّح حقیقة الایواء و بها داواکم. وقال حکایة عن ابن نوح: سَاٰوِیْٓ اِلٰی جَبَلٍ یَّعْصِمُنِیْ مِنَ الْمَآءِ[3]. فما کان قصده جبلا رفیعا الا بعد رؤیة البلاء. فبینوا لنا ایّ بلاءٍ نزل علی ابن مریم ومعه علی امّه اشد من بلاء الصلیب. ثم ایّ مکان اٰواهما اللّٰه الیه من دون ربوة کشمیر بعد ذالك الیوم العصیب. أ تکفرون بما اظهره اللّٰه وان یوم الحساب قریب. منه

بقیہ ترجمہ۔ نے فرمایا: اَلَمْ یَجِدْكَ یَتِیْمًا فَاٰوٰی۔ اس سے تکلیف کے بعد آرام پہنچانا ہی مراد ہے۔ اور ایک دوسری جگہ فرمایا۔ اِذْ اَنْتُمْ قَلِیْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِی الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ یَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ[2] کے ذریعہ تمہارا مداوا کیا اور نوحؑ کے بیٹے کا حکایۃً یہ بیان کہ سَاٰوِیْٓ اِلٰی جَبَلٍ یَّعْصِمُنِیْ مِنَ الْمَآءِ۔ اس میں بھی اس نے بلاء (مصیبت) دیکھنے کے بعد ہی بلند پہاڑ کا رُخ کیا۔ اب ہمیں بتاؤ کہ ابن مریم اور ان کے ساتھ ان کی والدہ پر صلیب کی مصیبت سے بڑھ کر کونسی مصیبت نازل ہوئی تھی؟ اور پھر اللہ نے ان دونوں کو اس مشکل گھڑی کے بعد کشمیر کی اس بلند جگہ کے سوا کس جگہ پناہ دی؟ کیا تم اس چیز کا انکار کرو گے جس کا اظہار اللہ نے فرمایا؟ اور یقیناً حساب کی گھڑی بہت قریب ہے۔ منه

[1] الضحیٰ: ۷ [2] الانفال: ۲۷ [3] هود: ۴۴

یسع لك تخطية هذا الكلام من غير التصويب. وأمّا لفظ "القرار" فی الآية فيدل على الاستقرار فی تلك الخطة بالأمن والعافية. من غير مزاحمة الكفرة الفجرة. ولا شك أن عيسى عليه السلام ما كان لهٗ قرار فی أرض الشام. وكان يخرجه من أرض إلى أرض اليهود الذين كانوا من الأشقياء واللئام. فما رأى قرارًا الا فی خطّة كشمير. وإليه أشار فی هذه الآية ربنا الخبير. وأمّا الماء المعين فهی إشارة إلى عيون صافية وينابيع منفجرة توجد فی هذه الخطّة. ولذالك شبّه الناس تلك الأرض بالجنّة. ولا يوجد لفظ صعود المسيح إلى السماء فی إنجيل متی ولا فی إنجيل يوحنّا. ويوجد سَفَره إلى جليل بعد الصليب وهذا هو الحق وبه آمنّا. وقد أخفَى

نکالنے اور اِس کی صحت کا اقرار کرنے کے سوا کوئی گنجائش نہیں۔ اس آیت (کریمہ) میں جو قَـرَار کا لفظ ہے وہ اس خطّہ میں کافروں اور فاجروں کی مزاحمت کے بغیر امن و عافیت سے رہنے پر دلالت کرتا ہے۔ اور اس میں کوئی شک نہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام کے لئے سرزمین شام میں ایسا قرار نصیب نہ تھا اور بدبخت اور کمینے یہودی انہیں ایک علاقے سے دوسرے علاقے میں نکالتے رہتے تھے۔ انہوں نے صرف خطہءِ کشمیر میں قرار پایا اور اسی کی طرف ہمارے خبیر ربّ نے اس آیت میں اشارہ فرمایا ہے۔ اور اَلْـمَـآءِ الْـمَـعِيْن سے ان صاف اور رواں چشموں کی طرف اشارہ ہے جو اس خطّہ میں پائے جاتے ہیں اسی لئے لوگوں نے اس سرزمین کو جنت سے تشبیہ دی ہے۔ مسیح کے آسمان کی طرف صعود کا لفظ نہ تو متی کی انجیل میں پایا جاتا ہے اور نہ ہی یوحنا کی انجیل میں۔ ہاں صلیب کے بعد اُن کے گلیل کی طرف سفر کرنے کا ذکر پایا جاتا ہے اور یہی حقیقت ہے اور اس پر ہمارا ایمان

﴿۱۱۶﴾

الحواريون هذا السفر خوفا من تعاقب اليهود. وأظهروا أنّه رُفع إلى السماء ليكون جوابا لفتوى اللعنة وليصرف خيال العدوّ الحسود. ثم خلف من بعدهم خلف كثير الإطراء قليل الدهاء. وحسبوا هذه التورية حقيقة كما هي سيرة الجهلاء. وجعلوا ابن مريم إلٰـهًا بل أجلسوه على عرش حضرة الكبرياء. وما كان الأمر الا من حِيَل الإخفاء. وما كان معه مقدار شبر من الارتقاء. وقد سمعتَ أنه مات في أرض كشمير. وقبره معروف عند صغير وكبير. فلا تجعلوا الموتٰى إلٰـهًا واستغفروا لهم ووحّدوا ربكم الجليل القدير. تكاد السّماوات تتفطّرن من هذا الزور. ووالله إنّه ميّت فاتّقوا الله ويوم النشور. وصلّوا على محمّدٍ الّذى جاء كم بالنور.

ہے۔ حواریوں نے اس سفر کو یہودیوں کے تعاقب کے ڈر سے مخفی رکھا اور یہ ظاہر کیا کہ وہ آسمان کی طرف اٹھا لئے گئے ہیں تا کہ لعنت کے فتویٰ کا جواب ہو اور حاسد دشمن کی توجہ دوسری طرف مبذول ہو جائے۔ پھر اُن کے بعد اُن کے ایسے ناخلف جانشین ہوئے جن میں مبالغہ آرائی زیادہ اور عقل کم تھی اور جیسا کہ جہلاء کا شیوہ ہے انہوں نے اس تَورِیہ کو حقیقت سمجھا۔ اور ابن مریم کو معبود بنا لیا بلکہ انہیں حضرتِ کبریاء کے عرش پر لا بٹھایا۔ حالانکہ یہ صرف معاملہ کو مخفی رکھنے کا ایک حیلہ تھا اور اس امر کے ساتھ تو آسمان پر چڑھنے کا بالشت بھر بھی تعلق نہ تھا یہ تو تم نے سن ہی لیا ہے کہ آپؑ سرزمینِ کشمیر میں فوت ہوئے اور ہر چھوٹے بڑے کے نزدیک اُن کی قبر معروف ہے۔ پس تم مُردوں کو معبود نہ بناؤ ہاں ان کے لئے مغفرت طلب کرو اور اپنے ربّ جلیل وقدیر کی توحید کا اقرار کرو۔ قریب ہے کہ اس جھوٹ سے آسمان پھٹ جائیں۔ بخدا وہ (مسیح علیہ السلام) وفات یافتہ ہیں۔ پس اللہ سے اور اُس دن سے ڈرو جب اٹھائے جاؤ گے۔ اور محمدؐ پر درود بھیجو جو تمہارے لئے نور لے کر آئے۔

وكان على النور ومن النور. وقد ذكرنا أن المسلمين يقولون أن القبر المذكور قبر عيسى. وإن النصارى يقولون إن هذا القبر قبر أحد من تلاميذه، فالأمر محصور في الشقين كما ترى. ولا سبيل إلى الشق الثاني. وليس هو الا كالأهواء والأماني. فإن الحواريين ما كانوا الا تلامذة المسيح ومن صحابته المخصوصين. ومن أنصاره المنتخبين. وما سُمّيَ أحد منهم ابن ملك ولا نبيّا وما كانوا الا خُدّام المسيح. فتقرر أنه قبر نبي الله عيسى وأيّ دليل تطلب بعد هذا الثبوت الصريح؟ فاسأل قومًا رفعوه إلى السماء وينتظرون رجوعه كالحمقى. والموت خير للفتى من جهالة هي أظهر وأجلى. فاليوم ظهر صدق قول الله عزّ وجل

نور پر فائز تھے اور مجسّم نور تھے۔ ہم یہ بیان کر چکے ہیں کہ مسلمان یہ کہتے ہیں کہ قبرِ مذکور عیسیٰ کی قبر ہے اور عیسائی کہتے ہیں کہ یہ قبر آپؑ کے کسی شاگرد کی قبر ہے۔ جیسا کہ تم مشاہدہ کر رہے ہو یہ معاملہ دو شقّوں میں محصور ہے اور دوسری شق کی کوئی گنجائش نہیں۔ اور وہ تو صرف نفسانی خواہشات ہیں اور تمنائیں ہیں کیونکہ حواری مسیح کے صرف شاگرد اور خاص صحابہ اور آپؑ کے منتخب مددگار ہی تھے۔ اور ان میں سے کوئی بھی شہزادے اور نبی کے نام سے موسوم نہ تھا۔ وہ صرف مسیح کے خادم تھے۔ پس ثابت ہوا کہ وہ قبر عیسیٰ نبی اللہ ہی کی ہے۔ اس واضح ثبوت کے بعد اور کونسی دلیل تم طلب کرتے ہو۔ (اگر دلیل طلب کرنی ہو تو) اُس قوم سے پوچھ جنہوں نے اُنہیں آسمان پر چڑھایا ہے اور احمقوں کی طرح اُن کی واپسی کا انتظار کر رہے ہیں۔ ایک جوان مرد کے لئے اس جہالت سے جو بالکل ظاہر و باہر ہے موت کہیں بہتر ہے۔ پس آج اللہ عزّوجلّ کے

﴿۱۱۷﴾

فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ وبطل ما كانوا يفترون. فسبحان الذى أحق الحق وأبطل الباطل وأظهر ما كانوا يكتمون. توبوا إلى الله أيها المعتدون. وبأىّ حديث بعد ذالك تتمسّكون؟ولستُ أريد أن أطوّل هذا البحث فى هذه الرسالة الموجزة. وقد كتبنا لك بقدر الكفاية. فإن شئتَ فاقرأ كتبى المطوّلة فى العربية. ولكنى أرى أن أزيد علمك فى معنى اسم يوزآسف الذى هو اسم ثانى لصاحب القبر عند سكان هذه الخطّة. وعند النصارى كلهم من غير الاختلاف والتفرقة. فاعلم أنها كلمة عبرانية مركّبة من لفظ يسوع ولفظ آسف. ومعنى يسوع النجاة☆. ويستعمل فى

قول فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ[1] کی صداقت ظاہر ہوگئی اور ان کا افتراء باطل ہوگیا۔ پس پاک ہے وہ ذات جس نے حق کو حق اور باطل کو باطل کر دکھایا اور جو وہ چھپا رہے تھے اُسے ظاہر کر دیا۔ اے حد سے تجاوز کرنے والو! اللہ کی طرف رجوع کرو۔ تم اس کے بعد کس بات سے چمٹے ہوئے ہو؟ میں اس مختصر رسالے میں اس بحث کو طول دینا نہیں چاہتا۔ حسبِ ضرورت ہم نے تمہارے لئے لکھ دیا ہے۔ اگر تم چاہو تو میری ان تفصیلی عربی کتابوں کا مطالعہ کرو۔ لیکن مَیں تمہارے علم میں اضافہ کرنے کی خاطر چاہتا ہوں کہ یوزآسف نام کے معنوں کے متعلق بتاؤں جو خطّہ کے باشندوں کے نزدیک صاحبِ قبر کا دوسرا نام ہے۔ اِسی طرح بغیر کسی اختلاف و تفرقہ کے تمام عیسائی بھی ایسا ہی سمجھتے ہیں۔ یاد رہے کہ (یوزآسف) عبرانی کلمہ ہے جو دو لفظوں لفظ یسوع اور لفظ آسف سے مرکب ہے۔ اور یسوع کے معنیٰ نجات☆ کے

☆ الحاشیه ۔ كان من عادة اليهود انهم يسمون اطفالهم يسوع اعنى النجاة على

ترجمہ۔ یہود کا یہ عام طریق تھا کہ وہ تفاؤل کے طور پر اور چیچک، دانت نکالنے اور خسرہ کی ان

[1] المائدة : ۱۱۸

الـذی نـجـا مـن الـحـوادث والعواصف. وأمّا لفظ "آسف" فـمـعـناه جامع الفرق المنتشرة. وهـو اسـم المسيح فی الإنجيل. كـمـا لا يـخـفـی علی ذوی العلم والـخـبـرة. وكـذالـك جـاء فـی بعض صحف أنبياء بنی إسرائيل. وهـذا أمـر مُسَلّمٌ عند النصاری. فلا حاجة إلی أن نذكر الأقاويل. فثبت من هذا المقام أن عيسی

ہیں۔ اور یہ اس شخص کے متعلق استعمال کیا جاتا ہے جو حوادث اور آندھیوں سے بچ گیا ہو۔ اور لفظ آسف کا معنیٰ ہے منتشر گروہوں کو جمع کرنے والا۔ اور یہی نام مسیح کا انجیل میں مرقوم ہے۔ جو اہلِ علم و معرفت پر مخفی نہیں۔ اسی طرح انبیاء بنی اسرائیل کے بعض صحیفوں میں بھی ایسا ہی آیا ہے۔ یہ بات نصاریٰ کے ہاں مسلّم ہے ضرورت نہیں کہ ہم تفصیلی ذکر کریں۔ پس اس جگہ یہ بات ثابت ہوگئی کہ عیسیٰ (علیہ السلام) نے مصلوب ہو

بقية الحاشية۔سبيل التفاول وطلب العصمة من امراض الجدری وخروج الاسنان والـحصبة. خوفًا من موت الاطفال بهذه الامراض المخوفة فكذالك سمّت مريم

بقیہ ترجمہ۔خوفناک امراض کے نتیجے میں بچوں کے مرجانے کے خوف سے حفاظت چاہتے ہوئے اپنے بچوں کا نام یسوع یعنی نجات رکھتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ مریم (علیہا السلام) نے اپنے بیٹے کا نام یسوع

ابـنـه يسـوع اعنی عيسٰی. وتمنّت ان يعيش ولايموت بالجدری وامراض اُخُری.

یعنی عیسیٰ رکھا۔ وہ چاہتی تھیں کہ وہ زندگی پائے اور چیچک اور دوسری بیماریوں کی وجہ سے مر نہ جائے۔ جو

والـذيـن يـقـولـون ان مـعـنـی يسـوع الـمـنـجّـی فهـم كذّابون دجّالون. يكتمون

لوگ یہ کہتے ہیں کہ یسوع کے معنیٰ مُنَجّی (نجات دہندہ) کے ہیں وہ جھوٹے اور دجال ہیں

الـحـق ويـفـتـرون. ويـضـلـون الـنـاس ويـخـدعـون. فـاسئل اهل اللسـان ان كنت

وہ حق کو چھپاتے اور افتراء کرتے ہیں۔ وہ لوگوں کو گمراہ کرتے اور انہیں فریب دیتے ہیں۔ اگر تم شک

من الذين يرتابون. منه

کرنے والوں میں سے ہو تو بے شک اہل زبان سے پوچھ لو۔ منه

لم یمت مصلوبًا. بل نجّاه الله من الصلیب وما ترکه معتوبًا. ثم هاجر عیسی لیستقریَ ویجمع شتات قبائل من بنی إسرائیل وشعوبًا. فبلغ کشمیر وألقی عصا التسیار فی تلك الخطّة. إلی أن مات ودُفن فی محلّة خانیار مع بعض الأحبّة. وإنْ تُحقق أن رسم الکتبة لتعریف القبور کان فی زمن المسیح. ولا أخال الا کذالك بالعلم الصحیح. لافتَی العقل أن قبره علیه السلام لا یخلو من هذه الآثار. وإنْ کُشِفَ لظهر کثیر من الشواهد وبیّنات من الأسرار. فندعو الله أن یجعل کذالك ویقطع دابر الکفّار. وإنّا أخذنا عکس قبر المسیح فکان هکذا ومن رآه فکأنه رأی قبر عیسی.

کر وفات نہیں پائی۔ بلکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں صلیب سے نجات دی اور انہیں زیرِعتاب نہ رہنے دیا۔ پھر عیسیٰ (علیہ السلام) نے ہجرت فرمائی تا بنی اسرائیل کے منتشر قبائل و اقوام کو تلاش کریں اور جمع کریں۔ اس لئے آپؑ کشمیر پہنچے اور اسی خطہ میں مقیم ہو گئے یہاں تک کہ وہ یہیں فوت ہوئے اور اپنے بعض پیارے ساتھیوں کے ساتھ محلّہ خانیار میں دفن ہوئے۔ اگر یہ بات ثابت ہو جائے کہ مسیح کے زمانے میں قبروں کی شناخت کے لئے کتبے لکھے جاتے تھے۔ اور میں علم صحیح کی بنا پر ایسا ہی سمجھتا ہوں۔ تو بالیقین عقل اس بات کا فتویٰ دیتی ہے کہ آپ (علیہ السلام) کی قبر اُن آثار و نشانات سے خالی نہیں۔ اور اگر قبر کشائی کی جائے تو اسرار و رموز کے شواہد و بیّنات کثرت سے ظاہر ہوں گے۔ پس ہم اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ ایسا ہی کرے اور کافروں کی جڑھ کاٹ دے۔ اور ہم نے مسیح کی قبر کا خاکہ تیار کیا ہے جو بعینہٖ ویسا ہی ہے اور جو اسے دیکھے گا تو گویا اس نے عیسیٰؑ کی قبر دیکھ لی۔

﴿۱۱۸﴾

زیارت نبی - بمقام خانیار - سری نگر - کشمیر



﴿۱۱۹﴾

ثمّ بعد ذالك نكتب أسماء رجال ثقاة من سُكّان تلك البلدة . الذين شهدوا أنه قبر نبى الله عيسى يوز آسف من

پھر اس کے بعد ہم اس شہر کے رہنے والے ان معتبر لوگوں کے نام درج کرتے ہیں جنہوں نے (اس بات کی) شہادت دی ہے کہ بلاشک وشبہ یہ قبر اللہ کے نبی عیسیٰ یوز آسف کی ہی ہے۔

غیر الشك والشبهة. وهم هؤلاء.☆ وہ نام یہ ہیں۔

۱	مولوی واعظ رسول صاحب میر واعظ کشمیر ابن محمد یحییٰ صاحب مرحوم۔	۱۶	میرزا محمد بیگ صاحب ٹھیکہ دار امامیہ ساکن محلّہ مدینہ صاحب۔
۲	مولوی احمد اللہ واعظ برادر واعظ رسول میر واعظ کشمیر۔	۱۷	احمد کلہ۔ منڈی بل ضلع نوشہرہ امامیہ۔
۳	واعظ محمد سعد الدین عتیق عفی عنہ برادر میر واعظ۔	۱۸	حکیم علی نقی صاحب امامیہ۔
۴	عزیز اللہ شاہ محلّہ کاچ گری۔	۱۹	حکیم عبدالرحیم صاحب امامیہ تحصیلدار۔
۵	حاجی نور الدین وکیل عرف عیدگاہی۔	۲۰	مولوی حیدر علی صاحب ابن مصطفیٰ صاحب امامیہ۔ سند یافتہ کربلاء معلّٰی مجتہد فرقہ امامیہ۔
۶	عزیز میر نمبردار قصبہ پانپور۔ ذیلدار۔	۲۱	مہر مفتی مولوی شریف الدین صاحب۔ ابن مولوی مفتی عزیز الدین مرحوم۔
۷	مہر منشی عبدالصمد وکیل عدالت ساکن فتح کدل۔	۲۲	مہر مفتی مولوی ضیاء الدین صاحب۔
۸	مہر حاجی غلام رسول تاجر ساکن محلّہ ملک پورہ ضلع زینہ کدل۔	۲۳	مولوی صدر الدین مدرس مدرسہ ہمدانیہ امام مسجد وازہ پورہ۔
۹	مہر عبدالجبّار۔ خانیار۔	۲۴	مہر عبدالغنی کلاشپوری امام مسجد۔
۱۰	مہر احد خان تاجر۔ اسلام آباد۔	۲۵	حبیب اللہ جلد ساز متصل جامع مسجد۔
۱۱	مہر محمد سلطان میر رجوری کدل۔	۲۶	عبدالخالق کھانڈی پورہ تحصیل ہری پور۔
۱۲	ممہ جیو صراف کدل۔	۲۷	مہری عبد اللہ شیخ محلّہ وڈی کدل اصل ترکہ وان گامی۔
۱۳	حکیم مہدی صاحب اُمامیہ ساکن باغبان پورہ ضلع سنگین دروازہ۔	۲۸	حبیب بیگ نمبردار میوہ فروشان حبہ کدل سری نگر۔
۱۴	حکیم جعفر صاحب اُمامیہ - اَیضا۔		
۱۵	محمد عظیم صاحب اُمامیہ - اَیضا۔		

☆ ۔ کانت هذه الشهداء الوفًا ولكنا اقتصرنا بهذا القدر وكلهم عمائد القوم

ترجمہ۔ ان گواہوں کی تعداد ہزاروں میں ہے لیکن ہم نے اسی قدر ناموں پر اکتفا کیا ہے۔

ومشاهيرهم وصلحاء هم. منه

اور یہ سب عمائدین اور مشاہیر اور صلحاءِ قوم ہیں۔ منه

۲۹ احمد جیو زینہ کدل - کشمیر۔
۳۰ مہری غلام محی الدین زرگر محلّہ کچہ بل قلعہ خانیار۔
۳۱ عبداللہ جیو تاجر میوہ جات باغات سرکاری سرینگر۔
۳۲ محمد خضر ساکن عالی کدل۔ سرینگر۔
۳۳ عبدالغفار بن موسیٰ جیو ہنڈو - نرورہ۔
۳۴ مہر عبلی وانی ولد صدیق وانی۔ بوٹہ کدل۔
۳۵ مہر غلام نبی شاہ حسینی۔
۳۶ مہر عبدالرحیم امام مسجد کہنمو ہ تحصیل ترال۔
۳۷ مہر اُحد شاہ سری نگر۔
۳۸ یوسف شاہ نرورہ۔ سرینگر۔
۳۹ مہر امیر بابا - گرگری محلّہ سرینگر۔
۴۰ عبدالعلی واعظ چمر دوری سرینگر۔
۴۱ میر راج محمد - کرناہ وزارت پہاڑ۔
۴۲ لسہ جیو حافظ ٹینکی پورہ سرینگر۔
۴۳ خضر جیو تار فروش۔
۴۴ مہر عبداللہ جیو فرزند اکبر صاحب درویش خواجہ بازار۔
۴۵ محمد شاہ ولد عمر شاہ محلّہ ڈیڈی کدل۔
۴۶ نبہ شاہ امام مسجد گاؤ کدل۔
۴۷ مہدی خالق شاہ خادم درگاہ حضرت شیخ نورالدین نورانی چرار شریف۔
۴۸ غلام محمد حکیم متصل ڈل حسن محلّہ۔
۴۹ عبدالغنی نایدکدل۔
۵۰ مہر قمرالدین دوکاندار زینہ کدل۔
۵۱ مہر مجید شاہ پیر اندرواری۔
۵۲ مہر پیر مجید بابا اندرواری۔
۵۳ اسمعال جیو دُوبی اُیضا۔
۵۴ سیف اللہ شاہ خادم درگاہ اندرواری۔
۵۵ قادر دوبے اُیضا۔
۵۶ مہر مولوی غلام محی الدین کیموہ تحصیل ہری پور۔
۵۷ محمد صدّیق پاپوش فروش محلّہ شمس واری۔
۵۸ محمد اسکندر اُیضا۔
۵۹ محمد عمر اُیضا۔
۶۰ لسہ بٹ اُیضا۔
۶۱ مولوی عبداللہ شاہ اَیضا۔
۶۲ حاجی محمد - کلال دوری۔
۶۳ محمد اسماعیل میر مسگر محلّہ دری بل۔
۶۴ عبدالقادر کیموہ - تحصیل ہری پور۔
۶۵ احمد جیو چیٹ گر - محلّہ کلال دوری۔
۶۶ محمد جیو زرگر ولد رسول جیو۔ فتح کدل۔
۶۷ عبدالعزیز مسگر ولد عبدالغنی محلّہ اندرواری۔
۶۸ احمد جیو مسگر ولد رمضان جیو۔ دری بل۔
۶۹ محمد جیو میر۔ محلّہ دری بل۔
۷۰ اسد جیو میر - محلّہ زینہ کدل۔
۷۱ پیر نورالدین قریشی محلّہ بٹہ مالو صاحب امام مسجد۔
۷۲ مہر غلام حسن بن نورالدین مرجان پوری صفا کدل۔

المؤلّف میرزا غلام احمدالقادیانی

۵ر جون ۱۹۰۲ء

﴿۱۲۱﴾

ولما ثبت موت عیسی وثبت ضرورة مسیح یکسر الصلیب فی هذا الزمان. فما رأیکم یافتیان؟ أیُهلك الله هذه الأمّة فی أیدی أهل الصلبان. أو یبعث رجلا یُجدّد الدین ویحفظ الجدران ؟ **فوالله إنی أنا ذالك المسیح الموعود** فضلا من الله المنان الودود. وأنا صاحب الفصوص. والحارس عند غارات اللصوص. وترس الدین من الرحمان عند طعن الأدیان. ألا تفکّرون فی السلسلتین. سلسلة موسی وسلسلة سید الکونین؟ وقد أقررتم أنه صلی الله علیه وسلم جُعل فی مبدأ السلسلة مثیل موسی. فما لکم لا ترون فی آخر السلسلة مثیل عیسی؟ واعلموا أنکم تعلمون ضرورة مرسل من الله ثم تتجاهلون. وترون مفاسد

اور جب عیسیٰ (علیہ السلام) کی وفات ثابت ہوگئی اور اُس مسیح کی ضرورت بھی ثابت ہوگئی جو اس زمانے میں کسرِ صلیب کرے گا۔ تو اے جوانو! پھر تمہاری کیا رائے ہے؟ کیا اللہ اس امت کو عیسائیوں کے ہاتھوں تباہ کرے گا یا ایسا شخص مبعوث کرے گا جو دین کی تجدید کرنے اور اس کی چار دیواری کی حفاظت کرنے والا ہو؟ **خدا کی قسم! میں خدائے منّان ودود کے فضل سے وہی مسیح موعود ہوں** اور میں ہی نگینوں والا (منبع روحانی) اور چور اُچکوں کی غارتگری کے وقت حفاظت کرنے والا اور دیگر مذاہب کی طعنہ زنی کے وقت رحمان خدا کی طرف سے دین کے لئے ڈھال ہوں۔ کیا تم ان دو سلسلوں کے بارے میں غور نہیں کرتے؟ یعنی موسیٰؑ کا سلسلہ اور سید الکونینؐ کا سلسلہ۔ اور تم اس امر کا اقرار کر چکے ہو کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلسلہ (محمدیہ) کی ابتدا میں مثیل موسیٰ بنایا گیا۔ پھر تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ اس سلسلہ محمدیہ کے آخر میں مثیل عیسیٰ کو نہیں دیکھتے۔ جان لو کہ تم اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک فرستادہ کی ضرورت کا علم رکھتے ہو پھر بھی جاہل بنتے ہو۔ اور زمانے کے مفاسد کو دیکھتے ہو پھر جان بوجھ کر اندھے بن جاتے ہو۔ جو اُفتاد

الزمان ثم تتعامون. وتشاهدون ما صُبّ على الإسلام ثم تنامون. ودُعيتم لتكونوا أنصار الإسلام ثم أنتم للنصارى تحاجّون. أتحاربون الله لتعجزونه؟ والله غالب على أمره ولكن لا تعلمون. وقد قرب أجلكم المقدّر فما لكم لا تتّقون؟ أتظنون أني افتريتُ على الله وتعلمون مآل قوم كانوا يفترون. ألا لعنة الله على الذين يفترون على الله وكذالك لعنة الله على الذين يُكذّبون الحق لمّا جاءهم ويُعرضون. ألا تنظرون إلى الزمان أو على القلوب أقفال من الطغيان؟ أتطمعون أن تصلحوا بأيديكم ما فسد من العمل والإيمان؟ ولا يهدى الأعمٰى أعمٰى آخر وقد مضت سُنّة الرحمان. فاعلموا أن السكينة التى تطهّر من الذنوب. وتنزل فى

اسلام پر پڑی ہوئی ہے اس کا مشاہدہ کرتے ہو پھر بھی سوئے ہی رہتے ہو۔ تمہیں اسلام کے مددگار بننے کی دعوت دی گئی لیکن تم نصاریٰ کی حمایت میں دلیل بازی کرتے ہو۔ کیا تم اللہ کو عاجز کرنے کے لئے اس سے جنگ کرتے ہو؟ اور اللہ تعالیٰ اپنے ہر امر پر غالب ہے لیکن تم نہیں جانتے۔ تمہاری اجلِ مقدّر آ پہنچی، پھر کیا وجہ ہے کہ تم تقویٰ سے کام نہیں لیتے۔ کیا تم گمان کرتے ہو کہ میں نے اللہ پر افترا باندھا ہے حالانکہ تم افتراء کرنے والی قوم کے انجام کو خوب جانتے ہو۔ سنو کہ اللہ کی لعنت ہے ان لوگوں پر جو اللہ پر افترا باندھتے ہیں۔ اسی طرح اللہ کی لعنت ہے ان لوگوں پر کہ جب ان کے پاس حق آئے تو وہ اُسے جھٹلاتے اور اس سے منہ پھیر لیتے ہیں۔ کیا تم زمانے پر نظر نہیں ڈالتے یا یہ کہ سرکشی کے باعث دلوں پر تالے پڑے ہوئے ہیں۔ کیا تم امید رکھتے ہو کہ تم بگڑے ہوئے عمل اور ایمان کی اپنے ہاتھوں سے اصلاح کر لوگے۔ اور ایک اندھا دوسرے اندھے کی راہنمائی نہیں کر سکتا۔ اور خدائے رحمان کی سنت جاری وساری ہے اور یاد رکھو کہ وہ سکینت جو گناہوں سے پاک کرے اور دلوں میں اترے، دیارِ محبوب کی طرف لے

القلوب. وتنقل إلى ديار المحبوب. وتُخرِجُ من الظلمات. وتُنَجّي من الجهلات. لا تتولّد هذه السكينة الا بتوسيط قوم يُرسلون من السماء. ويُبعَثون من حضرة الكبرياء. وكذالك جرت سُنّة الله لإصلاح أهل الأهواء. فيُكَذّبُ هؤلاء السادات في أوّل أمرهم والابتداء. ويؤذَوْنَ من أيدى الأشقياء. ويُقال فيهم ما يؤذيهم من البهتان والتهمة والافتراء. ثم يُرَدّ الكرّةُ لهم فيُلقَى في قلوبهم أن يرجعوا إلى ربّهم بالتضرّع والابتهال والدعاء. فيُقبِلون على الله ويستفتحون. ويبتهلون و يتضرّعون. فينظر الله إليهم بنظرٍ ينظر إلى أحبّائه ويُنصَرون. فيخيب كلّ جبّار عنيد معتدٍ في الظنون. ويجعل الله خاتمة الأمر لأوليائه الذين

جائے، ظلمات سے باہر نکالے اور جہالتوں سے نجات بخشے، ایسی سکینت صرف اور صرف ان لوگوں کے توسط سے پیدا ہوتی ہے جو آسمان سے بھیجے جاتے ہیں۔ اور حضرتِ کبریاء کی جناب سے مبعوث ہوتے ہیں۔ ہوا و ہوس کے پجاریوں کی اصلاح کے لئے اللہ کی یہی سنت جاری ہے۔ شروع شروع میں اِن بزرگوں کی تکذیب کی جاتی ہے اور بدبختوں کے ہاتھوں انہیں اذیّت دی جاتی ہے اور اُن کے بارے میں بہتان، تہمت اور افترا کی ایسی ایسی باتیں کہی جاتی جو انہیں تکلیف دیتی ہیں۔ پھر اُن کی باری آتی ہے اور اُن کے دلوں میں یہ بات ڈالی جاتی ہے کہ وہ تضرّع، ابتہال اور دعا کے ساتھ اپنے رب کی طرف رجوع کریں۔ اس پر وہ اللہ کی طرف متوجہ ہوتے ہوئے فتح کے طلبگار ہوتے ہیں۔ وہ گرگڑاتے اور تضرّع اختیار کرتے ہیں۔ جس پر اللہ ان پر ایسی رحمت کی نظر ڈالتا ہے جو وہ اپنے پیاروں پر ہمیشہ ڈالا کرتا ہے اور وہ مدد دیئے جاتے ہیں۔ وہ ہر سرکش، معاند اور بدگمانیوں میں حد سے بڑھنے والے کو ناکام و نامراد کرتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اس امر کا انجام اپنے ان اولیاء کے حق میں کرتا ہے جن کی

﴿۱۲۲﴾

كانوا يُضحَكُ عليهم ويُستضعفون. ويُقضى الأمر ويُعلَى شأنهم ويُهلك قوم كانوا يُفسدون. كذالك جرت سُنن الله لقوم يطيعون أمره ولا يفترون. ولا يبتغون الا عزّة الله وجلاله وهم من أنفسهم فانون. فينصرهم الله الذى يرى ما فى صدورهم ولا يُتركون. وإنهم أمناء الله على الأرض ورحمة الله من السماء وغيث الفضل على البريّة. لا ينطقون إلا بإنطاق الروح ولا يتكلمون الا بالحكمة والموعظة الحسنة. يأتون بترياق لا يتيسر لأحد من المنطق ولا من الفلسفة. ولا بكلمات علماء الظاهر المحرومين من الروحانية. ولا بحيلة من الحيل العقلية. بل لا يحيٰى أحدٌ الا بتوسيط هذه الأحياء من يد الحضرة.

ہنسی اڑائی جاتی تھی اور وہ کمزور سمجھے جاتے تھے۔ اور معاملے کا فیصلہ کر دیا جاتا ہے۔ اور ان کی شان بلند کی جاتی ہے اور فساد کرنے والوں کو ہلاک کر دیا جاتا ہے۔ ایسی قوم جو اس کے حکم کو مانتی اور کوتاہی نہیں کرتی اور صرف اللہ کی عزت وجلال کی خواہاں ہو اور جنہوں نے اپنے آپ کو اس کی ذات میں فنا کر دیا ہو اُن کے لئے اللہ کی یہی سنت جاری ہے۔ پھر وہ اللہ جو ان کے سینوں کے راز جانتا ہے ان کی مدد فرماتا ہے اور وہ بے یارومددگار چھوڑے نہیں جاتے۔ ایسے لوگ زمین پر اللہ کے امین ہیں اور آسمان سے برسنے والی اللہ کی رحمت اور مخلوق پر فضل الٰہی کی بارش ہوتے ہیں۔ وہ صرف روح القدس کے بلائے بولتے ہیں اور صرف حکمت اور موعظہ حسنہ کی باتیں کرتے ہیں اور ایسا تریاق لاتے ہیں جو کسی شخص کو منطق اور فلسفہ اور ظاہر پرست اور روحانیت سے محروم علماء کی باتوں اور عقلی چالاکیوں سے حاصل نہیں ہوسکتا۔ بلکہ اگر کسی کو زندگی ملتی ہے تو فقط حضرت کبریاء کے ہاتھ سے ان زندگی پانے والوں کے توسط سے اور یہی اللہ ذوالجلال رب العزت کے

وكذالك اقتضت عادة الله ذى الجلال والعزّة. ولا يُفتح ما قفّله الله الا بهذه المقاليد. و لا ينزل أمره الا بتوسط هذه الصناديد. وإن الأرض ما صلحت قط وما أنبتت الا بماء من السماء. والماء وحى الله الذى ينزل فى حلل سحب الأنبياء. و كفاك هذا إن كنتَ من ذوى الدهاء . و إن كنتَ لا تقبل الحق ولا تطلبه فاطلب النور من الخفافيش. والثمرات من الحشيش. وقد نبّهناك فيما مضى. وأشرنا إلى عبد اختاره الله لهذا الأمر واصطفٰى. ولا يراه الا من هداه الله وأرى. فادع الله ليفتح عينك لتوانس عينا جرت للورى. فإن القوم قد اشرفوا على الهلاك فى بادية الضلالة . كإسماعيل

دستور کا تقاضا ہے اور جسے اللہ تعالیٰ نے مقفّل کیا وہ صرف انہی چابیوں سے کھلتا ہے اور امرِ الٰہی انہیں برگزیدوں کی وساطت سے نازل ہوتا ہے۔ آسمانی پانی کے بغیر نہ تو زمین کسی قابل ہوسکتی ہے اور نہ ہی کچھ اُگا سکتی ہے۔ وہ آسمانی پانی اللہ کی وہ وحی ہے جو انبیاء کے اَبر کی شکل میں نازل ہوتی ہے اور تیرے لئے یہ کافی ہے اگر تو عقل مندوں میں سے ہے۔ اور اگر تو حق کو قبول نہیں کرتا اور تجھے اس کی تلاش نہیں ہے تو جا اور چمگادڑوں سے روشنی حاصل کر اور خشک گھاس سے پھل تلاش کر۔ ہم نے اپنے گزشتہ بیان میں تجھے اچھی طرح سے خبردار کر دیا ہے۔ اور اس بندے کی طرف اشارہ کر دیا ہے جسے اللہ نے اس امر کے لئے چنا اور منتخب فرمایا۔ اس کو وہی شخص دیکھ سکتا ہے جسے اللہ تعالیٰ ہدایت دے اور دکھائے۔ پس تو اللہ سے دعا کر کہ وہ تیری آنکھ کو اُس آنکھ سے ہم آہنگی اور موانست پیدا کرنے کے لئے کھولے جو مخلوق کے لئے اشکبار ہے۔ بلاشبہ یہ قوم ضلالت کے بیابان میں ہلاکت کے اتنا قریب پہنچ چکی تھی جیسے (حضرت) اسماعیل (علیہ السلام) اجنبی سرزمین میں پیاس کی

من العطش فی أرض الغربة. فرحمهم الله علی رأس هذه المائة. وفجّر ینبوعا لأهل التّقی. لیروی أکبادهم وأولادهم و یُنجیهم من الردی. فهل فیکم من یطلب ماءً أصفٰی؟ وهذا آخر ما قلنا فی هذا الکتاب لمن اتّعظ ووعٰی. والسلام علی من اتّبع الهدیٰ.

تمّت

شدت کے باعث (نیم مُردہ) ہو گئے تھے۔ پھر اللہ نے اس صدی کے سر پر اُن پر رحم فرمایا اور متقیوں کے لئے ایک چشمہ جاری کر دیا تا کہ وہ اُن کے جگر گوشوں اور ان کی اولادوں کو سیراب کرے اور انہیں ہلاکت سے نجات دے۔ تم میں سے کوئی ہے جو اس مصفّا پانی کا طلبگار ہو۔ یہ وہ آخری بات ہے جو ہم نے اس کتاب میں اس شخص کے لے کہہ دی ہے جو نصیحت حاصل کرے اور اسے یاد رکھے۔ (اور سلامتی ہو اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی)

(ختم شد)

ألّف هذه الرسالة إتماما للحجّة. وتبلیغًا لأمر حضرة العزّة المسیح الموعود والمهدی المعهود. والإمام المنتظر المؤیّد من الله الصمد. میرزا غلام أحمد القادیانی الهندی الفنجابی نصره الله وأیّد. وقد تمّت فی الشهر المبارك ربیع الأوّل سنة ۱۳۲۰ من الهجرة النبویة. علی صاحبها السّلام والتحیّة. والصلواة المرضیّة.

یہ رسالہ اتمام حجت، نیز عزت مآب حضرت مسیح موعود، مہدی معہود اور صمد خدا سے تائید یافتہ امامِ منتظر مرزا غلام احمد قادیانی، ہندی، پنجابی۔ اللہ ان کی نصرت و تائید فرمائے۔ نے مشن کی اشاعت کی غرض سے تالیف فرمایا اور ربیع الاوّل سنہ ۱۳۲۰ ہجری نبوی (آپ پر سلامتی، درود اور دعا ہو) کے مبارک مہینہ میں مکمل ہوئی۔